مع اضافہ شدہ ایڈیشن
انمول دفینے
جادو، جنات، آسیب، نظرِ بد، روحانی، جسمانی
ہر قسم کی بیماریوں کے مجرب علاج و عملیات
مجربات
حضرت الحاج حافظ محمد ہاشم صاحب جیوالوی رحمۃ اللہ علیہ
صحبت یافتہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب مہاجر مدنی
جمع و ترتیب
مولانا محمد یونس قاسمی
استاذ جامعہ کاشف العلوم چھٹمل پور، سہارنپور
مکتبہ رمضانیہ
مسلم کالونی چھٹمل پور، سہارنپور

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ (القرآن)

انمول دفینے

اسمائے حسنیٰ اور آیات قرآنیہ کی عجیب وغریب تاثیرات وبرکات، اکابرین امت اور بزرگان دین کے مجرب ومعمول عملیات ونقوش اور تعویذات کا ایک انمول اور گرانقدر ذخیرہ جو ہر طرح کے جسمانی وروحانی امراض کے علاج پر مشتمل ہے، عملیات کے موضوع پر ایک ایسی جامع ومکمل کتاب جس کا ہر عامل کے پاس ہونا ضروری ہے۔

مجربات

حضرت الحاج حافظ محمد ہاشم صاحب جیوالوی رحمۃ اللہ علیہ

سابق استاذ مکتب خصوصی مظاہر علوم سہارنپور

شریک بانی وصدر المدرسین مدرسہ اظہار العلوم موروں والا دہرہ دون

جمع وترتیب

مولانا محمد یونس قاسمی

استاذ جامعہ کاشف العلوم چھٹمل پور سہارنپور

ناشر

شریف بکڈپو چھٹمل پور سہارنپور

تفصیلات

نام کتاب: انمول وظیفے

مجربات: حضرت الحاج حافظ محمد ہاشم صاحب جیوالوی رحمۃ اللہ علیہ
سابق صدر المدرسین مدرسہ اظہار العلوم موروں والا دہرہ دون

مرتب: مولانا محمد یونس قاسمی ساکن کھیڑہ افغان ضلع سہارنپور
مدرس جامعہ کاشف العلوم چھٹمل پور ضلع سہارنپور (یوپی)

پہلا ایڈیشن: ۱۴۳۳ھ مطابق ۲۰۱۲ء

دوسرا ایڈیشن: ذی الحجہ ۱۴۳۷ھ مطابق ۲۰۱۶ء

صفحات: ۳۱۳ (بعد از تصحیح واضافہ)

کمپیوٹر کتابت: مولوی محمد ضیاء الحق مظاہری 8979726126

ناشر: مکتبہ رمضانیہ نزد مدینہ مسجد مسلم کالونی چھٹمل پور ضلع سہارنپور

رابطہ نمبر: 09758597530

ملنے کے پتے

دیوبند وسہارنپور کے سبھی کتب خانے

شریف بک ڈپو چھٹمل پور، مکتبہ اسلم چھٹمل پور

مکتبہ صدائے اسلام نزد کاشفی جامع مسجد مسلم کالونی چھٹمل پور

مکتبہ ہاشمیہ: حافظ لئیق احمد جامع مسجد پلٹن بازار دہرہ دون یو، کے

فہرست عنوانات

دوسرا باب: آیاتِ قرآنیہ کا بیان

تائیدوتوثیق

حضرت الحاج مولانا الطاف حسین صاحب مظاہری مدظلہٗ العالی
ناظم و مہتمم مدرسہ اظہار العلوم موروں والا (دہرہ دون)

حامداً و مصلیاً اما بعد: استاذ محترم مسیح دوراں عارف باللہ حضرت الحاج حافظ محمد ہاشم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ان برگزیدہ ہستیوں میں سے تھے جن کا وجود زمانہ کے لئے باعث خیر و برکت ہوتا ہے، آپ نے اپنے پچپن سالہ دورِ تدریس میں نہ جانے کتنے حفاظ وقراء تیار کئے، جو آج ملک کے طول وعرض میں دین کی خدمت انجام دے رہے ہیں، دہرہ دون واطراف آپ کے افادہ وفیض رسانی کا مرکز رہا ہے، آپ نے اپنی مستجاب دعاؤں، باطنی توجہات اور جھاڑ پھونک وتعویذات کے ذریعہ بلاتفریق مذہب وملت خلق خدا کی عظیم خدمات انجام دی ہیں پریشان حال، مصیبت زدہ، غم کے مارے، آسیب زدہ جنات کے ستائے ہوئے اور بیماری سے نڈھال لوگ آپکی خدمت میں آتے اور چنگے ہوکر جاتے، صبح سے رات گئے تک آپ کی فیض رسانی کا سلسلہ جاری رہتا، اوقات کا اہتمام، فرائض وواجبات، سنن ومستحبات اور اوراد واذکار کے انتہائی پابند تھے، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر آپ کا طرۂ امتیاز تھا، جس میں کسی کی رعایت نہ کرتے، مدرسہ کی چھوٹی سے چھوٹی چیز پر نظر رکھتے اور اس کی حفاظت کرتے، طلبہ واساتذہ سے انتہائی شفقت فرماتے تھے، الغرض آپ کی وفات

سے علاقہ دہرہ دون اور بالخصوص مدرسہ اظہار العلوم میں جو خلا پیدا ہوا ہے اس کا پر ہونا مشکل ہے، آپ مدرسہ کی تاسیس وبنا میں برابر شریک رہے اور آپ ہی کی قربانیوں اور بے لوث خدمات کی وجہ سے آج مدرسہ ہذا ترقی کی منزلیں طے کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

بڑی خوشی ہوئی کہ آپ کے لائق داماد عزیز گرامی مولانا محمد یونس صاحب قاسمی نے آپ کے معمولات ومجربات کو جمع فرمادیا جوان کا ہم سب پر احسان ہے، حضرت والا ماہر عامل اور کامل روحانی طبیب تھے آپ کے بہت سے تعویذات تیر بہدف تے صبح سے شام تک مستفیدین کا تانتا لگا رہتا تھا، چنانچہ آپ کے مجربات وعملیات کو کتابی شکل میں دیکھ کر قلبی فرحت حاصل ہوئی، امید ہے کہ شائقین حضرات اور عاملین کرام ان مجربات سے رہنمائی واستفادہ حاصل کریں گے، دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ حضرت حافظ صاحبؒ کے ان مجربات کو قبول خاص وعام عطا فرمائے اور صاحب مجربات اور مرتب محترم کو ہم سب کی طرف سے بہترین بدلہ عطا فرمائے۔ آمین

خیر اندیش
الطاف حسین مظاہری
یکے از خدام حضرت حافظ صاحبؒ
۲۹ رصفر ۱۴۳۳ھ

حافظ محمد ہاشم صاحب جیوالویؒ: مختصر حالات زندگی

نام وجائے پیدائش: آپ کا نام نامی محمد ہاشم بن شریف احمد ہے، آپ مَلِک برادری سے تعلق رکھتے تھے، آپ کی جائے پیدائش کوہ شوالک کے دامن میں علاقۂ گھاڑ کے ایک دور افتادہ گاؤں بھانکروڑ تحصیل بہٹ ضلع سہارنپور یوپی انڈیا میں غالباً ۱۹۳۰ء میں ہوئی۔

آپ کی عمر تقریباً دو سال کی تھی کہ آپ کے والد صاحب نے بھانکروڑ سے نقل مکانی کر کے آپ کی ننھیال گاؤں جیوالہ ضلع سہارنپور میں سکونت اختیار کرلی، آپ کے نانا جان میانجی صابر علی صاحبؒ جیوالہ کے معزز اور ذمہ دار لوگوں میں سے تھے اور دین داری و پرہیز گاری میں ایک امتیازی شان رکھتے تھے، انہوں نے ہی جیوالہ میں تعلیم قرآن کی بنیاد ڈالی اور سب سے پہلے چار بچوں حافظ رشید احمد، حافظ بشیر احمد، حافظ امیر حسن، حافظ بندو حسن رحمہم اللہ کو قریب کے گاؤں کھجناور مدرسہ میں داخل کرا کر حفظ قرآن کی تکمیل کرائی، اسی کی برکت ہے کہ آج اس محلہ کا کوئی گھر حافظ قرآن سے خالی نہیں ہے۔

جیوالہ آنے کے بعد آپ کے چھوٹے بھائی محمد قاسم کی ولادت ہوئی اور ان کے بعد ایک چھوٹی بہن پیدا ہوئی جو بچپن ہی میں فوت ہوگئی، ابھی آپ کی عمر تقریباً پانچ سال کی تھی کہ والدہ محترمہ کا انتقال ہوگیا، آپ اور آپ کے چھوٹے بھائی بچپن ہی میں ماں کے سایہ سے محروم ہوگئے، آپ کے والد صاحب نے دونوں بچوں کو سینے سے لگایا اور ماں کی کمی محسوس نہ ہونے دی، جہاں جاتے ساتھ رکھتے، کبھی اپنے سے جدا نہ ہونے دیتے چھوٹے بھائی کو کندھے پر بٹھاتے

اور بڑے بھائی کی انگلی پکڑتے اور صبح سویرے جنگل چلے جاتے، دن بھر کام کرتے شام کو گھر آتے اور خود اپنے ہاتھوں سے پکا کر کھلاتے، بچوں سے انتہائی تعلق کی بنا پر والد صاحب نے دوسرا نکاح بھی نہ کیا۔

آغاز تعلیم

جب دونوں بھائی پڑھنے کے قابل ہوئے تو دونوں کو مکتب میں پڑھنے بٹھادیا، اپنی خداداد ذہانت و فطانت کی بنا پر دونوں بھائیوں نے بہت جلد قرآن کریم ناظرہ، اردو لکھنا پڑھنا، اور اسلام کی بنیادی تعلیم حاصل کرلی۔

کاشف العلوم چھٹمل پور میں داخلہ

غالباً یہ زمانہ ۱۹۴۵ء کا تھا اسی دوران قطب عالم حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رائپوری نور اللہ مرقدہ چھٹمل پور میں ایک دینی مدرسہ کی بنیاد ڈال چکے تھے، اور قرب وجوار میں مدرسہ کا تعارف ہو چکا تھا، لہٰذا والد صاحب نے آپ کے اندر علم کا شوق وذوق دیکھتے ہوئے آپ کو مدرسہ کاشف العلوم چھٹمل پور میں داخل کرادیا چنانچہ یہاں آپ نے حفظ قرآن کی تعلیم شروع کی اور پھر حافظ اللہ رکھا صاحب نوگانویؒ والد ماجد مولانا محمد ناظم ندوی رئیس المعہد الاسلامی مانک مئو کی خدمت میں رہ کر نوگانوہ میں حفظ قرآن کی تکمیل کی۔

شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ کی خدمت میں

آپ نے صرف فارسی تک ہی تعلیم حاصل کی اس کے بعد آپ نے تقریباً ۱۳ رسال کا طویل عرصہ حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب نور اللہ مرقدہ کی خدمت وصحبت میں گزارا، اس طرح کہ آپ کا قیام حضرت شیخؒ کے خادم خاص اور

منتظم مہمانان مولوی نصیر احمد صاحبؒ کے پاس کتب خانہ اختری میں رہتا تھا اور دن بھر آپ مکتب خصوصی مدرسہ مظاہر علوم میں بچوں کو قرآن کریم اور دینیات پڑھاتے تھے، اس مکتب میں عموماً اکابر مدرسہ اور اساتذہ مظاہر کے بچے پڑھتے تھے، اسی مکتب میں حضرت حافظ صاحبؒ کے پاس مولانا محمد طلحہ صاحب مولانا سید محمد شاہد صاحب اور خاندان کاندھلہ کے بہت سے بچے پڑھے، جو آج ہندوستان کی عظیم ہستیوں میں شمار ہوتے ہیں۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی آپ پر نوازشیں

ان تیرہ سالوں میں آپ نے حضرت شیخؒ سے بہت زیادہ استفادہ کیا، آپ کی صحبتیں اٹھائی، آپ کی کرم فرمائیاں اور نوازشیں حاصل کی حضرت شیخؒ نے اس دوران آپ کو بہت سے تبرکات عطا فرمائے جن میں سے حضرت شیخؒ کا عطا کردہ عصا اور استعمال شدہ مبارک قمیص اور آپ کے دست مبارک سے لکھا ہوا ایک تعویذ آج بھی حضرت حافظ صاحبؒ کے گھر بطور تبرک و یادگار موجود ہے، جن کو حضرت حافظ صاحبؒ کی اہلیہ محترمہ سینے سے لگائے ہوئے ہے۔

دہرہ دون آمد

۱۹۵۰ء سے ۱۹۶۳ء تک کا عرصہ حضرت شیخؒ کی خدمت وصحبت میں گزار کر ۱۹۶۴ء میں آپ پہاڑوں کی نگری دہرہ دون آگئے، پہلے آپ نے موروں والا دہرہ دون کی جامع مسجد میں امامت کے فرائض انجام دئے، اسی دوران حضرت منشی فقیر محمد صاحب حلوانویؒ کا دہرہ دون ورود ہوا اور آپ نے ۱۹۶۵ء میں مدرسہ اظہار العلوم موروں والا کی بنیاد رکھی اور حافظ صاحبؒ تاسیس مدرسہ میں حضرت

منشی صاحبؒ کے شریک کار اور دست وباز و بن گئے، اس زمانہ میں دہرہ دون واطراف میں بد دینی، جہالت اور بدعات وخرافات کا دور دورہ تھا، دینی تعلیم کا کوئی نظم نہ تھا، چنانچہ حضرت منشی فقیر محمد صاحبؒ دہرہ دون واطراف کا دورہ فرماتے مسلم بچوں کو لاتے اور حضرت حافظ صاحبؒ مدرسہ میں بیٹھ کر ان کی تعلیم وتربیت میں منہمک رہتے، حضرت حافظ صاحبؒ اس مدرسہ کے مدرس اول اور صدر المدرسین قرار پائے اور پھر آپ نے بڑی یکسوئی، دلجمعی اور گمنامی کے ساتھ مارچ ۲۰۰۵ء تک مدرسہ ہذا میں قرآن کریم کی خدمت انجام دی سیکڑوں حفاظ وقراء تیار کئے، البتہ درمیان میں موروں والا سے الگ ہو کر آپ نے سات سال مختلف جگہوں ایکڑ، پنیالہ اور مسلم نیشنل اسکول دہرہ دون وغیرہ میں بھی تعلیم وتدریس کی خدمات انجام دی ہیں، الغرض آپ کی خدمات کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ آج دہرہ دون واطراف میں جو تعلیمی چہل پہل نظر آتی ہے وہ حضرت حافظ صاحبؒ اور منشی فقیر محمد صاحبؒ ہی کی محنتوں کا ثمرہ ہے۔

آپ کی خصوصیات

دہرہ دون کے لوگ آپ کو "بڑے حافظ جی" کے نام سے پکارتے تھے، آپ نے موروں والا کی کئی نسلیں پڑھائی ہیں، سب لوگ مرد وعورت، بچے، جوان، بوڑھے آپ کے فیض یافتہ ہیں، دلوں میں آپ کا ادب واحترام اور رعب بیٹھا ہوا تھا، آپ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں کسی کی رعایت نہ کرتے تھے بڑے بڑے لوگ آپ کے سامنے آتے تو وضع قطع درست کر کے آتے، صبح سے شام تک آپ کا فیض جاری رہتا کوئی پانی پڑھوا رہا ہے، کوئی بیمار پر دم کرا رہا ہے

،کوئی تعویذ لکھوا رہا ہے، کسی کو منع نہ کرتے بلکہ خدمت خلق کے لئے اپنے کو وقف کر رکھا تھا، اللہ تعالیٰ نے آپ کے اوقات میں بڑی برکت عطا فرمائی تھی کہ آپ تعلیم وتدریس اور فیض رسانی کی ان مشغولیات کے باوجود روزانہ ستر ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ کا ورد پورا کر لیتے تھے اور کبھی اس میں فرق نہ آتا تھا، تہجد کی پابندی سہارنپور کے قیام ہی کے زمانہ سے تھی۔

دہردون کی صاحب ثروت وصاحب خیر ہستی، محب العلماء جناب سید فرید احمد صاحب مرحوم آپ کے بڑے قدر دان تھے، اپنی کمپنی ہمالیہ ڈرگس کی دوائیں آپ کے پاس بھیجتے اور آپ بیمار طلبہ اور مستحق لوگوں کو تقسیم کر دیتے، سید صاحبؒ کا معمول تھا کہ ہر سال ایک نئی شیروانی حضرت حافظ صاحبؒ کو ہدیہ کرتے تھے۔

حج کا مبارک سفر

۱۹۹۹ء میں اہلیہ محترمہ اور چھوٹے بھائی حاجی محمد قاسم کے ہمراہ سفر حج پر تشریف لے گئے، چالیس دن کے اس مبارک سفر میں آپ نے دیگر عبادات وارکان حج اور روزمرہ کے معمولات کے علاوہ بائیس قرآن کریم ختم کئے، قرآن مجید کے آپ جید حافظ تھے، بڑھاپے تک ساری عمر تراویح میں قرآن کریم سنانے کا معمول رہا عمر کے آخری چند سال اس سے مستثنیٰ ہیں۔

بیعت وارادت

قیام سہارنپور کے دوران جب کہ سارا ہندوستان حضرت شیخ الحدیثؒ سے فیض یاب ہو رہا تھا آپ کیسے محروم رہ سکتے تھے، چنانچہ آپ نے اسی دوران حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کے دست مبارک پر

بیعت کی اور جو معمولات، اوراد واذکار، نوافل وعبادات حضرت شیخؒ نے آپ کو تلقین کی تا عمر آپ نے ان کی پابندی کی، حتی کہ انتقال سے کچھ دن پہلے جب راقم الحروف نے آپ سے ذکر کا معمول پوچھا تو ارشاد فرمایا کہ روزانہ ستر ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ لیتا ہوں، آپ کے ہمعصر رفقاء واحباب آپ کے معمولات دیکھ کر رشک کرتے تھے، بلکہ دہرہ دون کے کچھ ارباب سلوک نے آپ کے معمولات کی اطلاع جب فقیہ الاسلام حضرت مفتی مظفر حسین صاحب نور اللہ مرقدہٗ کو دی تو حضرت مفتی صاحبؒ شوق ملاقات میں موروں والا تشریف لائے اور مخصوص حضرات سے معلوم ہوا کہ حضرت مفتی صاحبؒ کا ارادہ حضرت حافظ صاحبؒ کو خلافت عطا کرنے کا تھا، مگر آپ کے آنے کے وقت حضرت حافظ صاحبؒ اتفاقاً گھر آئے ہوئے تھے، اس لئے ملاقات نہ ہو سکی بعد میں اہل تعلق نے آپ کو حضرت مفتی صاحبؒ کے آنے کی غرض بتلائی تو آپ نے یہ کہکر ٹال دیا کہ بھائی خلافت تو بڑی بھاری ذمہ داری ہے مجھ جیسا ناقص اس کا اہل نہیں آپ شہرت اور نام ونمود سے دور رہتے تھے، کہیں آنے جانے اور سفر کرنے کا بھی کوئی معمول نہ تھا صرف ایک مہینہ میں گھر آتے، ساتھ میں بہت سے حفظ کے طلبہ کو لاتے تا کہ انکا سبق ناغہ نہ ہو، آپ کو کسی بزرگ سے گو اجازت نہ تھی، مگر آپ عارف باللہ، ولی کامل اور انتہائی ذاکر وشاغل نورانی وعرفانی شخصیت کے مالک تھے، رات دن تسبیح پڑھنے کی وجہ سے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی پر گٹا اور نشان پڑ گیا تھا۔

وفات حسرت آیات

آپ نے عشا کی نماز کے بعد معمول کے مطابق سونے کی تیاری کی اور ابھی بستر پر بیٹھے پان لگا رہے تھے کہ ایک ہچکی سی لی اور جان جان آفریں کے سپرد کردی نہ آپ پہلے سے بیمار ہوئے، نہ بستر پر پڑے، چلتے پھرتے، اپنے معمولات درس وتدریس انجام دیتے مدرسہ موروں والا ہی میں اپنے کمرہ میں ۴ر مارچ ۲۰۰۵ء کو اس دار فانی سے کوچ کر گئے، صبح کو آپ کا جسد خاکی آپ کے وطن مالوف جیوالہ لایا گیا متعلقین اور رشتہ داروں نے آخری دیدار کیا، وہیں غسل وتکفین عمل میں آئی اور حضرت مولانا محمد اسلم صاحب خلیفہ اجل حضرت مفتی مظفر حسین صاحبؒ نے نماز جنازہ پڑھائی، موروں والا دہرہ دون کے احباب کی درخواست بلکہ اصرار پر آپ کا جسد خاکی دوبارہ موروں والا لایا گیا اور آپ کے صاحبزادے مولانا عبدالغفار صاحب قاسمی نے دوسری مرتبہ دہرہ دون کے ایک بہت بڑے مجمع کو نماز جنازہ پڑھائی اور وہیں مدرسہ اظہار العلوم کے گیٹ کے مقابل قبرستان میں آپ کی مسند کے عین سامنے اشکبار آنکھوں کے ساتھ آپ کو سپرد خاک کر دیا گیا۔

آسمان تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

اولاد: آپ نے اپنے پیچھے چار لڑکے چھوڑے محمد اصغر، مولانا عبدالغفار قاسمی، حافظ مختار الحسن اور ماسٹر مظاہر انوار جن کی عمر حافظ صاحبؒ کے انتقال کے وقت بیس سال کی تھی ایک سال بعد قصبہ بوڑیہ ضلع یمنا نگر ہریانہ کے حاجی وکیل

احمد صاحب کی صاحبزادی سے آپ کی شادی ہوئی اور نمونہ اسلاف حضرت مولانا عبدالستار صاحب مدظلہ خلیفہ حضرت اقدس مولانا سید مکرم حسین صاحب سنسارپوری نے نکاح پڑھایا، جلد ہی اللہ نے آپ کو ایک لڑکا دیا ابھی شادی کو صرف ڈھائی سال ہوئے تھے کہ اچانک بیمار ہوئے اور ۳ر ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ کو انتقال کر گئے، ایک بچی انتقال کے ڈیڑھ ماہ بعد پیدا ہوئی مرحوم کاشف پبلک اسکول زیر نگرانی جامعہ کاشف العلوم چھٹمل پور میں علوم عصریہ کے کامیاب ٹیچر تھے، اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کے بچوں کی حفاظت وکفالت فرمائے، آمین۔ اور حافظ صاحبؒ نے تین صاحبزادیاں چھوڑی بڑی صاحبزادی حافظ جمشید علی مسیلوی سے منسوب ہیں اور دوسری صاحبزادی الحاج حافظ لئیق احمد حلوانوی نبیرۂ محترم حضرت منشی فقیر محمد صاحب حلوانویؒ کے نکاح میں ہیں اور تیسری صاحبزادی راقم الحروف محمد یونس قاسمی کھیڑوی سے منسوب ہیں۔

علمی ذوق: حضرت حافظ صاحب گرچہ اصطلاحی عالم نہیں تھے، مگر ۱۹۴۷ء کے دور کے فارسی پڑھے ہوئے تھے، چنانچہ آپ کی فارسی استعداد بہت عمدہ تھی، اچھے کاتب، خوشنویس تھے، خط شکستہ میں اتنے زودنویس تھے کہ صفحہ کی پہلی لائن پر قلم رکھتے تو آخری سطر لکھ کر اٹھاتے، نہایت قیمتی علمی، فنی کتابوں کا ایک ذخیرہ جمع کیا ہوا تھا آپ کے ذخیرۂ کتب میں بعض فن طب کی نایاب وغیر مطبوعہ کتابیں فارسی اور اردو زبان میں موجود ہیں، بعض قلمی نسخے ہیں، جو آپ نے بذات خود اصل نسخوں سے املا کئے ہیں، آپ کو طب یونانی میں بڑی مہارت حاصل تھی اپنے لئے اور اپنے متعلقین کے لئے خمیرے معجونات اور سفوف خود تیار

کرتے تھے، اصلی شہد حاصل کرنے کا بڑا اہتمام تھا، آپ کے پاس ہر وقت کثیر مقدار میں شہد موجود رہتا تھا۔

آپ کا ذاتی کتب خانہ عموماً تین قسم کی کتابوں پر مشتمل ہے، بہت سی قدیم وجدید اردو فارسی کی لغات، طب یونانی کی فارسی، اردو کتابیں اور تعویذات وعملیات کے موضوع پر لکھی گئی بہت سی قدیم وجدید کتابیں آپ نے اپنے خاص مجربات ومعمولات کی الگ بیاض بنا رکھی تھی جو دو حصوں پر مشتمل ہے طب یونانی اور طب روحانی، راقم نے زیر نظر کتاب میں دوسرے حصہ کے مجربات کو جمع کیا ہے۔

آخری بات

حضرت حافظ صاحبؒ کے ان مجربات کی ترتیب وطباعت کا اصل محرک آپ کی چھوٹی صاحبزادی (راقم کی اہلیہ) ہوئی ہیں، جو اپنے والد کی سب سے چہیتی اور لاڈلی اولاد ہیں انہوں نے اپنے والد صاحبؒ کے ذخیرہ کتب سے ان کاپیوں کو حاصل کر کے بہت حفاظت سے رکھا، اور میرے حوالہ کر کے اصرار کیا کہ ان ''انمول دفینوں'' کو منظر عام پر لانا آپ کا کام ہے، گرچہ احقر کو درس وتدریس کی ذمہ داریاں اس کی اجازت نہ دیتی تھی، لیکن ہمت کر کے کام شروع کیا، اور حضرت حافظ صاحبؒ کی نسبت کام آئی اور جلد ہی یہ کام تکمیل کو پہنچ گیا، فالحمدللہ علی ذالک، پس جو حضرات اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں حضرت حافظ صاحبؒ کے لئے ایصال ثواب کریں اور راقم نیز تمام محرکین ومعاونین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

از: محمد یونس قاسمی کھیڑوی

مقدمہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ مَااَنْزَلَ دَاءً اِلَّااَنْزَلَ لَہٗ شِفَاءً وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْقَائِلِ لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ الَّذِیْنَ ھُمْ لِاَرْضِ الْاِیْمَانِ سَمَاءٌ۔ امابعد

جاننا چاہئے کہ امراض دو قسم کے ہوتے ہیں، ایک قلبی دوسرے بدنی، قلب کی بیماریاں زیادہ مہلک ہوتی ہیں اور وہ یہ ہیں حسد، غضب، کبر وحرص، عجب، ریا وغیرہ ان کا بیان اور ان کا علاج کتب تصوف میں مذکور ہے اور ان بیماریوں کے معالج بزرگان دین ہیں جو مجاہدہ وریاضت سے علاج کرتے ہیں، دوسری قسم بدنی بیماریاں ہیں جو عموماً اکل وشرب میں اسراف اور ترک اعتدال سے پیدا ہوتی ہیں، ان بیماریوں کے دو علاج ہیں ایک علاج شرعی اور اس کا بیان امام غزالیؒ کی کتاب احیاء العلوم میں مفصل مذکور ہے اور دوسرا علاج عرفی، پھر اس کی دو قسمیں ہیں، ایک علاج مادی جو اطباء اور ڈاکٹر جڑی بوٹیوں اور دواؤں کے ذریعہ کرتے ہیں اور دوسرا علاج روحانی جو عاملین اور اطبائے روحانی اسمائے الٰہیہ، آیات قرآنیہ تعویذات ونقوش اور جھاڑ پھونک کے ذریعہ کرتے ہیں، زیر نظر کتاب میں اسی آخری قسم یعنی علاج روحانی کا بیان ہے۔

دعا ہر بلا کو ٹالتی ہے

جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کے لئے ایک دوا نازل کی ہے اسی طرح ہر بیماری کے لئے ایک دعا بھی اتاری ہے، یہی وجہ ہے کہ سب لوگ اپنی بیماریوں میں علاج کے یہی دو طریقے اختیار کرتے ہیں، دعا یا دوا، مگر اس زمانہ میں

عقیدہ کی کمزوری اور ضعف ایمان کی وجہ سے لوگ طب ایمانی کو چھوڑ کر طب یونانی کی طرف بھاگنے لگے ہیں، حالانکہ دعا کا دافع بلا ہونا قرآن وسنت سے ثابت ہے ارشاد ربانی ہے وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِىٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ،تم مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا ،ایک دوسری جگہ ارشاد فرمایا، اَمَّنْ يُّجِيبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ، کون ہے جو بے کس کی پکار کو سنتا ہے جب کہ وہ اس سے دعا مانگے اور سختی کو دور کرتا ہے، ایک اور جگہ ارشاد ہے وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىْ عَنِّىْ فَاِنِّىْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ (پ۲ آیت ۱۸۶) جب میرے بندے میرے بارے میں پوچھیں پس بیشک میں قریب ہوں پکارنے والے کی دعا کو قبول کرتا ہوں جبکہ وہ مجھ سے دعا مانگے۔

اور حدیث شریف میں دعا کی اہمیت اس طرح بیان فرمائی فرمایا بنی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے، اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ (ترمذی) دعا عبادت کا مغز ہے ایک دوسری حدیث ہے، لَايَرُدُّالْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ (ترمذی) نہیں لوٹاتی ہے قضا کو مگر دعا، یہ تمام آیات واحادیث اس بات پر دال ہیں کہ انسان ہر مصیبت ہر بلا اور ہر بیماری میں اللہ پاک سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دور کردیتے ہیں اور وہ دعا دافع بلا ہوجاتی ہے اگر چہ اس بلا کے اترنے کا حکم ہوگیا ہو، ایک حدیث میں ہے، فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّانَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ وَاِنَّ الْبَلَاءَ لَيَنْزِلُ فَيَتَلَقَّاهُ الدُّعَاءُ فَيَعْتَلِجَانِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (حاکم، بزار، طبرانی) بیشک دعا نافع ہے اس بلا میں جو نازل ہو چکی اور اس میں بھی جو نازل نہیں ہوئی اور بیشک بلا آسمان سے اترتی ہے پس دعا اس سے ملتی

ہے، پھر وہ ایک دوسرے سے جنگ کرتی رہیں گی قیامت کے دن تک، معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کسی بندے کے لئے ایک حکم مقید کر کے جاری کرتا ہے لیکن پھر بندہ دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس دعا کی برکت سے اس بلا کو دور کر دیتا ہے۔

دعا اللہ تعالیٰ کی قدرت اور بندے کے عجز پر دلالت کرتی ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ مانگنے والوں سے خوش اور نہ مانگنے والوں سے ناراض ہوتے ہیں، حدیث شریف میں ہے مَنْ لَّمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ (ترمذی) جو آدمی اللہ تعالیٰ سے نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتے ہیں، پس بندہ کا اپنے رب کو پکارنا اہم واجبات اور اعظم مفروضات میں سے ہے۔

جھاڑ پھونک اور تعویذ کا ثبوت

رہا بیماری اور مصیبت میں جھاڑ پھونک اور تعویذات کرنا سو یہ بھی جائز ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے (جھاڑ پھونک) کے ذریعہ اپنے بھائی کو نفع پہونچانے کی طاقت رکھتا ہو پس چاہئے کہ وہ اسکو نفع پہونچائے، من استطاع منكم ان ينفع اخاهُ فلينفعه ُ (رواہ مسلم) یہ حدیث گرچہ خاص بچھو کی جھاڑ کے بارے میں وارد ہوئی ہے، لیکن اعتبار عموم لفظ کا ہے نا کہ خصوص سبب کا اس لئے ہر بیماری میں جھاڑ پھونک جائز ہوگی، دوسری حدیث میں ہے، لَابَأْسَ بِالرُّقٰى مَالَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ (روام مسلم) ہر وہ جھاڑ پھونک جائز ہے جس میں شرک نہ ہو، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اِنَّ الرُّقٰى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ کہ بیشک جھاڑ پھونک، تعویذ گنڈے اور تولہ (سحر کی

ایک قسم) شرک ہے، شراح نے اس حدیث کی تشریح میں لکھا ہے کہ اس سے وہ رقیہ (جھاڑ پھونک)اور وہ تمیمہ (تعویذ)مراد ہیں جن میں شرک ہو محدث کبیر نواب سید صدیق حسن خاں صاحب بھوپالی اپنی کتاب ''الداء والدواء'' میں جھاڑ پھونک اور تعویذ کو احادیث سے ثابت فرمانے کے بعد بطور خلاصہ لکھتے ہیں ''حاصل یہ ہے کہ وہ رقی جو جاہلیت واہل کفر وشرک کے ہیں وہ ممنوع ومنہی عنہ ہیں اس کا ذکر کتاب دعایۃ الایمان میں کیا گیا ہے اور جو رقی اسلام کے ہیں اور قرآن وحدیث سے ثابت ہیں یا علمائے اہل توحید سے ماثور ومنقول ہیں اور ان میں استعانت بغیر اللہ نہیں ہے، وہ بلاشک جائز ہیں خود حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح کا رقیہ حسنین رضی اللہ عنہما کے لئے کیا تھا''۔

عامل حضرات کے لئے کچھ ضروری اصول وقواعد

عامل کو چاہئے کہ پہلے مذکورہ ذیل بارہ اصول کی پابندی کرے، اس کے بعد عمل شروع کرے انشاء اللہ ہمیشہ عمل میں کامیاب ہوگا، کبھی نقصان نہ اٹھائے گا، اور بغیر ان اصول کی پابندی اور بجا آوری کے نتیجہ کی امید رکھنا اور عمل کی تاثیر نہ ہونے پر عمل کو بے اثر سمجھنا اور کتاب کو بدنام کرنا خلاف عقل ہے جیسے کسی مریض نے ڈاکٹر سے رجوع کیا اس نے مریض کو میٹھے سے منع کیا اور مریض نے اپنی نادانی سے مٹھائی کھالی، چنانچہ مرض بڑھ گیا اب ڈاکٹر کو بدنام کرنا اور اس کی دوائی کو بے اثر سمجھنا اور یہ کہنا کہ اس کی دوائی سے میں اور زیادہ بیمار ہوگیا کسی طرح درست نہیں، بلکہ قصور خود مریض کا ہے طبیب کا نہیں۔

اصول (۱): عامل کو چاہئے کہ پہلے اکل حلال حاصل کرے اس کے بعد عمل پڑھے

انشاء اللہ بہت جلد اثر ہوگا، اسی لئے بزرگان دین اور عاملین کاملین نے چلہ کشی کی ہے اور تین دن کے بعد افطار کیا ہے۔

اصول (۲): صدق مقال، یعنی عامل ہروقت سچ بولے اور جھوٹ سے مکمل اجتناب کرے الغرض زبان پر قابو رکھے اور زبان کے تمام گناہوں مثلاً کفر وشرک، غیبت، چغل خوری، فحش گوئی، لڑائی جھگڑا، بے ہودہ گوئی جیسی تمام باتوں سے مکمل بچے،

اصول (۳): دل کی حاضری، یعنی عمل پڑھتے وقت دل میں یہ خیال رکھے کہ میں ایسے مالک کے روبرو حاضر ہوں جس کو میرے مطلب برآری کا کامل اختیار ہے اور قبولیت کا مدار اسی کے اوپر ہے۔

اصول (۴): دعا مانگتے وقت روبقبلہ ہونا اور خشوع سے دعا اور عمل پڑھنا۔

اصول (۵): دعا کے جلدی قبول نہ ہونے پر رنج نہ کرنا، بلکہ بار بار دعا مانگنا، جہاں تک ہوسکے مانگتا جائے، تھک ہار کر بیٹھ نہ جائے اسلئے کہ اللہ کی ذات سے مایوسی کسی حال میں جائز نہیں ہے۔

اصول (۶): دعا مانگتے وقت ہاتھوں کا پھیلانا اور انگلیاں کھلی رکھنا، ہاتھ اونچے رکھنا یہاں تک کہ بغل کھل جائے۔

اصول (۷): جو عمل یا وظیفہ متعین دنوں تک پڑھا جائے ان ایام میں ترک حیوانات ضرور کرنا چاہئے کہ اس کے ترک سے اجابت وقبولیت اور جلد مطلب حاصل ہونے کی امید قوی ہوجاتی ہے۔

اصول (۸): عملیات پڑھنے کا ایک وقت مقرر کرنا ضروری ہے، مثلاً اگر کوئی شخص کسی عمل کے قسم جلالی یا قسم جمالی میں سے ہونے کی وجہ سے اول روز کسی مخصوص

وقت میں عمل شروع کرے تو اختتام عمل تک اس وقت کا التزام کرے۔

اصول (۹): جو بھی عمل یا وظیفہ پڑھے اس کے اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ یا پانچ پانچ مرتبہ ضرور پڑھ لے، قبولیت عمل کا باعث ہے۔

اصول (۱۰): جب عمل جلالی پڑھنے بیٹھے تو سورۂ فاتحہ اور آیت الکرسی اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے اپنے گرد حصار کھینچ کر بیٹھے۔

اصول (۱۱): جو عمل یا ورد کسی عذر کی وجہ سے ناغہ ہو جائے، اس کو دوسرے وقت پڑھ لے ناغہ کرنا اچھا نہیں اس سے عمل کی تاثیر اور برکت ختم ہو جاتی ہے۔

اصول (۱۲): جو عمل ایام معدودہ تک پڑھا گیا اور جس مقصد کے لئے پڑھا گیا وہ حاصل نہ ہو تو اس کو دوبارہ جس قدر اس کی تعداد ہے پھر ایام معدودہ تک پڑھا جائے، اگر پھر بھی اثر نہ ہو تو تیسری بار پڑھا جائے، اگر پھر بھی مطلب برآری نہ ہو تو وہ کام اللہ کے اوپر چھوڑ دے اور یہ سمجھ لے کہ وہ کام اس کے حق میں بہتر نہیں ہے۔

عملیات پڑھنے کے لئے مہینوں کی تخصیص

عاملین نے مقرر کیا ہے کہ اپنی ذات کے لئے مفید وظائف پڑھنے کے لئے عروج ماہ میں اگھن، پھاگن، جیٹھ، بھادوں، اچھے ہیں، اور اگر مذکورہ مہینوں میں نہ پڑھا جائے تو ذوجتین مہینوں کنوار، پوس، چیت، اساڑھ میں پڑھے، اور دشمن سے بچنے کے لئے عمل پڑھنے کے واسطے منقلب مہینے، کاتک، ماگھ، بیساکھ، ساون، مناسب ہیں جدائی اور ہلاکتِ دشمن کا عمل ماہ زوال میں پڑھنا زیادہ اثر رکھتا ہے۔

عملیات پڑھنے کے لئے دنوں کی تخصیص

عاملین نے عملیات پڑھنے میں شمسی مہینوں کی طرح قمری مہینوں کی بھی رعایت رکھی ہے، چنانچہ ہر مہینہ کے تین عشرے مقرر کئے ہیں، پہلا عشرہ کشائش رزق اور فتوحات کے لئے، دوسرا عشرہ محبت وتسخیر کے لئے، تیسرا عشرہ عداوت کے لئے، اور دنوں کی بھی عامل حضرات رعایت رکھتے ہیں، چنانچہ وسعت رزق وتسخیر اور شفائے امراض کے لئے پیر کا دن، دوستی ومحبت وترقیٔ دولت کے لئے جمعرات کا یا جمعہ کا دن اور ہلاکت اعداء کے لئے ہفتہ، اتوار یا منگل کا دن اور زبان بندی وغیرہ کیلئے اتوار اور بدھ کا دن مناسب ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

اس کتاب کے عملیات وتعویذات ونقوش کے عامل بننے کا طریقہ

جو صاحب اس کتاب سے خود فائدہ اٹھانا چاہے یا دوسروں کو فائدہ پہونچانا چاہے اس کو چاہئے کہ پہلے اس کتاب کے اعمال وتعویذات کی زکوٰۃ ادا کرے اسلئے کہ ہماری زبان گناہوں سے گندی ہو چکی ہے اور سوچ وفکر پراگندہ ہے صحابہ کرامؓ وتابعین اور تبع تابعین نیز اولیائے کاملین کے دل وزبان چونکہ اعمال صالحہ سے مجلیٰ ومصفیٰ تھے اسلئے ان کو کسی عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کی ضرورت نہ تھی وہ جو کچھ بھی پڑھ کر دم کرتے یا جو کچھ بھی لکھ کر دیتے تھے، فوراً اثر ہوتا تھا اور آج بھی جو خوش نصیب فرائض وواجبات کے پابند اور نوافل واذکار اور عمال صالحہ سے مزین ہیں، ان کو زکوٰۃ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے البتہ ہما شما کو عمل میں اثر پیدا کرنے کے لئے زکوٰۃ ادا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ چنانچہ اگر کوئی روزہ ذمہ ہے تو اس کی قضا یا کفارہ ادا کریں اور بلوغ کے بعد سے آج تک جتنی نمازیں قضا ہوئی ہیں سب کا حساب لگا کر تقضائے عمری پڑھیں فرائض وواجبات

کی پابندی کے ساتھ چاشت، اشراق، اوابین وتہجد کا اہتمام کریں اگر آخر رات میں نہ اٹھ سکیں تو عشاء کے بعد ہی دو نفل تہجد کی نیت سے پڑھ لیں روزانہ کچھ نہ کچھ حصہ قرآن مجید میں دیکھ کر تلاوت کریں اگر حقوق العباد ذمہ ہوں تو فوراً ادا کریں، الحزب الاعظم سے روزانہ کا وظیفہ پڑھیں اور جمعہ کے دن منزل، اسمائے حسنیٰ آیات شفا اور صلاۃ وسلام کی چالیس حدیثیں پڑھیں، جب ایک عرصہ تک ان معمولات کی پابندی ہوگی تو زبان وقلب اعمال صالحہ کے نور سے منور اور رنگین ہوجائیں گے لہٰذا زبان میں تاثیر پیدا ہوجائے گی۔اب ہر عمل میں فائدہ ہوگا۔انشاءاللہ العزیز۔

اجازت عامہ

تمام قارئین کو اس کتاب سے استفادہ وافادہ کی عام اجازت ہے اس شرط کے ساتھ کہ مذکورہ بالا زکوٰۃ ادا کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی، پس جو حضرات زکوٰۃ ادا کریں تو وہ خود بھی نفع اٹھائیں اور اللہ کی مخلوق کو بھی نفع پہونچائیں، بیشک اللہ تعالیٰ ہی نفع ونقصان کے مالک ہیں وہی بیماری دیتے اور شفا دیتے ہیں، وہی موت وحیات کے مالک ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہیں، پس اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل وبھروسہ کرکے خدمت خلق کی نیت سے جو بندہ آپ سے خدمت کا طالب ہو اس کی خدمت کردیا کریں، اللہ تعالیٰ ہی برکت اثر اور نفع عطا فرمانے والے ہیں۔

تعویذات پر اجرت لینے کا حکم

محدث کبیر حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم تحفۃ الالمعی شرح ترمذی میں رقم طراز ہیں، ''جھاڑ پھونک اور تعویذات پر اجرت لینا جائز ہے کیونکہ یہ بھی ایک علاج ہے، پس جس طرح دواء کی اجرت لینا جائز ہے، تعویذ کی اجرت لینا بھی جائز ہے اور طاعات مقصودہ پر اجارہ کے باطل

ہونے کے حنفیہ کے جو دلائل ہیں ان کا اطلاق اس پر نہیں ہوتا کیوں کہ ان میں طاعت مقصود ہوتی ہے اور جھاڑ پھونک میں علاج مقصود ہوتا ہے۔

پھر جس طرح جسمانی علاج کبھی کامیاب ہوتا ہے اور کبھی کامیاب نہیں ہوتا اسی طرح روحانی علاج بھی کبھی کامیاب ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا، پس عاملوں کے بارے میں یہ بدگمانی جو عام ہے کہ یہ جھوٹے پیسے بٹورنے والے اور دھوکہ دینے والے ہوتے ہیں یہ بات عمومی طور پر صحیح نہیں، ہاں جس طرح حکیم، ڈاکٹر بوگس اور جھولا چھاپ بھی ہوتے ہیں، عاملوں میں بھی یہ جنس نایاب نہیں مگر سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا درست نہیں، پس جس طرح حکیم، ڈاکٹر سے چند دن علاج کرانے کے بعد فائدہ نظر نہیں آتا تو معالج بدل لیتے ہیں اسی طرح کسی عامل کے علاج سے بھی فائدہ نظر نہ آئے تو دوسرے عامل کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔

حدیث: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ، ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سریہ (چھوٹے لشکر) میں بھیجا، ہم ایک قوم کے پاس اترے، یعنی کسی گاؤں والوں کے پاس پڑاؤ کیا، پس ہم نے ان سے مہمانی مانگی (اس زمانہ میں دستور تھا، گاؤں والے سریوں کی ایک وقت کی دعوت کیا کرتے تھے) پس ان لوگوں نے ہماری میزبانی نہ کی پھر ان کا سردار ڈسا گیا، یعنی اس کو بچھو نے کاٹ لیا، پس وہ لوگ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے، آپ لوگوں میں کوئی بچھو جھاڑنا جانتا ہے؟ میں نے کہا: ہاں، میں جانتا ہوں مگر میں اس کو نہیں جھاڑوں گا، جب تک تم ہمیں بکریاں نہ دو، ان لوگوں نے کہا ہم آپ کو تیس بکریاں دیں گے، ہم نے وہ قبول کیں اور میں نے اس پر سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھی، وہ چنگا ہوگیا اور ہم نے بکریوں پر قبضہ کرلیا، حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے

ہیں: پس ہمارے دلوں میں ان بکریوں کے بارے میں کچھ وسوسہ آیا، اسلئے ہم نے کہا جلدی نہ کرو، یعنی ابھی ان بکریوں کو مت کھاؤ یہاں تک کہ تم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچو حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں: پس جب ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے تو میں نے وہ بات آپؐ سے ذکر کی جو میں نے کی تھی، آپؐ نے فرمایا، وَمَا عَلِمْتَ اَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ تم نے کیسے جانا کہ سورۂ فاتحہ جھاڑ ہے؟ بکریوں کو لے لو اور میرا بھی اپنے ساتھ حصہ لگاؤ۔ (پس معلوم ہوا کہ تعویذات اور جھاڑ پھونک پر اجرت لینا جائز ہے البتہ اس کو پیشہ بنانا جیسا کہ آج کل بہت سے لوگوں نے اسی کو کمانے کھانے کا دھندا بنالیا ہے اس کو ہمارے اکابر اور بزرگوں نے پسند نہیں کیا) فائدہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد: وَمَا عَلِمْتَ اَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ سورۂ فاتحہ جھاڑ ہے! یہ حوصلہ افزائی اور ستائش ہے کہ آپ نے صحیح سمجھا، فاتحہ میں صرف دینی فائدے ہی نہیں، دنیوی پریشانیوں، بیماریوں اور بلاؤں کا علاج بھی ہے۔ دارمی میں روایت ہے کہ سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری کی شفا ہے، چنانچہ میں ہر بیماری کو سورۂ فاتحہ سے جھاڑتا ہوں، البتہ عمل کی تاثیر کے لئے اکل حلال اور صدق مقال ضروری ہے اور قرآن وحدیث میں جو دعائیں آئی ہیں ان کی تاثیر پر یقین بھی ضروری ہے کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ مریض کا یقین ضروری ہے، یہ قطعاً غلط ہے عامل کا یقین ضروری ہے اگر پختہ ایمان ویقین کے ساتھ سورۂ فاتحہ کے ذریعہ جھاڑا جائے تو انشاءاللہ ہر بیماری میں جھاڑ مفید ہوگی۔ (تحفۃ الالمعی شرح ترمذی ج۵ ص۲۰۲)

از قلم: محمد یونس قاسمی کھیڑوی

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔ (القرآن)

پہلا باب

اسمائے حسنیٰ کا بیان

اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ تمام جسمانی وروحانی امراض کا علاج، اسمائے حسنیٰ کی عجیب وغریب تاثیرات، اوران کے فوائد وبرکات کی مکمل ومرتب تفصیل، شفا کے انمول خزانے خود بھی نفع اٹھائیں، اوروں کو بھی نفع پہونچائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پہلا باب

(۱) یَااَللّٰہُ (یہ اسم ذات ہے اور یہی اسم اعظم ہے)

لفظ اللہ کی خصوصیت

لفظ اللہ کا ایک ایک حرف کامل ہے اور اس کا ایک ایک حرف ذاتِ الٰہی پر دلالت کرتا ہے، مثلاً اگر حروف اللّٰہ میں سے ہمزہ، یعنی الف مفتوح محذوف کیا جائے، تو لِلّٰہ باقی رہے گا، یہ بھی اسی طرح ذاتِ واحد پر دلالت کرے گا، لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قرآن میں موجود ہے، پھر اگر پہلا لام محذوف کیا جائے تو لَہٗ بچے گا، یہ بھی اسی طرح ذات پاک پر دلالت کرتا ہے، لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قرآن میں ہے، پھر اگر دوسرا لام بھی الگ کر دیا جائے تو صرف ہٗ رہ جائے گا، وہ بھی بدستور ذاتِ الٰہی پر دلالت کرے گا، لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُو بھی وارد ہے، عاشقانِ الٰہی کا ورد زبان یہی نام پاک ہے، دونوں جہاں کی مرادیں برلانے والا یہی نام ہے، اس کی تاثیر اور خاصیتیں بے حد وحساب ہیں کہ ساتوں زمین ساتوں آسمان کے فرشتے بھی اسے نہیں لکھ سکتے۔

لفظ اللہ کی عجیب تاثیر

ایک ادنیٰ سی تاثیر اسکی یہ ہے، کہ اگر کوئی آدمی ہر روز پانچ ہزار مرتبہ، نماز روزہ کا پابند ہو کر، حلال رزق کھا کر، باوضو روبقبلہ بیٹھ کر، اللہ اللہ کا ورد کرے گا، تھوڑے سے عرصہ میں صاحبِ کشف، اور روشن ضمیر ہو جائے گا، ہر ایک عبادت میں بیحد مزا اُٹھائے گا، اکثر راتوں کو حضور پیغمبر ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا، اور اگر تائید الٰہی شامل حال ہوگئی، تو رب العزت کی زیارت خواب، یا عالم

استغراق میں انشاءاللہ نصیب ہوگی، اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَلِقَاءَکَ فرشتوں کو آتے جاتے اڑتے ہوئے، اکثر خواب میں دیکھے گا، الغرض بارگاہ خداوندی میں مقربین کے زمرہ میں شامل ہوگا۔

عاملین کے لئے ایک ضروری ہدایت

بعض عاملین قضائے حاجت کے لئے، اللّٰہ کا نام مبارک لکھ کر، آٹے کی گولیوں میں رکھ کر مچھلیوں کو چالیس دن تک کھلاتے ہیں، یہ عمل طریقت کے خلاف ہے، کیونکہ آٹے کی گولی مچھلی کے پیٹ میں ہضم ہونے کے بعد، وہ کاغذ جس پر اللّٰہ کا نام پاک لکھا تھا سالم وثابت مچھلی کے پیٹ سے نکلتا ہے، اسمیں اللہ کے نام پاک کی سخت بے ادبی ہے اور اللہ کے نام پاک کی بے ادبی کرنے والا خدا کے غضب میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ نَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ، اللہ کے غصہ سے اللہ کی پناہ۔

لفظ اللہ کا ایک کامیاب عمل

اللہ کے نام مبارک کے عدد لئے جائیں، یعنی ۶۶ کا ہندسہ، پھر اس ہندسہ کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ کاغذ پر لکھیں، آٹے میں گولیاں بنا کر چالیس روز مچھلیوں کو کھلائیں تو امید ہے؛ کہ خداوند کریم اپنے فضل سے ہر جائز حاجت پوری کریگا۔

ولایت کا مرتبہ پائے گا

اگر کوئی مسلمان اللّٰہ کے نام پاک کو، جو کہیں زمین پر پڑا نظر آئے، اٹھا کر اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے گا، دنیا اور آخرت میں ولایت کا مرتبہ پائے گا۔

لفظ اللہ کی خاصیت

یہ اسم جمالی ہے، اس کے پڑھنے سے کسی طرح کی کوئی گرمی پڑھنے والے

کے مزاج میں پیدا نہیں ہوتی، مگر اتنا خیال ضرور رہے کہ اللّٰہ کے نام کی بے ادبی نہ کرے والا، یا اللہ کی جھوٹی قسمیں کھانے والا، کسی وقت میں بے حد محتاج اور فقیر ہو جائے گا، یا آخری عمر میں اندھا ہوگا، آنکھیں جاتی رہیں گی، یا کسی اور ایسی سخت مصیبت یا بیماری میں مبتلا ہوگا کہ سارے حکیم طبیب اس کے علاج سے عاجز ہو جائیں گے، اسم اللہ کی مثال یوں سمجھئے کہ جیسے بحرِ محیط، یعنی بڑا سمندر جو ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے، اور باقی سارے ناموں کی مثال ایسی ہے جیسے سمندر کی کھاڑیاں، سب کھاڑیاں بڑے سمندر سے نکلی ہیں اور پھر اسی میں مل گئیں اسی طرح سارے نام اللہ کے نام کے علاوہ ذاتِ الٰہی میں سے ظاہر ہوئے پھر اسی میں چھپ گئے ہیں۔

لفظ اللہ کے ذریعہ دل کی بیماریوں کا علاج

اگر کوئی مسلمان اسم اللّٰہ کو نہایت خوشخط جلی قلم سے لکھ کر اپنے سامنے رکھے اور دن رات میں کم سے کم تین دفعہ نہایت ادب سے باوضو ہو کر روبقبلہ خلوت میں بیٹھ کر محبت کی نگاہ اس مبارک نام پر ڈالے اور دل میں یہ خیال کرے کہ یہ مبارک نام اس کاغذ یا تختی پر جس طرح لکھا ہوا ہے اسی طرح خوبصورت اور خوشخط میرے دل میں لکھا ہوا ہے اور پھر آنکھیں بند کر کے کم سے کم دس منٹ تک اس تصور کو جمائے اور اسی خیال میں محو رہے اور ہر روز تین دفعہ اس عمل کو کرے انشاء اللہ العزیز کبھی ساری عمر خفقان، ہول دل، دھڑکن، اضطرابِ قلب، وغیرہ قلب کے کسی مرض میں مبتلا نہ ہوگا، دنیا کے کسی جابر ظالم سے کبھی دہشت نہ ہوگی، عشق الٰہی میسر ہوگا۔

کند ذہن بچہ کا ذہن کھل جائے

صبح نہار منہ تازی روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ یا اللہ لکھ کر کند ذہن بچہ کو کھلائے، سات دن، یا گیارہ دن، یا اکیس دن جیسی ضرورت دیکھے عمل کرے، بفضلہٖ تعالیٰ کند ذہن بچہ کا ذہن کھل جائے گا۔

اچانک مکان کے گرنے سے حفاظت

جو آدمی رہنے کے مکان کی پیشانی پر تین جگہ یا اللہ لکھے گا، جب تک وہ نام مبارک لکھا ہوا قائم رہے گا، کبھی اس مکان میں دب کر نہ مرے گا، کبھی سوتے یا جاگتے میں وہ مکان آدمیوں پر نہ گرے گا، یا تو خود اختیاری طور پر گرایا جائے گا، یا خالی وقت میں منہدم ہوگا، کسی انسان کی اس مکان کے گرنے سے اچانک موت نہ ہوگی۔

پسلی، سینہ، کمر، یا سر کے درد کے لئے عجیب عمل

اگر کسی کی پسلی، یا سینہ، یا کمر، یا سر میں درد ہو، تو دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ ساتھ مرتبہ یا اللہ انگلی سے بلا سیاہی وغیرہ لکھے، اور دن میں سات دفعہ اس عمل کو کرے، انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

کامیابیٔ سفر کے لئے ایک مجرب عمل

اللہ کے نام مبارک کو جلی قلم سے لکھے، اور الفِ اللہ کو قینچی سے کتر کر الگ کرے، اور جو کوئی مسافر باہر جاتا ہو، وہ حرفِ اللہ کا الف اپنے بازو میں تعویذ بنا کر باندھے، اور باقی نام ''للہ'' اپنے گھر اہل وعیال میں امانت رکھ جائے، انشاء اللہ تعالیٰ مع الخیر وہ مسافر اپنے گھر واپس آئے گا۔

ولادت کی آسانی کا مجرب عمل

اگر کسی عورت کے بچہ پیدا نہ ہوتا ہو، اور درد نہایت شدید ہو، ایک سو اکیس

مرتبہ یا اللہ پڑھکر گڑ یا خمیرہ وغیرہ پر دم کر کے تین حصہ کر کے، کھلایا جائے فوراً خدا کے فضل سے مشکل آسان ہوگی، مجرب عمل ہے۔

جھوٹے مقدمہ سے رہائی

اگر کوئی شخص ناحق کے جھگڑے میں پھنس جائے، کسی مفسد، جھگڑالو شخص سے معاملہ پڑ جائے، تو عین مقدمے کی پیشی کے وقت، یا باہمی گفتگو کے وقت سترہ دفعہ اللہ اللہ کہے، اور دل میں یہ تصور کرے کہ ساری مجلس فنا ہوئی اور اب خاص باری تعالیٰ اس مقدمہ کا فیصلہ فرمائے گا، انشاء اللہ وہ مقدمہ اس کے حق میں فیصل ہوگا اور جھوٹا دشمن عدالت، یا باہمی گفتگو میں ہارے گا۔

(۲) یَارَحْمٰنُ (اے بخشنے والے، رحمت نازل کرنے والے)

لفظ رحمٰن کی خاصیت

یہ اسم جمالی ہے، اس کے عدد ۲۹۸ ہیں، اس اسم کا خاصہ سارے عالم پر رحمت نازل کرنا ہے، بلاقیدِ مذہب، خواہ مسلمان ہو یا کافر، یہودی ہو، یا نصرانی، خدا کا دوست ہو، یا دشمن، انسان ہو، یا حیوان، درخت ہو، یا پتھر، عام طور سے سب پر رحمت فرمانا اس نام کا خاصہ، اور اس سرکار کا منصب ہے، اس ذاتِ واحد نے رحمت کے سو ۱۰۰ حصوں میں سے ایک حصہ، دنیا میں نازل فرمایا ہے، جس کا اثر ساری مخلوق میں رحمت کا یہ عالم ہے، کہ شیر جیسا خونخوار جانور، کس محبت سے اپنے بچوں کو دودھ پلاتا ہے ہاتھی اپنے بچوں کو کس محبت اور شفقت سے دیکھتا ہے۔

لفظ رحمٰن کے ورد کا اثر

جو شخص یَارَحْمٰنُ کا اکثر وظیفہ پڑھے گا، اس کا دل نہایت نرم، گداز، اور

رقیق ہو جائے گا، جس کسی بیمار مصیبت زدہ کو دیکھے گا، فوراً آبدیدہ ہو کر، اس شخص کی تکلیف رفع کرنے کی کوشش کرے گا، اور خدا چاہے کامیاب ہوگا۔

ایک خاص عمل

جو شخص یَارَحْمٰنُ کو فجر کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے ۲۹۸ مرتبہ پڑھے گا خداوند کریم کی خاص رحمت میں داخل ہوگا، اور دنیا میں اس پر کوئی مشکل نہ پڑے گی ہر ایک کام میں فراخ دستی نصیب ہوگی۔

آشوبِ چشم کا ایک کامیاب علاج

جو آدمی ٹھیک دوپہر کے وقت کہ جس کو زوال کا وقت کہتے ہیں، باوضو بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ یَارَحْمٰنُ پڑھے، اور پانی پر دم کرے، جس کی آنکھیں دکھتی ہوں اس پانی میں سلائی تر کر کے دکھتی آنکھوں میں لگائے، ہر ایک آنکھ میں سات سات سلائیاں لگائے، انشاء اللہ تین دن میں آنکھیں اچھی ہوں گی، اور پھر ایک سال تک دکھنی نہ آئیں گی۔

ہمارے بزرگوں کا مجرب عمل

صبح کی سنتیں اور فجر کی نماز کے درمیان جو شخص ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ کسی بیمار کے سرہانے کھڑے ہو کر پڑھے گا، سات دن میں کیسا ہی بیمار ہو تندرست ہو جائیگا، اگر موت مقدر ہے تو خاتمہ بالخیر ہوگا، مشکل جلد آسان ہوگی، یہ عمل میرے بزرگوں کا مجرب ہے۔

(۳) یَارَحِیْمُ (اے بہت مہربان)

اس نام کی خاصیت

یہ اسم جمالی ہے، دین دنیا، اِس جہان اور اُس جہان میں رحمت فرمانا، اس

نام کا خاصہ ہے اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے کہ اگر کوئی کافر اعتقاد سے یَارَحِیْمُ کا وظیفہ پڑھے گا، انشاء اللہ مسلمان صاحب ایمان ہو کر مرے گا، اور اگر کوئی مسلمان اس مبارک نام کو ایک ہزار مرتبہ ہر روز پڑھے گا، خاتمہ بالخیر ہو کر جان ایمان کے ساتھ نکلے گی، خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے انسان ساری عمر اس نام کو، ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے اس مبارک عمل کی مدت ساری عمر ہے۔

دشمن دوست بن جائے

جو شخص پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ صبح کی نماز کے بعد یَارَحِیْمُ خلوص کے ساتھ پڑھے گا، تمام خلقت اس پر مہربان ہوگی، اور اگر دشمن بھی سامنے آئے گا، نرم ہو جائے گا۔

غفلت اور بھول کو دور کرنے کے لئے

جو آدمی یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْم دونوں نام ملا کر، ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے گا، حق تعالیٰ غفلت اور بھول اس کے مزاج سے مٹا دے گا نماز کی محبت پیدا ہوگی۔

مشکل دور ہو

جو آدمی یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَهُمَا پڑھے گا اڑی مشکل اس کی حل ہو جائے گی اور کبھی کوئی ضرورت اس کی اَٹکی نہ رہے گی۔

(۴) یَامَلِکُ (اے بادشاہ حقیقی)

اس نام کی خاصیت

ہر ایک چیز ہر وقت اسی ذاتِ واحد کے قبضہ قدرت میں ہے وہ سب سے بے نیاز اور سب اس کے محتاج ہیں، یہ اسم جمالی ہے، اثر اس مبارک نام کا یہ ہے، کہ اس کا وظیفہ پڑھنے والا، اپنی حاجت سوائے خدا کے کسی بادشاہ کے سامنے بھی

پیش نہ کرے گا اور بجز ذاتِ الٰہی کے کسی کو اپنا حاجت روا نہ جانے گا۔

عزت و وجاہت حاصل کرنے کے لئے

جو آدمی اس مبارک نام کو تین ہزار بار روزانہ ہمیشہ پڑھے گا، اہل دنیا کی نظروں میں نہایت باعزت ہوگا اور بڑی وجاہت والا ہوگا، حاکم اور بادشاہ اس کی بات کو غور سے سنیں گے، ظالم جابر شخص اس کے سامنے سختی سے نہ بول سکے گا۔

گم شدہ چیز مل جائے

جو شخص یَامَالِکَ الْمُلْکِ دس ہزار مرتبہ پڑھے گا گم ہوئی چیز مل جائے گی یا دل کو صبر آ جائے گا، جو بے چینی مال کے گم ہو جانے کی وجہ سے تھی یک لخت جاتی رہے گی۔

مقدمہ فتح ہو اور دشمن پست ہو

جس شخص کو مقدمہ کی وجہ سے سخت پریشانی ہو، یا کسی دشمن سے خوف ہو، اکیس ہزار مرتبہ یَامَالِکَ الْمُلْکِ کا ختم تین روز تک متواتر کیا جائے، انشاء اللہ مقدمہ فتح اور دشمن پست ہوگا۔ ختم کی ترکیب یہ ہے کہ تین آدمی باوضو روبقبلہ بیٹھیں، اور سات سات ہزار مرتبہ تینوں آدمی یَامَالِکَ الْمُلْکِ پڑھیں، اول اور آخر میں سات سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ یہ تینوں شخص بعد ختم وظیفہ کے یہ دعا کریں کہ یا اللہ آج فلاں مقدمہ کا استغاثہ اور اپیل تیری بالا دست سرکار میں دائر کی ہے، اگر تو بھی ہرا دے گا تو یہ بندہ کہاں جائے گا لَامَلْجَاءَ وَلَامَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ۔ تیری سزا کا بچاؤ اور تیری مصیبت کی پناہ تیرے ہی پاس ہے انشاء اللہ بہت جلد حسب مرضی کام ہوگا۔

(۵) یاقُدُّوسُ (اے پاک اور منزہ ہر عیب سے)

اس نام کی مبارک تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا، زنا، چوری، شراب خوری وغیرہ جملہ عیبوں سے پاک ہو کر فرشتہ خصلت ہو جاتا ہے، جو کوئی اس مبارک نام کو زوال کے وقت ہر روز سو مرتبہ پڑھے گا اس کا دل ہر طرح کی برائی جیسے کینہ حسد عداوت بغض سے پاک ہوگا، کچھ عرصے کے بعد دل میں نور پیدا ہو جائے گا۔

فرمانبردار و نیک اولاد کے لئے

جس شخص کی بیوی کو حمل قرار پا جائے، جس دن سے معلوم ہو بچہ کے پیدا ہونے تک، ہر روز اکتالیس مرتبہ یاقدوس پانی یا دوا پر پڑھ کر دم کر کے پلائے بچہ نہایت با اخلاق، پاک باطن، نیک اور ماں باپ کا تابعدار پیدا ہوگا، ساری عمر کبھی والدین کی نافرمانی و اذیت کو پسند نہ کرے گا۔

کینسر کے مرض میں مبتلا نہ ہوگا

جو شخص یامَلِکُ یاقُدُّوسُ ہر روز صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے گا، انشاء اللہ کبھی کسی گندے مرض میں جیسے کینسر، بواسیر، لو اسیر، ناسور وغیرہ میں مبتلا نہ ہوگا، کبھی اس کے پردے یا شرم کی جگہ کوئی زخم یا بیماری نہ ہوگی، اور کبھی اس کو اپنی شرم و حیا کی جگہ کسی غیر کو دکھانے کی ضرورت نہ پڑے گی، یہ ہمارے بزرگوں کا مجرب عمل ہے۔

عہدہ اور عزت کی پائیداری کے لئے

جو شخص یامَلِکُ یاقُدُّوسُ ملا کر ایک ہزار دفعہ ہر روز عشاء کے بعد

اندھیرے میں پڑھے گا، اگر صاحب ملک ہو اس کا ملک قائم رہے گا، صاحب ریاست ہو ریاست باقی رہے گی جس عہدہ پر ملازم ہو اس میں عزت پاوے گا، حاکم بالا دست ہمیشہ نظر عنایت رکھے، اگر کوئی اس کا دشمن اس کی چغلی کھائے وہ خود ذلیل ہو، یا جلد مر جائے گا، مگر اس مبارک نام کا وظیفہ پڑھنے والے کی ہمیشہ عزت میں اضافہ ہی ہوگا۔

مسافر کا خوف دور ہو

جس مسافر کو سفر کی حالت میں کچھ جان و مال کا اندیشہ ہو، یا مسافر تھک جائے جس قدر ہو سکے یَامَلِکُ یَاقُدُّوْسُ پڑھے، انشاء اللہ جو کچھ خوف ہو جلد رفع ہوگا، جو کلفت ہو جلد دفع ہوگی، اور با امن و امان منزلِ مقصود تک پہونچ جائے گا۔

(۶) یَاسَلَامُ: (اے ہر طرح کے عیب اور ہر مرض و نقصان سے پاک)

اس نام پاک کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا جس بیمار کو دیکھے گا نہایت ترس کھائے گا اس کی شفا کیلئے دعا اور اس کی بیماری کیلئے دوا کی کوشش کرے گا۔

کبھی اندھا اور اپاہج نہ ہو

جو کوئی ایک ہزار مرتبہ صبح کی نماز کے بعد ہر روز یَاسَلَامُ پڑھے گا کبھی مرتے دم تک اندھا، اپاہج، عاجز، لاچار نہ ہوگا، خداوند تعالیٰ چلتے ہاتھ پیروں اٹھائے گا۔

بیمار شفا پائے

جو کوئی تین ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَاسَلَامُ کا تین دن تک کسی بیمار کی شفا کے واسطے ختم پڑھے گا، بیمار بہت جلد شفا پائے گا، یا جلد نہایت آسانی سے مریض کا خاتمہ بالخیر ہوگا، ختم کی ترکیب یہ ہے کہ جو شخص ختم پڑھے، پہلے غسل

کرے، سفید کپڑے پہنے، قبلہ رو ہو کر اول تین دفعہ یہ درود شریف پڑھے، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَبِیِّنَا فِی الْاَنْبِیَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رَسُوْلِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَاسَلَامُ تین ہزار مرتبہ کسی شمار دانے یا تسبیح پر پڑھے، ختم کے بعد پھر تین مرتبہ یہی درود پڑھے، پھر اٹھ کر مریض پر دم کرے، یا پانی یا دوا پر دم کرے، وہ دوا یا پانی مریض کو پلایا جاوے، تین روز یا پانچ روز انتہا سات روز تک ہے، انشاء اللہ بیمار تندرست ہوگا، میرا بذات خود بارہا کا مجرب عمل ہے۔

بیہوشی دور ہو

اگر کوئی بیمار بیہوش ہو گیا ہو، اس کے پاس سرہانے بیٹھ کر، تین سو دفعہ یَارَحْمٰنُ یاسلام پڑھا جائے پڑھتے ہی انشاء اللہ بہت جلدی مریض ہوش میں آئے گا۔

ام الصبیان کا ایک عجیب عمل

جس عورت کے بچے ام الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں شروع حمل سے ابتدا کرے، اور بچہ کے دودھ پینے تک برابر یہ عمل کرتا رہے، کہ تین مرتبہ ہر روز سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ، کسی روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر حاملہ کو کھلائے، یا کاغذ پر لکھ کر پانی یا دوا میں گھول کر پلائے، بفضلہٖ تعالیٰ بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا اور اپنی طبعی عمر کو پہونچے گا۔

(۷) یَامُؤْمِنُ: (اے امن دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے، کہ اس کا پڑھنے والا امن

پسند ہوگا، ہر ایک قسم کے جھگڑے فساد کو برا جان کر، دفع کرنے کی کوشش کرے گا۔

شیطان کے فتنہ سے محفوظ رہے

جو کوئی ایک ہزار ایک مرتبہ اس مبارک نام کو لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے شیطان کے فتنہ سے محفوظ رہے گا، کوئی دشمن اس پر قابو نہ پائے گا۔

دوسروں کے شر سے حفاظت کے لئے

جو شخص اس مبارک نام کو، ایک ہزار ایک دفعہ روزانہ ساری عمر پڑھتا رہے سارے دنیا والے اس کے تابعدار رہیں، اور جو عورت اس نام کو ایک ہزار ایک دفعہ روز پڑھے، خاوند کی بداخلاقی، برائی اور شر سے محفوظ رہے، مرد پڑھے تو بیوی کی برائی سے، ہمسائے کی برائی سے، بچا رہے گا، اگر تجارت یا معاملہ والے شرکاء کو آپس میں کچھ برائی بداخلاقی وغیرہ کا اندیشہ ہو تو اس مبارک نام کو پڑھیں، ساری عمر ایک دوسرے کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

(۸) یَامُھَیْمِنُ: (اے نگہبان)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا: ہر ایک انسان کے جان و مال کی حفاظت کی فکر رکھتا ہے۔

ہر کام کا انجام معلوم ہو

جو شخص غسل کر کے قبلہ رو بیٹھ کر ایک ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ یَامُھَیْمِنُ تین روز تک پڑھے، جس کام کا، بطور استخارہ معلوم کرنا چاہتا ہو، فوراً انجام معلوم ہوگا، اگر ہر روز ایسا کیا کرے، تو ساری دنیا کی آفتوں سے محفوظ رہے گا اگر فوج کا سپاہی

ہے اور کہیں مورچہ پر چلا گیا، انشاء اللہ بندوقوں کی باڑ میں سے زندہ سلامت آئے گا۔

خطروں میں سلامت رہے

اگر کوئی شخص اس مبارک نام کا عامل ہے، یعنی ہمیشہ ہر روز غسل کر کے ایک ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھتا ہے، وہ شخص اتفاقاً جہاز میں سوار ہوا اور جہاز پھٹ گیا، تو انشاء اللہ یہ شخص زندہ رہے گا اور صحیح سلامت کنارہ پر پہونچے گا، کسی شہر میں طاعون ہو یا اور کوئی وباء ہو جو شخص اس عمل کا عامل ہوگا اس بلا سے محفوظ رہے گا۔

عامل کے لئے ضروری ہدایت

اگر ایک روز غسل یا وظیفہ ناغہ ہو گیا تو پھر چالیس روز تک تاثیر ندارد ہو جائے گی اب پھر برابر چالیس دن تک یہی عمل کرتا رہے گا تب بفضلہٖ پھر وہی تاثیر خدا کی ذات سے مل جائے گی۔

اس عمل کی تاثیر

اگر کسی مکان کی چھت آمیوں پر گری، اور اس عمل مبارک کا عامل بھی وہاں دب گیا، تو بفضلہٖ تعالیٰ یہ شخص اس صدمہ سے سلامت باہر نکلے گا۔

(۹) یَاعَزِیْزُ (اے عزت دینے والے اور سب پر غالب)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کو پڑھتا ہے، اپنے اور پرائے کی عزت آبرو کی حفاظت کا بڑا خیال رکھتا ہے، مسلمان بلکہ ہر ایک انسان کے بے آبرو ہونے کو بہت برا جانتا ہے، اور اس نام کے عامل کی ہمت ہمیشہ عالی اور بلند رہتی ہے، حقیر ذلیل بات کو کبھی پسند نہیں کرتا۔

کبھی محتاج نہ ہو

جو کوئی صبح کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھے گا، کبھی دنیا اور آخرت میں کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

منصب وعہدہ کی بحالی کے لئے

اگر کوئی شخص کسی عہدہ یا منصب سے گر گیا، یا ملازم تھا معزول ہو گیا، وہ سات دن تک ہر روز غسل کرے، اور دو رکعت نفل ادا کرے، ان دو رکعتوں میں الحمد شریف اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، ایک ایک مرتبہ پڑھکر نماز کو ختم کرے، اور پہلے دن سے تیسرے دن تک کھڑے ہو کر یَاعَزِیْزُ تین ہزار مرتبہ پڑھے چوتھے دن بیٹھ کر پانچ ہزار دفعہ یَاعَزِیْزُ پڑھے پانچویں، چھٹے اور ساتویں دن سجدے میں جا کر کل تین تین سو دفعہ یاعزیز پڑھے، اور دعا کرے انشاء اللہ وہی عہدہ ملے گا، یا اس سے بہتر عزت و آبرو کی کوئی صورت غیب سے پیدا ہو جائے گی، کھوئی ہوئی عزت حاصل ہو جائے گی۔

خاوند کی نظر میں باعزت ہو

جو عورت خاوند کی نظروں میں ذلیل وخوار ہو، اگر وہ اس مبارک عمل کو پورا کرے خاوند کی نظروں میں نہایت عزت والی اور محبوب ہو جائے گی اس مبارک نام کے فوائد اور خاصیتیں عجیب ہیں۔

(۱۰) یَاجَبَّارُ: (اے بگڑے کاموں کے درست کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس کی یہ ہے: کہ اس مبارک نام کا پڑھنے والا فقیروں، محتاجوں، بیماروں اور اپاہجوں کی امداد کرنے کی بڑی فکر رکھے گا، تھوڑی سی حکومت

کی سی بو مزاج میں پیدا ہوگی، نیز جو شخص اس مبارک نام کو نگینہ میں کندہ کرا کر انگوٹھی پہنے گا، اس کی اہمیت اور شوکت خلقت کی نظروں میں اور دلوں میں بہت ہوگی۔

کمزوری اور لاغری دور ہو

جو بچہ یا بیمار بیحد لاغر اور دبلا ہو گیا ہو، تھوڑا سا سرسوں کا تیل لے کر ایک ہزار ایک سو مرتبہ، اس تیل پر یَـا جَبَّارُ پڑھ کر دم کرکے، مالش کرے، انشاءاللہ طاقت اور توانائی جلد واپس آئے گی، وہ کمزوری اور لاغری دفع ہوگی۔

دل کی مضبوطی کے لئے

جو شخص ہمیشہ پنج گانہ نماز کے بعد ایک سو دفعہ یَـا جَبَّارُ پڑھے گا، لوگوں کے غیبت کرنے اور برا کہنے سے رنجیدہ نہ ہوگا، اس کا دل مضبوط اور صابر ہو جائے گا، کسی صدمہ سے حالت ابتر نہ ہوگی جوانمردی اور نیکی کی طرف دل مائل ہوگا۔

اگر اولاد نہ جیتی ہو

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوئی اور پیدا ہو کر مر گئی یا آئندہ اولاد ہونی بند ہو گئی ہو وہ گیارہ دن تک عشا کی نماز کے بعد تین ہزار دفعہ یَـا جَبَّارُ پڑھ کر تین عدد مغز بادام پر دم کرے، ایک دانہ بیوی کو کھلائے دو دانہ آپ خود کھائے، پھر اپنی بیوی سے خلوت کرے، گیارہ دن تک ایسا ہی کرے انشاءاللہ ضرور بیوی حاملہ ہوگی اور فرزند صالح عطا ہوگا جب لڑکا ہو تو اس کا نام عزیز اللہ یا عطاء اللہ رکھے اور سات برس تک ہر سال ایک بکرا اللہ کے واسطے ذبح کرے اور محض اللہ کے واسطے غریبوں کو کھانا پکا کر کھلائے اور اگر اتنا مقدور نہ ہو تو کچا گوشت تقسیم کر دیا جائے اور اگر یہ بھی قدرت نہ ہو تو سات روپے ہر مہینہ کے شروع میں بچہ کے ہاتھ سے

کسی اندھے فقیر کو دلوادے عمل پورا ہو جائے گا، اور انشاءاللہ فرزند صاحب عمر ہوگا۔

سر کے درد کے لئے

جس کے سر میں درد ہو، اس کے ماتھے پر سات مرتبہ یَـا جَبَّارُ انگلی سے لکھا جائے پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر یا جبار یا سلام سات سات دفعہ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ کیسا ہی درد ہو جاتا رہے گا، اور اگر آدھے سر کا درد ہے تو سورج نکلنے سے پہلے اس عمل کو کرے، بہت جلد شفا ہوگی۔

(۱۱) یَامُتَکَبِّرُ: (اے نہایت بزرگ اور بڑے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے، کہ اس کے عامل اور پڑھنے والے میں خلقت سے نفرت اور یکسوئی کی تلاش پیدا ہوگی ہمیشہ خلوت میں رہنے کو پسند زیادہ بولنے کو ناپسند کرے گا، مخلوق کے مجمع یا ہنگامہ میں شریک ہونے سے نفرت مگر جماعت یا جمعہ یا حج یا نیک مجلسوں میں حاضر ہونے اور باادب ساکت بیٹھنے کو بہت دوست رکھے گا۔

فرزند پرہیزگار پیدا ہو

جو شخص اپنی بیوی سے ہم بستر ہونا چاہے، اور خاص فعل کے شروع کرنے سے پہلے دس مرتبہ یامتکبر پڑھے حق تعالیٰ اسے فرزند نہایت پرہیزگار سعادتمند عطا کرے گا۔

خواب میں ڈر لگنا

جس شخص کو بدخوابی ہوتی ہو خوف و ڈر معلوم ہوتا ہو، سونے سے پہلے اکیس دفعہ اس مبارک اسم کو پڑھ کر خاموش ہو کر سو رہے انشاءاللہ پھر کبھی بدخوابی نہ ہوگی۔

(۱۲) یَاخَالِقُ: (اے خلقت کے پیدا کرنے والے حکمت کے ساتھ)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا وظیفہ کرے گا، مسلمان گنہگار یا کافر کو دیکھ کر یک غصہ نہ آئے گا، برے سے برے عیب دار انسان کو دیکھ کر بد مزاج نہ ہوگا، بلکہ نظر عبرت سے دیکھے گا؛ کہ اسے بھی اللہ نے پیدا کیا ہے اور اس کے عیبوں کو بھی اسی نے بنایا ہے، ضرور ایسے عیب دار شخص کے پیدا کرنے میں کوئی حکمت ہے جس کو خدا ہی خوب جانتا ہے، اور یہ نظر عبرت اور تامل اولیاء اللہ رحمہم اللہ کی صفات میں سے ایک خاص صفت ہے، خدا جسے نصیب کرے اسی کا حصہ ہے۔

دل اور چہرہ نورانی ہو

جو کوئی اس مبارک نام کا ورد کرے اور بے گنتی صبح شام رات دن پڑھتا رہے حق تعالیٰ اس شخص کیلئے ایک فرشتہ پیدا کرے گا، اور پھر قیامت تک جو کچھ بھی وہ فرشتہ عبادت کرے گا، وہ عبادت اس شخص کے نامۂ اعمال میں لکھے گا، اور دل و چہرہ اس شخص کا نورانی ہوگا، اور سارے کاموں میں دل قوی رہے گا۔

دشمن مغلوب ہو

جو کوئی لڑائی کے موقعہ پر تین سو دفعہ اس مبارک نام کو پڑھے گا اس کا دشمن مغلوب ہوگا۔

بانجھ عورت کو حمل رہ جائے

جو شخص جمعرات، جمعہ، ہفتہ، تین دن کے روزے رکھے اور ظہر کے بعد تین روز تک تین ہزار دفعہ، یَاخَالِقُ پڑھے اور اول میں سو دفعہ بعد میں سو دفعہ یہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ

الْاَغْیَارِ وَمِفْتَاحِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَاَفْضَالِهِ، بعد ختم کے تین روز تک برابر پانی پر دم کرے اور پھر دعا کرے کہ اے خالق مجھے فرزند صالح عطا کر دے، اس کے بعد یہ دم کیا ہوا پانی آدھا بیوی کو پلا دے آدھا خود پیئے انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ عورت کو حمل رہ جائے گا اور صحیح سلامت فرزند پیدا ہوگا۔

جس عورت کا کچا حمل گر جاتا ہو

جس عورت کے کچے حمل گر جاتے ہوں وہ خود یا اس کا کوئی رشتہ دار سات دن تک برابر ہر روز سات ہزار دفعہ عشا کی نماز کے بعد یاخالق پڑھے مگر اول آخر اکیس اکیس دفعہ یہ مبارک درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظَمَتِهٖ ذَاتِکَ بعد وظیفہ کے ختم کے روزانہ سات روز تک پانی پر دم کر کے عورت کو پلایا جائے اور تھوڑی سی روئی ہر روز دم کئے ہوئے پانی میں تر کر لی جائے اس کا تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالا جائے بفضلہٖ تعالیٰ تھوڑے سے عرصہ میں حمل قرار پائے اور صحیح سالم تندرست بچہ پیدا ہوگا، جب بچہ پیدا ہو اسی دن وہ تعویذ ماں کے گلے سے کھول کر بچہ کے گلے میں ڈالا جائے بفضلہٖ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔

(۳) یَابَارِئُ: (اے پیدا کرنے والے ارواح کے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس عظیم الشان نام کی یہ ہے؛ کہ جو شخص اس مبارک نام کا باقاعدہ وظیفہ کرے گا ہر ایک انسان کی روح پر اس کا اثر اور اس وظیفہ پڑھنے

والے کی قبولیت پیدا ہوگی۔

ریاض القدس کی طرف اٹھایا جانا

جو شخص ہر جمعہ میں ایک سو دفعہ اس مبارک نام کی تلاوت کرے گا حق تعالیٰ اس شخص کو قبر میں دفن ہونے کے بعد ریاض القدس کی طرف اٹھالے گا قبر میں نہ چھوڑے گا۔

دستِ شفا حاصل ہو

جو طبیب اس مبارک نام کا وظیفہ پڑھے گا، جس مریض کا علاج کرے گا موافق پڑیگا، تمام مخلوق میں اسکی عزت و وجاہت بہت ہوگی، ختم کی ترکیب یہ ہے کہ آفتاب غروب ہونے کے بعد غسل کیا جائے، مغرب کی نماز سے فارغ ہوکر اول اخیر اکتالیس مرتبہ یہ درود شریف پڑھا جائے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتَمِ لِمَاسَبَقَ نَاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَالْھَادِیْ اِلٰی صِرَاطِکَ الْمُسْتَقِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ حَقَّ قَدْرِہٖ وَمِقْدَارِہِ الْعَظِیْمِ، پھر گیارہ ہزار مرتبہ یَابَارِئُ پڑھا جائے اور اس عمل کو ہمیشہ کیا جائے تسخیر عالم کے لئے یہ عمل عجیب اور غریب ہے اسی طرح اگر کوئی حاکم اس عمل کو کرے گا بالا دست نیز ماتحت لوگوں میں اسکی وجاہت بہت ہوگی اس کے فیصلہ کے خلاف اپیل بہت کم منظور ہوگی، ملک میں بہت قابل اور لائق مانا جائے گا۔

(۱۴) یَامُصَوِّرُ: (اے انسان اور حیوان کی صورت بنانے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس اسم کی یہ ہے؛ کہ جو کوئی شخص اس نام کا بہت ورد کریگا ہر ایک چیز کو دیکھ کر اور ہر ایک انسان اور حیوان کا مشاہدہ کرنے کے بعد خدا

کی عظمت اور قدرت پر اس کا ایمان زیادہ ہوتا جائے گا، ہر تصویر سے خدائے مصور کا تعلق محسوس ہونے لگے گا۔

سخت سے سخت مشکل آسان ہو

اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد یَامُصَوِّرُ اکیس دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے، حق تعالیٰ اسے فرزند صالح عطا کرے گا اس مبارک نام کا ورد کرے اور اول اخیر گیارہ گیارہ دفعہ اس مبارک درود شریف کو پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَدَدَ مَاعَلِمْتَ وَزِنَۃَ مَاعَلِمْتَ وَمِلْءَ مَاعَلِمْتَ سخت سے سخت مشکل آسان ہو مقدمہ فتح ہو غائب آدمی مع الخیر واپس آئے یا اسکی خیریت کی خبر جلد آئے یہ اسم آیت کریمہ کی تاثیر کے قریب قریب ہے۔

(۱۵) یَاغَفَّارُ: (اے بندوں کے گناہ معاف کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس اسم کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا توبہ اور استغفار کا طالب مغفرت الٰہی کا عاشق اور شیدائی ہو جاتا ہے گناہ کم کرتا ہے اور اگر بھولے سے کوئی قصور ہوا تو فوراً ہی توبہ استغفار کرتا ہے۔

مغفرت کے لئے

جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ سو دفعہ کہے گا حق تعالیٰ اس کا نام بخشے ہوئے لوگوں میں درج فرمائے گا۔

صلح کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں صلح کرنا چاہتا ہو، اور فریق ثانی نہ مانتا ہو؛ ظہر کی

نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ یَـا غَـفَّـارُ پڑھے اور پھر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ فوراً مقصود حاصل ہوگا۔ دشمن خود بخود صلح کی التجا کریگا۔

(۱۶) یَاقَهَّارُ: (اے سب پر غالب اور زبردست)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے گا؛ نفس وشیطان پر غالب، دشمن کے مقابلہ میں زبردست رہے گا۔ دنیا کی محبت اس کے دل سے کم ہوگی خدا کی محبت پیدا کرنے کے لئے یہ اسم عجیب تاثیر رکھتا ہے، خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے یہ نام اسم اعظم کا اثر رکھتا ہے۔

دشمن ذلیل ہو اور مشکل حل ہو

جب کوئی سخت مہم درپیش ہو، سات روزے رکھ کر ہر روز ظہر کی نماز پڑھ کر گیارہ ہزار دفعہ یَاقَهَّـارُ پڑھے مگر اکیس دفعہ اول، اکیس دفعہ بعد یہ درود شریف پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَهْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍفِي الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فِي الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ، ہر تسبیح کے ختم کے بعد خیال کرے کہ ایک بجلی نے آسمان سے گر کر دشمن اور اس کی ساری کائنات کو جلا دیا انشاءاللہ دشمن جلد ذلیل ہوگا، اور اگر کوئی دشمن مقابل نہیں ہے تو ہر ایک تسبیح کے ختم پر یہ تصور جمائے کہ آسمان سے آگ نازل ہوئی اور جس طرح نمرود کی آگ نے حضرت خلیل اللہؑ کی بیڑیاں اور لوہے کا طوق جلا دیا تھا اسی طرح اس آگ نے میری مشکل کے بند جلا کر کھول دئے، انشاءاللہ سات روز کے اندر وہ مشکل کتنی ہی سخت ہو حل ہو جائے گی، اور سخت سے سخت مصیبت بفضلہٖ تعالیٰ دفع ہوگی۔

دوران عمل پرہیز

پرہیز اس ختم کے دنوں میں یہ ہے کہ کھانا جَو کی روٹی ہو جو غذا جناب پیغمبر علیہ السلام کی تھی ختم پڑھنے والا سارے صغیرہ کبیرہ گناہوں سے بچے، بیڑی سگریٹ حقہ نہ پیئے، پیاز لہسن بدبودار کوئی چیز نہ کھائے ورنہ وظیفہ الٹ جائے گا بجائے نفع کے نقصان ہوگا۔

دبلا پن دور ہو

جو بچہ شیر خوار نہایت دبلا ہو؛ جیسے اکثر ام الصبیان کی وجہ سے بچوں کو سوکھا لگ جاتا ہے، آدھ سیر تیل سرسوں کا لیکر سامنے رکھا جائے، روبقبلہ باوضو ہو کر ایک ہزار مرتبہ یاقہار پڑھ کر تیل پر دم کیا جائے وہ تیل صبح وشام اکیس روز بچہ کے جسم پر مالش کیا جائے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ جلد تندرست ہو کر توانا ہوگا۔

دشمن رسوا ہو

فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے جو شخص سو مرتبہ گیارہ روز یَـاقَهَّـارُ پڑھے گا؛ جو دشمن سامنے آئے گا ذلیل ہوگا۔

جن اور آسیب دور ہو

اگر کسی گھر میں جن آسیب کا خلل ہو یا وہاں رہنے سے ڈر لگتا ہو ایک کورے چراغ پر سات جگہ یَـاقَهَّـارُ لکھ کر تیل سے بھر کر روشن کیا جائے جس گھر میں گیارہ دن تک یہ چراغ روشن ہوگا، بفضلہٖ تعالیٰ اس گھر میں کوئی جن یا آسیب وغیرہ موذی چیز نہ رہے گی، اور وہ مکان تمام آفتوں سے پاک رہے گا؛ بشرطیکہ اس مکان میں کوئی تصویر یا بت یا مٹی وغیرہ کی مورت نہ ہو اور اگر کسی مکان میں یہ چراغ جلایا گیا اور وہاں کوئی تصویر یا مورت موجود ہوئی تو بجائے؛ نفع کے نقصان ہوگا۔

(۱۷) یَاوَھَّابُ: (اے بہت دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے؛ کہ اس نام کا پڑھنے والا نہایت سخی، نرم مزاج ہوتا ہے کسی سائل کے سوال کو رد کرنا پسند نہیں کرتا۔

کشایش رزق کے لئے

جو شخص فاقہ سے لاچار ہو اور کوئی صورت کشایش رزق کی نہ ملے ایک ہزار مرتبہ ہر روز اس اسم کو فجر کی نماز کے بعد پڑھے اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے، تھوڑے سے عرصہ میں یہ مصیبت اس طرح دفع ہوگی؛ کہ ہر شخص دیکھ کر حیران ہوگا، اگر ایک ہزار ایک دفعہ اس مبارک نام کو کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے رزق کی تنگی نہ ہوگی۔

مخلوق سے بے نیاز ہو

اگر کوئی شخص گیارہ بجے دن کے وضو کرے قبلہ رو کھڑے ہو کر سجدہ کی یہ آیت پڑھے وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ سجدے میں جائے اور سات مرتبہ یَاوَھَّابُ پڑھے؛ ساری مخلوق سے بے پرواہ رہے گا۔ جتنے روز یہ عمل کرتا رہے گا عمل کا اثر موجود رہے گا، جب چھوڑ دے گا سات دن کے بعد اثر جاتا رہے گا۔

تین روز میں حاجت پوری ہو

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو، ٹھیک آدھی رات کو مسجد یا گھر کے صحن میں تین بار سجدہ کرے پھر سجدے سے سر اٹھا کر سو بار یَاوَھَّابُ پڑھے، تین روز کے اندر انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

رزق کی فراخی کے لئے

یہ عمل حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کا مجرب ہے؛ دن کے دس بجے

وضو کرے پھر چار رکعتیں نفل چاشت کی نیت سے ادا کرے نماز کے بعد پھر سجدے میں جائے، اور ایک سو چار مرتبہ سجدے میں یَاوَھَّابُ پڑھے، ہر مہینہ میں سات دن یہ عمل کرے انشاء اللہ ساری عمر کبھی روزی میں تنگی نہ ہوگی۔

قحط سالی ختم ہو

اگر کسی ملک میں قحط سالی کے نشان معلوم ہوتے ہوں اور بارش نہ ہوتی ہو گیارہ آدمی یَاوَھَّابُ کا ختم پڑھیں اکہتر ہزار مرتبہ تین دن تک برابر پڑھا جائے، چوتھے ہی دن انشاء اللہ بخیریت تمام پانی برسے گا۔

ختم کی ترکیب

یہ ہے کہ اول گیارہ شخص باوضو ہو کر بیٹھیں اور جس شئے پر ختم پڑھا جائے وہ سامنے رکھیں انیس انیس دفعہ اول یہ درود شریف پڑھا جائے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِی عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ پھر اکہتر ہزار مرتبہ اسم یَاوَھَّابُ پڑھ کر پھر انیس مرتبہ یہی درود پڑھکر دعا کی جاوے انشاء اللہ جلد مقصود حاصل ہوگا۔

(۱۸) یَارَزَّاقُ: (اے روزی دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس اسم کی تاثیر یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کا ورد کریگا کوئی بھوکا انسان یا جانور اس شخص سے دیکھا نہ جائے گا، جہاں تک بس چلے گا آپ بھوکا رہ کر دوسرے بھوکے شخص کو کھلانے کی کوشش کرے گا۔

گھر میں کبھی مفلسی نہ آئے

جو کوئی صبح صادق ہونے کے بعد فجر کی نماز سے پہلے اپنے گھر کے چاروں

کونوں میں کھڑے ہوکر دس دفعہ یَــا رَزَّاقُ پڑھے گا اور ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے گا کبھی اس گھر میں مفلسی نہ آئیگی لیکن یہ عمل اس طرح پڑھے کہ مکان کے داہنے کونے سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی طرف سے نہ پھیرے۔

<u>نوکری جلد حاصل ہو</u>

جس شخص کی نوکری چھوٹ گئی ہو اور وہ یہ چاہتا ہو کہ پھر نوکر ہو جاؤں تین روز متواتر صبح کی نماز کے بعد دس ہزار دفعہ یَــا رَزَّاقُ پڑھے اول اخیر سات سات دفعہ یہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ انشاءاللہ تعالیٰ اسی مہینہ میں اسی جگہ یا اس جگہ سے بہتر جگہ نوکر ہوگا۔

(۱۹) یَا فَتَّاحُ: (اے رحمت کا دروازہ کھولنے والے)

<u>اس نام کی تاثیر</u>

یہ اسم جمالی ہے اس اسم کی تاثیر یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کا ورد کرے گا ہر ایک مصیبت زدہ کی مصیبت کو کھولنے میں حتی المقدور دعا سے، دوا سے، ہاتھ سے، زبان سے، روپیہ سے کوشش کرے گا۔

<u>دل کی صفائی کے لئے</u>

جو کوئی صبح کی نماز کے بعد اپنے دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ستر بار یَــا فَتَّــاحُ پڑھے گا اور ہمیشہ اس عمل کو کرتا رہے گا دل کا زنگ جاتا رہے گا اور دل کی صفائی میسر ہوگی۔

<u>دشمن کی قید سے رہا ہو</u>

اگر کوئی شخص دشمن کی قید یا مقدمہ میں ناحق پھنس گیا ہو، اس کے متعلقین

اکیس ہزار مرتبہ سات دن تک برابر اس اسم مبارک کو پڑھیں انشاءاللہ وہ شخص بہت جلد رہا ہوگا۔

(۲۰) یَا عَلِیْمُ (اے جاننے والے ظاہر و باطن کے)

<u>اس نام کی تاثیر</u>

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کا ورد کرے گا ہر ایک کام میں سمجھ اور ہر ایک بات کا انجام جلد معلوم کرے گا۔

<u>آسان استخارہ</u>

جس شخص کو استخارہ کے طور پر کسی بات کا نیک و بد انجام معلوم کرنا منظور ہو جمعہ کی شب کو عشا کی نماز کے بعد سجدے میں جا کر سو دفعہ یَا عَلِیْمُ کہے اور پھر خاموش ہو کر سو رہے اسی رات کو انشاءاللہ پورا پورا حال معلوم ہو جائے گا۔

<u>ذہن و حافظہ روشن ہو</u>

جو کوئی چالیس دن تک نہار منہ اپنے بچہ کو اکیس مرتبہ یَــا عَــلِیْمُ پانی پر دم کر کے پلائے گا بچہ صاحب علم ہوگا ذہن اور حافظہ اس کا روشن ہو جائے گا۔

(۲۱) یَا قَابِضُ (اے قبض کرنے والے)

<u>اس نام کی تاثیر</u>

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے: کہ جو شخص اس نام کا ورد کریگا ہر ایک طرح کے گناہ سے رک جائے گا گویا اس شخص میں گناہ کرنے کی طاقت نہ رہے گی)۔

<u>بھوک سے محفوظ رہے</u>

جو شخص چالیس دن تک چار نوالوں پر یَا قَابِضُ لکھ کر کھائے گا بھوک سے محفوظ رہے گا۔

کوئی جادو اثر نہ کرے

جو شخص صبح و مغرب کی نماز کے بعد اکیس دفعہ یا باسط ہمیشہ پڑھے گا، کوئی جادو اس پر اثر نہ کرے گا، کسی شخص کی بد دعا اس کے حق میں کارگر نہ ہوگی، کسی جن بھوت کا اثر اس پر نہ ہوگا۔ ہر ایک قسم کی آسمانی بلاؤں کے دفع کرنے کے لئے یہ نام اسم اعظم ہے اور نہایت عجیب الاثر ہے۔

(۲۲) یَا بَاسِطُ: (اے کھولنے والے روزی اور رحمت کے دروازوں کے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا فراخ دل ہوگا بخل سے پاک کیا جائے گا۔

کبھی مخلوق سے سوال نہ کرے

جو شخص صبح کی نماز سے پہلے ہاتھ اٹھا کر دس دفعہ یا باسط پڑھ کر ہاتھ منہ پر پھیرے؛ اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے؛ کبھی اسے مخلوق سے سوال کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔

بداخلاق خاوند کے لئے

جس عورت کا خاوند بداخلاق، بدمزاج ہو وہ عورت تین سو دفعہ یا باسط پڑھ کر پانی پر دم کرکے خاوند کو پلائے یا کھانے پر دم کرکے کھلائے۔ تین روز تک اس عمل کو کرے بدمزاج خاوند عورت کے سامنے کبھی بداخلاقی نہ کر سکے گا۔ ہمیشہ اچھے اخلاق سے پیش آئے گا۔

(۲۳) یَا خَافِضُ (اے ذلیل اور پست کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے اس نام کی تاثیر یہ ہے، کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا خدا اور رسول ﷺ کی مخالفت کو نہایت برا جانے گا۔ بڑے سے بڑے متکبر اور مغرور آدمی اس کی نظروں میں ذلیل اور حقیر نظر آئیں گے۔

دشمن پر فتح پائے

جو شخص تین روزے رکھے، پھر چوتھے دن ستر ہزار دفعہ اس اسم کو پڑھے دشمن پر فتح پائے۔ نیز جو شخص اس مبارک نام کو پانسو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد روزانہ پڑھے گا ہمیشہ اللہ کی رحمت سے سارے دشمنوں سے محفوظ ہو کر گذر کرے گا۔ جو دشمن اس پر حملہ کرنے کا ارادہ کریگا ناکام رہے گا۔

(۲۴) یَا رَافِعُ (اے درجے بلند کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس نام کی تاثیر یہ ہے: کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا ہر وقت اپنے دین اسلام کی ترقی کی فکر میں رہے گا۔ اسلام کی کمزوری سے ناراض اور اسلام کی رونق سے خوش ہوگا۔

لوگوں کی نظر میں باعزت ہو

جو شخص ہمیشہ اس اسم کو آدھی رات کو یا ٹھیک دوپہر کو سو دفعہ پڑھے گا خلقت کی نظروں میں بڑا عزت والا ہوگا۔ ہر ایک شخص اس کے مقابلہ میں سامنے نہ آئے گا لوگ اس کی ہیبت سے ڈریں گے۔

حاکم رحمدلی سے پیش آئے

جو شخص کسی بڑے شخص یا بڑے حاکم کے سامنے جاتا ہوا ڈرتا ہو وہ تین دن تک روز تین ہزار مرتبہ یَارَافِعُ پڑھے اور پھر یہی یَارَافِعُ پڑھتا ہوا حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح سے عزت پائے گا، حاکم نہایت رحمدلی سے پیش آئے گا۔

حاجت پوری ہو

ہر فرض نماز کے بعد جو کوئی اس نام کو اکیس دفعہ ہمیشہ پڑھے گا انشاء اللہ کوئی حاجت اٹکی نہ رہے گی۔

(۲۵) یَامُعِزُّ (اے عزت دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے؛ کہ جو شخص اس کا ورد کرے گا، ہر ایک مسلمان کی عزت آبرو کی حفاظت کا خیال رکھے گا، اپنے لئے کبھی کوئی ذلت یا حقارت کی بات گوارا نہ کریگا ہر وقت اپنے چال چلن کی نگہبانی رکھے گا اور جہاں تک ہو سکے ذلت کی بات سے بچے گا۔

عزت و ہیبت پائے

جو شخص پیر کی رات یا شب جمعہ کو مغرب کی نماز کے بعد ایک سو چالیس مرتبہ یَامُعِزُّ پڑھے گا خلقت کی نظروں میں ہیبت اور عزت پائے گا اور سوائے اللہ کے کسی سے ہرگز نہ ڈرے گا۔

مسافر مع الخیر واپس آئے

جو کوئی اس نام کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر صبح کو کہیں سفر میں جائے گا، کوئی

اذیت کی بات سامنے نہ آئے گی اور سارے سفر میں نہایت عزت آبرو سے رہے گا مع الخیر واپس گھر آئے گا۔

(۲۶) یَامُذِلُّ (اے ذلت دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے؛ کہ جو شخص اس کا ورد کرے گا خدا اور رسول کی مخالفت کو سخت ذلیل اور برا جانے گا بے نمازوں گنہگاروں سے نفرت کرے گا۔

ظالم کے شر سے محفوظ رہے

جو شخص کسی دشمن سے ڈرتا ہو باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پچھتر مرتبہ یَامُذِلُّ پڑھے، پھر سجدے میں جا کر کہے الٰہی! فلاں ظالم کے ڈر سے امن دے حق تعالیٰ اس ظالم کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ تین دن تک برابر جس وقت چاہے اس عمل کو کرے۔

مغرور کا غرور توڑنے کیلئے

اگر کسی مغرور مخالف شریعت کا ناحق کا غرور توڑنا منظور ہو تو سات دفعہ یَامُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ پڑھ کر ایک ہزار دفعہ یَامُذِلُّ پڑھے سات روز تک برابر یہی عمل کرے انشاء اللہ مغرور ظالم کا غرور خدا کی طرف سے ایسا ٹوٹے گا کہ ہر ایک شخص کو آنکھوں سے نظر آئے گا۔

عامل کے لئے تنبیہ

مگر یاد رہے کہ یہ اسم جلالی ہے، اگر پڑھنے والے سے کوئی بے احتیاطی ہوگی تو اپنی جان کا بھی اندیشہ ہے۔

ام الصبیان کے لئے ایک نایاب نقش

جس شخص کے بچے ام الصبیان کے مرض میں مر جاتے ہوں ایک تانبے کی

تختی پر یہ نقش کندہ کرا کر بچوں کے گلے میں ڈالدیا جائے انشاء اللہ کبھی وہ مرض بچہ کے قریب نہ آئیگا۔

۷۸۶

یامذل کل جبار عنید
یامذل یا مذل یامذل

نوٹ: ہر مہینہ حسب حیثیت سات غریب آدمیوں کو کھانا کھلایا جائے۔

(۲۷) یَاسَمِیْعُ: (اے سننے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی اور جمالی دونوں ہے اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا وردر کھے گا ہر ایک بیمار کی آہ اور مصیبت زدہ کی فریاد پر حتی المقدور بہت توجہ کرے گا۔

دعا قبول ہو

جو کوئی اس مبارک نام کو جمعرات کے دن گیارہ بجے چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد پانسو دفعہ پڑھے؛ بشرطیکہ درمیان میں وظیفہ کے کوئی بات نہ کرے، ختم وظیفہ کے بعد جو دعا کرے گا وہ بفضلہٖ تعالیٰ قبول ہوگی۔

کان کی تکلیف دور ہو

جس شخص کے کان میں درد ہو یا کوئی پھنسی کان کے اندر پیدا ہوئی ہو جس کی وجہ سے تکلیف ہو ایک ہزار مرتبہ یَاسَمِیْعُ پڑھے اور روئی پر دم کر کے کان میں رکھ لے سات دن تک اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کان کی تکلیف جاتی رہے گی اس عمل کا کوئی وقت خاص نہیں ہے، جس وقت چاہے پڑھ لے۔

بہرے پن سے حفاظت کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ دفعہ ہمیشہ یَاسَمِیْعُ کا پڑھنا ساری عمر بہرے

ہونے سے خدا کے حکم سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۲۸) یَابَصِیْرُ (اے دیکھنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا نیک بات کے دیکھنے سے نہایت خوش اور خلاف شرع بات کے دیکھنے سے نہایت رنجیدہ ہوگا، خداوند کریم کی حضوری کے تصور کا نقش دل میں ہر وقت جما رہے گا، جس کا ادنیٰ سا اثر یہ ہے کہ گناہ کرتے ہوئے نہایت ڈریگا، جیسے کوئی غلام اپنے بادشاہ کے سامنے چوری یا خطا کرتا ہوا ڈرتا ہے، یہی حالت ایمان والے کی ہوتی ہے۔

اچانک موت سے محفوظ رہے

جو کوئی اس پاک نام کو عصر کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے گا اس رات دن میں انشاء اللہ ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا، اور جو شخص ہمیشہ عصر کے بعد اس نام کو پڑھتا رہے گا۔ انشاء اللہ ساری عمر آفت اور ناگہانی موت سے بچے گا۔

عنایت خداوندی حاصل ہو

جو شخص فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے نہایت اعتقاد سے اس نام کو پڑھے گا اور اس عمل کا ہمیشہ عامل رہے گا خدا کی خاص نظر عنایت اس شخص کی طرف متوجہ ہوگی۔ اور دونوں جہان میں اسکی مرادیں پوری ہوں گے۔

آنکھوں کی بیماری دور ہو

جس شخص کی آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہوا ہو، اور آئندہ خطرناک حالت معلوم ہوتی ہو وہ شخص گیارہ سو دفعہ یَابَصِیْرُ کو ہر روز پڑھے، اول آخر تین

تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ السَّاجِدِیْنَ سَیِّدِ الرَّاکِعِیْنَ سَیِّدِ الْکَامِلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ بفضلہٖ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں آنکھوں میں پانی اترنا بند ہو کر شفا حاصل ہوگی، ایسے شخص کو لازم ہے کہ ہمیشہ اس عمل کو کیا کرے۔

(۲۹) یَاحَکَمُ (اے حکم کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس نام کی تاثیر یہ ہے؛ کہ جو کوئی اس کا ورد رکھے گا جو بات بھی کسی سے کہے گا ہر ایک شخص اس کی بات قبول اور منظور کرے گا۔ اور اگر کوئی عالم اور واعظ ہے؛ تو اس کے وعظ میں عجیب اثر اور قبولیت پیدا ہوگی اور اگر حاکم ہے تو عام رعایا اس کے فیصلوں سے بہت خوش اور راضی رہے گی۔ اس شخص کے فیصلہ کا رد نہ ہوگا لیکن کم سے کم پانچ ہزار دفعہ ہر روز رات کو اس مبارک نام کی تلاوت کی جائے۔ اس سے کم مقدار میں عمل کی زکوٰۃ پوری ادا نہ ہوگی۔ اور اثر پورا ظاہر نہ ہوگا۔ جو شخص پنج گانہ نماز کے بعد اس نام کو اسّی دفعہ پڑھے گا کبھی محتاج نہ ہوگا۔

باطن روشن ہو جائے

جو کوئی اس مبارک نام کو ٹھیک رات کے بارہ بجے باوضو بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے، اور اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے بیہوش ہو جائے حق تعالیٰ اس کا باطن روشن فرمائے گا اور اسے صاحب باطن بنائے گا۔

حق فیصلہ کرنے کیلئے

جو حاکم یا سرپنچ یا چودھری کسی معاملہ میں حکم بنایا گیا ہو، اور پھر وہ حکم یہ چاہے

کہ اس میں میں حق فیصلہ کروں اور خداوند تعالیٰ مجھے حق دکھا دے تب وہ حکم یا سرپنچ عشا کی نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھے عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَةِ وَھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اور پھر ایک ہزار دفعہ یَاحَکَمُ پڑھے اور پھر خاموش ہو کر سو رہے اور صبح اٹھ کر اس معاملہ میں فیصلہ کرے انشاءاللہ حق فیصلہ ہوگا ناحق نہ ہوگا۔

(۳۰) یَاعَدْلُ: (اے انصاف کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس عظیم الشان نام کی یہ ہے کہ اس نام کا ورد رکھنے والا تقدیر الٰہی پر ہمیشہ شاکر رہے گا، انصاف پسند اور امن کو دوست رکھنے والا ہوگا، ظلم و ستم کو برا جانیگا۔

سب گھر والے تابع رہیں

جو کوئی جمعہ کی شب میں بیس عدد روٹی کے ٹکڑوں پر یَاعَدْلُ لکھ کر کھائے گا، سارے گھر والے اور محلّہ والے اس شخص کے تابع اور مسخر رہیں گے۔

ہر آفت سے محفوظ رہے

مغرب کے بعد جو شخص اس نام کو ایک ہزار دفعہ تلاوت کریگا، ہر ایک قسم کی آسمانی آفت سے محفوظ رہے گا۔

مقدمہ میں انصاف ملے

اگر کسی مقدمہ میں حاکم سے ناانصافی ہو جانے کا اندیشہ ہو تو تین ہزار دفعہ ہر روز دوران مقدمہ میں یَاعَدْلُ پڑھ کر حاکم کی طرف خیال کرکے دم کرے، انشاءاللہ کبھی سوائے انصاف کے ناانصافی نہ ہوگی۔

(۳۱) یَالَطِیْفُ (اے نرمی کرنے والے، دور اور نزدیک کی مخفی بات سے واقف)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا نہایت بااخلاق نیک خصلت ہوتا ہے۔

رشتہ قائم ہو جائے

جس شخص کی لڑکی کنواری ہو اور کوئی شخص اس سے نسبت کا پیغام نہ دیتا ہو وضو کرنے کے بعد دو رکعتیں پڑھے پھر ایک سو دفعہ اسی نیت سے یَالَطِیْفُ پڑھے انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر مراد پوری ہوگی۔

مفلسی اور بیماری دور ہو

جو شخص مفلس ہو یا بے روزگار ہو یا بیمار ہو اس مبارک نام کو دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھنے کے بعد تین سو دفعہ پڑھے اکیس روز میں مراد پوری ہوگی۔

اس مبارک نام کا عمل

یَـالَطِیْفُ کا عمل نہایت مجرب عمل ہے اس کے عدد ایک سو انتیس ہیں اور سولہ ہزار چھ سو اکتالیس مرتبہ یہ نام پڑھا جاتا ہے اور اس کے پڑھنے کی سہل ترکیب یہ ہے کہ ایک تسبیح میں ایک سو انتیس دانے ڈالے جاویں اور ایک سو انتیس دفعہ وہ تسبیح پڑھ لی جاوے مگر ہر ایک تسبیح کے بعد لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْـصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ آیت کو تین دفعہ پڑھ کے جو مقصود ہو وہ ایک دفعہ منہ سے کہہ کر پھر یَـالَطِیْفُ کی تسبیح شروع کی جائے، اسی طرح سارا عمل ختم کیا جائے مگر نہایت ہوشیاری سے عمل پڑھا جائے، اگر کمی یا زیادتی ہوگئی تو تاثیر باطل ہو جائے گی، ورنہ یہ عمل اسم اعظم کا حکم رکھتا ہے اس عاجز کا بارہا کا آزمودہ ہے۔

دین و دنیا کی حاجتیں پوری ہوں

ایک سو انتیس دفعہ پنجگانہ نماز کے بعد یَـالَطِیْفُ پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کا کرنا دین دنیا کی حاجتوں کے پورا ہونے کا بڑا کامل ذریعہ ہے راقم الحروف کہتا ہے؛ کہ میری زبان میں طاقت نہیں جو میں اس اسم کی تاثیر بیان کر سکوں یا قلم سے لکھ سکوں یہ گویا خداوند کریم نے اپنے خزانہ کی کنجی بندوں کو عنایت فرمائی ہے۔

(۳۲) یَاخَبِیْرُ (اے دل کی باتوں کی خبر رکھنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس اسم کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا نفس اور شیطان کے مکر اور جال سے نہایت واقف اور ہوشیار ہوتا ہے اور کبھی شیطان کے دھوکے میں نہیں آتا۔

ایک آسان استخارہ

اگر کسی کام میں استخارہ کرنا منظور ہو تو جمعرات کے دن روزہ رکھے شام کو روزہ کھولکر اول وقت عشا کی نماز پڑھے۔ پھر اول آخر گیارہ گیارہ دفعہ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ پڑھ کر گیارہ سو مرتبہ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھے، اور خاموش ہو کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات کو نیک یا بد جو کچھ ہوگا معلوم ہو جائیگا۔

(۳۳) یَاحَلِیْمُ (اے نہایت حلم والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اس جمالی ہے اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے کہ جو کوئی اس نام کا ورد رکھے

کا غصہ کم نرم دلی زیادہ ہوگی، دشمنوں کی برائی کی برداشت زیادہ ہو جائے گی، اخلاق نہایت درست اور اچھے ہوں گے۔

کھیت کی حفاظت

اگر کوئی شخص ایک ہزار مرتبہ کاغذ پر اس مبارک نام کو لکھ کر پانی میں دھو کر وہ پانی اپنے کھیت یا باغ میں چھڑکے گا وہ کھیتی یا باغ ہر ایک قسم کی ارضی وسماوی آفت سے محفوظ رہے گا اور بڑی برکت ہوگی۔

مخلوق کے سامنے سرخرو ہو

جو شخص روزانہ ظہر کی نماز کے بعد نو بار اس نام کو پڑھے گا، ہمیشہ مخلوق کے سامنے سرخرو رہے گا۔ انشاء اللہ کبھی کسی وقت میں کسی شخص کے سامنے ندامت یا ذلت نہ ہوگی۔

(۳۴) یَاعَظِیْمُ (اے بزرگ اور بڑے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا احکام شریعت کو نہایت قابل تعظیم اور خدا کے نام کی نہایت عظمت کرتا ہے، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑی شان کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

سب کی نظر میں قابل تعظیم ہو

جو شخص اس نام کو ایک ہزار گیارہ دفعہ ہر روز پڑھے گا دوست دشمن سب کی نظروں میں عزیز اور قابل تعظیم ہو جائیگا، مخالف یا موافق جس کے بھی سامنے جائیگا وہی محبت اور شفقت سے پیش آئیگا، ساری عمر اقبال زیادہ ہی ہوتا جائیگا۔

پیٹ میں درد نہ ہو

اگر سات مرتبہ یَاعَظِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پیا جائے؛ انشاء اللہ کبھی پیٹ میں درد نہ ہوگا۔ نیز اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو سات مرتبہ یَاعَظِیْمُ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے؛ بفضلہٖ تعالیٰ فوراً آرام ہوگا۔

(۳۵) یَاغَفُوْرُ (اے بہت بخشنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والے میں یہ اثر پیدا ہوتا ہے کہ کسی شخص کا بڑے سے بڑا گناہ یا قصور اسے زیادہ ناگوار معلوم نہیں ہوتا۔ نہ وہ کسی گناہ کے سبب کسی مسلمان بلکہ کسی انسان کو حقارت کی نگاہ سے کبھی دیکھے گا، ہر گناہ کو معافی کے قابل سمجھے گا۔

بخار اور سر درد کے لئے

اگر کسی کو بخار آتا ہو یا سر میں درد ہو، وہ شخص یَاغَفُوْرُ تین مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اس گیلی سیاہی پر روئی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روئی میں جذب کر لے، اور اس ٹکڑے کو کھا لے تین روز میں انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہیگا، اور سر کا درد فوراً دفع ہوگا۔

دل کی سیاہی دور ہو

اگر سات دن تک کوئی تندرست آدمی اس عمل کو کریگا اس کے دل کی سیاہی دور ہوگی۔

سارا غم دور ہو جائے

اگر کسی شخص کے دل پر غم کی گھٹا چھا گئی ہو اور کسی طرح غم دل سے دور نہ ہوتا ہو تو روئی کے ٹکڑے پر تین بار یاغفور لکھے اور تین بار یاغفور کے مقطعات

حروف اس طرح ی ا غ ف ر لکھ کر روٹی کا ٹکڑا کھالے انشاء اللہ سارا غم غلط ہوگا اور بجائے غم کے خوشی دل میں خود بخود پیدا ہوگی تین روز برابر اس عمل کو کرنا چاہئے۔

سارے گناہ معاف ہوں

کوئی شخص اگر سجدے میں جا کر تین مرتبہ یارب اغفرلی کہے گا اس کے سارے گناہ معاف ہونگے۔

(۳۶) یَاشَکُوْرُ (اے قدردان نہایت قدر کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کو کثرت سے تلاوت کریگا ہر ایک شخص کی تھوڑی سی نیک بات کی بہت زیادہ قدر کریگا۔ ذرا سی بات پر بہت سا انعام دیگا، کبھی کسی کی ناشکری نہ کریگا۔

آنکھوں کی تاریکی ختم ہو

جس شخص کی آنکھوں میں تاریکی ہو؛ اکتالیس دفعہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر وہ پانی آنکھوں میں لگائے اور باقی پانی پیئے، سات ہی روز میں انشاء اللہ تعالیٰ شفا پائیگا۔

معاشی تنگی دور ہو

جو شخص معاش کی تنگی سے عاجز آگیا ہو؛ پانچ ہزار مرتبہ اس نام کو چالیس روز تک بلاناغہ پڑھے انشاء اللہ غیب سے ایسا غنی ہوگا کہ خود بھی حیران ہوجائے گا۔

دین ودنیا کی عزت ملے

اگر کوئی شخص دین دنیا کی عزت کا طالب ہو؛ ساری عمر تین ہزار مرتبہ روز اس نام کی

تلاوت کرے اور وظیفہ کرے، دنیا میں بیحد عزت حاصل ہوگی، آخرت میں بڑا مرتبہ ملے گا۔

(۳۷) یَاعَلِیُّ (اے بلند مرتبہ والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عالیشان نام کی یہ ہے کہ اس کے عامل کی ہمت ہر کام میں بلند اور حوصلہ فراخ ہوگا کبھی ذلیل بات منہ سے نہ نکالیگا، جھوٹ بولنے کو بہت برا سمجھے گا۔

درد وورم دور ہو

اگر کسی جگہ درد ہو اور ورم بھی ہوگیا ہو، تین سو دفعہ روزانہ یہ نام پڑھ کر درد وورم کی جگہ دم کرے، انشاء اللہ فوراً آرام ملے گا۔

خیر کا خزانہ

اگر تین ہزار مرتبہ روزانہ یہ نام پڑھا جائے؛ تو ذلیل شخص عزت والا ہو فقیر مالدار بنے مسافر اپنے وطن میں مع الخیر پہونچے۔

خونی بواسیر کے لئے

جس شخص کو خونی بواسیر ہو ایک ہزار مرتبہ یَاعَلِیُّ پڑھ کر پانی پر دم کرکے نوش کرے سات روز میں خون بند ہوگا بواسیر انشاء اللہ جاتی رہے گی۔

آشوب چشم کے لئے

اگر کسی کی آنکھیں دکھنی آتی ہوں؛ اور کسی طرح آنکھ سے سرخی نہ جاتی ہو سات سو دفعہ یَاعَلِیُّ پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر اس پانی کو سلائی سے آنکھوں میں لگائے تین روز میں انشاء اللہ آنکھ کی سرخی جاتی رہے گی۔

(۳۸) یَاکَبِیْرُ (اے بزرگی والے سب سے بڑے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔اور تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا دینی ودنیاوی کمالات حاصل کرنے اور پایۂ عزت پر پہونچنے کی کوشش کرتا ہے۔

عہدہ برقرار رہے

اگر حاکم پانچ ہزار مرتبہ اس نام کو ہمیشہ پڑھیگا اپنے عہدہ پر ہمیشہ عزت و آبرو کے ساتھ قائم رہیگا۔ جو مشکل مُہم پیش آئیگی فوراً مع الخیر دفع ہوگی۔

رعب قائم ہو

جو شخص یہ چاہے کہ میرا رعب مخلوق کی نظروں میں زیادہ ہو تین ہزار مرتبہ اس نام کو روزانہ پڑھے انشاء اللہ بیحد رعب اس کا خلقت کے دلوں میں پیدا ہوگا۔

بیمار تندرست ہو

اگر کوئی بیمار نوّے مرتبہ اس نام کو پڑھے گا بہت جلد تندرست ہوگا۔

(۳۹) یَاحَفِیْظُ (اے حفاظت کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔تاثیر اس کی یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کو پڑھے گا اپنی اور مخلوق الٰہی کی حفاظت کا ہمیشہ فکر رکھے گا، گناہوں سے بچے گا حفظ اُن کی کوشش کریگا۔

غرق ہونے سے محفوظ رہے

جو شخص جہاز یا کشتی میں سوار ہو اور اسے ڈوبنے کا ڈر ہو، سات مرتبہ یَاحَفِیْظُ لکھ کر داہنے بازو پر باندھے، انشاء اللہ کبھی غرق نہ ہوگا اگر احیاناً کوئی

جہاز پھٹ گیا تو بھی انشاء اللہ اس مبارک نام کو ساتھ رکھنے والا محفوظ رہیگا اور زندہ کنارے پر پہونچے گا۔

جن بھوت کا مطلق اثر نہ ہو

اگر کسی شخص کو جن بھوت کا ڈر ہو، اس مبارک نام کو پانچ دفعہ لکھ کر تعویذ بنا کر بازو پر باندھے کسی جن بھوت کا مطلق اثر نہ ہوگا۔

نظر بد سے حفاظت ہو

اگر کسی کو اپنے یا اپنے بچے پر نظر بد کا اندیشہ ہو، گیارہ مرتبہ اسکو کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھے کبھی نظر نہ لگے گی۔

بیمار شفا پائے

اگر بیمار پر سات دن تک برابر ایک ہزار مرتبہ یہ نام پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ بہت جلد مریض شفا پائے۔

سامان گم نہ ہو

اگر کسی کو اپنے مال واسباب کے گم ہو جانے کا یا لٹ جانے کا اندیشہ ہو تین جگہ اسباب پر یا حفیظ کے حرف الگ الگ اس طرح لکھ دے ی ا ح ف ی ظ انشاء اللہ وہ اسباب کبھی گم نہوگا۔صحیح سالم منزل مقصود تک پہونچے گا۔

(۴۰) یَامُقِیْتُ (اے روزی دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا کمزور ناتواں کی مدد کرنے کا خیال رکھتا ہے اور حتی المقدور کسی ظالم کو کسی عاجز پر ظلم نہ کرنے دیگا۔

اگر بچہ ضد کرتا ہو

اگر کسی کا بچہ ضد کرتا ہو اور روتا ہو وہ شخص سات دفعہ اس اسم کو پڑھ کر خالی آبخورہ میں دم کرے پھر اس میں پانی بھر کر بچہ کو پلائے انشاء اللہ سات روز کے عمل میں بچہ کی ضد رونا دھونا، مع الخیر ختم ہوگا۔

روزہ دار کو قوت حاصل ہوجائے

اگر کسی بچہ یا بڑے روزے دار آدمی کو کمزوری ہوجائے اور شام پکڑنی مشکل معلوم ہوتی ہو کسی خوشبودار پھول پر سات بار یَـا مُقِیۡتُ پڑھ کر دم کرے اور وہ پھول روزہ دار سونگھے جائے انشاء اللہ کمزور کو روزہ میں طاقت پیدا ہوا اور نہایت سہولت سے روزہ پورا ہوگا۔

اگر آنکھیں دکھنی آتی ہوں

جس کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں سات دفعہ یَـا مُقِیۡتُ سرمہ یا دوا پر دم کر کے آنکھوں میں لگائے تین روز میں انشاء اللہ آنکھیں اچھی ہوجائیں گی۔

درد قولنج کے لئے

اگر کسی کو درد قولنج کا دورہ ہوتا ہو ایک سو دفعہ پانی پر اس نام کو دم کر کے مریض کو پلایا جائے بفضلہٖ تعالیٰ درد ہمیشہ کے لئے جاتا رہے گا۔

(۴۱) یَاحَسِیۡبُ (اے کفایت کرنے والے اور حساب لینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ اور تاثیر اس کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا تھوڑی روزی پر قناعت کریگا نوکر اور مزدور کی تھوڑی سی محنت سے خوش ہوکر زیادہ انعام دیگا۔

ہر بلا سے محفوظ رہے

جس شخص کو کسی حاسد کا ڈر ہو یا چور کا خوف ہو یا برے ہمسایہ کی برائی کا اندیشہ ہو یا نظر لگ جانے کا خیال ہو سات دن تک روز صبح وشام ستر ستر دفعہ حَسۡبِیَ اللّٰہُ الۡحَسِیۡبُ پڑھے، اور عمل جمعرات سے شروع کرے انشاء اللہ سال بھر تک ہر ایک بلا سے محفوظ رہیگا۔

اگر کسی کو آقا کے مواخذہ کا ڈر ہو

اگر کسی ملازم کو اپنے آقا کے حساب کتاب طلب کرنے کا اندیشہ ہو اور خوف زیادہ ہوجائے وہ شخص تین ہزار مرتبہ رات کو عشا کی نماز کے بعد اس نام کو پڑھے اور دل میں یہ تصور جمائے کہ میرے آقا سے خدا کی سرکار عالیجاہ سے حساب طلب ہوا میرا آقا اُدھر مشغول ہوکر مجھے بھول گیا تین روز برابر اس عمل کو کرے انشاء اللہ نہایت سہولت کے ساتھ معاملہ طے اور صاف ہوکر نجات حاصل ہوجائیگی۔

امتحان میں اچھا نتیجہ پانے کیلئے

اگر کسی طالب علم کو امتحان کا نتیجہ بُرا آتا معلوم ہو وہ گیارہ ہزار مرتبہ تین روز تک اس نام کو ایک مجلس میں باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پڑھے انشاء اللہ نتیجہ حسب مراد نکلے گا۔

(۴۲) یَاجَلِیۡلُ (اے بزرگ قدر والے بے پرواہ)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ورد رکھنے والا خلقت کی طرف اپنی حاجتیں لے جانے سے سخت بے زار ہوتا ہے اور اپنی فاقہ کی حالت کو دوسرے کی سلطنت سے اچھا جانتا ہے۔

سب کے دل میں عظمت پیدا ہو

جو کوئی اس عالیشان نام کو مشک یا زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے محمول کرے ہر ایک شخص کے دل میں اس کی عظمت پیدا ہو گی۔

جھوٹی گواہی نہ دے سکے گا

اگر کسی شخص کا مقدمہ دائر ہوا ور اسے کسی گواہ کی جھوٹی گواہی دینے کا اندیشہ ہو ایک ہزار مرتبہ یَا جَلِیْلُ پڑھکر اس گواہ کی طرف دم کرے انشاء اللہ وہ گواہ عدالت میں قائم نہ رہے گا اور اس کے خلاف گواہی نہ دے سکے گا۔

حاکم کی نگاہ نیچی رہے

اگر کوئی شخص انگشتری میں یَا جَلِیْلُ کندہ کرا کر انگوٹھی اپنے پاس رکھے، جس حاکم یا رئیس کے سامنے جائے گا عزت پائے گا، ہر ایک حاکم کی نگاہ اس کے سامنے نیچی رہے گی۔

چوروں سے حفاظت ہو

اگر کوئی مسافر اپنے سامان اور اسباب پر دس مرتبہ یہ نام پڑھکر دم کرے سامان اور اسباب چوروں سے محفوظ رہے گا۔

(۴۳) یَاکَرِیْمُ (اے کرم کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے؛ کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا نہایت بزرگ منش نیک اخلاق، نرم مزاج، سخی، مخلوق الٰہی پر احسان کرنے والا کریم النفس ہو جاتا ہے۔

عزت و وجاہت پائے

اگر کوئی شخص رات کو جب سونے کے لئے بستر پر لیٹے، اور اس نام کو پڑھتے

پڑھتے سو جائے، رات بھر اس کی عزت اور وجاہت کی زیادتی کی فرشتے دعا کریں گے اور صبح کو خلق اللہ کی نظروں میں نہایت بزرگ نظر آئے گا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس نام کو بہت پڑھا کرتے تھے۔

بخل کو ختم کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کے ماں باپ بخیل ہوں یا کسی عورت کا خاوند بخیل ہو، ایک ہزار مرتبہ کھانے پر پڑھ کر دم کر کے کھلائے تین روز کے اندر انشاء اللہ کسی قدر سخاوت کی صفت پیدا ہو جائیگی، اور وہ تنگدلی کم ہو گی۔

(۴۴) یَارَقِیْبُ (اے نگہبان)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے: کہ اس کا پڑھنے والا اپنے اعضا اور خیالات کی بری باتوں سے حفاظت کرتا ہے اور اپنے دوستوں کی دشمنوں سے نگہبانی کا خیال رکھتا ہے۔

مسافر کے اہل وعیال کی حفاظت ہو

اگر کوئی شخص سفر میں جانے لگے اور اپنے اہل وعیال بیوی بچوں کو ایک جگہ جمع کر کے سات مرتبہ یارقیب پڑھ کر سب پر دم کرے خداوند تعالیٰ سب کی حفاظت کرے اور اس مسافر سے سب کو زندہ سلامت ملائے۔

گھر میں چور نہ آئے

اگر کوئی شخص رات کو سوتے ہوئے اپنے مکان میں سات دفعہ یَارَقِیْبُ پڑھکر پھونکے رات کو گھر میں چور نہ آئے گا اور اگر آیا تو کچھ لیجا نہ سکے گا۔

ہر قسم کا زخم اچھا ہو جائے

اگر کسی شخص کے پھوڑا یا پھنسی یا ناسور ہو گیا ہو اور وہ کسی طرح اچھا نہ ہوتا ہو سات دن تک تین سو دفعہ یَارَقِیْبُ پڑھ کر اس زخم پر دم کیا جائے بفضلہٖ تعالیٰ اس عرصہ میں زخم بالکل اچھا ہو جائیگا۔

(۴۵) یَامُجِیْبُ (اے قبول کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا حتی المقدور کسی سائل کے سوال کو رد نہیں کرتا، ہر ایک شخص کی بات منظور اور ہر ایک کا عذر قبول کرتا ہے۔

سر کا درد دور ہو

اگر کسی کے سر میں درد ہو، داہنے ہاتھ سے سر پکڑ کر اول تین مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کرے، پھر دوسری مرتبہ پانچ دفعہ پھر تیسری مرتبہ سات دفعہ پھر چوتھی دفعہ نو مرتبہ پانچویں مرتبہ گیارہ دفعہ انشاء اللہ سر کا درد بالکل جاتا رہے گا۔

ہر دعا قبول ہو

اگر کوئی شخص اس نام کو جمعہ کے دن ایک سو ایک دفعہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے جو دعا کرے انشاء اللہ قبول ہو جو بات کسی سے کہے وہ منظور ہو جائے ہر ایک بلا سے محفوظ رہے۔

حسب مراد جواب آئے

اگر کسی شخص کے خط کا جواب یا عرضی پر حکم نہ آتا ہو، وہ تین دن تک برابر ایک ہزار مرتبہ صبح کی نماز کے بعد اس نام کو پڑھ کر خیال کرے؛ کہ میرے خط کا جواب یا میری عرضی کا حکم ہو کر آسمان سے اتر آیا، انشاء اللہ تھوڑے سے عرصہ میں خط یا

عرضی کا جواب حسب مراد آئے گا۔

(۴۶) یَاوَاسِعُ (اے فراخ دستی عطا کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے اسکی تاثیر یہ ہے؛ کہ جو شخص اس مبارک نام کی کثرت سے تلاوت کریگا دین دنیا کی دولت سے مالا مال رہے گا کبھی تنگدست اور محتاج نہ ہوگا بزرگان دین کا یہ عمل مجرب ہے۔

بچھو کاٹے کا علاج

اگر کسی شخص کے بچھو نے کاٹا ہو تھوڑا سا شورہ لیکر پانی میں گھول کر ستر مرتبہ یاوَاسِعُ پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور اس شورہ کے پانی کو وقفہ وقفہ سے بچھو کے کاٹے پر لگائے انشاء اللہ فوراً تکلیف رفع ہوگی۔

رزق کی کشادگی حاصل ہو

رزق کی کشایش کے لئے اس مبارک نام کو پانچ ہزار مرتبہ عشا کی نماز کے بعد ہمیشہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے۔

قرآن کریم کا حفظ آسان ہو

جس بچہ کو قرآن مجید یاد نہ ہوتا ہو ہر مہینہ میں تین روز یَاوَاسِعُ ایک سو دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو پلایا جائے انشاء اللہ بہت جلد قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔

(۴۷) یَاحَکِیْمُ (اے حکمت والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے؛ کہ اس نام کا پڑھنے ولا ہر ایک کام میں

نہایت تامل کرتا ہے جب تک اس کام میں دین کی بھلائی نہیں دیکھتا ہرگز نہیں کرتا۔

اگر کوئی مشکل پیش ہو

اگر کوئی مہم یا مشکل کام درپیش ہو اور اس کا سرانجام نہ بن پڑتا ہو اس مبارک نام کو تین ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھے، بفضلہٖ تعالیٰ وہ مرحلہ جلد طے ہوگا۔

میاں بیوی میں اتفاق ہوجائے

اگر میاں بیوی میں نااتفاقی ہو اور عورت چاہے کہ میاں سے اتفاق ہو یا مرد چاہے کہ بیوی سے موافقت ہوجائے ایک ہزار ایک مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر اس نام کو پڑھ کر دم کیا جائے اور لڑنے والے اور بدمزاجی کرنے والے کو کھلایا جائے انشاء اللہ فوراً اتفاق اور محبت پیدا ہوگی۔

ہر مشکل آسان ہو

ظہر کی نماز کے بعد نوے مرتبہ اس نام کے پڑھنے سے ہر کام کی مشکل آسان اور مخلوق میں سرخروئی نصیب ہوگی۔

(۴۸) یَاوَدُوْدُ (اے دوست رکھنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اسکی یہ ہے؛ کہ اس کا ورد رکھنے والا تمام متعلقین سے نہایت محبت والفت رکھے گا، کبھی کسی کی بدخواہی اور برائی کیلئے آمادہ نہ ہوگا۔

بدراہ کو راہ راست پر لانے کے لئے

جس شخص کا بیٹا بدراہ یا عورت خاوند سے لڑتی ہو یا خاوند بیوی سے بدمزاجی کرتا ہو تھوڑی سی شیرینی پر ایک ہزار ایک مرتبہ یَـــاوَدُوْدُ پڑھکر دم کرکے رکھ

لیا جائے پھر دو رکعت نماز نفل پڑھکر کامیابی کی دعا کی جائے، پھر موقعہ سے اس شیرینی کو جسے کھلانی ہو کھلائے انشاء اللہ بہت جلد صلح صفائی میسر اور مراد حاصل ہوگی۔

خاوند کی نظر میں محبوب ہو

اگر عورت خاوند کے لئے تین ہزار مرتبہ یَـاوَدُوْدُ پڑھ کر کسی قسم کے عطر پر دم کرے پھر وہی عطر لگا کر خاوند کے سامنے جائے خاوند اس عورت کو بیحد محبوب رکھے گا۔

ضروری تنبیہ

ناجائز تعلق میں اس مبارک نام کو استعمال کرنا سخت منع ہے، اگر کوئی ایسا کرے گا انجام میں کوڑھی جذامی ہوجائے گا۔

سرکش گھوڑے کیلئے

جس شخص کا گھوڑا بدمزاج شوخ ہو، چنے کے آٹے پر تین سو دفعہ یَـاوَدُوْدُ پڑھکر دم کرکے گھوڑے کو کھلایا جائے اللہ چاہے تین دن میں گھوڑا ٹھیک ہوکر ساری شوخیاں بھول جائے گا۔

(۴۹) یَامَجِیْدُ (اے بزرگ)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس کی یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کو ہمیشہ پڑھے گا نیک خصلت نیک چلن نیک ذات ہوجائے گا۔

جذام اور خونی بواسیر کے لئے مجرب عمل

جس شخص کے جذام یا خونی بواسیر یا کسی اور قسم کے ناپاک زخم ہوں، تیرہویں تاریخ سے پندرہویں تک برابر تین روزے رکھے افطار کے وقت سات ہزار

مرتبہ اس نام پاک کو پڑھے پھر پانی پر دم کر کے پانی نوش کر لے اور ہاتھ اٹھا کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّئِی الْاَسْقَامِ انشاء اللہ العزیز تین دن میں کامل شفا نصیب ہوگی۔

حصول عزت کے لئے

عزت حاصل ہونے کے لئے ننانوے مرتبہ صبح کی نماز کے بعد اس نام کو پڑھنا پھر اپنے اوپر دم کرنا نہایت مفید و مجرب ہے۔

پسلی کے درد کے لئے

جس شخص کی پسلی میں درد ہو ایک ہزار ایک مرتبہ اس نام کو پڑھکر روئی پر دم کر کے روئی درد کی جگہ باندھے بفضلہ تعالیٰ فوراً درد جاتا رہے گا۔

(۵۰) یَابَاعِثُ (اے مرنے کے بعد زندہ کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اس جمالی ہے اس نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا زندہ دل بیدار مغز ہوشیار ہوگا کبھی سستی اور غفلت کو پسند نہ کرے گا۔

حاکم مہربانی سے پیش آئے

جو آدمی کسی بدمزاج حاکم کے سامنے جانا چاہے سات مرتبہ اس مبارک نام کو اپنے اوپر پڑھکر پھونکے اور پھر حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ وہ حاکم نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

روشن ضمیر ہو جائے

جو شخص زندہ دل ہونا چاہے وہ ہر رات کو سونے کے وقت؛ اپنے سینہ پر ہاتھ

رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ اس نام کو پڑھے، زندہ دل اور روشن ضمیر ہو جائیگا۔

گمشدہ باسلامت واپس آئے

اگر کسی شخص کا لڑکا یا نوکر یا عزیز رفیق گم ہو گیا ہو اور اس کا زندہ واپس آنا مقصود ہو وہ شخص یَابَاعِثُ کا ختم پڑھے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

ختم کی ترکیب

ختم کی ترکیب یہ ہے کہ برابر تین روزے رکھے جائیں اور ظہر کی نماز کے بعد پانچ ہزار دفعہ یَابَاعِثُ پڑھا جائے اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا کی جائے اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْاَرْضَ اَرْضُکَ وَالسَّمَآءَ سَمَآئُکَ وَمَابَیْنَھُمَا فِیْ لَکَ آتِ بِفُلَانٍ اِلَیْنَا، اور لفظ فلاں کی جگہ اس گم شدہ شخص کا نام لیا جائے اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھ کر؛ منہ پر ہاتھ پھیرے جائیں انشاء اللہ العزیز تین روز کے اندر مطلوب مع الخیر واپس آئے گا۔

(۵۱) یَاشَھِیْدُ (اے حاضر اور موجود ہر ایک جگہ)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بہت زیادہ پڑھے گا، ہر ایک جگہ تجلی الٰہی کا مشاہدہ کریگا، گناہ کے پاس جانے کو مرنے سے زیادہ برا جانے گا کبھی ایک لحہ ناپاک بے غسل یا بے وضو رہنا پسند نہ کریگا حالت اس کی ایسی ہوگی جیسی غلام کو حضوری اور بادشاہ کے دربار کی حاضری میں ہوتی ہے۔

ریا کاری دور کرنے کے لئے

جس مسلمان کے دل میں ریا کاری کا خیال رہتا ہو، اور اس بری خصلت

سے بچنا چاہے وہ اس اسم اعظم کو ایک ہزار مرتبہ، اس کے معنی کا خیال کر کے پڑھے اور اکیس روز اس عمل کو کرے بحمد للہ تعالیٰ وہ خصلت بالکل جاتی رہے گی۔

نافرمان اولاد کے لئے

جس شخص کا بیٹا یا بیٹی نافرمان ہو، ہر صبح کو ہاتھ ان کے ماتھے پر رکھ کر اس نام کو اکیس مرتبہ پڑھ کر اس بچہ پر دم کرے مگر پڑھتے وقت پڑھنے والے کا منہ آسمان کی طرف ہونا چاہئے انشاء اللہ سات روز میں شرارت موقوف ہو کر صالحیت نصیب ہوگی۔

بے ہوشی دور کرنے کیلئے

اگر کوئی مریض شدت مرض کی وجہ سے بے ہوش ہو اس مریض کے سرہانے ایک سو ایک مرتبہ اس مبارک نام کا پڑھنا اس خیال سے کہ اس مریض کا معالجہ کرنے کے لئے خود رب العزت یہاں موجود ہیں فوراً مریض کو ہوشیار کرتا ہے احقر کا اس عمل پر بڑا اعتماد ہے۔

(۵۲) یَاحَقُّ (اے ثابت اور موجود)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بہت زیادہ پڑھے گا، سارے جہاں کو؛ بمقابلہ ذات عالی کے لاشے اور بے حقیقت سمجھے گا، ہر ایک چیز کی فنا اس کے پیش نظر رہے گی۔

چوری شدہ مال حاصل ہو

جس شخص کا سامان چوری ہو گیا ہو وہ ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر یَاحَقُّ لکھ کر بیچ میں اس سامان کا نام لکھے جو کھویا گیا ہے، اور آدھی رات کے وقت وہ

کاغذ ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف ہاتھ اٹھائے اور عرض کرے کہ الٰہی! بطفیل حضرت سید المرسلین علیہ الصلاۃ والسلام میرا سامان مجھے مل جائے انشاء اللہ سارا مال یا کچھ مال ضرور مل جائے گا۔

قیدی کی آزادی کے لئے

اگر قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ دفعہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ مع الخیر خلاصی پائے گا۔

مقدمہ میں حق فیصلہ ہو

اگر کوئی شخص اپنے مقدمہ میں حق فیصلہ چاہتا ہو تو ایک سو ایک دفعہ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَقِّ الْمُبِیْن پڑھ کر سات ہزار دفعہ یَاحَقُّ پڑھے انشاء اللہ تین روز کے عمل میں حق ظاہر ہوگا اور مقدمہ ٹھیک اور حق طور پر فیصل ہوگا۔

(۵۳) یَاوَکِیْلُ (اے کارساز بگڑے ہوئے کاموں کے بنانے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس کی یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کو پڑھے گا بیکسوں محتاجوں غریبوں کی حاجت روائی میں حتی المقدور نہایت کوشش کرے گا۔

اگر بجلی گرنے کا ڈر ہو

اگر کسی مکان پر بجلی گرنے کا اندیشہ ہو سات مرتبہ یَاوَکِیْلُ ایک کاغذ پر لکھ کر مکان کی پیشانی پر چسپاں کیا جائے انشاء اللہ کبھی اس مکان پر بجلی نہ گرے گی۔

کشتی طوفان سے محفوظ رہے

اگر کسی شخص کو کشتی یا جہاز کے سفر میں طوفان کا اندیشہ ہو یا کسی مکان میں آگ لگنے

کا ڈر ہو ایک ہزار ایک دفعہ روزانہ اس نام کو پڑھا جائے انشاء اللہ ساری آفتوں سے امن ملے گا۔

اگر چوروں قزاقوں کا ڈر ہو

اگر کسی کو دشمن یا چوروں قزاقوں کا اندیشہ ہو اس مبارک نام کی تلاوت کرے انشاء اللہ کوئی تکلیف یا نقصان نہ ہوگا۔

(۵۴) یَاقَوِیُّ (اے زبردست طاقت والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے اسکی تاثیر یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کا ورد کریگا ہر کام میں قوی اور عالی ہمت نفس اور شیطان پر غالب رہے گا۔

دشمن دفع ہو

جس شخص کا دشمن زبردست قوی ہو، یہ اس کے دفع کرنے سے عاجز ہو تھوڑا سا آٹا گیہوں کا لیکر؛ ایک ہزار ایک گولیاں بنائی جائیں پھر ایک گولی اٹھا کر یَاقَوِیُّ پڑھ کر گولی پر دم کرے پھر گولی مرغ کے سامنے ڈالے اور دل میں دشمن کے دفع کی نیت کرے اسی طرح ساری گولیاں مرغ کو کھلائی جائیں، انشاء اللہ تین روز کے متواتر عمل میں دشمن دفع ہوگا۔

بھول اور نسیان دور ہو

اگر کوئی شخص جمعہ کے دن سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ کے بعد، تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے بھول اور نسیان رفع ہوگا مگر کم سے کم سات جمعہ اس عمل کو برابر کیا جائے۔

حمل کی حفاظت کے واسطے

اگر کوئی حاملہ عورت حمل کے صدمات سے کمزور ہوگئی ہو اور حمل کی برداشت

نہ ہو ایک سو اکیس مرتبہ وہ حاملہ روز اس مبارک نام کو تلاوت کرے انشاء اللہ ایام حمل نہایت آسانی سے گذریں گے اور طاقت وصحت قائم رہے گی۔

(۵۵) یَامَتِیْنُ (اے مضبوط)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا احکام شریعت کے بجالانے میں نہایت مضبوط اور مستعد رہے گا کبھی سستی اور کاہلی کو پسند نہ کرے گا۔

اگر بچہ دودھ چھڑانے سے روتا ہو

اگر کوئی بچہ دودھ چھوڑنے کے صدمہ سے روتا ہو، اور صبر نہ کرتا ہو سات مرتبہ اس نام کو لکھ کر گھول کر بچے کو پلاویں انشاء اللہ بچہ کو صبر آجائے گا۔

عورت کا دودھ زیادہ ہو

اگر کسی عورت کے دودھ کم ہو گیا ہو، نو دفعہ اس مبارک نام کو لکھ کر تعویذ گھول کر پلایا جائے انشاء اللہ دودھ زیادہ ہوگا۔ گیارہ روز برابر اس عمل کو کیا جائے۔

ہر مہم آسان ہو

اتوار کے دن صبح کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ اس نام کو پڑھنا ہر ایک مہم کے لئے نہایت مفید ہے۔

(۵۶) یَاوَلِیُّ (اے مددگار اور دوست)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ اس مبارک اسم کا پڑھنے والا مسلمانوں سے دوستی رکھتا ہے اور منکر اسلام سے نفرت کرتا ہے۔

دل صاف ہو جائے

جو شخص اس نام کو بہت زیادہ پڑھے گا، اس کا دل ایسا صاف ہو گا کہ انشاء اللہ اپنے مخاطب کے دل کی بات سے آگاہ ہو جائے گا۔

بدمزاج خاوند کے لئے

جس عورت کا خاوند، یا نوکر یا آقا بدمزاج ہو وہ عورت یا نوکر اس نام کو پڑھتا ہوا خاوند یا آقا کے سامنے جائے انشاء اللہ نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

میاں بیوی میں موافقت پیدا ہو

اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے سے عرصہ میں میاں بیوی میں ایسی محبت ہو گی کہ لوگ تعجب کریں گے۔ نقش یہ ہے۔

یاولی		یاولی
	عورت مرد کا نام	
یاولی		یاولی

(۵۶) یَاحَمِیْدُ (اے تعریف کے لائق)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بہت زیادہ پڑھے گا کسی شخص کی برائی اور غیبت کو پسند نہ کرے گا، ہمیشہ اپنے دشمنوں کی تعریف کرے گا۔

فحش کلامی سے حفاظت کے لئے

جس شخص کی زبان پر گالیاں اور فحش الفاظ زیادہ جاری ہوں، اور وہ کسی طرح زبان کو پاک نہ کر سکتا ہو نو بار کورے پیالہ پر اس نام کو لکھے اور نوے مرتبہ

پڑھ کر پیالہ پر دم کرے، اور ہمیشہ اس پیالہ سے پانی پیا کرے، انشاء اللہ ضرور بدکلامی سے محفوظ رہے گا۔

غریب کا ہدیہ قبول ہو

اگر کوئی نوکر ملازم کسی بڑے شخص کو کچھ ہدیہ یا تحفہ بھیجے اور خیال کرے کہ بڑا آدمی ہے غریب کا تحفہ کس طرح پسند آئے گا۔ سترہ مرتبہ یَـاحَـمِیْدُ اس تحفہ پر پڑھکر دم کرے انشاء اللہ وہ ہدیہ نہایت مقبول اور پسند خاطر ہو گا۔

دشمن سے حفاظت

جو شخص صبح کی نماز کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ اس نام کو پڑھے گا دشمن بھی اگر سامنے آئے گا نیچی نگاہ کر کے چلا جائے گا، کبھی برائی سے پیش نہ آئے گا۔

(۵۸) یَامُحْصِیْ (اے احاطہ کرنیوالے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے: کہ اس کا ورد رکھنے والا اپنے عیبوں اور دوسروں کی بھلائی پر زیادہ نظر رکھتا ہے ساری عمر اپنے گناہوں کو بھولتا نہیں۔

خدا کی حفاظت میں رہے

جو شخص صبح کی نماز کے بعد دس مرتبہ اس نام کو پڑھے گا سارے دن خدا تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔

قبر کے عذاب سے حفاظت

جو کوئی جمعہ کی رات کو ایک ہزار ایک مرتبہ اس نام کو پڑھے گا قبر کے عذاب اور آخرت کے حساب سے بے خوف رہے گا۔

اگر بچہ گم ہو جائے

اگر کسی شخص کا بچہ کھویا گیا ہو وہ اس نقش کو لکھ کر درخت پر لٹکائے انشاء اللہ اگر بچہ زندہ ہے تو بہت جلد ملجائے گا، نقش یہ ہے۔

یامحصے	یامحصے
بچہ کا نام	ماں کا نام
یامحصے	یامحصے

(۵۹) یَامُبْدِئُ (اے اول بار پیدا کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا ہر کام میں سب سے اول اللہ پر بھروسہ کریگا اور ہر چیز کی ابتدا میں مولیٰ کا تصور ذہن میں لائیگا، اور توکل اس کی عادت میں رچ جائے گا۔

حمل ساقط نہ ہو

اگر کسی شخص کی بیوی کا حمل ساقط ہو جاتا ہو اس نام کو نوے مرتبہ پڑھ کر کلمہ کی انگلی حاملہ کے پیٹ کے گرد پھیرے دائرہ کھینچنے کی طرح سے پھر سات دن تک برابر اس عمل کو کرتا رہے انشاء اللہ حمل کچا اور بے موقعہ ساقط نہ ہوگا۔

صدق مقال حاصل ہو

جو شخص صدق مقال یعنی سچی زبان والا ہونا چاہے وہ اس نام کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ ضرور صادق القول ہو جائے گا۔

بانجھ عورت کے لئے

جس شخص کی عورت بانجھ ہو، حمل قرار نہ پاتا ہو، وہ ایک سیب کو چھیل کر

سات مرتبہ یَامُبْدِئُ سیب پر لکھ کر تین روز تک نہار منہ بیوی کو کھلائے انشاء اللہ اول ہی مہینہ میں حمل رہے گا اگر اول ماہ میں حمل نہ رہا تو پھر دوسرے مہینے میں ایسا ہی کرے پھر تیسرے مہینے ایسا ہی کرے انشاء اللہ تین ماہ میں ضرور حمل رہے گا، اگر سیب نہ ملیں تو مرغی کے انڈے کو پانی میں جوش دیکر پوست اتار کر سفیدی پر لکھا جائے۔

(۶۰) یَامُعِیْدُ (اے دوسری بار پیدا کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا زیادہ پڑھنے والا گذشتہ عمر کی خطاؤں کا کفارہ ادا کرنا، اور آئندہ کے لئے نیکیاں زیادہ کرنا ملحوظ رکھتا ہے۔

غائب شخص واپس آئے

اگر کسی شخص کا کوئی رشتہ دار یا عزیز و قریب غائب ہو جائے کہیں اس کا پتہ نہ ملتا ہو آدھی رات کے بعد جب گھر والے سو جائیں اس کے مکان کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر ستر ستر بار یَامُعِیْدُ پڑھے، اس کے بعد یہ کہے یَامُعِیْدُ پھیر لا میرے پاس فلاں غائب کو، اور فلاں کی جگہ اس غائب شخص کا نام لیوے انشاء اللہ سات روز کے اندر غائب شخص خود آئے گا، یا اس کا پتہ معلوم ہوگا۔

اگر مال گم ہو جائے

اگر کسی کا مال جاتا رہے سات ہزار مرتبہ عشا کے بعد اس مبارک نام کو پڑھے انشاء اللہ مال کا پتہ لگ جائے گا۔

گذشتہ حالت پیدا ہو

اگر کوئی شخص مالدار تھا پھر تنگدست مفلس ہو گیا یا تندرست تھا دائم المرض

ہو گیا یا عابد زاہد تھا، اب عبادت چھوٹ گئی اور وہ یہ چاہے کہ میری پہلی سی حالت ہو جائے اکیس روز تک یَامُعِیْدُ گیارہ ہزار دفعہ پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ تھوڑے سے دنوں میں وہی گذشتہ حالت پیدا ہوگی۔

(۶۱) یَامُحْیِیُ (اے جلانے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا زندہ دل ہوشیار رہتا ہے عبادت میں سستی کاہلی مکروہ جانتا ہے۔

اگر کسی عضو کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو

جس کو کسی مرض کی وجہ سے کسی جسمانی عضو کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہو سات مرتبہ ہر روز صبح کو سات مرتبہ روزانہ شام کو اس مبارک نام کو پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ اعضاء سلامت رہیں گے۔

ہر طرح کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے سر میں یا آنکھ میں یا سینہ میں درد ہو ایک سو اکیس دفعہ اس نام کو پڑھ کر صبح و شام دم کرے انشاءاللہ بہت جلد درد دور ہوگا۔

مردہ دل زندہ ہو جائے

جس شخص کا دل عبادت کی طرف سے مر گیا ہو اور وہ زندہ کرنا چاہے تین دن تک برابر روزے رکھے اور ظہر کی نماز کے بعد یَامُحْیِیُ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے، چوتھے روز زندہ دلی کے آثار آنکھوں سے نظر آئیں گے، پھر ہمیشہ ایک ہزار مرتبہ اس کو پڑھتا رہے۔

(۶۲) یَامُمِیْتُ (اے مارنے والا)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا نفس و شیطان پر غالب رہے گا، اس شخص کے دشمن ہمیشہ مغلوب اور مردہ رہیں گے۔

نفسِ امّارہ مطیع ہو

جس شخص کا نفس غالب ہو اور اس شخص کو اپنے نفس پر قدرت نہ ہو رات کو سوتے وقت اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر؛ اس نام کو پڑھتے پڑھتے سو جائے سات روز میں انشاءاللہ نفس امارہ مطیع ہو جائے گا۔

جادو اثر نہ کرے

جس شخص کو جادو کا خوف ہو سات مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کرے کبھی کوئی جادو اثر نہ کرے گا، ہر ایک قسم کا جادو اس شخص کے پاس آکر پگھل جائے گا۔

اگر بچہ کو نظر لگتی ہو

اگر کسی بچہ کو نظر لگ جاتی ہو، پانچ مرتبہ یَامُمِیْتُ اس طرح لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے۔

یاممیت	
یاممیت	یاممیت
یاممیت	یاممیت

(۶۳) یَاحَیُّ (اے ہمیشہ زندہ رہنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس نام کو پڑھنے والے میں روحانی قوت زیادہ ہوگی۔

جلد شفا پائے

جو بیمار اس نام کو زیادہ پڑھے گا جلد شفا پائے گا، اگر دوسرا شخص کسی بیمار پر پڑھے تو اس طرح پڑھے؛ کہ بیمار کی آنکھ کے سامنے آنکھیں کر کے پڑھے۔

عمر میں برکت

ستر دفعہ اس نام کا روز پڑھنا فضل الٰہی سے عمر میں برکت عطا کرتا ہے۔

بزرگوں کا مجرب عمل

یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیُّ فِی دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ

اس عبارت اور اس نام کا تعویذ ہر مرض کے لئے مشائخ عظام اور بزرگوں کا مجرب اور معمول ہے۔

(۶۴) یَاقَیُّوْمُ (اے ہمیشہ قائم رہنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا خدا کے ساتھ ہمیشہ نیک گمان اور توکل پر قائم رہے گا اللہ کے سوا کسی پر ذرہ برابر بھروسہ نہ کرے گا۔

دلوں کی تسخیر کیلئے

صبح صادق کے بعد سے سورج نکلنے تک بے تعداد اس نام کا پڑھنا دلوں کی تسخیر کے لئے اکسیر ہے، اور بزرگان دین کا مجرب ہے۔

جب سخت مشکل پیش آئے

سخت سے سخت مشکل اور مہم میں اس مبارک نام کا اکیس ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مجرب ہے تین روز تک برابر یہ نام پڑھا جائے تین آدمیوں سے زیادہ نہ پڑھیں ایک شخص پڑھے یا تین شخص پڑھیں؛ تین روز میں تریسٹھ ہزار مرتبہ

پڑھا جائے بفضلہ تعالیٰ اس عرصہ میں اڑی مشکل حل ہوگی۔

دل ہمیشہ مسرور رہے

تین سو دفعہ ہر روز اس نام کا پڑھنا دل کو ہمیشہ مسرور رکھنے کیلئے مجرب ہے۔

(۶۵) یَاوَاجِدُ (اے غنی بے پرواہ)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا اس کا دل غنی اور تونگر ہوگا۔

غیب سے مالداری حاصل ہو

جو شخص رات کے اندھیرے میں کسی خلوت کی جگہ اس نام کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے گا، غیب سے اسے مالداری نصیب ہوگی۔

نماز میں وسوسے کم پیدا ہوں

جو شخص اس نام کو کھانا کھانے کے وقت ہر نوالہ کے ساتھ پڑھتا رہیگا، وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور بن جائے گا، اس کھانے سے نماز میں وسوسے کم پیدا ہونگے اہل سلوک کو ضرور اس عمل پر کاربند ہونا چاہئے۔

زوجین کی محبت کیلئے

جو شخص ایک سو گیارہ مرتبہ اس نام کو پڑھکر، پانی پر دم کر کے، جس شخص کو یہ پانی پلائے گا وہ شخص بے حد محبت رکھنے لگے گا زوجین کی محبت کیلئے یہ عمل نہایت مفید ہے۔

(۶۶) یَامَاجِدُ (اے بزرگی والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس نام کی وہ ہے جو تاثیر یَاوَاجِدُ کی ہے البتہ کچھ فرق ہے۔

صاحب باطن ہو جائے

جو شخص اس نام کو رات کے اندھیرے میں بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ اکتالیس روز تک پڑھے گا، صاحب باطن روشن ضمیر ہو جائے گا، مگر لقمۂ حلال اور صدق مقال یعنی حلال کھانا سچ بولنا فرض ہے۔ بیڑی، سگریٹ، تمباکو، لہسن پیاز وغیرہ بدبودار چیزوں سے پرہیز لازم ہے۔

لوگوں میں عزت پائے

تین ہزار دفعہ عشا کی نماز کے بعد ہمیشہ اس نام کا پڑھنا؛ خلقت کی نظروں میں بہت زیادہ عزت اور وقار پیدا کرتا ہے۔

بیمار تندرست ہو جائے

اس نام کو دس مرتبہ شربت یا دوا پر پڑھ کر مریض کو پلانا، سات روز میں بیمار کو خدا کے فضل سے تندرست کرتا ہے۔

(۶۷) یَاوَاحِدُ (اے یکتا اور اکیلے اپنی ذات میں)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا اکیلے خدا کے سوا کسی کو اپنا دوست اور مہربان رحم فرمانے والا نہیں جانتا ہر راحت کو خدا کی طرف سے ہر مصیبت کو اسی کی طرف سے جان کر؛ نہایت شاکر اور صابر رہتا ہے۔

اطمینا قلب نصیب ہو

اگر کسی عامل یا وظیفہ خواں کو کسی عمل کے پڑھتے ہوئے ڈر یا خوف معلوم ہوتا ہو یا مرید سالک کا دل خلوت میں گھبراتا ہو ایک ہزار ایک مرتبہ اس نام کو

پڑھے، وہ خوف، وہ ڈر، دل کا گھبرانا یک لخت موقوف ہو کر اطمینان قلب پیدا ہوگا۔

وصال الٰہی حاصل ہو

جس با خدا شخص کو وصال الٰہی عزوجل کا شوق اور تمنا ہو وہ ایک چلہ کے اندر سوا لاکھ مرتبہ اس نام کو پڑھے، انشاء اللہ وصال قلبی اسی چلہ کے اندر میسر ہوگا ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡهِ مَنۡ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ۔

نیک بیٹا پیدا ہو

جس شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو اور اسے اس کی تمنا ہو رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کے لئے جمعہ کی نماز کے بعد اس نام کو ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھے پھر اس کو بطور تعویذ اپنے داہنے بازو پر باندھے، انشاءاللہ اسی سال فرزند صالح پیدا ہوگا، نہایت مجرب عمل ہے۔

(۶۸) یَااَحَدُ (اے تنہا اور یگانہ)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا خلقت سے بیزار مجلسوں سے دور اور گوشہ تنہائی کو دوست رکھتا ہے۔

عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے

جو شخص اس نام کو نو مرتبہ پڑھ کر کسی کام کے لئے یا کسی شخص کی ملاقات کو جائے گا نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھا جائیگا وہ کام بھی نہایت سہولت سے انشاء اللہ پورا ہوگا۔

اگر سانپ کاٹ جائے

اگر یَااَحَدُ کے ساتھ یَاوَاحِدُ کو ملا کر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر سانپ کے

کاٹے ہوئے پر دم کرے گا، انشاء اللہ سانپ کا زہر زائل ہو کر مریض تندرست ہو جائے گا، یہ عمل مجرب ہے۔

ایمان پر خاتمہ کے لئے

جو شخص چاہے کہ میرا خاتمہ ایمان پر ہو؛ وہ اکتالیس مرتبہ صبح و شام اس مبارک نام کو پڑھے انشاء اللہ بالیقین خاتمہ بالخیر ہوگا۔

(۶۹) یَاصَمَدُ (اے غنی بے پرواہ)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی اور جمالی دونوں صفتیں رکھتا ہے، تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو اللہ کے نام مبارک سے ملا کر گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیگا؛ صاحب کشف اور صاحب مقام عالی ہوگا، عالم غیب کا وقتاً فوقتاً مشاہدہ نصیب ہوگا۔

زبان کا سچا ہو جائے

جو شخص صبح صادق کے بعد یا آدھی رات کو سجدہ کرے، اور ایک سو پندرہ مرتبہ یَاصَمَدُ پڑھے، زبان کا سچا ہو جائیگا، حالت نہایت درست ہو جائے گی۔

ظالم کے پنجہ سے محفوظ رہے

جو شخص ہمیشہ ایک سو پندرہ مرتبہ عشا کی نماز کے بعد اس مبارک نام کو پڑھے گا کبھی کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار نہ ہوگا۔

کبھی بھوکا ننگا نہ ہو

جو شخص ایک ہزار تین مرتبہ اس مبارک نام کو روز پڑھتا رہے گا، کبھی بھوکا ننگا نہ ہوگا تمام مخلوق سے بے پرواہ رہے گا۔

(۷۰) یَاقَادِرُ (اے قدرت والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا اپنے نفس پر قادر ہوگا اسے کبھی بیجا غصہ نہ آئیگا، اس کا نفس و شیطان ہمیشہ مغلوب رہے گا۔

دشمن غالب نہ ہو

جو شخص وضو کرتے وقت اس مبارک نام کو پڑھے گا، کبھی دشمن کے قبضہ میں نہ آئے گا۔

مشکل حل ہو

اگر کسی شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو، اکتالیس مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ مشکل حل ہو کر کام آسان ہوگا۔

مریض کی صحت وقوت بحال ہو

اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہو اس مبارک نام کو سو دفعہ ہر روز پڑھے، انشاء اللہ مریض میں صحت اور قوت پیدا ہوگی، اور مرض روز بروز کم ہوتا جائے گا۔

(۷۱) یَامُقْتَدِرُ (اے اپنی قدرت ظاہر کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ اس نام کا پڑھنے والا اپنی تاثیر پہونچانے اور کمزور لوگوں کی اعانت کرنے میں نہایت سرگرم رہے گا۔

نیند اور غفلت دور ہو

جو شخص سوتا بہت ہو، اور وہ چاہے کہ میری نیند یا غفلت یا مزاج کی بھول کم

ہوجائے ، وہ اس مبارک نام کو پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ بہت جلد زیادہ نیند، غفلت اور بھول رفع ہوکر مزاج میں ہوشیاری پیدا ہوگی۔

سارے کاموں میں خلوص پیدا ہو

جو شخص سوتے اٹھتے اس نام کو بیس مرتبہ پڑھیگا سارے کام اس کے حق تعالٰی کی طرف رجوع کریں گے سارے کاموں میں خلوص پیدا ہوگا۔

مشکل کام آسان ہوجائے

جو شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہو اور وہ کام عظیم الشان اس شخص کی طاقت سے زیادہ ہو ایک ہزار مرتبہ روزانہ یَا مُقْتَدِرُ صبح کی نماز کے بعد پڑھے، انشاء اللہ وہ مشکل اور اہم کام نہایت سہولت سے قبضہ میں آکر پورا ہو جائیگا، گیارہ دن تک برابر اس عمل کو کرتا رہے۔

(۷۲) یَامُقَدِّمُ (اے نیک بندوں کو اپنے قرب میں آگے رکھنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد رکھے گا اس میں نیک کاموں میں جلدی و سبقت کرنے کی خصلت پیدا ہوگی نماز روزہ ہر ایک فرض کو اول وقت ادا کرنے کی فکر رکھے گا۔

دوران جنگ سلامت رہے

جو شخص حاکم وقت کی طرف سے کسی معرکۂ جنگ میں بھیجا جائے، اگر وہ شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا اور ایک سو ایک مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا کسی طرح کا رنج یا تکلیف اس جنگ میں اسے نہ پہونچے گی ہر طرح کی آفت سے سلامت رہے گا۔

نفس مطیع ہوجائے

جو شخص ایک ہزار مرتبہ ہمیشہ اس مبارک نام کو وظیفہ بنا کر پڑھے گا اس کا نفس فرمانبرداری اور اطاعت الٰہی میں تابعدار رہے گا۔

کسی کو اپنی طرف مائل کرنا

اگر کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا منظور ہو کسی شیرینی پر نو مرتبہ اس نام کو پڑھ کر وہ شیرینی اسے کھلائی جائے بفضلہٖ تعالٰی جلد ہی وہ کھانے والا کھلانے والے کی طرف میلان کریگا، البتہ اللہ تعالٰی کے ناموں سے کوئی شرعاً ناجائز کام لینا سخت منع ہے انجام کار ایسا شخص اندھا ہوکر مرے گا۔

(۷۳) یَامُؤَخِّرُ (اے کافروں کو اپنی رحمت سے پیچھے رکھنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو زیادہ پڑھے گا دنیا کے کاموں کو بہت ہی برے دل سے کریگا دین کے کام بڑے شوق سے بجا لائیگا، خدا کے دوستوں کو دل سے پیار کریگا خدا کے دشمنوں کی ملاقات سے گھبرائے گا۔

ولی صفت بن جائے

جو شخص اس نام کو روزمرہ ایک ہزار بار پڑھے گا، اولیاء اللہ کی صفات اس کے اندر پیدا ہوجائیں گی، بجز یاد الٰہی کے کہیں اس کا دل آرام سے نہ رہے گا۔

مشکل آسان ہو

جو شخص روز سو مرتبہ اس نام کو پڑھے گا، اس کے سارے کاموں کا حق تعالٰی کفیل ہوگا، مشکل سے مشکل کام اس کے غیب سے آسان ہوں گے۔

نفس فرمانبردار ہوجائے

جو شخص چاہے کہ اپنے نفس کو فرمانبردار کرے صبح کو سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس روز تک اکتالیس مرتبہ یَامُؤَخِّرُ پڑھے مقصود جلد حاصل ہوگا۔

(۷۴) یَااَوَّلُ (اے سب سے اول)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کے پڑھنے کی کثرت کریگا ہرایک قسم کی نیکی میں اس کا نمبر اول اور خدا کی مرضی کے کاموں میں سب پر مقدم رہے گا ہرایک فرض واجب کو اول وقت اور سب سے پہلے بجالائے گا۔

فرزند صالح پیدا ہو

اگر کسی شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو وہ شخص چالیس دن تک ہر روز چالیس مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھے، اور پھر پانی یا کسی شربت پر دم کر کے آدھا خود نوش کرے اور آدھا اپنی بیوی کو پلائے، انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی اور فرزند صالح پیدا ہوگا اور روزی فراخ ہوگی۔

اَڑی مشکل حل ہو

اگر کسی شخص کی کوئی ضرورت اٹک جائے، اور وہ شخص مجبور ولاچار ہو اور کوئی صورت کوئی تدبیر خلاصی اور رہائی کی نظر نہ آئے، جمعہ کی شب کو چالیس ہزار مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھے تین جمعہ برابر پڑھا جائے بفضلہٖ تعالیٰ ساری مشکلیں حل ہوں گی ساری مصیبتیں مع الخیر دفع ہوں گی اگر کوئی شخص چالیس جمعہ تک برابر پڑھتا رہے گا، وہ بے شمار فتوحات کا وارث ہوگا، عمل نہایت مجرب ہے۔

خلقت مہربان ہو

خلقت کے مہربان کرنے کے لئے ایک سو گیارہ مرتبہ سورج نکلنے سے پہلے ہر روز اس نام کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔

(۷۵) یَااٰخِرُ

(اے سب کے پیچھے یعنی سب فنا ہونگے صرف وہ اکیلا ہی سب کے بعد باقی اور زندہ رہ جائیگا)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس نام کو زیادہ پڑھنے والا اپنی عمر کے دراز ہونے کی تمنا رکھے گا اور دلی خواہش کریگا کہ جس قدر عمر دراز ہو اسی قدر عبادت کروں سب سے اول عبادت شروع کریگا سب کے بعد تک عبادت میں مشغول رہنے کو پسند کریگا۔

خاتمہ بالخیر ہو

جو شخص چاہے کہ میرا خاتمہ بالخیر ہو وہ اس مبارک نام کو ایک ہزار دفعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ خاتمہ بالخیر ہوگا۔

مسافر کے اہل وعیال محفوظ رہیں

اگر کوئی شخص کہیں باہر سفر میں جانے لگے، وہ ایک سو ایک مرتبہ اس نام کو پڑھ کر اپنے اہل وعیال گھربار کو خدا کے سپرد کرے، انشاء اللہ مع الخیر سفر سے واپس آئے، اور سب کو زندہ سلامت دیکھے گا۔

عزت ووقار پائے

جو شخص کہیں غیر لوگوں یا انجان آدمیوں میں جائے، اور وہ اس اسم کو اکتالیس

دفعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جہاں جائیگا عزت وتوقیر ہوگی، بڑا مرتبہ ملے گا۔

(۷۶) یَاظَاهِرُ (اے سب جگہ ظاہر)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا ورد رکھنے والا صاحب شہرت اور نیک نام مشہور ہوگا۔

آنکھیں روشن ہوں

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میری آنکھوں کا نور کم نہ ہو، یا کم ہو گیا ہو، زیادہ ہوجائے وہ شخص چالیس دن تک اشراق کی نماز پڑھ کر پانسو مرتبہ اس نام کو پڑھے حق تعالیٰ اس کی آنکھیں روشن فرمائیگا۔

بارش اور آندھی طوفان کیلئے

اگر کسی جگہ بارش کا طوفان یا آندھی کا طوفان آتا معلوم ہو تو اس نام کا بکثرت پڑھنا نہایت مفید ہے۔

مکان زلزلہ سے محفوظ رہے

جس مکان کی پیشانی یا دیوار پر اس نام کو لکھا جائیگا وہ مکان اور دیوار زلزلہ کے صدمہ سے سلامت رہے گی۔

(۷۷) یَابَاطِنُ (اے پوشیدہ تمام عالم کی نظروں سے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس عظیم الشان نام کا پڑھنے والا صاحب باطن ہوتا ہے، اور سینہ اس کا آئینہ کی طرح صاف اور روشن ہوتا ہے۔

صاحب باطن ہوجائے

جو شخص زبان بند کر کے دل سے ایک ہزار مرتبہ روزانہ یَابَاطِنُ پڑھیگا، صاحب باطن واقف اسرار ہوجائیگا مگر اکل حلال شرط ہے۔

جو دیکھے محبت کرے

جو شخص اس باعظمت نام کو ایک ہزار اکیس مرتبہ ہر روز عشا کی نماز کے بعد اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھے گا، خلقت کا محبوب ہوگا، جو کوئی دیکھے گا محبت کریگا دنیا میں کوئی مسلمان اس کا دشمن نہ ہوگا۔

چھپے راز کا حال معلوم ہو

جو شخص کسی چھپے راز کا حال معلوم کرنا چاہے وہ شخص اس مبارک نام کو سات دن تک برابر تین ہزار مرتبہ روز ایک تہائی رات گذر جانے کے بعد پڑھے اور خاموش ہو کر سو جائے انشاء اللہ سات روز میں غیب سے بشارت ہوگی اور جو کچھ چھپی ہوئی بات ہے وہ ظاہر ہوجائیگی۔

(۷۸) یَاوَالِیُ (اے کارساز اور مالک)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا ہر ایک مصیبت زدہ کے وقت پر کام آنے کی کوشش کرتا ہے۔

مکان وجائداد کی حفاظت کے لئے

جو شخص چاہے کہ اس کا مکان یا جائداد تمام آفتوں سے محفوظ رہے اس مبارک نام کو کورے آبخورے پر سات مرتبہ لکھے، پھر اس میں پانی بھر کر وہ پانی

اس مکان کی چاروں دیواروں پر چھڑک دے، انشاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا وہ مکان ہر ایک طرح کی آفت سے محفوظ رہے گا۔

ویران مکان آباد ہو

جو شخص یہ چاہے کہ ویران مکان آباد ہو یا آباد مکان ویران اور خالی نہ ہو وہ شخص تین سو تیرہ مرتبہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے، اس مکان کے چاروں کونوں پر چھڑک دے انشاء اللہ وہ مکان یا وہ جائداد کبھی ویران اور خالی نہ رہے گی۔

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو

اگر کسی شخص کو مسخر کرنا منظور ہو، روزہ رکھ کر اکتالیس ہزار بار اس نام کو پڑھے اور تصور جمائے کہ خدا تعالیٰ نے اس شخص مطلوب کو باندھ کر میرے سامنے حاضر کر دیا انشاء اللہ تین روز کے عمل میں مقصود پورا ہوگا تنبیہ اس مبارک نام سے ناجائز کام لینا سخت منع ہے، جذام پیدا ہونے کا اندیشہ ہے، اسلئے احتیاط لازم ہے۔

(۷۹) یَامُتَعَالِیُ (اے بہت بلند ذات والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا دین دنیا میں عالی ہمت ہوگا پست ہمتی کو کبھی گوارا نہ کریگا؛ کہ جس کے سبب ذلت حاصل ہو۔

ام الصبیان کا علاج

اگر عورت ماہواری ایام کی حالت میں باوضو ہو کر اس نام کو تین ہزار مرتبہ روز پڑھے گی کبھی اس کا بچہ ام الصبیان یعنی بچوں کی بیماری میں مبتلا نہ ہوگا، خود پڑھنے والی عورت ہر ایک طرح کی آفتوں سے محفوظ رہے گی۔

خاص وضاحت

عورت کو ماہواری کے دنوں میں؛ سوائے قرآن مجید کے اور سب کچھ دعا استغفار وغیرہ پڑھنا درست ہے، اسلئے کوئی شخص کچھ خیال دل میں نہ لائے۔

جو دعا مانگے قبول ہو

پیر کی شب غسل کر کے منہ آسمان کی طرف اٹھا کر ایک سو اکتالیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر جو دعا مانگے قبول ہوگی۔

جب مشکل آپڑے

کسی سخت مشکل کے وقت اس نام کو نو ہزار مرتبہ ایک مجلس میں پڑھنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔

(۸۰) یَابَرُّ (اے اچھے کام کرنے والے اور نہایت احسان کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا کثرت سے پڑھنے والا نیک طبیعت، سخی، نیک خصلت ہر ایک سے اچھا سلوک کرنے والا ہوتا ہے۔

سفر کی سلامتی کیلئے

جو شخص ریل یا کشتی یا جہاز وغیرہ میں سوار ہوتے وقت سات بار اس مبارک نام کو پڑھیگا ضرور انشاء اللہ تعالیٰ ساری آفتوں سے محفوظ رہے گا امن وامان کے ساتھ سواری سے اتریگا۔

نظر بد کے لئے

اگر کسی بچہ کو نظر لگ جاتی ہو سات مرتبہ یابرُّ پڑھ کر بچہ پر دم کرے انشاء اللہ

وہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہیگا۔

نفس وشیطان سے حفاظت

جو شخص نفس اور شیطان کے جال میں پھنس گیا ہو اور شراب خوری اور حرام کاری میں مبتلا رہتا ہو، پھر وہ شخص اس بلا سے بچنا چاہے تو گیارہ سو مرتبہ اس نام کو باوضو روبقبلہ ہوکر گیارہ دن تک پڑھے انشاءاللہ اس عرصہ میں ساری بری خصلتوں سے نجات پائے گا۔

(۸۱) یَاتَوَّابُ (اے قبول فرمانے والے بندوں کی توبہ کے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس مبارک نام کا پڑھنے والا رحم دل اور مسلمان گنہگاروں پر مہربانی کرنے والا ہوتا ہے۔

سچی توبہ کی توفیق

جو کوئی چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد ایک سو سات دفعہ اس نام کو پڑھے گا حق تعالیٰ اسے سچی توبہ کی توفیق عطا کریگا۔

نفس وشیطان کے مکر سے نجات

جو شخص اس نام کو سات سو دفعہ روز پڑھے گا کبھی نفس اور شیطان کے مکر میں مبتلا نہ ہوگا۔

ایک سال عافیت سے بسر ہو

جو شخص اس نام کا ختم پڑھیگا، ایک سال تک امن وامان کے ساتھ نہایت دین ودنیا کی آسایش سے بسر کریگا، ہر ایک سال کے ختم پر ختم پڑھایا جائے ترکیب

ختم کی یہ ہے کہ رمضان المبارک کی اکیس تاریخ میں اس ختم کو شروع کیا جائے اور عید کا چاند دیکھ کر موقوف کیا جائے ہر روز اکیس ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھا جائے اور آخر میں سترہ سترہ مرتبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْاَنْبِيَاءِ وَخَيْرِ الْمَلٰئِكَةِ وَالْمُرْسَلِيْنَ۔ پڑھے انشاءاللہ حسب منشا سارا سال بخیر وخوبی گذریگا۔

(۸۱) یَامُنْتَقِمُ (اے بدلہ لینے والے کافروں سے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے، تاثیر اس عظیم الشان نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا؛ شریعت کے مخالف کو اپنی آنکھ سے دیکھنا پسند نہیں کرتا، حتیٰ المقدور خلاف شرع شخص سے اعراض کرتا ہے۔

دشمن کے پنجہ سے رہا ہو

جو شخص کسی دشمن سے مغلوب ہو، وہ شخص تین جمعہ تک ہر جمعہ کو سات ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاءاللہ اس عرصہ میں دشمن کے پنجہ سے بالیقین مع الخیر رہا ہو جائیگا۔

دل کی مراد پوری ہو

جو شخص آدھی رات کے وقت کھڑے ہوکر تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے گا جس مراد کے لئے پڑھے گا وہ مراد پوری ہوگی۔

دشمن ہلاک ہو

اگر کوئی شخص کسی جھوٹے فوجداری مقدمہ میں پھنس گیا ہو بارہ بجے رات کو پانچ ہزار مرتبہ بارہ بجے دن کو پانچ ہزار مرتبہ تین روز تک یَامُنْتَقِمُ پڑھے، بہت جلد دشمن ہلاک ہوگا۔

(۸۳) یَامُنْعِمُ (اے نعمت دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نہایت احسان اور مروت کرنے والا ہوگا۔

ہمیشہ نعمتوں سے مالا مال رہے

جو شخص اس نام کو اکیس دفعہ ہر روز کسی فرض نماز کے بعد پڑھیگا کبھی محتاج نہ ہوگا، مفلس نہ ہوگا ہمیشہ خدا کی نعمتوں سے مالا مال رہے گا بڑا مجرب عمل ہے خداوند کریم توفیق عطا فرمائے۔

جس عورت کو اولاد نہ ہو

جس عورت کے اولاد نہ ہو تو سات دن تک برابر سیب کی سات قاشوں پر یَامُنْعِمُ لکھ کر کھلایا جائے، انشاء اللہ ضرور حمل قرار پائیگا۔

جس شخص کو کھیت، باغ یا تجارت میں نقصان کا اندیشہ ہو

جس شخص کو تجارت کے مال میں نقصان کا، یا باغ میں پھلوں کے گر جانے کا، یا کھیت میں غلہ خراب وتباہ ہو جانے کا اندیشہ ہو تین ہزار مرتبہ روزانہ اس نام کو فجر کی نماز کے بعد پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کا کبھی خسارہ نہ ہوگا۔

(۸۴) یَاغَفُوْرُ (اے درگذر فرمانے والے بندوں کے گناہوں سے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا ورد رکھنے والا، کسی شخص سے اپنا بدلا نہیں لے گا بڑے بڑے جرم تھوڑے سے عذر میں معاف کر دے گا۔

پہاڑوں کے برابر گناہ معاف ہو جائیں

جو شخص اس نام کو سو مرتبہ روز پڑھتا رہے گا، اس کے پہاڑوں کی برابر گناہ معاف ہوتے رہیں گے۔ اور اگر کسی شخص کو سرخ باد امرض ہو گیا ہو سات مرتبہ اس کے ماتھے پر اس نام کو زعفران سے لکھ دینے سے انشاء اللہ چوبیس گھنٹہ کے اندر آرام ہو جائے گا۔

جس کے مزاج میں غصہ ہو

جس شخص کے مزاج میں غصہ بہت زیادہ ہو یا کسی عورت کا خاوند بد مزاج ہو تو سو مرتبہ کسی کھانے پر اس نام کو دم کرے، اور وہ کھانا خاوند کو کھلائے، انشاء اللہ مزاج پانی پانی ہو جائیگا۔

(۸۵) یَارَؤُفُ (اے بہت مہربان)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا رحمت اور شفقت اس کے دل میں زیادہ ہوگی۔

سفارش مقبول ہو

اگر کوئی حاکم یا ظالم کسی مظلوم کی سفارش نہ سنتا ہو ایک سو دس مرتبہ اس نام کو پڑھکر دعا کی جائے، انشاء اللہ وہ ظالم اس مظلوم کے متعلق سفارش قبول کرے گا۔

مزاج درست ہو جائے

اگر کسی شخص کا مزاج خراب ہو، اور وہ خود اپنے مزاج کو درست کرنا چاہے تو تین سو دفعہ صبح اور تین سو دفعہ شام، اس نام کو ہر روز یہ شخص خود پڑھے، انشاء اللہ

اکیس روز میں شفائے کلی حاصل ہوگی۔

ساری عمر شوہر مہربان رہے

جس وقت دلہن رخصت ہوکر خاوند کے سامنے جائے سات مرتبہ یَارَؤُفُ پڑھ لے انشاء اللہ خاوند ساری عمر بیوی پر مہربان رہے گا اور کبھی ناموافقت نہ ہوگی۔

(۸۶) یَامَالِکَ الْمُلْکِ (اے دو جہان کے مالک)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عظمت والے نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا دونوں جہاں میں ذی وجاہت ہوگا۔

باعزت زندگی بسر ہو

جو آدمی اس نام کو سات ہزار مرتبہ روز پڑھے، اور ساری عمر پڑھنے کا عزم کرلے مال والا عزت والا آبرو والا ہوکر عمر بسر کرے گا دنیا میں کوئی شخص اس کی عزت پر حملہ نہ کرسکے گا۔

مقدمہ فتح ہو

اگر کوئی شخص کسی جائداد کا مقدمہ ہار گیا ہو، وہ اپیل کرے، اور اس نام کا ختم پڑھے، تو انشاء اللہ مقدمہ فتح ہو، ہاری ہوئی جائداد پھر واپس ملے ختم کی ترکیب یہ ہے کہ روزانہ غسل کرے احرام باندھے، جَو کی ایک روٹی تین چھٹانک آٹے کی چوبیس گھنٹہ میں کھائے، اور رات دن میں اکتالیس ہزار بار اس نام کو پڑھے مگر ایک سو دفعہ اول بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور ایک سو دفعہ بعد میں پڑھے اور سات روز تک برابر اس عمل کو کیے جائے انشاء اللہ مقصود بالیقین حاصل ہوگا۔ تنبیہ یہ اسم

بہت تیز جلالی ہے۔ کوئی بد پرہیزی نہ ہو ورنہ نقصان ہوگا۔

(۸۷) یَاذَاالْجَلاَلِ وَالْاِکْرَامِ (اے بزرگی اور اکرام والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی بڑی عالی ہے اس کا پڑھنے والا ہمیشہ خاموش اور ساکت رہے گا۔ کسی وقت اسے اسرار غیبی کے مشاہدوں سے فرصت نہ ہوگی ہر وقت محویت کا عالم طاری رہے گا، مگر یہ حالت اس کو نصیب ہوگی جو کم از کم اکیس ہزار مرتبہ اس نام کو ہمیشہ روزانہ پڑھے گا بعض بزرگان دین نے اسے اسم اعظم بھی فرمایا ہے، بہرصورت عجیب تاثیر کا نام پاک ہے۔

تین روز میں شفا پائے

جو شخص سو دفعہ اس مبارک نام کو پڑھ کر مریض کو پلائے گا، انشاء اللہ تین روز میں شفا پائے گا۔

غم دور ہو

جس شخص کو کسی وجہ سے بہت زیادہ غم ہو اس کے لئے اس نام کو پانچ سو دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پانی کا پلانا اکسیر اعظم ہے۔

اگر عورت شوہر کی نظر سے گر جائے

اگر کوئی عورت خاوند کی نظروں میں گر گئی ہو؛ ایک ہزار مرتبہ روز وہ عورت یہ نام مبارک صبح و شام جس وقت چاہے پڑھے، اکیس دن میں خاوند کی نظروں میں چڑھ جائے گی اسی طرح اگر کوئی ملازم آقا کی نظروں سے گر گیا وہ بھی اسی عمل کو کرے بہت زیادہ مجرب ہے۔

مقدمہ جیتنے کے لئے

مقدمہ فتح ہونے کے لئے یہ ختم اسم اعظم کی تاثیر دکھاتا ہے ختم یہ ہے کہ اول ایک ہزار مرتبہ یہ مبارک درود شریف پڑھا جائے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِلْعٰلَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اس کے بعد سوا لاکھ مرتبہ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پورا کیا جائے بعد ختم کے پھر ایک ہزار دفعہ وہی درود جو پہلے پڑھا تھا؛ پڑھ کر کم سے کم پندرہ منٹ تک دعا کی جائے انشاء اللہ مقصود کامل طور سے حاصل ہوگا ختم پڑھنے والے تین یا پانچ یا سات یا گیارہ آدمی تک ہو سکتے ہیں، ختم کے شروع کا وقت صبح کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد نہایت مناسب ہے۔

ذہن وحافظہ قوی ہو

جس شخص کا ذہن خراب یا حافظہ ناقص ہو وہ تین عدد مغز بادام پر یہ نام مبارک پڑھ کر دم کرے پھر ایک دانہ مغز بادام کا صبح کو ایک دوپہر کو ایک رات کو سوتے وقت کھالے اکیس روز کے عمل میں انشاء اللہ ذہن اور حافظہ درست ہو جائے گا۔

(۸۸) یَامُقْسِطُ (اے انصاف کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کی کثرت کرے گا منصف مزاج، حق پسند ہوگا، ناحق کی کبھی ہمراہی نہ کرے گا۔

اگر نماز میں وسوسے آتے ہوں

جس شخص کو نماز میں شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں، وہ صبح کو ایک ہزار

مرتبہ اس نام کو پڑھے، انشاء اللہ چالیس دن کے اندر وسوسے کم ہو جائیں گے۔

غم دور ہو خوشی حاصل ہو

اگر کوئی آدمی کسی رنج وغم میں مبتلا ہو تین ہزار مرتبہ یَامُقْسِطُ پڑھے، خدا کے فضل سے غم غلط ہوگا، بجائے غم کے خوشی نصیب ہوگی۔

ناانصاف خاوند کے لئے

اگر کوئی شخص اپنی بیبیوں میں انصاف نہ کرتا ہو، سات ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھ کر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے اس ناانصاف خاوند کو کھلایا جائے، بحمد للہ فوراً انصاف کرنے والا منصف مزاج ہو جائے گا۔

(۸۹) یَاجَامِعُ (اے قیامت کے دن سب کو جمع کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس نام کا بہت زیادہ پڑھنے والا صاحب تسکین اور باوقار ہوگا کسی وقت پریشانی پراگندگی اس کے مزاج میں پیدا نہ ہوگی۔

جس کے اہل وعیال بچھڑ گئے ہوں

جس شخص کا مال یا اہل وعیال کسی موقع پر اس سے جدا ہو گئے ہوں، اور وہ شخص ان کو جمع کرنا چاہے تو چاشت کے وقت غسل کر کے احرام باندھ کر، کھڑے ہو کر منہ آسمان کی طرف اٹھا کر ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے پھر دعا مانگے سات روز میں انشاء اللہ سب ایک جگہ جمع ہوں گے یا اطمینان قلبی سب کی طرف سے نصیب ہوگا۔

فرشتہ صفت بن جائے

اگر کوئی شخص سوا لاکھ مرتبہ اس نام کو پڑھ لیگا معصوم صفت فرشتہ خصلت بن جائے گا۔

مسروقہ یا گم شدہ چیز واپس آئے

اگر کسی شخص کی کوئی شے چوری ہوگئی ہو یا کہیں کوئی شئے کھوگئی ہو وہ شخص اکیس مرتبہ یَاجَامِعَ الْمُتَفَرِّقِیْنَ اِجْمَعْ اِلَیَّ ضَالَّتِیْ یَاجَامِعُ پڑھ کر؛ پھر تین ہزار مرتبہ صرف یَاجَامِعُ پڑھے، انشاء اللہ کھوئی ہوئی چیز واپس آئیگی۔

(۹۰) یَاغَنِیُّ (اے بے پرواہ)

اس نام کی تاثیر

یہ نام جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا، اللہ تعالیٰ کے سوا سارے جہان سے بے پرواہ ہوتا ہے۔

طمع دور ہو جائے

جو شخص طمع کی آفت میں مبتلا ہو، وہ صبح کی نماز کے بعد سو مرتبہ سر پر ہاتھ رکھ کر پھر سو مرتبہ دل پر ہاتھ رکھ کر اس نام کو پڑھے، انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل میں طمع نفسانی بالکل زائل ہوگی اور نہایت بے طمع ہو جائیگا، یہ عمل اس عاجز فقیر کا مجرب ہے۔

دکان کی برکت کے لئے

اگر دوکاندار یا تاجر؛ دکان یا تجارت کے مکان کا تالا کھولنے سے پہلے ستر مرتبہ یَاغَنِیُّ پڑھے گا، انشاء اللہ مال تجارت میں برکت ہوگی، کبھی نقصان نہ ہوگا۔

غیب سے مالداری حاصل ہو

جمعرات کے دن میں یا جمعہ کی رات میں، انیس ہزار بار اس مبارک نام کا پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کا ہر جمعرات کو کرنا انسان کو غیب سے دولت والا بناتا ہے، مگر فضل الٰہی ہر کام میں شرط ہے۔

(۹۱) یَامُغْنِیْ (اے بے پرواہ کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ جو شخص اس نام کو کثرت سے پڑھے گا کسی شخص پر سختی یا مصیبت ڈالنا پسند نہ کریگا، نہایت کریم النفس ہوگا خود سارے جہاں سے بے پرواہ رہے گا۔

خزانۂ غیب سے غنی حاصل ہو

جو شخص دس جمعوں تک برابر اس نام کو اس طرح کہ؛ ہر جمعہ کو صبح کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ پڑھے گا، غیب سے اس کو حق تعالیٰ مخلوق کی محتاجی سے محفوظ رکھے گا اور اپنے خزانہ سے مالداری عطا فرمائے گا۔

بیوی رحم کے مرض سے محفوظ رہے

جو شخص اپنی بیوی کے پاس جانے سے پہلے ستر مرتبہ اس نام کو پڑھے گا، اس کی عورت کبھی رحم کے مرضوں میں مبتلا ہو کر دائیوں حکیموں کی محتاج نہ ہوگی۔

اگر لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ کا پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ عشا کی نماز کے بعد گیارہ دن تک اس نام کو اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے، پھر دیکھے کہ پردۂ غیب سے کیسا نتیجہ کیا ظاہر ہوتا ہے۔

(۹۲) یَامُعْطِیْ (اے دینے والے)

یہ اسم ایک طرح سے یَامُغْنِیْ کی مانند ہے۔ ان دونوں کے خواص اور

فوائد ایک ہیں۔

(۹۳) یَامَانِعُ (اے منع کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کے پڑھنے والے میں یہ ہوتی ہے؛ کہ اس کی زبان اس کے ہاتھ، اس کی آنکھیں، ہر ایک قسم کے گناہ اور برائی سے بہت بچتے ہیں اور عصمت نہایت محفوظ ہوتی ہے۔

اگر شوہر ناراض ہوتا ہو

اگر کسی عورت کا خاوند عورت پر خفا بہت ہوتا ہو یا آقا نوکر پر ناراض زیادہ ہوتا ہو اکیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر صبح شام خاوند یا آقا کی طرف دم کرے خواہ سامنے سے خواہ پیٹھ کے پیچھے سے، انشاء اللہ تھوڑے سے دنوں میں یہ ساری شکایتیں دور ہوں گی۔

کھیت ٹڈیوں سے محفوظ رہے

اگر کسی جگہ ٹڈیاں آگئی ہوں، تو جو شخص چار کوری ٹھیکریوں پر سات سات مرتبہ یَـامَـانِعُ لکھ کر وہ چاروں عدد ٹھیکریاں چاروں کونوں پر کھیت کے دفن کر دے گا، انشاء اللہ اس کھیت میں ٹڈیاں نقصان نہ کریں گی وہ کھیت وہ باغ ٹڈیوں سے محفوظ رہے گا۔

اگر نظر لگنے کا اندیشہ ہو

اگر بچے کے والدین کو بچے کو نظر لگ جانے کا اندیشہ ہو، سات مرتبہ یَامَانِعُ کسی تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر بطور تعویذ بچہ کے گلے میں ڈالیں، انشاء اللہ کبھی نظر بد نہ ہوگی۔

(۹۴) یَاضَآرُّ (اے ضرر پہنچانے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اسے بہت زیادہ پڑھے گا، خدائے پاک کے دشمنوں کی عداوت زیادہ رکھے گا، شریعت کے مخالفوں سے کبھی خوش نہ ہوگا، صفت فاروقی کا غلبہ ہوگا۔

مرید سالک صاحب مقام ہو جائے

جس مرید یا سالک کو کسی مقام پر قرار و ثبات نہ ہوتا ہو جمعہ کی شب میں غسل کرے احرام باندھے، ایک ہزار مرتبہ کھڑے ہو کر اس مبارک نام کو آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر پڑھے، سات جمعے تک برابر ایسا ہی کرے، انشاء اللہ ضرور صاحب مقام ہو جائیگا وہ اضطرابی حالت موقوف ہوگی۔

نفس و شیطان کے وسوسوں سے محفوظ ہو جائے

جو شخص نفس امارہ اور شیطان لعین کے وسوسوں سے بچنا چاہے؛ وہ ایک نقش کاغذ پر اسطرح لکھے۔

یاضآر
یاضآر | علی شیطان خناس | یاضآر
یاضآر

یاضآر
یاضآر | علی نفس امارة | یاضآر
یاضآر

اور پیر کے دن ظہر کے وقت سے شروع، اور جمعہ کی نماز کے بعد ختم کرے، اس طرح کہ ایک ہزار نو سو اکیس مرتبہ مذکورہ نقش کو نفس امارہ کے ہلاک کرنے اور شیطان کے دفع کرنے کی نیت سے پڑھے، انشاء اللہ پہلے ہفتہ میں نفس و شیطان کے مکر سے محفوظ ہو جائے گا زیادہ سے زیادہ تین ہفتہ تک یہ عمل کیا جائے، ابتدا

عمل کی پیر کے دن سے اور ختم جمعہ کے دن ہو، ہر روز ظہر کے بعد پڑھا جائے۔

(۹۵) یَانَافِعُ (اے نفع پہونچانے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا ورد کثرت سے پڑھنے والا؛ ہرایک انسان بالخصوص ہرایک مسلمان کو نفع پہونچانے میں نہایت کوشش کرتا ہے، کبھی کسی کا نقصان گوارا نہیں کرتا۔

سلامتی سفر کے لئے

حاجی یا کوئی مسافر جہاز یا کشتی میں سفر کرنے والا؛ اگر اس نام کا ورد رکھے گا کوئی آفت انشاء اللہ اسے نہ پہونچے گی اور صحیح سلامت جہاز سے اترے گا۔

تجارت میں برکت ہو

ہرایک چیز یا نیا مال خریدنے کے وقت پہلے اکتالیس مرتبہ اس نام کا پڑھنا، پھر سودا خریدنا، تجارت میں نہایت برکت دیتا ہے۔

صاحب کشف ہو جائے

ماہ رجب اور رمضان وشعبان میں اس نام کا سات ہزار مرتبہ روز پڑھنا صاحب کشف اور صاحب باطن بناتا ہے۔

(۹۶) یَانُوْرُ (اے روشنی دینے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ اس نام کا پڑھنے والا ظاہر اور باطن کی طہارت وصفائی نہایت پسند کرتا ہے فسق وفجور فحش باتوں سے نہایت بیزار رہتا ہے۔

دل کی نورانیت کے لئے

جمعہ کی رات کو سات بار سورہ نور اور تین ہزار مرتبہ اس نام کا پڑھنا؛ دل کو نورانی آئینہ کے مانند صاف کرتا ہے۔

گھر کی حفاظت کیلئے

صبح کی نماز کے بعد اس مبارک اسم کا ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھنا مکان کو روشن کرتا ہے جس مکان میں پڑھا جائے کوئی سانپ موذی جانور اور جن آسیب وہاں ٹھہر نہیں سکتا عمل مجرب ہے اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَـا نُوْرُ اس طرح ملا کر ایک ہزار مرتبہ پڑھنا کالی آندھی، بارش کے طوفان کے اندھیرے کو حکم الٰہی سے دور کرتا ہے سورج گہن کے وقت؛ چاند گہن کے وقت اس آیۃ کریمہ اور اس نام کا اسی طرح ملا کر بے تعداد کثرت سے پڑھنا نہایت مفید ہے۔

(۹۷) یَاهَادِیُ (اے نیک رستہ پر چلانے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے؛ کہ اس کا پڑھنے والا خواہ عالم ہو یا عام آدمی ہمیشہ ہرایک شخص کو نیک باتوں کی نصیحت کریگا، بری باتوں سے روکتا رہے گا اور خود بھی نیک رستہ پر چلے گا۔

درست رائے والا ہو جائے

جو کوئی صبح کی نماز اور عشا کی نماز کے بعد؛ سات مرتبہ ہاتھ دعا کے طور پر اٹھا کر یَـاهَـادِیُ کہے پھر وہ ہاتھ منہ پر پھیرے، انشاء اللہ ہرایک کام میں اس کی عقل راہ راست پر اور اس کی رائے درست اور سیدھی رہے گی۔

فیصلہ کرنے میں حق پر قائم رہے

حاکم، قاضی، مفتی، قوم کے سردار، چودھری، سرپنچ کو فیصلہ کرتے ہوئے اس نام کو سات بار پڑھنا؛ پھر فیصلہ کرنا حق پر قائم رکھتا ہے۔

مسافر کے کام درست رہیں

مسافر کو سفر میں جانے کے وقت گیارہ مرتبہ اس نام کا پڑھنا نہایت مفید ہے انشاء اللہ سارے کام درست رہیں گے۔

(۹۸) یَابَدِیْعُ (اے بغیر نمونہ کے ہر ایک چیز کو پیدا کرنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا؛ قدرتِ الٰہی کے عجائبات کو نہایت غور و فکر سے اور ہر ایک چیز کو عبرت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

جس شخص کو مشکل مہم پیش ہو

جس شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ یَابَدِیْعُ ستر ہزار مرتبہ باوضو و بقبلہ بیٹھ کر پڑھے، انشاء اللہ مع الخیر وہ مہم انجام پائے گی، اور مصیبت دور ہوگی۔

استخارہ کا آسان طریقہ

اگر کسی معاملہ میں نیک و بد انجام معلوم کرنا ہو، تو عشا کی نماز کے بعد باوضو قبلہ کی طرف بیٹھ کر؛ نہایت کثرت سے اس آیت اور اس نام کو اس طرح پڑھے کہ جس طرح ابھی لکھا گیا ہے اور جب نیند آنے لگے پڑھتے پڑھتے سو جائے انشاء اللہ جو کچھ چاہے گا وہ خواب میں نظر آئے گا۔

ہر مرض و غم دور ہو

صرف یَـابَـدِیْـعُ ایک ہزار مرتبہ روز پڑھنا ہر ایک قسم کے مرض کو ہر ایک طرح کے غم کو دور کرتا ہے۔

(۹۹) یَابَاقِیُ (اے ہمیشہ رہنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے، کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا آخرت اور ہمیشہ باقی رہنے والی چیزوں کو دوست رکھے گا اور دنیائے فانی پر کبھی مائل نہ ہوگا۔

سارے رنج و غم دور ہوں

اگر کوئی شخص جمعہ کی رات کو ایک ہزار مرتبہ یَـابَاقِیُ پڑھے، سارے رنج و غم دور ہوں حق تعالیٰ اس کے عمل قبول فرمائے۔

دشمن مطیع ہو جائے

دشمن کو مطیع کرنے کے لئے، اس نام کو ہفتہ کے دن زوال سے لیکر ظہر کی نماز تک سات ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔

اگر کھیت کی ہلاکت کا اندیشہ ہو

اگر کسی کو کھیت کے برباد ہونے کا خیال ہو چار عدد ٹھیکریوں پر ''اللہ باقی'' تین تین مرتبہ ہر ایک ٹھیکری پر لکھ کر کھیت یا باغ کے چاروں کونوں پر ایک ایک ٹھیکری دفن کر دے، بفضلہ تعالیٰ وہ کھیت ہلاکت سے محفوظ رہے گا۔

(۱۰۰) یَاوَارِثُ (اے سب کے بعد زندہ رہ جانے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے، تاثیر اس نام کی یہ ہے؛ کہ اس کا کثرت سے پڑھنے والا

دنیا سے نفرت اور دیدار الٰہی کی رغبت رکھتا ہے۔

کوئی بڑا غم نہ پہونچے

اگر کوئی شخص آفتاب نکلنے کے وقت اس نام کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھا کرے اس عمل کو روز کرتا رہے دنیا میں کوئی بڑا غم اسے نہ پہنچے گا۔

دل کی حیرانی و پریشانی ختم ہو

جو شخص مغرب کے بعد عشاء سے پہلے اس اسم کو ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے گا، دل کی حیرانی اور پریشانی یک لخت جاتی رہے گی اور دل میں فرحت اور سرور پیدا ہوگا۔

عمر دراز ہونے کا عمل

ہر مہینہ کے شروع چاند میں ایک مجلس میں بیٹھ کر؛ اکتالیس ہزار مرتبہ اس نام کا پڑھنا خدا کے فضل سے عمر کو دراز کرتا ہے خلاصہ یہ ہے؛ کہ اس کا عامل اپنے سارے خاندان میں اپنے سارے ہم عمروں میں بڑی عمر والا ہوگا۔

(١٠١) یَارَشِیْدُ (اے جہان کے راہنما)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نیک خصلت، نیک اعمال پاک باطن ہوگا، کسی طرح کا کھوٹ اس کے اندر نہ ہوگا۔

جو شخص اپنے کام کی تدبیر میں حیران ہو

جس شخص کو اپنے کام کی تدبیر معلوم نہ ہوتی ہو اور وہ اپنے کام کی تدبیر میں حیران ہو عشا کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے، انشاءاللہ خواب میں خدا کی جانب سے اس کام کی تدبیر معلوم ہو جائے گی۔

تمام کام بلا مشقت انجام پائیں

اگر کوئی شخص اس نام کو ایک ہزار مرتبہ ہمیشہ پڑھے گا؛ بے مشقت بلا تدبیر سارے کام اس کے خیریت سے انجام پائیں گے۔

مقربین کا مرتبہ ملے

اگر کوئی آدمی صبح کی نماز کے بعد سو مرتبہ عشا کی نماز کے بعد سو مرتبہ ہمیشہ اس نام کو پڑھے گا اس کے رات دن کے اعمال حق تعالیٰ اپنے فضل سے قبول فرمائے گا اور اس شخص کو مقربین کا مرتبہ نصیب ہوگا۔

(١٠٢) یَاصَبُوْرُ (اے حلم اور برداشت رکھنے والے)

اس نام کی تاثیر

یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا زیادہ پڑھنے والا نہایت حلم والا برداشت کرنے والا سخت سے سخت مصیبت میں صبر کرنے والا ہوگا۔

رنج و مصیبت میں تسکینِ خاطر کیلئے

جس شخص کو کوئی رنج یا مصیبت پیش آئے، ایک سو تیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا کرے، انشاءاللہ تسکین خاطر اور شفا نصیب ہوگی۔

خاوند یا حاکم کو موافق کرنے کے لئے

اگر کسی شخص سے اس کا آقا، یا حاکم اور بادشاہ خفا ہو گیا ہو یا کسی عورت سے اس کا خاوند بدزبانی کرتا ہو، آدھی رات کو یا دوپہر کے وقت؛ اس مبارک نام کو ایک ہزار ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر خدا سے دعا کرے انشاءاللہ بہت جلد ایک ہی ہفتہ کے اندر مدعا حاصل ہوگا؛ سات دن تک یہ عمل برابر کیا جائے۔

زوجین میں الفت پیدا ہونے کیلئے

عشا کی نماز سے فارغ ہوکر یہ عمل کریں، اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں گیارہ تسبیح یالطیف یا ودود کی پڑھیں، جب تسبیح پوری ہوجاوے تو گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لیکر ان پر دم کریں اور آگ میں ڈال دیں، عورت ہوتو اپنے شوہر کا مہربان ہونا خیال کرے اور اگر شوہر عمل کرے تو اپنی بیوی کا مطیع ہونا خیال کرے اور یہ عمل چالیس روز تک پورا کرے انشاء اللہ ضرور مطلوب حاصل ہوگا۔

غم سے نڈھال عورت کی تسکین وصبر کے لئے

اگر کسی عورت کا بچہ مرگیا ہو اور ماں بچہ کے فراق میں سخت بے چین ہو ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پلانا؛ بے چین عورت کے دل کو صبر دیگا، سات دن متواتر ایسا کرنا انشاء اللہ بچہ کے غم کو بھلا دیگا یہ عجیب الاثر نام ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت وبرکت کو کھینچنے کے لئے ایک عجیب وغریب عمل

سخت سے سخت مرض کے لئے؛ یا سنگین مقدمہ فتح کرنے کے لئے یَاحَلِیۡمُ، یَاعَلِیۡمُ، یَاعلیُّ، یَاعَظِیۡمُ کا پڑھنا نہایت مجرب ہے حضرت علاء حضرمی رضی اللہ عنہ نے ان اسماء کو پڑھ کر؛ چار ہزار آدمیوں کے لشکر کو بڑے زخار دریا سے بلا کشتی بلا جہاز بغیر پل کے پار اتارا اور اس دعا کی برکت سے خشک ریگستان میں اللہ تعالیٰ نے حضرت علاء حضرمی رضی اللہ کیلئے پانی برسایا اگر کوئی شخص ان اسماء کو ایک لاکھ اکیاون ہزار مرتبہ بطور ختم پڑھے گا؛ اسی ہفتہ میں کامیاب بامراد ہوگا ،اور معمولی ضرورتوں کے لئے ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا کرنا بھی کافی ہوگا۔

خدا کی مدد ونصرت فوراً شامل حال ہو

یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡن: ہر ایک مصیبت کے لئے اس مبارک نام کا ہر وقت ورد رکھنا تمام آفتوں کا مجرب علاج ہے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو ایک مرتبہ جلاد رہزن نے پکڑا اور آپ کے قتل کا ارادہ کیا، آپؓ نے اس مصیبت کے وقت میں تین مرتبہ یاارحم الراحمین زبان سے نکالا تھا، کہ حق تعالیٰ نے آسمان سے فرشتہ بھیجا جس نے بہت جلد پہونچ کر جلاد کو قتل کیا اور آپ کو رہائی دی، سجدے میں سو مرتبہ اس نام کا عشا کے بعد پڑھنا، لاعلاج مرض کی دوا اور سخت سے سخت مصیبت سے نجات ملنے کا کامل ذریعہ ہے کسی مسلمان کو اس دولت سے محروم نہ رہنا چاہئے۔

ہر دعا قبول ہو

آسانی سے مطالب حاصل ہونے اور بیماریوں سے محفوظ رہنے اور دشمنوں کے مقہور کرنے اور اسرار علویہ کے منکشف ہونے اور کل عالم کے مسخر کرنے کے لئے یہ دس کلمے جو کہ اسمائے الٰہی ہیں آدھی رات کو پڑھنے مخصوص ہیں اَلۡمُحِیۡطُ الۡعَالِمُ الرَّبُّ الرَّشِیۡدُ الۡحَسِیۡبُ الۡفَعَّالُ الۡخَلَّاقُ الۡبَارِئُ الۡخَالِقُ الۡمُصَوِّرُ، اگر مجلس میں بیٹھتے وقت اور اٹھتے وقت وصلی اللہ علیٰ محمد پڑھے غیبت کرنے اور غیبت کئے جانے سے محفوظ رہے گا۔

اللہ تعالیٰ کے مبارک ناموں کی فضیلت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اچھے اچھے نام جن کے ساتھ دعا مانگنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے ننانوے ہیں جو شخص ان مبارک ناموں کو حفظ یاد کرلے گا اور برابر پڑھتا رہے گا وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا یعنی حدیث شریف میں اس کے لئے جنت میں داخل ہونے کا وعدہ کیا گیا ہے ،فضائل تو اس کے بہت ہی زیادہ ہیں جس کے لئے ایک دفتر چاہئے ان مبارک اسماء کی مختصر خاصیات

وتاثیرات آپ نے ابھی ملاحظہ کی ہیں۔

ہر مراد حاصل کرنے کا بہترین طریقہ

تفسیر کی کتابوں میں لکھا ہے کہ جس حاجت وضرورت سے متعلق اللہ تعالیٰ کا جونسا نام ہو اسی نام کو اس کے عدد کے مطابق پڑھا جائے تو انشاء اللہ بہت جلد حاجت پوری ہوگی جیسے کوئی انسان علم کی طلب میں ہے تو اس کے موافق اللہ تعالیٰ کا مبارک نام علیم ہے اور علیم کے عدد ایک سو پچاس ہیں تو اس نام کو تنہائی میں ایکسو پچاس مرتبہ پڑھا جائے ایسے ہی ایک شخص اپنے دشمن ظالم کی شرعی طور پر ہلاکت چاہتا ہے تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا مبارک نام قہار ہے اس کے عدد تین سو چھ ہیں یا الجبار ہے اس کے عدد دوسو چھ ہیں لہٰذا اسی کے مطابق پڑھا جائے۔ بہر حال جو بھی ضرورت اور مقصد ہو اس کے مطابق نام مبارک لو اس کا معنیٰ ترجمہ سے دیکھ لیں ہم نے ہر نام مبارک کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی لکھ دیا ہے اور اس کے عدد بھی لکھ دئے ہیں نکال کر تنہائی میں باوضو پڑھیں انشاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہوگی، ویسے بھی تمام نام روزانہ برکت اور خیر وعافیت حاصل کرنے کے لئے پڑھتے رہیں بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔

اب ہم ان مبارک ناموں کے ساتھ ان کے عدد نکال کر پیش کرتے ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الغفار (۱۲۸۱) بڑا گناہ بخشنے والا	القہار (۳۰۶) مخلوقات پر غالب	الوہاب (۱۴) بلاغرض دینے والا	المہیمن (۱۴۵) حفاظت کرنے والا
العظیم (۱۰۲۰) بہت بڑی شان والا	الباسط (۷۲) پھیلانے والا	البصیر بہت دیکھنے والا	الحکم (۶۸) فیصلے کرنے والا

العدل (۱۰۴) بہت انصاف والا	القابض (۹۰۳) سمیٹنے والا	العزیز (۹۴) غلبہ والا	الغفور (۱۲۸۶) بہت گناہ بخشنے والا
الجبار (۲۰۶) سخت گرفت کرنے والا	النافع (۲۰۱) نفع دینے والا	الرافع (۳۵۱) بلند کرنے والا	السلام (۱۳۱) ہر آفت سے سالم
الجلیل (۷۳) بزرگی والا	المذل (۷۷۰) ذلت دینے والا	الخافض (۱۴۸۱) پست کرنیوالا	الضار (۱۰۰۱) ضرر پیدا کرنیوالا
الغنی (۱۰۶۰) خود غنی	المفتاح (۴۸۹) رحمت کے دروازے کھولنے والا	المتین (۵۰۰) مضبوط	الحفیظ (۹۹۸) بہت حفاظت کرنیوالا
الشکور (۲۲۶) قدرداں	الرؤف (۲۸۷) بہت مہربان	العلی (۱۱۰) سب سے برتر	الخبیر (۸۱۲) خبر رکھنے والا
الصمد (۱۳۴) سب کا مقصود	المصور (۳۳۶) صورت بنانے والا	التواب (۴۰۹) رحمت سے متوجہ ہونیوالا	الہادی (۲۰) ہدایت کرنیوالا
الباعث (۵۷۳) مردوں کو زندہ کرنیوالا	المؤمن (۱۳۶) امن دینے والا	الکریم (۲۷۰) کرم والا	السمیع (۱۸۰) بہت سننے والا
المانع (۱۶۱) کسی مصلحت سے نہ دینے والا	الحیّ (۱۸) زندہ	المغنی (۱۱۰۰) دوسروں کو غنی کرنیوالا	العلیم (۱۵۰) بہت علم والا
الولی (۴۶) مدد کرنیوالا	المقیت (۵۵۰) روزی پہنچانیوالا	الغفور (۱۵۶) بہت معاف کرنیوالا	الباطن (۶۲) ذات سے چھپا ہوا
القدوس (۱۷۰) سب عیبوں سے پاک	الحلیم (۸۸) بردبار	القادر (۳۰۵) قدرت والا	الحکیم (۷۸) حکمت والا
النور (۲۵۶) ظہور والا	الجامع (۱۱۴) اکٹھا کرنیوالا	الرازق (۳۰۸) زرق دینے والا	الحسیب (۸۰) حساب لینے والا

الخالق (۷۳۱) پیدا کرنے والا	المعید (۱۲۴) دوبارہ پیدا کرنیوالا	المنتقم (۶۳۰) بدلہ لینے والا	المتکبر (۶۶۲) بڑائی والا
اللطیف (۱۲۹) پوشیدہ چیز کا بتانیوالا	القوی (۱۱۶) قوت والا	المعز (۱۱۷) عزت دینے والا	الاول (۳۷) سب سے پہلا
الواحد (۱۹) یکتا صفات والا	الکبیر (۲۳۲) سب سے بڑا	الودود (۲۰) بہت زیادہ محبت کرنیوالا	الباری (۲۱۳) ٹھیک بنانے والا
المحی (۶۸) زندہ کرنیوالا	الحمید (۶۲) تعریف کرنیوالا	المؤخر (۸۴۶) ہٹانے والا	الماجد (۴۸) بزرگی والا
الرشید (۵۱۴) راہ راست بتانے والا	الاخر (۸۰۱) سب سے پچھلا	المقتدر (۷۴۴) قدرت ظاہر کرنے والا	الشہید (۳۱۹) حاضر موجود
البر (۲۰۲) احسان کرنے والا	ذوالجلال والاکرام جلال واکرام والا (۱۱۱۱)	المجید (۵۷) بزرگی والا	المجیب (۵۵) دعا قبول کرنیوالا
القیوم (۱۵۶) قائم رکھنے والا	المقسط (۲۰۹) انصاف کرنیوالا	مالک الملک مالک باشاہ (۱۲۱۲)	الممیت (۴۹) موت دینے والا
المحصی (۱۴۸) احاطہ کرنیوالا	الوالی (۴۷) مالک	الصبور (۲۹۸) تحمل والا	الباقی سب کے بعد رہنے والا
الظاہر (۱۱۰۴) صفات سے کھلا ہوا	المقدم (۱۸۴) بڑھانے والا	الحق (۱۰۸) سچا	البدیع (۸۶) ایجاد کرنیوالا
الوارث (۷۰۷) سب کا وارث	الرقیب (۳۱۲) نگہبان	الواسع (۱۳۷) گنجائش والا	الواجد (۱۴) تونگر کرنیوالا

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

دوسرا باب

آیات قرآنیہ کا بیان

آیات قرآنیہ کے ذریعہ تمام جسمانی وروحانی امراض کا تسلی بخش علاج اور آیات قرآنیہ کی عجیب وغریب برکات و تاثیرات کی مکمل ومرتب تفصیل، شفا کا انمول خزانہ خود بھی نفع اٹھائیں اوروں کو بھی نفع پہونچائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دوسرا باب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے فوائد

بسم اللہ شریف کے فائدے لکھنے کے لئے بشر کی طاقت کافی نہیں ہوسکتی شاید سمندر کی سیاہی اور سارے جہاں کے درختوں کی شاخوں کے قلم کافی نہ ہوں اس عظیم الشان دریا سے کچھ قطرے لیکر آپ حضرات کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔

سنگین مقدمہ میں حسب مرضی فیصلہ ہونے کیلئے

سنگین سے سنگین مقدمہ کے لئے خاص پیشی کے دن ؛ سوالاکھ مرتبہ اس آیت کا ختم کرانا اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

ختم کی ترکیب: یہ ہے کہ گیارہ آدمی وضو کریں سب کے سب روبقبلہ بیٹھیں ایک نہایت سفید کپڑے پر شمار دانے رکھے جائیں خواہ بادام ہوں یا املی کے بیج یا کچھ اور ہو الغرض پاک چیز ہو لوبان کی دھونی سے مکان معطر کیا جائے پہلے ہر ایک شخص گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِفْتَاحِ الرَّحْمَةِ وَالنُّصْرَةِ وَالْجَنَّةِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پھر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھیں سورۂ صف آیت ۱۳ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اس کے بعد ہر ایک دانہ پر ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر سوالاکھ کی گنتی پوری کریں جب ختم پورا ہو تو گیارہ گیارہ مرتبہ وہی درود پڑھا جائے اور گیارہ گیارہ دفعہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ پڑھ کر پندرہ منٹ مقدمہ کی فتح کیلئے دعاء نہایت ہی عاجزی وانکساری سے مانگی جائے کم سے کم مقدمہ کے

دوران تین ختم کئے جائیں اللہ کی ذات سے پوری امید ہے کہ بالضرور مقدمہ حسب مرضی حل ہوگا میرا بہت بڑا بھروسہ اللہ کی ذات پر ہے انشاء اللہ یہ عمل کبھی خالی نہ جائے گا۔

ہر طرح کے مرض سے شفاء ملے

ایک کورے مٹی کے برتن پر سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر ؛ پانی یا عرق سے بسم اللہ کے نقش کو دھو کر اس برتن میں نہار منہ مریض کو پلانا ؛ اکیس دن میں ہر ایک طرح کے مرض کو خدا کے فضل سے دور کرتا ہے۔

سورۂ فاتحہ کی تاثیرات وبرکات

بہت سی بیماریوں کا علاج: سخت سے سخت مرض ناسور گٹھیا وجع مفاصل، مرگی، درد سر وغیرہ کے لئے فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے ؛ اکتالیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی میم کو الحمد سے ملا کر پڑھنا پھر کسی پانی وغیرہ پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ مریض کو پلانا مفید اور مجرب ہے۔

ہر بیماری وآفت دفع ہو

کسی مصیبت یا آفت یا بیماری وغیرہ کے دفع کیلئے گیارہ ہزار مرتبہ آیت کریمہ اور سورۂ فاتحہ صرف اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ، سات دن تک برابر پڑھنا اس فقیر کاتب الحروف کا بارہا کا مجرب ہے ایسے بڑے بڑے فوج داری کے مقدمے اس آیت کریمہ کی برکت سے ؛ خاص اس فقیر اور فقیر کے دوست واحباب کے اللہ تعالیٰ نے فتح کئے کہ جن کی نظیر شاید ہندوستان میں موجود نہ ہوگی۔

الحمد شریف ایک انمول خزانہ

الحمد شریف بڑا زبردست خزانہ ہے۔لاکھوں مرضوں کا علاج اس میں موجود ہے حدیث شریف میں آیا ہے؛ کہ کسی گاؤن کے سردار کو بڑے زہریلے سانپ نے کاٹ لیا، گاؤں والے صحابہؓ کی ایک جماعت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا ہمارے سردار کو سانپ نے کاٹا ہے آپ چل کر دم کریں یہ سن کر ایک صحابیؓ مریض کے پاس گئے اور تین مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر مریض پر دم کردیا فوراً سانپ کا زہر جاتا رہا مریض تندرست ہوگیا دوسری حدیث میں ہے کہ کسی گاؤں میں ایک دیوانہ تھا جو لوگوں کو پتھر مارتا تھا گھر والوں نے اسے زنجیروں سے باندھ رکھا تھا اتفاق سے ایک دن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جماعت کا وہاں سے گذر ہوا اس مریض پاگل کے گھر والے صحابہؓ کے پاس آئے اور اپنے دیوانہ کا علاج کرانا چاہا ایک صحابی اس پاگل کے پاس گئے اور تین مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر اس مریض دیوانے پر دم کیا وہ دیوانہ فوراً اچھا ہوگیا۔

الحمد شریف کی زکوٰۃ

آج بھی اس کلام میں وہی تاثیر موجود ہے؛ مگر مسلمانوں کی زبان میں وہ تاثیر باقی نہیں رہی، صحابہ کرامؓ کے دل ودماغ اور زبان ہر ایک عضو حضور ﷺ کی زیارت وصحبت کی وجہ سے منور اور مطہر ہو چکا تھا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کسی چلّہ کشی کی ضرورت نہ تھی ہمیں وہ لازوال دولت میسر نہیں ہے؛ اسلئے ہمیں ہر ایک عمل کیلئے زکوٰۃ ادا کرنے کی ضرورت ہے۔الحمد شریف کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عامل گیارہ روزے متواتر رکھے سحری میں اور افطاری میں جو کی روٹی

جو کھانا رحمۃ اللعالمین ﷺ کا تھا؛ کھائے روزہ مدینہ طیبہ کی کھجور یا آب زمزم سے افطار کرے اس گیارہ روز کے عرصہ میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ باوضو روبقبلہ بیٹھ کر الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ پڑھے ہر روز دس ہزار مرتبہ پڑھنے سے گیارہ روز میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ پورا ہوجائے گا گیارہویں دن جب ختم پورا ہو فوراً مرگی والے یا دیوانہ مجنون پر دم کرے اگر مریض وہاں موجود نہ ہو پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے بحمداللہ فوراً مریض تندرست ہوگا، مرگی جنون اور سارے لاعلاج امراض کیلئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

ہر طرح کی نعمت ودولت کے حصول کا مجرب عمل

دولت کی ترقی کیلئے ایک سو اکیس مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پڑھنا عشاء کی نماز کے بعد نہایت مفید ہے۔مگر جس وقت صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ پر پہونچے، تب اتنا جملہ تین دفعہ کہے مثل داؤد وسلیمان ویوسف علیہم السلام پھر غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ پڑھ کر الحمد شریف ختم کرے اسی طرح ہر ایک مرتبہ میں پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن میں مال میں برکت تجارت میں ترقی ہوگی اور اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ شخص بھی اسی طرح عمل کرے مگر وہ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کے بعد مثل ابراہیم ویعقوب علیہما السلام کا جملہ کہے انشاء اللہ ہر ایک شخص اپنی مراد کو پائے گا، یہ عمل نہایت پرزور باا‌ثر ہے پڑھنے والا نہایت مضبوط ارادہ اور خلوص نیت سے پڑھے، بلاشک کامیاب ہوگا۔

اگر رات کو راستہ بھولنے یا لٹنے کا اندیشہ ہو

جو کوئی جہاز میں سوار ہو اور جہاز خطرہ میں آگیا ہو، یا کسی شخص کو رات کو رستہ

بھولنے یا لٹ جانے کا اندیشہ ہو وہ شخص اس آیت کریمہ اُولٰٓئِکَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ رَّبِّھِمْ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ کو برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی رستہ نہ بھولے گا اور صحیح سالم منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔

نظر بد سے بچنے کا قلعہ

اگر کسی بچہ یا اسباب یا مکان وغیرہ پر حاسد کی نظر لگ جانے کا اندیشہ ہو تو سات مرتبہ لکھ کر گلے میں باندھنا یا مکان میں چسپاں کرنا یا سامان کے اندر باندھنا یا پڑھ کر دم کرنا نہایت مفید و مجرب ہے آیت کریمہ یہ ہے خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰٓی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ درحقیقت یہ آیت ایک قلعہ ہے نظر بد سے بچنے کیلئے۔

دشمن کی زبان بند کرنے کیلئے

حاسد، دشمن، بدگو چغل خور کی زبان بند کرنے کے لئے سات دن تک ایک ہزار ایک مرتبہ اس آیت شریفہ کا رات کو اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھنا نہایت مفید ہے فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَہٗ ذَھَبَ اللّٰہُ بِنُوْرِھِمْ وَتَرَکَھُمْ فِیْ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبْصِرُوْنَ ۝ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ مگر ہر مرتبہ آیت کے ختم کے بعد اس دشمن کا نام جس کی زبان بند کرنی مقصود ہو ضرور لیا جائے یہ آیت جلالی ہے اس عمل کے درمیان جھوٹ بولنا حرام کا لقمہ کھانا یا کوئی بھی حرام کام کرنا نہایت مضر ہے پس احتیاط لازم ہے، بر رسولاں بلاغ باشد و بس۔

جو زخم اچھا نہ ہوتا ہو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مُسَلَّمَۃٌ لَّا شِیَۃَ فِیْھَا، جو پھنسی

پھوڑا اور ناسور اچھا نہ ہوتا ہو اور طبیب اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں، اس آیت شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھکر اس دوا یا مرہم پر دم کیا جائے جو زخم پر لگائی جائے انشاء اللہ دس روز کے عرصہ میں داغ تک باقی نہ رہے گا۔

سامانِ سفر گم نہ ہو

اگر کوئی حاجی یا مسافر اپنا سامان سفر آگے روانہ کرے اور اپنے سامان کے اندر تین مرتبہ یہ آیت شریف لکھ کر رکھ دے تو کبھی وہ سامان گم نہ ہوگا بجنسہٖ محفوظ ملے گا آیت یہ ہے وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْہُ عِنْدَ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝

موذی جانور، شیطان اور خبیث روح سے حفاظت کیلئے

اگر کوئی مسلمان اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر مکان میں چسپاں کرے کوئی موذی یا شیطان یا روح خبیث اس مکان میں داخل نہ ہوگا آیت یہ ہے اُولٰٓئِکَ مَا کَانَ لَھُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْھَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ لَھُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝

وبائی امراض بخار ہیضہ طاعون وغیرہ سے حفاظت کیلئے

ہر ایک قسم کے وبائی مرض، بخار، ہیضہ، طاعون وغیرہ کے لئے اس آیت کریمہ کا باہر کے دروازہ اور مکان کی اندرونی دیوار پر لکھ کر لگانا بالخاصیت اس مکان کو وبا کے اثر سے بفضلہٖ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَلِلّٰہِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝

اگر کسی کام کا جلدی ہونا منظور ہو

اگر کوئی شخص کسی کام کا جلد ہونا چاہتا ہو اور بظاہر اس کام کے جلدی ہونے کا

کوئی سبب نہ ہو تو تین جمعرات تک دن کو روزہ رکھے اور رات کو عشاء کی نماز کے بعد نو ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھے بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے، انشاء اللہ اول ختم یا دوسرے ختم کے بعد کام سرانجام ہو جائے گا ورنہ تو آخر ختم کے بعد مقصود ضرور پورا ہو گا۔

ہر طرح کی شکایتیں دور ہو جائیں

اگر کسی شخص کی برائی لوگ اس کے حاکم یا آقا کے سامنے کرتے ہوں یا عورت کی برائی اس کی ساس یا نندیں اس کے خاوند کے سامنے بیان کرتی ہوں تو وہ نوکر یا عورت مذکورہ ذیل آیت کو ایک سو دفعہ پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرے اور دعا میں صرف یہ جملے منہ سے نکالے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ سات دن تک برابر اس عمل کو کرنے سے تمام شکایتیں دور ہوں گی آیت یہ ہے۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

گم شدہ واپس آئے

اگر کسی شخص کا لڑکا یا لڑکی، نوکر یا غلام بیوی خاوند یا کوئی اپنا عزیز و قریب کہیں نکل جائے اور اس کا نشان معلوم نہ ہو، اس آیت کریمہ کا ختم پڑھنے سے وہ گم شدہ شخص انشاء اللہ واپس آئے گا، یا اس کا نشان معلوم ہو جائے گا آیت کریمہ یہ ہے۔ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

ختم کی ترکیب

یہ ہے کہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا جائے اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ فَالِجِ الْاَسْرَارِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر سات ہزار ایک سو اکیس مرتبہ آیت مذکورہ تلاوت کرے ختم کے بعد فوراً سوا سیر شیرینی نابالغ بچوں کو تقسیم کی جائے، اور ختم پڑھنے والے دو دو رکعت نفل پڑھکر غائب شخص کے آجانے کی دعا کریں، انشاء اللہ تین روز میں مقصود حاصل ہو گا تنبیہ اگر ایک شخص ختم پڑھے تو بہتر ہے ورنہ تین آدمی پڑھیں؛ اس سے زیادہ نہ ہوں۔

آیت الکرسی کے فوائد و خواص

آیۃ الکرسی کے فائدے اور خواص بے حساب ہیں مگر مختصر یہ ہے کہ رات کو سوتے ہوئے تین مرتبہ پڑھ کر سونا، رات بھر شیطان جنات کے شر سے محفوظ رکھتا ہے جس مکان میں رات کو آیۃ الکرسی پڑھی جائے وہاں انشاء اللہ کبھی چور نہ آئے گا اور اگر آیا تو اندھا ہو کر جائے گا جس بچہ پر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی دم کر دی جائے اس بچے کو سارے دن نظر نہ لگے گی جس کھیت میں جس باغ میں روزانہ آیۃ الکرسی پڑھی جائے وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اس میں اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ کی آیت اسم اعظم ہے۔ جو شخص آیۃ الکرسی ایک مرتبہ صبح ایک مرتبہ شام کو پڑھے گا کوئی جادو اس پر اثر نہ کرے گا، اگر کسی شخص پر جادو کیا گیا ہو سات عدد مدینہ منورہ کی کھجوروں پر سات دن تک سات سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر ایک کھجور روزانہ کھلانا بڑے سے بڑے سحر کو زائل اور باطل کرتا ہے اگر کسی شخص پر فراموشی سحر کا اثر ہو، اور وہ فراموش شخص اس اثر کو زائل کرنا چاہے تو صبح کے وقت سورج نکلنے سے پہلے غسل کرے پھر احرام باندھ کر قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر ایک ہزار مرتبہ آیۃ الکرسی مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے پڑھے، اکیس روز تک ۲۱

طرح عمل کرے، بائیسویں روز بفضلہٖ تعالیٰ وہ اثر باطل ہوجائے گا آیت الکرسی کا ختم ہرایک مصیبت اور غم کے دفع کرنے؛ مقدمہ کے فتح ہونے اور ہرایک جائز مراد پوری ہونے کے لئے انتہائی مجرب اور مفید ہے۔ اکیس دن یا سات دن یا تین دن میں ایک شخص باوضو قبلہ رو اکیس ہزار دفعہ اس آیت شریفہ کو پڑھے جس مراد کے لئے پڑھے گا خدا کے حکم سے پوری ہوگی شریعت کے دائرہ میں رہ کر جو چاہو کام لو، انشاء اللہ یہ آیت شریفہ حصول مراد کی کنجی ہے۔

اسم اعظم کی آیت

اَللّٰہُ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْم یہ آیت اسم اعظم ہے پیٹ کے درد کے لئے کسی شربت یا پانی پر سات مرتبہ پڑھکر دم کرکے پلانا درد کو زائل کرتا ہے کورے برتن میں لکھ کر گھول کر پلانا دردسر میں بے حد مفید ہے لڑکی کے لئے چاندی لڑکے کے لئے تانبے کے پترہ پر کندہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈالنا، ہرایک قسم کے آسیب، جن، بھوت کے خلل سے نظر بد کے اثر اور ام الصبیان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

دل کو صبر ملے اور فوت شدہ بچہ کا بدل حاصل ہو

اگر کسی کا اکلوتا بیٹا مر گیا ہو وہ شخص اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ روز پڑھے انشاء اللہ دل کو صبر بھی آئے گا اور اس بچہ کا بدل دوسرا بچہ جلد ملے گا، آیت یہ ہے۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ

ہر پریشانی کا حل

اگر کوئی شخص اپنے روزگار سے محروم ہوجائے یا مالدار تھا مفلس ہوگیا یا

صاحب عزت تھا اب ذلیل ہوگیا یا صاحب اولاد تھا اب اولاد مرگئی یا عورت بیوہ ہوگئی آئندہ کوئی پیغام نہیں دیتا یا نچلی عدالت میں مقدمہ ہارا، اور عدالت عالیہ میں اپیل دائر کی ہو، تو ایک سو ایک مرتبہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھنے کے بعد اس آیت کو پڑھے۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّمَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ٥ اکیس دن کے عمل میں غیب سے مراد پوری ہوگی اگر کسی بادشاہ یا امیر یا دولت مند یا عالم فاضل یا صاحب کمال کے دشمن اور حاسد زیادہ پیدا ہوجائیں، تو وہ شخص صبح وشام سات سات مرتبہ ان آیتوں کو پڑھے تو انشاء اللہ کسی حاسد کی طرف سے کوئی اذیت نہ پہونچے گی، خواہ کوئی کتنی ہی کوشش کرے مگر نا کام رہے گا آیت یہ ہے قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ٥

حمل گرنے سے محفوظ رہے

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو جس وقت سے حمل کی امید ہو، بچہ پیدا ہونے تک روزانہ روٹی کے ٹکڑے یا تشتری پر یہ آیت مع بسم اللہ کے لکھ کر پلانا، اسقاط سے محفوظ رکھے گا آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔فَاسْتَجَابَ لَھُمْ رَبُّھُمْ اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی بَعْضُکُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ

مریض کو بہت جلد شفا ملے

سورہ بقرہ کا تین مرتبہ روز پڑھنا، پھر کسی مریض پر دم کرنا بہت جلد مریض کو

خدا کے فضل سے شفاء دیتا ہے، تین روز کے بعد چار دن تک برابر سورۃ ال عمران کا پڑھنا پھر مریض پر دم کرنا مہلک مرض سے شفا بخشتا ہے۔ نیز طاعون یا ہیضہ غرض ہر ایک قسم کی معمولی اور غیر معمولی وبا اور شدت مرض کے لئے؛ ان دونوں سورتوں کو ملا کر گھر گھر جگہ جگہ پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے۔

طاعون سے حفاظت کیلئے

صبح کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ ال عمران پڑھکر؛ پانی پر دم کر کے سارے گھر والوں عزیزوں وقریبوں کو پلانا، انشاء اللہ بالضرور طاعون وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے عمل مجرب ہے ضرور کیا جائے۔

مسان سے بچہ کی حفاظت کا ایک مکمل علاج

سات مرتبہ الحمد للہ شریف، تین مرتبہ سورہ بقرہ اور تین دفع آل عمران پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے پھر اس پانی میں لکھنے کی سیاہی گھول کر چاہے جتنے تعویذ تیار کیے جائیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ، اور پیدا ہوتے ہی بچہ کے گلے میں ڈال دیا جائے اور بارہ سال تک برابر پڑا رہے، انشاء اللہ بچہ کی عمر دراز ہوگی اور ساری عمر مسان کی بیماری سے بچا رہے گا۔

اگر کسی کی بیوی بدنگاہ ہو

اگر کسی شخص کی عورت بدنگاہ ہو، گیارہ دن تک ہر روز اس آیت کا پڑھنا پھر پانی یا عرق وغیرہ کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اس عورت کو کھلانا، بالضرور اس کے اخلاق کو درست کرتا ہے آیت یہ ہے۔ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ

لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ۔

اگر دشمنوں کا خوف ہو

اگر کسی شخص کے دشمن بہت زیادہ ہوں، یا وہ شخص دشمنوں کے گھیرے میں پھنس گیا ہو اور اسے رات دن دشمنوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو وہ شخص اس آیت کو ایک سو اکیس مرتبہ رات کو اور اسی قدر صبح کو سورج نکلنے سے پہلے پڑھے انشاء اللہ کبھی کوئی دشمن کسی طرح کی اذیت نہ دے سکے گا۔ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ٥ اگر معاملہ نہایت سنگین ہو تو سوا لاکھ مرتبہ آیت مذکورہ کا ختم کرانا انشاء اللہ ایک ہی دن میں دشمنوں کی قسمت کا فیصلہ کرتا ہے۔ عمل مجرب ہے۔ ضرورت مند تجربہ کریں۔

کند ذہن بچہ کے لئے

اگر کند ذہن بچہ کو سات مرتبہ لکھ کر پانی میں گھول کر روز پلایا جائے اور طالب علم بھی خود تین مرتبہ رات کو عشاء کے بعد روز پڑھے انشاء اللہ عالم کامل فاضل بے بدل ہو جائے گا آیت یہ ہے وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا اگر یہ عمل روز نہ ہو سکے تو اول چاند سے سات تاریخ تک ضرور کرنا لازم ہے۔

مخلوق کی اذیت سے حفاظت کے لئے

حق گو واعظ یا حاکم یا قاضی یا مفتی کیلئے آیت وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ٥ نگینہ میں کندہ کرا کر انگوٹھی پہننا

ہر ایک قسم کی اذیت سے خلقت کی بدگوئی سے محفوظ رکھتا ہے اور عزت آبرو کی حفاظت کیلئے مجرب ہے۔

ناجائز تعلق ختم کرنے کیلیے

اگر کسی عورت کے خاوند نے کسی عورت سے ناجائز تعلق کر رکھا ہو تو ایک ہزار ایک مرتبہ اس آیت کا گیارہ روز تک پڑھنا پھر ہر روز پانی یا کھانے پر دم کر کے خاوند کو کھلانا بہت مفید ہے انشاء اللہ اس ناجائز عورت سے خود بخود نفرت ہو کر جدائی ہوگی آیت یہ ہے۔ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ.

بلا مشقت روزی ملے

رزق کی فراخی تجارت کی ترقی بے محنت حلال روزی ملنے کے لئے اس آیت کا گیارہ سو مرتبہ ہر روز پڑھنا دست غیب کا حکم رکھتا ہے بشرطیکہ عامل پاک صاف ہو آیت شریف یہ ہے اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۔

ہمیشہ کیلئے روزی کی تنگی دور ہو

رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا پھر سوا لاکھ مرتبہ مذکورہ بالا آیت کا پڑھنا ہمیشہ ہمیش عمر بھر کیلئے روزی کی تنگی سے محفوظ رکھتا ہے۔ بزرگون کا مجرب ہے۔

مکان میں کوئی وبا داخل نہ ہو

اگر کسی شہر میں طاعون یا ہیضہ۔ یا وبائی بخار یا کسی اور عالمگیر وبا کی شہرت ہو، اس آیت کا مکان کے دروازے پر اور مکان کے اندر کی دیوار پر لکھ کر لگانا نہایت مفید ہے

انشاء اللہ اس مکان میں وبا ہرگز داخل نہ ہوگی آیت شریفہ یہ ہے مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔

اگر ظالم کو مغلوب کرنا منظور ہو

اگر کسی شخص پر کوئی ظالم زبردستی کرتا ہو، بے جا ستاتا ہو اور مظلوم شخص اس ظالم کو مغلوب کرنا چاہے اکیس سو مرتبہ روشنی بند کر کے ننگے سر کھڑے ہو کر داہنا ہاتھ سینہ پر رکھ کر اس آیت کو سات دن تک برابر پڑھنا یقیناً دشمن کو زیر و مغلوب کرتا ہے آیت کریمہ یہ ہے وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ۔

ظالم کو برباد کرنے کیلیے

ظالم کو برباد کرنے کے لئے اس آیت کا اکتیس ہزار مرتبہ باوضو ہو کر پڑھنا تیر بہدف ہے فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ انشاء اللہ پہلے ہی دن مقصود حاصل ہوگا، ورنہ دوسرے دن پڑھے، زیادہ سے زیادہ تین روز تک پڑھنا کافی ہے۔

ضروری ہدایت

بلا وجہ معقول اور بلا ضرورت شرعی کے اس آیت کا ختم کرنا ناجائز ہے کہیں خود مبتلائے بلا نہ ہو جائے پھر علاج مشکل ہوگا، آیت بڑی جلالی اور غضبانی ہے۔

بے قصور الزام سے بری ہو

اگر چور کوئی ہو اور پکڑا کوئی گیا ہو، جرم کسی نے کیا ہو ذمہ کسی کے لگ گیا ہو پس جس شخص کے ذمہ ناحق الزام لگایا گیا ہو وہ ہر وقت اس آیت شریفہ کو پڑھے

انشاء اللہ الزام سے بری ہوگا اور اصل ملزم برآمد ہو جائے گا، آیت یہ ہے۔
وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ٥

دشمن کو دفع کرنا

دشمن کے دفعہ کرنے کی نیت سے سورۃ انعام کا تین مرتبہ پڑھنا نہایت اکسیر ہے۔

اگر مریض کا دل کھانے پینے سے اٹھ گیا ہو

اگر کسی مریض کا دل کھانے پینے سے ہٹ گیا ہو اس کو اکتالیس مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا نہایت مفید ہے انشاء اللہ جلد مریض کھانا پانی خود مانگے گا آیت یہ ہے۔ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ٥

اگر برادری ناجائز مخالفت کرے

اگر کسی شخص کا اس کی قوم برادری یا اہل وطن سے کسی دینی معاملہ میں نزاع ہو اور اس کی قوم اس سے مخالفت کرتی ہو عشا کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ اس آیت کا اکیس دن تک پڑھنا یک لخت قوم کی بے جا مخالفت کو خدا کے حکم سے دور کرتا ہے آیت شریف یہ ہے۔ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ۔ زیادہ ضرورت کے موقع پر تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا مناسب ہے۔

وقت نزع آسانی ہو

اگر کوئی مسلمان نزع کی حالت میں مبتلا ہو تو خود مریض ورنہ اس کے گھر والے

اس آیت کو بکثرت تلاوت کریں انشاء اللہ بہت جلد مشکل آسان ہوگی اور خاتمہ بالخیر ہوگا آیت یہ ہے۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ٥

زیارت نبویؐ حاصل ہو

اگر کوئی شخص جناب سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے، تو وہ جمعرات کے دن سے دوسرے جمعہ تک نو دن برابر اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے انشاء اللہ زیارت سے مشرف ہوگا، آیت شریف یہ ہے۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ٥

ہول، اضطراب اور خفقان کیلئے

ہول کے مرض، اضطراب قلب اور خفقان کیلئے منہ کے پانی سے اس آیت کا سات مرتبہ سات روز تک لکھ کر پلانا یا بارش کے پانی میں زعفران گھول کر سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا بفضلہٖ تعالیٰ بہت مفید ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔
اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ٥

اگر کسی کا کوئی حمایتی نہ رہے

اگر کسی جگہ کوئی شخص تنہا رہ گیا ہو اور وہاں کوئی شخص حمایتی اور طرفدار نہ ہو ایک سو اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ اجنبی لوگ طرفدار اور دوست بن جائیں گے آیت شریفہ یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ٥ تجربہ سے یہ عمل مفید ثابت ہوا ہے۔

درد سر کیلئے

جس شخص کے سر میں درد ہو اسکا ماتھا پکڑ کر ان آیتوں کا سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنا نہایت مفید ہے۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

پیٹ کے درد کے لئے

پیٹ کے درد کیلئے گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا مجرب ہے نیز اگر فاسق، فاجر، شرابی، افیونی، جواری وغیرہ ان آیتوں کو رات کو باوضو سو مرتبہ روزانہ اکیس دن تک پڑھے، تو انشاء اللہ سارے گناہ اور ناپاک خصلتیں چھوٹ جائیں نیز ہر ایک آفت مصیبت کے لئے ان آیتوں کا پڑھنا نہایت مفید ہے اور اسی طرح سات دن تک تین ہزار مرتبہ روزانہ ان آیتوں کا پڑھنا اسم اعظم کی تاثیر پیدا کرتا ہے۔

اگر اہل باطل سے جھگڑا ہو

اگر کہیں مسلمانوں کا کسی دوسرے مذہب والوں سے جھگڑا یا مقدمہ ہو یا کہیں کوئی وبائے عام اہل اسلام اور کفار میں پھیلی ہوئی ہو اور چاہیں کہ ہم اس وبائے عام سے محفوظ رہیں یا یہ مقدمہ ہم جیت جائیں تو تین ہزار تین مرتبہ سورہ بقرہ کی اخیر آیت رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ اور سورہ یونس کی یہ آیت وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ گیارہ دن تک متواتر پڑھنا نہایت مجرب اور مفید ہے۔

جھوٹا الزام رفع ہو جائے

اگر کوئی شخص کسی چوری یا جھوٹے الزام میں مطعون ہو اور اصل مجرم کی تلاش ہو رہی ہو اور یہ شخص چاہے کہ جھوٹا الزام مجھ سے رفع ہو جائے، تو آدھی رات کے بعد کھڑے ہو کر کلمہ کی انگلی آسمان کی طرف اٹھا کر، سو مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ انشاء اللہ تین روز میں الزام سے بری ہو جائے گا۔

اگر دوسرے سے اپنا حق وصول کرنا ہو

اگر کسی شخص کی تنخواہ کسی مالک پر چڑھ گئی ہو یا مزدور کی مزدوری کسی کے ذمہ ہو اور وصول نہ ہوتی ہو یا کسی شخص کو کوئی عمل یا ختم پڑھتے یا دعا مانگتے مدت گزر گئی ہو اور اس کی دعا قبول نہ ہوتی ہو تین دن تک عشاء کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی آیت شریف یہ ہے نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اگر تین روز میں کام نہ ہو تو سات دن تک پڑھے، انشاء اللہ ضرور مقصود حاصل ہوگا۔

نوکری حاصل کرنے کیلئے

اگر کسی عہدۂ ملازمت پر بہت سے امیدواروں کی درخواستیں گزر چکی ہوں ان میں سے کوئی امیدوار چاہے کہ میری درخواست منظور ہو تین روز تک اکیس ہزار مرتبہ یعنی سات ہزار سات مرتبہ ہر روز اس آیت کا پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ" انشاء اللہ سارے امیدواروں میں سے اس ختم کا پڑھنے والا عہدہ ملازمت پر قائم کیا جائے گا۔

اہل حقوق کے حق سے بری ہونے کیلئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ والدین اور سارے جہان کے بزرگوں اور حق داروں کے حق سے جبکہ وہ انتقال کر گئے ہوں، بری ہو جائے تو اس آیت کریمہ کو ہر روز سات مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ قیامت کے دن ان سب کے حقوق سے فارغ ہو کر قبر سے اٹھایا جائے گا۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ۔

حفظ قرآن کی آسانی کیلئے

اگر کسی شخص کو قرآن مجید یاد نہ رہتا ہو یا کسی کا دل نہایت آسانی سے قرآن کے حفظ کرنے کو چاہتا ہو وہ شخص ہمیشہ گیارہ گیارہ مرتبہ التحیات والا درود شریف اول آخیر پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھے۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○ اور تا حفظ قرآن روز اس عمل کو کرے، انشاء اللہ تعالیٰ نہایت سہولت سے قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔

ناراض دوست خوش ہو کر ملے

اگر کسی شخص کی باہم کسی دوست سے رنجش ہو گئی ہو اور ایک دوست دوسرے ناراض دوست سے ملنے اس کے مکان پر جائے اور یہ چاہے کہ میرا دوست مجھ سے ناراض ہو کر نہ ملے بلکہ راضی اور خوش ہو کر ملے تو راستہ میں گیارہ مرتبہ اور پھر اس کے مکان پر پہونچ کر سات مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ○ اور جب مکان کے اندر داخل ہو تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھے۔ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِیْنَ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

اگر شوہر یا ساس، سسر ناراض ہو جائیں

اگر کسی شخص کو دنیا دار برا کہتے ہوں یا عورت کو اس کا خاوند یا ساس سسر وغیرہ برا کہتے اور طعنے دیتے ہوں تو وہ ایک سو سات مرتبہ ان دونوں آیتوں کو ایک مجلس میں صبح کی نماز کے بعد اکیس روز تک پڑھے آیتیں یہ ہیں وَلَا یَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَیْثُ تُؤْمَرُوْنَ وَقَضَیْنَآ اِلَیْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِیْنَ ○ یہ آیت جلالی ہے۔ احتیاط شرط ہے بحث ضرورت کے وقت عمل میں لانا چاہیے تھوڑی سی بات میں اس عمل کو کرنا مناسب نہیں ہے۔

گائے بھینس کا دودھ بڑھانے کیلئے

اگر کسی جانور کا کسی بیماری کی وجہ سے دودھ خشک ہو جائے، تین روز تک پاؤ بھر چنے کا آٹا لیکر، گیارہ مرتبہ الحمد شریف اور گیارہ مرتبہ آیت وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ○ پڑھ کر آٹے پر دم کر کے جانور کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ پہلے سے زیادہ دودھ دینے لگے گا۔

اگر کسی پر جن یا بھوت کا اثر ہو

اگر عورت یا مرد پر آسیب کا اثر ہو اور واقعی کسی شخص پر جن یا بھوت پلید آتا ہو تین مرتبہ ان مبارک آیتوں کا مریض پر پڑھ کر دم کرنا اور تین بار کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کو دکھانا نہایت مفید اور مجرب ہے آیتیں یہ ہیں وَیَوْمَ نُسَیِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَی الْاَرْضَ بَارِزَةً وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا وَعُرِضُوْا عَلٰی رَبِّكَ صَفًّا لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۢ بَلْ

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا۔

سورۂ کہف کی بے نظیر تاثیر

سورہ کہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا، اس سورۃ کو روزانہ پڑھنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نور ایمان مین ترقی بخشتا ہے، جس مکان مین سورہ کہف پڑھی جائے گی کوئی شیطان یا چور اس مکان کا قصد نہ کریگا۔

دجال کے فتنے سے محفوظ رہے

سورہ کہف کی تین آیتین اول سے یاد کرنا، پھر ان کا ہر روز تین مرتبہ پڑھنا دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھے گا، اگر کسی شخص کو رات کو جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اٹھنے کی امید نہ ہو تو وہ شخص عشاء کی نماز کے بعد سورۃ کہف پڑھ کر سوئے انشاء اللہ جس وقت ارادہ کریگا اسی وقت آنکھ کھلے گی مجرب عمل ہے۔

تسخیر کا ایک مجرب عمل

کٓھٰیٰعٓصٓ داہنے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں پر اور حٰمٓ عٓسٓقٓ بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر دم کرنا، پھر وہ دونوں ہاتھ کی انگلیاں کسی شخص کی طرف کھول دینا تسخیر کے لئے مجرب ہے اور وہ اس طرح کہ ہر ایک حرف کے ساتھ ایک انگلی کو بند کرلی جائے، دس حرفوں کے ساتھ دسوں انگلیاں بند کرنے کے بعد جس کسی کی

طرف کھول دینا مقصود ہو دفعۃً کھولی جائیں، اس میں انشاء اللہ تسخیر کا فائدہ پیدا ہوگا۔

اگر بچہ بولنا شروع نہ کرے

اگر کوئی بچہ تین چار برس کا ہوجائے اور بولنا شروع نہ کرے، اس کو روزانہ اکیس روز تک ان آیتوں کا لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مفید اور مجرب ہے انشاء اللہ اکیس روز کے اندر بچہ بولنے لگے گا آیتیں یہ ہیں۔ قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِيًّا وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ وَلَمْ يَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِيًّا وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا۔

بد دین باپ کو دیندار بنانے کیلیے

جس شخص کا باپ جاہل شریعت کی نافرمانی کرتا ہو اور بیٹا شریعت کا تابعدار ہو اور باپ کو بھی خدا اور رسول کا تابعدار بنانا چاہے تو اکیس مرتبہ روزانہ اکیس دن تک یہ آیت پڑھ کر پانی یا کسی چیز پر دم کر کے پلائے انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا آیت یہ ہے يٰٓاَبَتِ اِنِّیْ قَدْ جَآءَنِیْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِیْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا۔

ہر طرح کے گھاٹے اور نقصان سے حفاظت کیلیے

اگر کسی ملازم کا عہدہ ختم ہو کر تنزل ہوجائے یا تجارت میں گھاٹا ہو یا آبرو لٹ گئی ہو، تو چالیس دن تک رات کے اندھیرے میں بیٹھ کر تین ہزار مرتبہ اس آیت کریمہ کا پڑھنا، انشاء اللہ کھوئی ہوئی عزت کو واپس لاتا ہے بگڑی ہوئی بات کو بناتا ہے، اگلے پچھلے نقصان کو پورا کرتا ہے اگر خلوص کے ساتھ پڑھا جائے تو

عمل نہایت مجرب اور مفید ہے آیت شریفہ یہ ہے وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِدْرِیْسَ اِنَّهٗ کَانَ صِدِّیْقًا نَّبِیًّا وَّرَفَعْنٰهُ مَکَانًا عَلِیًّا اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ مِنْ ذُرِّیَّةِ اٰدَمَ ۔

ظالم کو تباہ کرنے کیلئے

دشمن کے برباد کرنے اور ظالم کو تباہ کرنے کے لئے ،اس آیت کا اکیس ہزار مرتبہ سات دن تک ننگے سر پڑھنا بے حد مجرب اور مفید ہے۔آیت یہ ہے وَکَمْ اَهْلَکْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِکْزًا ۔

سانس پھولتا ہو یا دل گھبراتا ہو

سانس پھولتا ہو یا جس شخص کا سینہ بولنے میں یا چلنے میں کمزور ہو سانس چڑھتا ہو یا اس کے مزاج میں رعب غالب رہتا ہو یا مجمع کثیر میں گھبراتا ہو وہ ہر روز صبح کی نماز کے بعد اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھا کرے انشاء اللہ یہ سب باتیں جاتی رہیں گی آیت یہ ہے۔قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۔

جادو کا اثر زائل ہو جائے

اگر کسی شخص پر جادو کیا گیا ہو یا کسی کو جادو ہونے کا خوف ہو اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھکر پانی پر دم کرے اور سحر زدہ کو پلائے انشاء اللہ سات روز کے اندر جادو کا اثر زائل ہوگا۔آیت یہ ہے۔اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰی ۔

بانجھ عورت یا بے اولاد مرد کیلئے

بانجھ عورت یا بے اولاد مرد اگر اس آیت کو بسم اللہ کے ساتھ تین ہزار دفعہ روز ایک چلے تک پڑھے گا، انشاء اللہ بالضرور اولاد پیدا ہوگی۔آیت یہ ہے، رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۔

تہمت سے بری ہو

اگر کوئی شخص بے قصور متہم ہو جائے اور وہ چاہے کہ میں اس تہمت سے بری ہو جاؤں تو سات ہزار مرتبہ ایک جلسہ میں اس آیت کو عشاء کے بعد پڑھے، انشاء اللہ غیب سے اس کی برأت کی صورت پیدا ہوگی، آیت یہ ہے۔ رَبِّ احْکُمْ بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ۔

اگر حمل نہ ٹھہرتا ہو

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یا کچا حمل گر جاتا ہو تو اس عورت کے لئے زعفران سے لکھ کر عورت کے گلے میں تعویذ ڈالا جائے انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں حمل قرار پائے گا، اور اگر حمل ٹھہرے گا تو انشاء اللہ پورا بچہ ہوگا، کچا حمل ساقط نہ ہوگا لیکن اس آیت کی زکوۃ دینی لازم ہے سات روز تک برابر سات ہزار مرتبہ اس آیت کو ننگے سر رو بقبلہ بیٹھ کر پڑھے پھر ساتویں دن ختم کے بعد اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے آیت شریف یہ ہے۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّکِیْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَکَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَکَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ۔

اگر بارش نہ رکتی ہو

اگر کثرت سے بارش ہو رہی ہو اور کسی طرح بارش نہ رکتی ہو اور لوگ یہ چاہیں کہ بارش ختم ہو جائے اس آیت کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنا پھر کاغذ پر لکھ کر جنگلی کبوتر کے گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے انشاء اللہ فوراً بارش رک جائے گی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۔

کبھی اندھا نہ ہو

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ۔ تک اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ روز پڑھے، انشاء اللہ اس کی آنکھوں کا نور قائم رہے گا۔ اور کبھی اندھا نہ ہوگا، نہایت مجرب عمل اور نہایت موثر اور مفید ہے۔

باران رحمت کے لئے

اگر بارش نہ ہوتی ہو اور ضرورت ہو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس آیت کو لکھیں پھر اسے جنگلی کبوتر کے گلے میں دھاگے سے باندھیں انشاء اللہ سات روز کے عرصہ میں باران رحمت نازل ہوگی۔ آیت شریفہ یہ ہے، وَهُوَ الَّذِىْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِىَّ كَثِيْرًا۔

درد سلب کرنے کیلئے

اگر کسی کے بدن میں خواہ کسی جگہ درد ہو، اس درد کو سلب کرنے کے لئے یہ آیت کریمہ نہایت مجرب ہے۔ اور سلب کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ جس جگہ درد

ہو درد کی جگہ کو خود مریض اپنے ہاتھ سے دبا کر پکڑے اور تین مرتبہ اس آیت کو درد کی جگہ دم کرے، پھر دوبارہ درد کے مقام کو پکڑ کر پانچ مرتبہ آیت کو دم کرے، پھر ہاتھ ہٹائے پھر تیسری دفعہ میں سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر گیارہ مرتبہ پانچویں دفعہ میں اکیس مرتبہ دم کیا جائے انشاء اللہ بالضرور وہ درد جاتا رہے گا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا
مگر ہمیشہ یہ عمل سورج نکلنے کے بعد کیا جائے۔

جس شخص کے جوان بچوں کا عقد نہ ہوتا ہو

جس شخص کے بیٹے یا بیٹی کا عقد کہیں نہ ہوتا ہو، وہ شخص اس مراد کو پورا کرنے کیلئے ایک ہزار مرتبہ اکیس روز تک اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مراد حاصل ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا۔

اگر کسی کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو

اگر کسی شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو اور وہ انہیں تابعدار کرنا چاہے، وہ اکیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد پانچسو پانچ مرتبہ اس آیت کو پڑھے، آیت یہ ہے۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

رزق کی تنگی کیلئے

جس شخص کو رزق کی تنگی ہو وہ برابر چالیس دن تک سات ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھے اَلَّذِىْ خَلَقَنِىْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ وَالَّذِىْ هُوَ يُطْعِمُنِىْ وَيَسْقِيْنِ

اول اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ جو درود یاد ہو پڑھ لے انشاء اللہ خلوص کے ساتھ عمل کرنے سے بہت فائدہ ہوگا۔

باہمی اختلاف اور جھگڑے کیلئے

اگر کوئی شخص باہمی اختلاف کی وجہ سے کسی جھگڑے یا مقدمہ میں پھنس گیا ہو سات دن تک ایک ہزار تین سو تیرہ مرتبہ اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

اگر ڈنک والا جانور ڈنک مارلے

اگر کسی شخص کو بچھو یا بھڑ یا تتیا وغیرہ جانور ڈنک مارے اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر جھاڑے انشاء اللہ فوراً درد جاتا رہے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۔ ترکیب یہ ہے، کہ جس جگہ ڈنک مارا ہو، اس جگہ کو چٹکی سے دبائے اور تین مرتبہ آیت مذکورہ پڑھ کر پھونکے، دوسری مرتبہ سات دفعہ، تیسری مرتبہ گیارہ دفعہ چوتھی مرتبہ اکیس دفعہ انشاء اللہ بالکل تکلیف دور ہو جائے گی۔

اگر گائے بھینس، بکری کو نظر ہو جائے

اگر کسی جانور گائے بھینس اونٹنی بکری وغیرہ کو نظر ہو جائے پاؤ بھر مونگ کے آٹے پر سات مرتبہ اس آیت کو دم کر کے جانور کو کھلائیں، تین روز تک ایسا کریں۔ انشاء اللہ جانور نظر بد سے محفوظ رہ جائے گا۔ آیتِ شریفہ یہ ہے، نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ

اگر بھولا ہوا قرآن یاد کرنا چاہے

اگر کوئی شخص بے استاذ قرآن شریف حفظ کرنا چاہے، یا بھولے ہوئے

قرآن شریف کو یاد کرنا چاہے وہ ہر روز جب تک قرآن شریف یاد ہو ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے، مگر گیارہ مرتبہ اول آخر پہلے درود شریف پڑھے۔ آیت یہ ہے وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ۔ انشاء اللہ بہت جلد قرآن شریف یاد ہوگا۔ جو درود یاد ہو پڑھ سکتا ہے۔

اگر نیند میں بدخوابی ہو یا ڈر لگتا ہو

اگر کسی شخص کو رات کو سوتے ہوئے بدخوابی ہو یا نیند میں ڈرتا ہو، وہ اس آیت مبارکہ کو لکھ کر تعویذ بنا کر تکیہ کے غلاف میں رکھے انشاء اللہ جب تک اس تکیہ پر سوتا رہے گا، کبھی نہ بدخوابی ہوگی، نہ ڈرے گا آیت یہ ہے، يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًاۢ بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

جس گھر میں جن آسیب کا اثر ہو

جس گھر میں آسیب کا خلل ہو یا کسی پر اثر ہو سات مرتبہ اس آیت مبارک کو کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا اور مکان میں بطور نقش لگانا نہایت مفید اور مجرب ہے آیت شریف یہ ہے۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۔ لکھنے والا پہلے غسل کرے پھر دو رکعت پڑھ کر لکھے انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن جن آسیب وغیرہ وہاں سے رخصت ہو جائے گا اور پھر کبھی وہاں نہ آئے گا۔

اگر کسی عورت کو صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں

جس عورت کے صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو یا ہو کر مر جاتا ہو وہ عورت پورے نو مہینے تک ایام حمل میں روئی کے ٹکڑے پر اس آیت کریمہ کو

لکھکر نہار منہ کھائے، انشاء اللہ اس دفعہ لڑکا صاحب عمر پیدا ہوگا۔ آیت شریف یہ ہے يُذَبِّحُ اَبْنَآءَ هُمْ وَيَسْتَحْيِ نِسَآءَ هُمْ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْن۔ مجرب و مفید عمل ہے۔

اگر کسی عورت کا بچہ گم ہو جائے

اگر کسی عورت کا چھوٹا بچہ کھو جائے، اس آیت کریمہ کا ایک ہزار تین سو اکیس مرتبہ پڑھکر دعاء کرنا پھر اس آیت کو ایک سفید کاغذ پر تین مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھ کر کسی درخت پر لٹکانا خدا کے فضل سے بہت جلد بچہ کو واپس لاتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْن۔

اگر برے لوگوں کی جمعیت توڑنی ہو

اگر کسی شخص نے برے لوگوں کی ٹولی بنالی ہو اور کوئی یہ چاہے کہ اس جمعیت کو پراگندہ کرے ٹولی کو توڑے وہ تین سو ستائس مرتبہ اس آیت کو ایک سیر باجرے کے دانے سامنے رکھ کر پڑھے پھر وہ دانے جنگل میں لے جا کر پھینک دے سات روز تک یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ وہ مجمع منتشر ہو جائے گا، آیت شریفہ یہ ہے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَقِیْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ۔

طالب حق کے لئے ایک کامیاب وظیفہ

طالب حق سالک مرید کو اس آیت شریف کا ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔ آیت شریف یہ ہے وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا

لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ۔

جس شخص کا حج کرنے کو جی چاہے

جس شخص کا حج کرنے کو جی چاہتا ہو اور بظاہر کوئی سامان نہ بن پڑتا ہو، وہ شخص تین ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو عشاء کی نماز کے بعد روبقبلہ باوضوء ہو کر پڑھے، اور اکیس دن اس عمل کو کر کے چھوڑ دے پھر دوسرے مہینہ میں گیارہ دن کرے تیسرے مہینہ میں سات دن یہی عمل کرے، چوتھے مہینے میں پانچ دن یہ عمل پڑھے۔ انشاء اللہ ضرور کوئی نہ کوئی حج کا سامان پیدا ہو جائیگا، عمل مجرب ہے مگر خلوص اور محبت شرط ہے، آیت یہ ہے وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ۔

بڑی عمر میں تمام اعضا سلامت رہیں

جو شخص چاہے کہ بڑی عمر میں جا کر اس کے اعضاء میں فرق نہ آئے آنکھیں دانت وغیرہ قائم رہیں، اور کسی قسم کا ضعف نہ ہو وہ شخص ہمیشہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد یا دن کو ظہر کی نماز کے بعد پہلے گیارہ مرتبہ التحیات کا درود پڑھے اور پھر ایک ہزار ایک مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھے۔ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ یہ عمل میرے بزرگوں کا معمول ہے اور نہایت مجرب ہے۔

اگر کسی جھوٹے نے کسی سچے نیک آدمی کو مقدمہ میں پھنسا دیا ہو

اگر کسی بدمعاش نے نیک شخص پر مقدمہ لگایا ہو، کسی جھوٹے نے کسی سچے کو

گرفتار کرایا ہو، تو اس مقدمہ کے درمیان اس آیت کا سات کورے ٹھیکروں پر لکھ کر پرانے کنوئیں میں ڈالنا، جس میں پانی موجود ہو نہایت مفید ہے آیت یہ ہے۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُکِّرَ بِاٰیٰتِ رَبِّہٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْھَا اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِیْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ۔ سات دن تک برابر اس عمل کو کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مصیبت رفع ہوگی، ظالم برباد ہوگا۔

نافرمان کو مطیع کرنے کیلئے

اگر کسی کا لڑکا نوکر یا ملازم شرارت کرتا ہو، بھاگ بھاگ جاتا ہو اور والدین یا آقا کی اطاعت نہ کرتا ہو، اس نافرمان کو اگر مطیع کرنا منظور ہو، تو اس آیت کریمہ کو تین سو تیرہ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلانا یا کسی چیز پر دم کرکے کھلانا یا لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالنا مجرب ہے آیت شریف یہ ہے۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَھُمْ وَمِنْکَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّ اِبْرٰھِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ وَاَخَذْنَا مِنْھُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا لِّیَسْئَلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِھِمْ وَاَعَدَّ لِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا ۔

لشکر اسلام کو فتح ملے

اگر باہم لشکر اسلام اور لشکر کفار میں جنگ ہو رہی ہو، تو اس آیت شریف کا تیرہ سو تیرہ دفعہ روزانہ پڑھنا یا سوا لاکھ مرتبہ بطور ختم پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ آیت شریف یہ ہے۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ اِذْ جَآءَتْکُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْھِمْ رِیْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْھَا وَکَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا اِذْ جَآءُوْکُمْ مِّنْ فَوْقِکُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْکُمْ ۔

پہلے ختم میں مقصود حاصل ہوگا، ورنہ دوسرا ختم پڑھا جائے تیسرے ختم تک ضرور مقصود حاصل ہوگا اور لشکر اسلام کو فتح ہوگی۔

اگر کسی کی عورت بدچلن یا بدزبان ہو

اگر کسی کی عورت بدچلن ہو یا بدزبان ہو، شوہر کی اطاعت سے باہر رہتی ہو، وہ شخص اس آیت کو گیارہ سو مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے عورت کو پلائے، انشاء اللہ اطاعت قبول کرے گی۔ آیت شریف ہے وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاھِلِیَّةِ الْاُوْلٰی وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِیْنَ الزَّکٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا وَاذْکُرْنَ مَا یُتْلٰی فِیْ بُیُوْتِکُنَّ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ وَالْحِکْمَةِ اِنَّ اللّٰهَ کَانَ لَطِیْفًا خَبِیْرًا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت وہمکلامی کیلئے

حضور اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھنا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب میں ہم کلام ہونا اگر کسی کو مطلوب ہو تو جمعرات کے دن گیارہ ہزار مرتبہ اور شب جمعہ کو ایک ہزار مرتبہ اس آیت کریمہ کو باوضو قبلہ رو ہوکر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس رات کو حضور ﷺ کی زیارت اور ہم کلامی کی دولت سے مشرف ہوگا۔ آیت شریف یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

اگر کسی کو بے قصور الزام میں پھنسا دیا جائے

اگر کسی شخص کو بے گناہ کسی الزام میں پھنسایا گیا ہو خواہ وہ خود یا اسکے وارث ایک روز جمعرات کے دن کا رکھ کر شام کو سات ہزار سات سو مرتبہ اس آیت

شریف کو پڑھ کر دم کریں، انشاء اللہ ملزم بہت جلد الزام اور بہتان سے بری اور پاک ہوگا۔ آیت شریف یہ ہے۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا۔

مفقود الخبر کی واپسی کیلئے

اگر کسی شخص کا کوئی عزیز، قریب، دوست، بھائی بند، یا ملازم مفقود ہو گیا ہو، اور عرصہ سے اس کی کوئی خبر نہ لگی ہو اس کی خبر دریافت کرنے کے لئے اس آیت شریف کا پڑھنا، اور اس طرح عمل میں لانا نہایت مفید اور مجرب ہے اول تین روزے رکھے جائیں اور برابر تینوں روزوں میں اکیس اکیس سو مرتبہ اس آیت کو باوضوء قبلہ رو بیٹھ کر پڑھا جائے، اور پڑھنے کے بعد پانی پر دم کیا جائے، جب تین دن کا دم کیا ہوا پانی تیار ہو تب تھوڑی سی زعفران اور مشک اس پانی میں گھولی جائیں، پھر سفید کاغذ پر یہی آیت جو روزانہ پڑھی تھی تین مرتبہ لکھ کر کسی درخت پر لٹکائی جائے، انشاء اللہ تعالیٰ سات روز میں مفقود کی خبر مل جائے گی موت زندگی جو کچھ ہوگا، معلوم ہو جائے گا۔ عمل مجرب ہے۔ بس عقیدہ شرط ہے آیت شریف یہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِى الْاٰخِرَةِ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِى الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ۔

نہایت کمزور مریض شفایاب ہو جائے

اس آیت کو مشک و عنبر سے لکھ کر مریض کے سرہانے تکیہ میں رکھنا، نہایت کمزور مردہ صورت مریض کی شفاء کے لئے نہایت مفید ہے۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ

الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ شَىْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِىْ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ۔

اگر بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو

اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی رشتہ ہو جائے، تو وہ غرض مند تین ہزار تین سو تیرہ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس روز تک، اس آیت کو پڑھے اور اول آخر میں جو درود اسے یاد ہو گیارہ گیارہ بار پڑھے آیت یہ ہے۔ سُبْحٰنَ الَّذِىْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں مراد حاصل ہوگی عمل مجرب ہے۔

سخت سے سخت مریض اچھا ہو جائے

اگر سخت سے سخت مریض کے لئے شفاء کا حاصل کرنا منظور ہو تو سوا لاکھ مرتبہ اس آیت شریفہ کا ختم کرنا بے حد مفید اور مجرب ہے، اکیس سے زیادہ پڑھنے والے نہ ہوں اور نہ ہی گیارہ سے کم ہوں، سب کے سب وضو کریں پھر چار چار رکعتیں بطور صلوٰۃ توبہ کے پڑھکر پھر آیت کریمہ کا ختم شروع کریں مگر آیت کے شروع کرنے سے پہلے ہر ایک شخص گیارہ گیارہ مرتبہ صَلٰوةُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ پڑھے پھر آیت کریمہ پڑھے اور وہ آیت یہ ہے۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

سورۂ یٰسین کے فوائد

سورہ یٰسین شریف کو بیمار پر ایک مرتبہ روز پڑھکر دم کرنا جلد شفاء دیتا ہے نزع کی حالت والے کو اس مبارک سورۃ کا سنانا جلد مشکل آسان کرتا ہے رزق

کی ترقی کے لئے یا جس کے اولاد نہ ہوتی ہو، اولاد پیدا ہونے کے لئے تین مرتبہ اس مبارک سورۃ کا روزانہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے اگر کوئی مسافر سفر میں اس سورۃ کو روزانہ تلاوت کرلے گا، تو مع الخیر اپنے سفر سے واپس آئے گا۔ زچہ کو چلہ کے ایام میں اس کا دم کیا ہوا پانی پلانا صحت کے لئے نہایت مجرب عمل ہے۔ حاملہ کو روزانہ اس سورۃ کو پڑھ کر بتاشہ پر دم کر کے کھلانا مع الخیر حمل سے فارغ کرنے کے لئے عجیب وغریب اثر رکھتا ہے۔ الغرض یہ سورۃ قرآن مجید کا دل ہے اس کا عمل دو جہاں کی مصیبتوں کے لئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

اگر طاعون یا ہیضہ یا زلزلوں کی کثرت ہو

طاعون یا ہیضہ یا زلزلوں وغیرہ بلاؤں کے دفع کرنے کے لئے ان مبارک آیتوں کا ختم پڑھنا نہایت مجرب ہے آیتیں یہ ہے۔ سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ترکیب ختم یہ ہے؛ کہ اکیس آدمی باوضوء ہوکر ایک جگہ بیٹھیں، پھر گیارہ گیارہ مرتبہ استغفار اور گیارہ مرتبہ درود شریف التحیات والا پڑھ کر آیت مبارک کو شروع کریں اور ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھکر، پھر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ استغفار پڑھ کر؛ سب ملکر حصول مقصود کے لئے دعاء کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل مقصود جلد حاصل ہو جائے گا۔

اگر کسی مسلمان کا کسی کافر سے جھگڑا ہو

اگر کسی مسلمان کا کسی بت پرست سے یا ان کے کسی عبادت خانہ کی بابت مقدمہ یا نزاع واقع ہو رہا ہو، تو وہ شخص ایک ہزار تین سو تیرہ مرتبہ اس آیت کو

اکیس روز تک، روزانہ غسل کرنے کے بعد قبلہ رو ہوکر فتح اور نصرت کا کامل یقین جما کر پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ فتح ہوگی۔ آیت شریف یہ ہے۔ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ کَمْ اَهْلَکْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ۔ اس ختم کے پڑھنے کا وقت عشاء کی نماز کے بعد یا تہجد کی نماز کے بعد ہے دن میں پڑھنا مفید نہیں ہوگا۔

اگر کسی مسلمان کا کسی کافر سے مالی لین دین ہو

اگر کسی مسلمان کا کسی کافر سے مالی لین دین کے متعلق کوئی نزاع ہو جائے یا مقدمہ چل رہا ہو یا پنچایت ہو رہی ہو تو اکیس دفعہ عین ظہر کے وقت نماز سے پہلے سات روز تک ان آیتوں کا پڑھنا مخالف کو شکست فاش دیتا ہے۔ آیت یہ ہے اَمْ لَهُمْ مُّلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ جُنْدٌ مَّا هُنَالِکَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ۔

دکان یا کارخانہ کے چلنے کیلئے

دکان یا کارخانہ کے چلنے کے لئے ان مبارک آیتوں کا تین سو تیرہ دفعہ روزانہ پڑھنا اور مشک وزعفران سے لکھ کر بطور نقش دکان یا کارخانے میں لگانا، نہایت مفید اور مجرب عمل ہے، آیتیں یہ ہیں۔ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْکًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّیْحَ تَجْرِیْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَیْثُ اَصَابَ وَالشَّیٰطِیْنَ کُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ وَّاٰخَرِیْنَ مُقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِکْ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ اس عمل کے روزانہ پڑھنے کی ضرورت ہے۔ ایک دن کے ناغہ ہونے

سے ایک مہینہ کی تاثیر ختم ہو جائے گی۔

ہر بلا مصیبت سے حفاظت کیلئے

اگر کوئی جمعہ کے دن ؛ دسویں تاریخ محرم کو یہ آیت چاندی کے نگینہ پر کندہ کرا کر داہنے ہاتھ میں پہنے گا، انشاء اللہ ہر ایک قسم کی مصیبت اور بلا سے محفوظ رہے گا، کبھی اسکی سواری ریل یا جہاز تباہی میں نہ آئے گا، کبھی کوئی درندہ اسے قتل نہ کر سکے گا، کوئی جانور اسے ٹکر نہ ماریگا ساری عمر گھوڑے کی لات سے محفوظ رہے گا۔ خدا کے فضل سے یہ نقش حفاظت کا ایک قلعہ محکم ہے ۔آیت شریف اور صورت چاندی کے نگینہ کی یہ ہوگی۔

۷۸۶
الیس اللہ بکافٍ
عبدہ
۷۸۶

اگر اولاد نہ ہوتی ہو

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو، اور اس کا دل اولاد کو چاہتا ہو، یا کوئی دولت مند ہو مگر وارث نہ ہو اس کے لئے اس مبارک آیت کا سات سو سترہ مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے، ایک سال کے عرصہ میں انشاء اللہ اولاد پیدا ہو جائے گی ۔آیت یہ ہے۔ وَهُوَ الَّذِىْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ وَهُوَ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ۔

بانجھ عورت کی کوکھ کھل جائے

اکیس روز تک حیض منقطع ہونے کے بعد سیب یا ابلے ہوئے، چھلکا اترے ہوئے انڈے پر لکھنا، اور پھر عورت کو نہار منہ کھلانا، خدا کے فضل سے بانجھ عورت

کو اولاد بخشتا ہے۔ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا۔

ہر سواری پر حفاظت کیلئے

ریل یا کشتی یا جہاز یا گھوڑے وغیرہ کی سواریوں پر بیٹھنے سے پہلے تین مرتبہ اس آیت کا پڑھنا، خدا کے فضل سے ہر ایک آفت سے محفوظ رکھتا ہے آیت یہ ہے۔ سُبْحٰنَ الَّذِىْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔

جس بچہ کو پیلیا ہو جائے

جس بچہ کو پیلیا ہو جائے یا دودھ چھوڑ دے، اس آیت کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالدے یا کورے برتن میں لکھ کر اس میں پانی ڈالکر وہ پانی اس بچے کو پلادے نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۔

کبھی جن بھوت پاس نہ آئے

اگر کوئی شخص ان آیتوں کو لکھ کر کسی مریض آسیب زدہ کے پاس رکھے، یا یہ نقش زچہ کے پاس رکھا جائے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کوئی جن، بھوت، پلید پاس نہ آئے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـَٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِىْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔

اگرعورت کا دودھ خشک ہوجائے

اگر کسی عورت کا دودھ خشک ہو گیا ہو، اس کے گلے میں ان آیتوں کو لکھ کر ڈالنا اور ان آیتوں کے پانی سے سینہ کو دھونا، پھر اس پانی کو محفوظ دیوار پر چھڑکنا نہایت مفید ہے آیتیں یہ ہیں۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ فِیْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُهٗ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّی۔

اگر کسی نئے ملازم کو پرانے ملازمین اکھاڑنا چاہیں

اگر کوئی شخص کہیں نیا ملازم ہوا ہو یا کہیں سے بدل کر آیا ہو اور کمپنی کے ملازم اس کے آنے سے ناراض ہوں، اور اسکے اکھیڑنے کی ترکیب کرتے ہوں۔ تب یہ شخص سب کو زیر یا راضی کرنے کے لئے، اس آیت شریف کو نو سو دفعہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضوء روبقبلہ بیٹھ کر پڑھے، پھر پانی پر دم کر کے وہ پانی پاس رکھے گیارہ روز تک اسی طرح پڑھے بارہویں دن اس پانی میں زعفران گھولکر اس آیت کو بطور تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ عملہ کے سارے آدمی راضی ہو کر دوست ہو جائیں گے عمل نہایت مفید ہے، آیت کریمہ یہ ہے۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَیْءٌ عَجِیْبٌ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِیْدٌ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِیْظٌ۔

استقرار حمل کیلئے

حمل قرار پانے کے لئے تین کھجوروں پر مذکورہ آیت پڑھکر کھجوریں عورت کو کھلانا نہایت مفید ہے آیتیں یہ ہیں۔ وَالذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا

فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ وَّاِنَّ الدِّیْنَ لَوَاقِعٌ۔ ہر کھجور پر ایک سو اکیس مرتبہ آیت شریف کو پڑھ کر دم کیا جائے اور سات روز تک برابر یہ عمل کیا جائے، مفید و مجرب ہے۔

بانجھ عورت کے لئے

جب بانجھ عورت حیض سے پاک ہو، اس دن دو انڈے پانی میں ابال کر ان کا چھلکا اتار کر؛ سفیدی پر یہ دو آیتیں لکھی جائیں جو انڈا عورت کو کھلایا جائے، اس پر یہ آیت۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ۔ اور جو انڈا مرد کھائے اس پر وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ زوجین اپنا اپنا حصہ کھائیں، اور رات کو ہم بستری کریں۔ متواتر تین روز تک اسی طرح کیا جائے، انشاء اللہ ضرور امید پیدا ہوگی۔

رزق کی ترقی کے لئے

چاندی کے نگینہ پر دسویں محرم کو اس آیتِ مبارک کو کندہ کرا کر؛ اس کو انگوٹھی میں پہننا رزق کی ترقی کیلئے نہایت مفید عمل ہے۔ آیت شریف یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ ۔

اگر اپنے عزیز مردہ کو خواب میں دیکھنا چاہے

اگر کسی شخص کا بچہ، بیٹا یا بیٹی یا کوئی عزیز مر گیا ہو، پھر وہ خواب میں نہ آیا ہو اور دل اس کے دیکھنے کو چاہتا ہو، تو وہ شخص اکیسویں شب کو یا جبکہ اندھیری راتیں ہو جائیں، گیارہ سو مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد یہ آیت پڑھے۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّیَّتُهُمْ بِاِیْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِیْنٌ۔ انشاء اللہ تین روز اس عمل کے کرنے سے مراد پوری ہوگی۔

حاملہ کو لڑکا پیدا ہو

حاملہ عورت کو اکتالیس روز پان پر لکھ کر کھلانے سے انشاء اللہ خدا کے حکم سے لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ آیت شریف یہ ہے اَلَکُمُ الذَّکَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰی تِلْکَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِیْزٰی اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پہلے ضرور لکھی جائے۔

نظر بد دور ہو

نظر بد کا علاج یہ ہے؛ کہ لوبان پر اس آیت کریمہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرنے کے بعد اس لوبان سے مریض کو دھونی دی جائے۔ انشاء اللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا آیت یہ ہے۔ اِنْ هِیَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّیْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُکُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَی الْاَنْفُسُ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰی اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰی۔

جن، بھوت بھگانے کے لئے

سورۃ نجم کا تین مرتبہ آسیب زدہ مکان میں پڑھنا جن بھوت پلید کو مکان سے دور کرتا ہے، انتہائی مجرب و معمول ہے۔

مرض مسان کے لئے

جس عورت کو مسان کا مرض ہو، بچے مرجاتے ہوں تو اس مبارک سورۃ نجم کو ایک دفعہ مشک و عنبر اور زعفران سے لکھ کر تعویذ کے طور پر گلے میں ڈالنا، مسان کے مرض کو زائل کرتا ہے۔ اور جب بچہ پیدا ہو اسی طرح دوسرا تعویذ تیار کر کے بچہ کے گلے میں ڈالا جائے، انشاء اللہ مرض بالکل دفع ہو جائے گا۔

فاقہ سے محفوظ رہے

اس مبارک سورۃ نجم کو روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا، فاقہ سے محفوظ رکھتا ہے اور رزق میں ترقی اور مال میں برکت کا سبب۔

شریر بچہ کی شرارت ختم کرنے کے لئے

اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِکْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ۔ اس آیت کو سات مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے لکھ کر شریر بچے کو گھول کر پلانا، اور سات روز اسی طرح کرنا، بچہ کے دل میں نہایت صلاح پیدا کرتا ہے۔

زبان دراز خاوند کے لئے

جس عورت کا خاوند زبان دراز ہو، گالیاں بکتا ہو، اور عورت چاہے کہ مرد گالیاں بکنی بند کر دے، وہ عورت ایک ہزار ایک سو ایک مرتبہ گیارہ روز تک اس آیت کو پڑھے، اور خاوند کو پڑھا ہوا پانی پلائے، انشاء اللہ، بہت جلد مرد کے اخلاق درست ہونگے آیت شریف یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُکَ فِیْ زَوْجِهَا وَتَشْتَکِیْٓ اِلَی اللّٰهِ وَاللّٰهُ یَسْمَعُ تَحَاوُرَکُمَا اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ۔

اگر کسی مرد کا تعلق فاحشہ عورت سے چھڑانا ہو

اگر کسی شخص کا کسی فاحشہ وغیرہ سے ناجائز تعلق ہو گیا ہے، تو اس تعلق کو چھڑانے کے لئے اس مبارک آیت کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دعاء کرنا، پھر پانی وغیرہ پر دم کر کے مبتلا کو پلانا کھلانا، اور سات روز تک برابر یہی عمل کرنا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ کَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِیْرَتَهُمْ اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ۔

اگر عورت مرد سے چھٹکارا پائے

جو عورت اپنے شوہر سے طلاق چاہتی ہو، اور خاوند طلاق نہ دیتا ہو، وہ

عورت سورہ ممتحنہ کو گیارہ مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے، انشاء اللہ ضرور کوئی صورت اس کی رہائی کی ہوجائے گی۔

تہجد میں بیدار ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ رات کو تہجد کے وقت آنکھ کھل جائے، وہ گیارہ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر سوجائے بفضلہٖ تعالیٰ ٹھیک وقت پر آنکھ کھل جائے گی۔ آیت یہ ہے اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص۔

کبھی سر میں درد نہ ہو

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میرے سر میں کبھی درد نہ ہوتو وہ شخص سات مرتبہ سر پر ہاتھ رکھ کر صبح اور مغرب کی نماز کے بعد اس مبارک آیت کو پڑھے آیت یہ ہے یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر۔ انشاء اللہ نہ کبھی سر میں درد ہوگا اور نہ کبھی آنکھیں دکھنی آئیں گی، بزرگان دین کا مجرب و معمول ہے۔

اگر کسی کا آدمی یا جانور کھو جائے

اگر کسی شخص کا جانور یا آدمی کھو گیا ہو، تو وہ شخص ایک ہزار مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر؛ ایک مرتبہ کاغذ پر بطور تعویذ لکھ کر؛ پرانے بلند درخت پر لٹکائے، انشاء اللہ بہت جلد گم شدہ کا پتہ لگے گا مجرب عمل ہے آیتیں یہ ہیں زَعَمَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ یُّبْعَثُوْا قُلْ بَلٰی وَرَبِّیْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ وَذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرٌ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَالنُّوْرِ الَّذِیْٓ اَنْزَلْنَا وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ یَوْمَ یَجْمَعُکُمْ لِیَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِکَ یَوْمُ التَّغَابُنِ۔

مال اور اولاد میں ترقی کے لئے

ترقی اولاد اور ترقی مال کے لئے ایک آسان طریقہ یہ ہے، کہ روز صبح کی نماز کے بعد ایک سو تیرہ مرتبہ ان مبارک آیتوں کا پڑھنا، پھر مصلے سے اٹھتے ہی فوراً ایک روپیہ سے لیکر جہانتک ہو سکے کسی یتیم غریب کو خیرات کرنا؛ اور روزانہ تازندگی ایسا ہی کرنا غریب انسان کو امیر کبیر، اور صاحب اولاد کثیر بناتا ہے، خدا کا فضل درکار ہے۔ اور اعتقاد شرط ہے آیتیں یہ ہیں۔ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْہُ لَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ حَلِیْمٌ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

تنخواہ اور عہدہ میں ترقی کے لئے

ترقی تنخواہ کے لئے ؛ اور عہدہ بڑھنے کے لئے ؛ ان مبارک آیتوں کو تیرہ سو گیارہ مرتبہ روزانہ مغرب کی نماز کے بعد پڑھنا، اور ہمیشہ اس عمل کو کرنا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۔

نشہ آور چیز کا استعمال چھڑانے کے لئے

جو شخص شراب افیون یا کسی بھی قسم کا نشہ یا جوا وغیرہ حرام چیزوں کو چھوڑنا چاہے، وہ شخص تین روزے رکھ کر اکیس ہزار مرتبہ، یعنی سات سات ہزار مرتبہ روزانہ اس مبارک آیت کو نہایت باادب ہو کر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ساری بری خصلتیں اور گناہ کی عادتیں یک لخت زائل ہوجائیں گی۔ آیت یہ ہے۔ یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰہُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ نُوْرُھُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَبِاَیْمَانِھِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اولاد میں کثرت اور مال میں برکت کے لئے

اولاد میں کثرت؛ مال میں برکت کے لئے تین سو مرتبہ روزانہ باوضو روبقبلہ بیٹھ کر اس آیت کو پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ آیت یہ ہے فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا مَالَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا۔

سورۂ جن کی خاصیت

اس مبارک سورۃ کا ایک سفید کاغذ پر لکھ کر آسیب زدہ کو پلانا نہایت مجرب ہے۔

خواب میں ڈرتے اور رونے کیلئے

خواب میں ڈرنا، رونا، نیند کے اچاٹ ہو جانے کے دفعیہ کے لئے ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر؛ گلے میں ڈالنا، نہایت مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ۔

سر کے بھاری ہونے اور چکرانے کے لئے

سر کے درد کا علاج، چکرانے کا علاج سر بھاری بوجھل ہونے کا مجرب علاج یہ ہے کہ زعفران سے مریض کے ماتھے پر اس آیت مبارک کو لکھا جائے، انشاء اللہ سر کے سارے مرض زائل ہو جائیں گے آیت شریف یہ ہے۔ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ۔

حمل قرار پانے کے لئے

حمل قرار پانے کے لئے یا پورا حمل ہو کر بچہ پیدا ہونے کے لئے ان مبارک

آیتوں کا تین مرتبہ روزانہ پڑھنا اور پانی پر دم کر کے پلانا اور ایک چلہ عمل کرنا نہایت مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى۔

آنکھوں کی روشنی اور کانوں کے جملہ امراض کے لئے

قدرے چنبیلی کے تیل پر ایک سو اکتالیس مرتبہ اس مبارک آیت کو پڑھ کر دم کرنا؛ پھر اس تیل کو رات میں سوتے ہوئے سر میں ڈالنا؛ آنکھوں میں روشنی پیدا کرتا ہے اور کانوں کے جملہ امراض کو دور کرتا ہے، فضل الٰہی درکار ہے، عمل نہایت مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا۔

اگر کسی آدمی کو کسی جگہ سے اکھاڑنا منظور ہو

اگر کسی شخص کو مکان یا دوکان یا کسی جگہ سے دل برداشتہ کرنا، وہاں سے اکھاڑنا منظور ہو، تو ان مبارک آیتوں کو اکتالیس مرتبہ تین روز تک پینے کی کسی چیز پر دم کر کے پلانے یا کھلانے سے مقصود حاصل ہو جائے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِى الْحَافِرَةِ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ۔

کسی کو کسی جگہ سے دلبرداشتہ کرنے کے لئے

ان ہی مذکورہ آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر کسی درخت پر لٹکانا یا تانبے کے پترہ پر

کندہ کرا کر کسی پرانے کنویں میں ڈالنا بھی یہی مطلب پورا کرتا ہے مگر نیچے اس شخص کا نام؛ جسے کسی جگہ سے جدا کرنا منظور ہو اور پھر اس جگہ کا نام کہ جہاں سے جدا کرنا منظور ہو، ضرور کاغذ پر لکھنا یا پترہ پر کندہ کرانا چاہئے۔

دو آدمیوں میں جدائی ڈالنے کے لئے

اگر دو شخصوں میں جدائی ڈالنی منظور ہو، تو اس آیت مبارک کو کاغذ پر لکھ کر دونوں میں سے ایک کے تکیہ میں رکھے، انشاء اللہ فوراً جدائی ہو گی آیتیں یہ ہیں۔ یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِیْهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِیْهِ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ یَوْمَئِذٍ شَاْنٌ یُّغْنِیْهِ آیت لکھ کر؛ نیچے فلاں شخص فلاں سے جدائی ہو جائے، لکھا جائے اور فلاں فلاں کی جگہ دونوں کے نام تحریر کئے جائیں۔

اگر عورت مرد سے جدائی چاہے

اگر کوئی عورت اپنے مرد سے جدائی چاہے، تو وہ ایک کاغذ پر زعفران سے یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَیْئًا وَالْاَمْرُ یَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکائے، انشاء اللہ مقصود حاصل ہو گا مگر آیت لکھنے کے بعد اتنا اور لکھنا چاہئے کہ الٰہی! فلاں مرد کا اختیار فلاں عورت سے اٹھا لے اور فلاں فلاں کی جگہ عورت مرد کا نام لکھا جائے انشاء اللہ تھوڑی ہی مدت میں مطلب پورا ہو جائیگا۔

گھٹنوں کے درد اور پیروں کے رعشہ کے لئے

جس شخص کے پیروں میں رعشہ پیدا ہو، اور وہ کھڑے ہونے سے لاچار ہو یا کسی درد کی وجہ سے کھڑے ہو کر نہ چل سکتا ہو، تو وہ شخص پاؤ بھر روغن زیتون پر تین ہزار تین سو تیرہ دفعہ ان آیتوں کو پڑھ کر بہت زور سے دم کرے، پھر دن میں تین

مرتبہ، رات میں ایک دفعہ اس تیل کی ٹانگوں پر مالش کرے، انشاء اللہ بہت جلد رعشہ وغیرہ درد جو کچھ ہو گا سب کچھ جاتا رہے گا، اور ٹانگیں درست ہو جائیں گی آیتیں یہ ہیں۔ اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ یَّوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

کوئی درندہ اذیت نہ پہونچائے

اگر سامنے سے کوئی درندہ یا شیر یا سانپ یا بھینسا یا کتا وغیرہ آرہا ہو، تب تین مرتبہ ان اوپر کی آیتوں کو پڑھ کر اس کی طرف منہ کر کے دم کرے، تو درندہ اپنی اذیت سے پڑھنے والے کو محفوظ رکھتا ہے۔

اگر روزہ میں شدید پیاس لگے

اگر گرمی کے رمضان المبارک میں یا کسی دوسرے روزہ میں، پیاس شدت سے لگ رہی ہو، اس وقت پانی پر تین مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر دم کر کے منہ دھونا فوراً پیاس کو دور کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِیْمِ یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ وَفِیْ ذٰلِكَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِیْمٍ عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ۔

ولادت کی آسانی کے لئے

بچہ مع الخیر پیدا ہونے کے لئے ایک کاغذ پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھ کر، پھر ساری سورۃ اخلاص لکھ کر نیچے اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ۔ لکھ کر، دردزہ والی عورت کے پیٹ پر رکھنا، ولادت کی مشکل کو آسان کرتا ہے۔ عمل نہایت مجرب ہے۔

دشمن بہت جلد برباد ہو

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ سے لیکر عَذَابُ الْحَرِیْقِ تک تیرہ ہزار مرتبہ ایک شخص کا ایک رات اور ایک دن کے عرصہ میں پڑھنا، اور نیت اپنے دشمن کی ہلاکت کی کرنا، بہت جلد دشمن کو برباد کرتا ہے طریقہ یہ ہے کہ چوبیس گھنٹہ کا روزہ رکھے، مغرب کے وقت صرف ایک گھونٹ آب زم زم سے روزہ افطار کرے، پھر غسل کرنے کے بعد وظیفہ شروع کرے، انشاء اللہ بہت جلد کامیاب ہوگا۔

جس گھر میں سانپ بچھو نکلتے ہوں

جس گھر میں سانپ بچھو نکلتے ہوں، وہاں سورۃ طارق کو کاغذ پر لکھ کر دیوار پر لگانا نہایت مجرب ہے۔ انشاء اللہ پھر کوئی سانپ یا بچھو نظر نہ آئیگا، اور اگر باہر نکل بھی آئے گا؛ تو کسی کو اذیت نہ پہونچائے گا۔

بانجھ عورت صاحب اولاد ہو جائے

اگر بانجھ عورت سات دن تک ایام حیض میں چینی کی تشتری پر اس آیت کو لکھ کر پیتی رہے، اور جب پاک ہو کر غسل کرے، تو شوہر کے پاس جائے تین ماہ تک ہر مہینہ یہی عمل کرے، انشاء اللہ صاحب اولاد ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔
لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ۔

جس عورت کے بچے مرجاتے ہوں

جس عورت کے بچے مرجاتے ہوں؛ اس کے لئے حمل کے پہلے مہینہ میں پاؤ بھر دیسی اجوائن، آدھ پاؤ سیاہ مرچ، ڈھائی پاؤ شہد خالص پر، چاند کے شروع میں پیر کے دن اشراق کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ الشمس کو پڑھ کر دم کرنا، پھر روزانہ ایام حمل میں ایک چٹکی اجوائن تین دانہ سیاہ مرچ کے ساتھ ایک انگلی

شہد کی روزانہ کھلانا نہایت مفید عمل ہے۔ اگر بچہ کے دودھ پلانے تک استعمال کیا جائے تو نہایت اولیٰ ہے اگر اشیاء ختم ہو جائیں تو دوبارہ پھر پڑھکر تیار کر لی جائیں۔

نوکری لگنے کے لئے

رزق کی ترقی کے لئے نوکری لگ جانے کیلئے اس مبارک سورۃ الشمس کا اکتالیس مرتبہ پڑھنا، پھر اکتالیس پیسہ راہ خدا میں صرف کرنا، اکتالیس روز تک برابر یہی عمل کرنا نہایت مفید ہے مگر بد بودار اشیاء کا استعمال کرنا منع ہے، ورنہ عمل میں اثر پیدا نہ ہوگا۔

امتحان میں پاس ہونے کے لئے

ترقی علم کے لئے، امتحان میں پاس ہونے کے لئے سات سو مرتبہ روزانہ اکیس دن تک عشاء کی نماز کے بعد ان مبارک آیتوں کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے نہایت عمل مجرب ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ كٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ یہ دس حرف ہیں کاف سے شروع کرے ق پر ختم کرے، ہر حرف کے ساتھ ایک انگلی بند کرے، مگر اس طرح کہ سب سے پہلے داہنے ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے، پھر جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں، تب آہستہ سے سورہ فیل پڑھنی شروع کرے، جب تَرْمِیْهِمْ کے لفظ پر آئے تو اس لفظ کو دس مرتبہ کہے، اور ہر دفعہ اس لفظ کے پڑھنے کے ساتھ ایک انگلی کھولتا چلا جائے، پھر باقی کو ختم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بالضرور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

لاولد صاحب اولاد ہو جائے

لاولد شخص کا سورۂ کوثر کو پانسو مرتبہ روزانہ تین ماہ تک پڑھنا، بفضلہٖ تعالیٰ صاحب اولاد کرتا ہے، بہت سوں پر تجربہ کیا ہے، مفید پایا ہے۔

جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو

جس شخص کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو، وہ اگر اس سورۂ کوثر کو سات سو دفعہ صبح کی نماز کے بعد اکتالیس روز تک پڑھے گا، انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد زندہ رہے گی اور ہمیشہ اس کا نام جاری رہے گا۔ الغرض ہر ایک مراد کے حاصل کرنے کے لئے سورۂ کوثر کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔

ہر قسم کی آفات سے بچوں کی حفاظت کے لئے

سورۂ فلق اور سورۃ الناس پڑھ کر بچوں پر دم کرنا، نظر بد سے، جادو سے، جن و آسیب کے خلل سے، نیز جملہ آفات وبلیات سے بچوں کو محفوظ رکھتا ہے بڑے آدمی کا پڑھنا اس کو ہر ایک قسم کی مصیبتوں سے بچاتا ہے۔ ان سورتوں کو حفاظت کا قلعہ فرمایا گیا ہے۔

مسان سے بچہ کی حفاظت کے لئے

سورۃ زلزال کا سترہ مرتبہ روزانہ سات دن تک چار تولہ باجرہ کے آٹے پر پڑھ کر دم کرنا، پھر اسے روزانہ مرغ کے سفید چوزہ کو کھلانا، آٹھویں روز اس بچہ کو ذبح کر کے؛ اس کے گوشت کو تین حصہ کر کے؛ تین روز تک روزانہ ایک حصہ کی یخنی بنا کر پلانا، بچہ کو مسان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

دشمن کو برباد کرنے کے لئے

سورۃ قارعہ کو دشمن کافر کے برباد کرنے کے لئے پڑھنا نہایت مفید ہے۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ سات دن تک متواتر روزہ رکھ کر پرہیز جلالی کر کے،

روزانہ سات سو تیرہ مرتبہ اس مبارک سورۃ کو فجر کی نماز کے بعد دو پہر تک پڑھے، مگر جس وقت یَوْمَ یَکُوْنُ النَّاسُ کَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ آیت پر آئے تو یہاں دشمن کے غارت ہونے کا تصور کرے اور اسی طرح عمل پورا کرے، انشاء اللہ سات روز کے عرصہ میں مقصود حاصل ہوگا، ناجائز مقصد میں اس عمل کا کرنا منع ہے ورنہ اپنی جان کا خطرہ ہے احتیاط شرط ہے۔

جن بھوت آسیب کے دفع کرنے کا مجرب علاج

حیاۃ الحیوان میں دلائل النبوت امام بیہقی سے منقول ہے کہ ایک دن حضرت سماک بن خرشہ رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت مبارک میں حاضر ہو کر عرض کیا، کہ یارسول اللہ رات کو میرے مکان میں چکی چلنے کی آواز آئی پھر یک بیک متواتر بجلی چمکتی نظر آئی، جب غور سے دیکھا تو ایک کالی گھٹا سی مکان کے صحن میں معلوم ہوئی، اس کالی گھٹا میں سے انگارے میری طرف کو اڑتے ہوئے آئے حضور اکرم ﷺ نے یہ سن کر فرمایا کہ تیرے گھر میں جن ہے اے سماک! تم قلم دوات کاغذ لاؤ؛ میں اس جن کو پیغام لکھتا ہوں، میرا خط اس جن کو دکھانا حضرت سماک رضی اللہ عنہ قلم دوات لائے، حضور ﷺ نے جنات کے نام خط مبارک تحریر کرایا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط روئے زمین کے جنات کے نام

حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے علی لکھو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ هٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اِلٰی مَنْ یَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَلَا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ اَمَّا بَعْدُ:

فمالنا ولکم فی الحق سعۃ فان کنت عاشقا مولعا او فاجرا مقتحما فھذا کتاب اللہ ینطق علینا وعلیکم بالحق انا کنا نستنسخ ما کنتم تعملون ورسلنا یکتبون ما تمکرون اترکوا صاحب کتابی ھذا وانطلقوا الی عبدۃ الاصنام والی من یزعم ان مع اللہ الھا آخر لا الہ الا ھو کل شئ ھالک الا وجھہ لہ الحکم والیہ ترجعون حم ینصرون حم عسق تفرق اعداء اللہ وبلغت حجۃ اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔ حضور اکرم ﷺ نے اس نامہ مبارک کو حضرت علیؓ سے لکھوا کر حضرت سماکؓ کو عطا فرمایا حضرت سماکؓ نے رات کو حضور اکرم ﷺ کا وہ نامہ اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیا تھوڑی دیر کے بعد مکان کے اندر سے رونے فریاد کرنے کی آواز آئی ہائے مر گیا! ہائے جل گیا! اے سماک! میں اب نہ تیرے گھر میں آؤں گا، نہ تیرے پڑوس میں رہوں گا، مجھ کو معاف کر دے چھوڑ دے حضرت سماکؓ نے کہا کہ میں جب تک حضور ﷺ سے عرض نہ کروں گا ہرگز نہ چھوڑوں گا حضرت سماکؓ نے صبح کی نماز حضور اکرم ﷺ کے پیچھے پڑھی اور رات کا واقعہ عرض کیا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اے سماک! جنات کی قوم پر رحم کر اور وہ نامہ مبارک ہٹا لے، خدا کی قسم قیامت تک جنات اسی طرح عذاب میں مبتلا رہیں گے، حضرت سماکؓ نے وہ نامہ مبارک تکیہ کے نیچے سے ہٹا لیا، وہ سارے جنات غائب ہو گئے اور پھر اس مکان میں کبھی نہ آئے۔

اس نامہ مبارک کی تاثیرات

لوگو! یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نامہ سارے جہاں کے جنات کے

نام لکھا ہوا ہے اس کو آسیب زدہ مکان میں رکھنا یا جس شخص پر جن آتا ہو اس نامہ مبارک کو لکھ کر اس کو دکھانا نہایت مفید اور بیحد مجرب ہے ہر ایک مسلمان کو اس پر عمل کرنا مناسب ہے مگر اس نامہ مبارک کی زکوٰۃ دینی لازم ہے بغیر زکوٰۃ دیئے کامل اثر نہ ہوگا کیونکہ ہماری زبانیں گناہوں سے ملوث ہیں ہمارے منہ بدبودار ہیں اس لئے اس نامہ مبارک کی کثرت سے کچھ تلاوت کرنا اس کی زکوٰۃ ہے اور اس میں زیادہ نفع کی امید ہے۔ زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ آدھی رات کے بعد غسل کرے غسل کے بعد بارہ رکعت تہجد کی پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اسکے بعد ایک سو اکیس مرتبہ نامہ شریف تلاوت کرے، اس کے بعد اس نامہ کو سفید کاغذ پر کالی سادہ سیاہی سے لکھ کر آسیب زدہ کو دکھائے یا مکان میں رکھدے، انشاء اللہ اسی دن پڑوسیوں تک سے سارے جنات آسیب، بھوت، پلید سب دور ہو جائیں گے، عمل نہایت مجرب ہے، اس خاکسار راقم الحروف نے بذات خود بارہا آزمایا نہایت مجرب پایا ہے مجھے امید ہے کہ مسلمان اس روحانی خزانہ سے محروم نہ رہیں گے اور جن لوگوں کو آرام و نفع ہو تو اس عاجز محمد ہاشم جیوالوی کو ضرور دعائے خیر میں یاد فرمائیں گے۔

سفلی جادو کا علاج

مواہب لدنیہ میں کتاب مدخل سے نقل کیا گیا ہے؛ کہ شیخ ابو محمد مرجانی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں تشریف لا کر یہ علاج تلقین فرمایا خدا کے فضل سے عمل نہایت موثر و مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے، ایک مرتبہ آیت کریمہ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ آخیر سورۃ تک اور ایک مرتبہ آیت وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَاھُوَ

شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اور ایک مرتبہ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ آخیر سورۃ تک اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ کاغذ یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پھر یہ دعا لکھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْيِىْ وَاَنْتَ الْمُمِيْتُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ الْمُبْلِى وَاَنْتَ الشَّافِىْ خَلَقْتَنَا مِنْ مَّاءٍ مَّهِيْنٍ وَجَعَلْتَنَا فِىْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا يَا مَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتِلَاءُ وَالْمُعَافَاةُ وَالشِّفَاءُ وَالدَّوَاءُ اَسْئَلُكَ بِمُعْجِزَاتِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَبَرَكَاةِ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحُرْمَةِ كَلِيْمِكَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ ۔ اور پھر پلیٹ کے نقش و حروف کو گھولکر مریض کو پلائے جائیں پھر متواتر سات دن تک سورج نکلنے سے پہلے یہ عمل کیا جائے انشاء اللہ کیسا ہی جادو ہو اتر جائے گا مریض تندرست ہو جائیگا عمل نہایت متبرک خود فخر المرسلین ﷺ کا تلقین فرمایا ہوا ہے۔

فقر اور تنگی معاش کا علاج

مواہب لدنیہ میں روایت ہے؛ کہ ایک شخص حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ عرض کیا کہ یا رسول اللہ! دنیا میری طرف سے پیٹھ پھیر کر چلی گئی حضور ﷺ نے فرمایا کہ فرشتوں کی تسبیح پڑھا کرو، عرض کیا کہ حضور ملائکہ کی تسبیح کیا ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ سو مرتبہ، استغفار سو مرتبہ، یہ سن کر یہ شخص چلا گیا اور چند روز کے بعد آیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ خدا نے مجھے اتنا دیا کہ میرے گھر میں

رکھنے کے لئے جگہ نہ رہی۔

اگر عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو، تو مذکورہ آیت کریمہ لکھ کر پانی میں دھو کر پلائیں، انشاء اللہ ضرور حمل رہے گا اور تعویذ بنا کر پشت پر باندھیں آزمودہ ہے خدا نے چاہا تو حمل رہے گا، آیت شریفہ یہ ہے۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاءُ الذُّكُوْرَ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَاءُ عَقِيْمًا۔

اگر کسی صدمہ کی وجہ سے حمل گر جاتا ہو

اگر بالدوام حمل ساقط ہو جاتا ہو یا کسی صدمہ کی وجہ سے گر جاتا ہو تو اس آیت کریمہ کا تجربہ کریں، تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ حمل محفوظ رہے گا، آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَىْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۔ وَاِنِّىْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔

محبوب تا زندگی مسخر ہو جائے

برائے حب گڑ یا پانی یا کسی اور کھانے کی چیز پر، تین مرتبہ مذکورہ ذیل آیت پڑھکر کھلائے، انشاء اللہ محبوب تا زندگی مسخر ہو جائے گا، مگر واضح رہے کہ بدکاری کے واسطے نہ پڑھے، ورنہ فائدہ نہ ہوگا آیت شریفہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ
نوٹ: دم کرتے وقت طالب اور مطلوب کا نام ضرور لینا چاہئے۔

جن وآسیب کو دفع کرنے کیلئے

سورہ والسماء والطارق سات مرتبہ پڑھکر آسیب زدہ کے داہنے کان میں دم کریں اور آذان دیں اور بائیں کان میں تکبیر کہیں، انشاءاللہ جن وآسیب وغیرہ سب دفع ہوجائیں گے۔

جن وغیرہ کو دور کرنے کیلئے

برائے جن وغیرہ سورہ قل اعوذ برب الناس پوری سورت ایک سو مرتبہ پڑھ کر ایک چھٹانک اجوائن پر دم کریں اور مریض کو بیس روز تک کھلائیں۔

اگر مکان پر جن کا قبضہ ہو

اگر مکان میں جن وغیرہ ہر وقت ستاتا ہو یا تکلیف دیتا ہو تو انشاءاللہ بالکل آرام ہوجائے گا، چار لوہے کی میخیں لیکران پر بیس بیس مرتبہ یہ آیت شریفہ تلاوت کریں اور اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور مکان کے چاروں کونوں میں ایک بالشت نیچے ٹھوک دیں جس مکان میں جن وآسیب کا اثر ہوگا، بالکل جاتا رہے گا، آیت شریفہ یہ ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۝

بانجھ پن کا مجرب علاج

جس عورت کو اولاد نہ ہوتی ہو چالیس لونگ لیکر ہر ایک لونگ پر اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سات سات مرتبہ آیت شریفہ پڑھیں۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِىْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ۔

عمل کی ترکیب: جب عورت غسل حیض سے پاک ہوجائے، تو صاف کپڑے پہنے اور ایک لونگ روزانہ سوتے وقت کھائے اور بعد میں پانی وغیرہ نہ پیئے اور میاں بیوی گاہ بگاہ صحبت کرتے رہیں، انشاءاللہ ضرور حمل قرار پائے گا۔

اگر مرد بیوی کے پاس جاکر مغلوب ہوجاتا ہو

جس وقت مرد برائے صحبت مکان میں داخل ہو تو اسوقت یہ آیت پڑھے۔
رَبِّ اَنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ اور تین مرتبہ پڑھکر دروازہ کے اندر داہنا پاؤں رکھے، انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب اور غالب رہے گا۔

تلی کا بڑھنا

اگر کسی کی تلی بڑھ جائے اور لاعلاج ہوجائے، تو یہ آیت شریفہ لکھ کر تعویذ بنا کر تلی کی جگہ باندھے، ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ۝

عورت کو دودھ کم اترنا

اگر کسی عورت کے پستانوں میں دودھ کم اترتا ہو اور بچہ بھوکا رہتا ہو، تو ترقی دودھ کے لئے یہ آیت شریفہ نمک یا ماش (اُڑد) کی دال پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور عورت کو وہ نمک یا دال کھلائیں، انشاءاللہ بہت کثرت سے دودھ اترے گا، آیت یہ ہے۔
وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْ م

مِّنۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ٥

اگر گائے بھینس بچہ نہ چٹاھائے

اگر گائے بھینس لوارد (بچھیا) نہ لگائے اور دودھ نہ دے تو تین روز تک یہ عمل کرے کہ بمی کی مٹی نارمٹی میں ملا کر پانی میں ڈال کر دیگچی میں گرم کرے اور اس پر درج ذیل آیت شریفہ پڑھکر دم کرے جب مٹی اور پانی پک کر ایک ہوجائے اور سرد ہوجائے تو ایک لکڑی پر کپڑا لپیٹ کر مٹی میں بھگوئیں اور گائے بھینس کے (ناک) یعنی تھنوں پر پھیریں اور نیچے تشلہ رکھیں تا کہ پانی زمین پر نہ گرے ورنہ بے ادبی ہوگی اور یہی کپڑا لوارد (بچھیا) کے منہ پر بھی پھیریں، نظر جاتی رہے گی، انشاء اللہ فوراً اثر ہوگا، آیت شریفہ یہ ہے۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِىْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ۔

چور معلوم ہوجائے

چند پتے لیمو کے لیں اور ہر پتہ پر مذکورہ ذیل آیت لکھیں اور جن پر چوری کا شک ہو انکا نام نیچے لکھیں اور جلتی آگ میں ڈالدیں، جو چور ہوگا اس کے پیٹ میں درد ہوگا اور بے قرار ہوگا، بارہا کا تجربہ کیا ہوا ہے، آیت یہ ہے۔

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ۔
الٰہی بحق اس آیت یہ کام کردے۔

اگر کسی کو سانپ ڈس لے

اگر کسی آدمی کو زہریلا سانپ کاٹ لے تو یہ عمل کرے انشاء اللہ بہ اثر کرفوراً آرام ہوگا عمل یہ ہے کہ جو شخص خبر لائے کہ فلاں کو سانپ نے کاٹ لیا تو اس کی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے یہ آیت شریفہ سات مرتبہ لکھے، آیت یہ ہے۔

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِىَ حَيَّةٌ تَسْعٰى قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى۔

دل کی گھبراہٹ و بے چینی کیلئے

اگر کسی کو ہول ہوتی ہو اور دل گھبراتا ہو نہ رات کو نیند آتی ہو نہ دن کو تو یہ آیت شریفہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دے اور دھاگہ اتنا لمبا ہو کہ سینے تک لٹکا رہے آیت شریفہ یہ ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔

بچھو کا ڈسنا اور اس کی جھاڑ

اگر کسی کو بچھو کاٹ لے تو فوراً یہ عمل کرے کہ پہلے دیکھے کہ اس آدمی کو دائیں طرف کاٹا ہے یا بائیں طرف اگر دائیں طرف کاٹے تو بائیں کان میں اور اگر بائیں طرف کاٹے تو دائیں کان میں آیت قطب پڑھکر دم کرے انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا، آیت قطب چوتھے پارہ رکوع سات میں ہے، اور وہ یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَىْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَىْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِىْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِىَ اللّٰهُ مَا فِىْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِىْ قُلُوْبِكُمْ

وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔

استقرار حمل کے واسطے عمل

اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو تو کالی مرچ اور اجوائن پر ستر مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھکر دم کرے۔ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ۔ اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور سات مرتبہ سورہ کافرون اور سات مرتبہ سورہ مزمل اور گیارہ مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھ کر دم کرے اور بانجھ عورت سات عدد کالی مرچ اور ذرا سی اجوائن ملا کر کھائے اور بالدوام کھاتی رہے جب تک حمل قرار نہ پائے، انشاء اللہ مفید ہوگا بارہا کا مجرب ہے۔

پیشاب کا بند پڑ جانا

اگر پیشاب کا بند پڑ جائے تو فوراً یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ، لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ یُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ۔ انشاء اللہ بند کھل جائے گا۔

دل گھبرانا (خفقان)

اگر کسی کا دل گھبراتا اور دھڑکتا ہو تو اس آیت کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ۔ انشاء اللہ گھبراہٹ دور ہو گی۔

برے خواب دیکھنا

اگر کسی کو برے خواب ستاتے ہوں تو یہ آیت شریفہ لکھ کر تعویذ بنا کر گلے

میں ڈالدیں انشاء اللہ برے خواب آنے بند ہو جائیں گے۔ آیت یہ ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

سردی سے بخار آنا

بخار آنے سے پہلے مذکورہ ذیل آیت تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے، آیت شریفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔ صحیح ومجرب ہے۔

حاکم کو مطیع کرنا

اگر حاکم کو اپنا مطیع کرنا ہو تو مذکورہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھکر ہاتھ اور منہ پر دم کرے اور پھر حاکم وامیر کے سامنے جائے تو انشاء اللہ بالکل مطیع وفرمانبردار ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

فَلَمَّا رَاَیْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ ۔

حاکم وبادشاہ یا امیر کو مسخر کرنا

اگر ان میں سے کسی سے کوئی کام نکالنا ہو تو چاہئے کہ دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھ کر تین مرتبہ آیت قطب پڑھے اور خوب دعا کرے اور پھر ان کے سامنے جائے، انشاء اللہ مطلب برآمد ہوگا، آیت قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا

قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔

مرض پہچاننے کا طریقہ

مریض کا رات کا اوڑھا ہوا یا پہنا ہوا کپڑا لیکر ناپے اور اس پر تین مرتبہ سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی اور ایک مرتبہ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى من طِيْنٍ لازب اور ایک مرتبہ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۥ اور ایک مرتبہ قل اعوذ برب الفلق تمام اور ایک مرتبہ سورہ ناس تمام پڑھ کر دم کرے اور پھر ناپے اگر کپڑا بڑھ جائے تو شیطانی اثر ہے لہٰذا سورہ روم وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ تک لکھ کر گلے میں ڈالے اور اگر گھٹ جائے تو جن یا جادو کا اثر ہے چاہئے کہ تمام آیتیں جو کپڑے پر دم کی ہیں اور سورہ جن لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں اور اگر نہ بڑھے اور نہ گھٹے بلکہ برابر ہی رہے تو بدنی مرض ہے وہی تمام آیتیں جو کپڑے پر دم کی ہیں اسی طریق سے پانی پر دم کر کے مریض کے قدموں اور کپڑوں پر چھڑک دیں۔

چیچک سے حفاظت کے لئے

یہ آیۃ لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ چیچک نہ نکلے گی اور اگر نکل آئی ہو تو پانی

میں دھو کر پلائے ، انشاء اللہ بہت جلد صحت ہوگی آیۃ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۔

پھوڑے پھنسیاں دور ہوں

جس آدمی کے پھوڑے یا اور کسی قسم کی پھنسیاں ہوں، سورہ مرسلات لکھ کر گلے میں ڈالے ۔

پھوڑے پھنسیاں یا زہریلے جانوروں سے حفاظت کے لئے

کسی کے پھوڑا، پھنسی ہو یا بچھو یا سانپ کاٹ لیوے، تو تین دن تک سورہ فاتحہ اور وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پلائے اور لکھ کر گلے میں ڈالے، انشاء اللہ آرام ہوگا۔

اگر بچھو کاٹ لے

جس کو بچھو کاٹ کھائے ، اس کے دائیں کان میں آیۃ قطب یعنی ثم انزل علیکم سے بذات الصدور تک پڑھ کر دم کرے صحت ہوگی انشاء اللہ۔

اگر بھڑ یا تتیا کاٹ لے

نو مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر زمین پر تھوکے اور وہ تھوک بھری مٹی اس جگہ لگائے جہاں ڈنک لگا ہے۔

سانپ کو باندھنے کا عمل

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا کوری سات کنکری پر دم کرے ایک ایک کنکری سانپ کو مارے جنبش نہ کر سکے گا۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس روز سجدہ میں جا کر یہ آیۃ ایکسو گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر گیارہ

مرتبہ ہر روز پڑھتا رہے تو یہ تاثیر پیدا ہو جائیگی، اس کے علاوہ ایک اور عجیب بات یہ ہوگی کہ اگر جادو کی ہانڈی آتے دیکھے تو تین مرتبہ یہی آیت پڑھکر دستک دے اور کہے کہ اتر جا! جب وہ اتر آئے اس میں پیشاب کر دے ہانڈی خراب ہو جائے گی اور اس کا اثر جاتا رہے گا ہانڈی کے واپس بھیجنے کی ترکیب بھی ہے مگر وہ ہم نہیں لکھتے۔

اگر پیشاب لگ کر آتا ہو

جس کا پیشاب دشواری سے آتا ہو یا مثانہ میں پتھری ہوگئی ہو یہ دو آیتیں لکھ کر پانی میں دھو کر پلائے وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ہ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً۔

آیت قطب کی تاثیر

جو شخص ایک ہزار مرتبہ روزانہ آیۃ قطب پڑھے گا، چاروں طرف سے رزق غیب سے پہونچے گا آیۃ قطب یہ ہے۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ م بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ الیٰ قولہٖ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔

نوٹ: آیۃ قطب کی عاملوں نے بہت سی خاصیتیں بیان فرمائی ہیں مگر بیاض میں گیارہ خاصیتیں تحریر فرمائی ہیں، قضائے حاجت، تسخیر حکام، دفع آسیب، دفع زہر، نصرت در جنگ، خرابی دشمن، تسخیر دشمن، تعظیم مجلس، قوۃ، وسعتِ رزق، دفع بزدلی ہر خاصیت اپنے اپنے موقع پر لکھی گئی ہے۔

قرض سے نجات ملے

قرض سے نجات پانے کے لئے فجر کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ سورہ الم پڑھنا مجرب ہے۔

حکام کے سامنے حاضری کے لئے

گیارہ مرتبہ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے، اور پھر منہ اور بدن پر ملکر امراء کے سامنے جائے۔

محبت بڑھانے کے لئے

محبت بڑھانے کے لئے مرغ کے انڈے پر بحساب ابجد الف سے لیکر طاء حطی تک لکھے اور اس کے ساتھ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ لکھے اور نیچے مطلوب اور اس کی ماں کا نام تحریر کرے اور ہلکی آنچ میں تین روز یا سات روز دفن رکھے، مجرب ہے۔

تسخیر قلب کے لئے

محبوب کے تصور میں تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اول آخر درود شریف تین تین بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ بحرمۃ جبرئیل اَللّٰهُ الصَّمَدُ بحرمۃ اسرافیل لَمْ يَلِدْ بحرمۃ میکائیل وَلَمْ يُوْلَدْ بحرمۃ عزرائیل وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، دردائیل مہرائیل درائیل۔ اور اگر کوئی مہم پیش آوے تو قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اسی ترکیب سے عروج ماہ میں اتوار کے دن فجر کی نماز کے بعد شروع کرے اور گیارہ دن تک گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

دشمن دوست بن جائے

برائے تسخیر روغن چنبیلی پر وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ، دم کر کے سونگھائے، انشاء اللہ مسخر ہوگا۔

کسی جماعت میں اتفاق پیدا کرنے کے لئے

خالی بلا روشنائی کے قلم سے آیۃ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ کسی چیز پر لکھ کر ایسی جماعت کو کھلائے جن میں باہم رنجش ہو، انشاء اللہ سب صلح کر لیں گے۔

دوسروں کے دل میں محبت پیدا کرنے کے لئے

محبت اور وجاہت کے لئے لکھ کر اپنے پاس رکھے وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ۔ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۝ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ۔ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ۔ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۔

دشمن کا خوف دور ہو

قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت غوث الثقلین کا طریقہ نقل کیا

ہے کہ جب کسی حادثہ یا صدمہ کے پہونچنے کا خوف ہو یا بادشاہ سے کوئی صدمہ پہونچا ہو تو نماز ظہر کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک ہزار ایک سو مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ پڑھے اور دعا کرے، حفظ مکان وزمان اور طہارت کاملہ شرط ہے۔

دشمن دفع ہو جائے

عشاء کے بعد دو رکعتیں پڑھے، ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات یا نو مرتبہ سورہ فیل یعنی الم تر کیف پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد چالیس مرتبہ وعنت الوجوہ للحی القیوم وقد خاب من حمل ظلما پڑھے انشاء اللہ دشمن بھاگ جائے گا۔

اگر ظالم سے تنگ آجائے

اگر کوئی کسی ظالم سے تنگ ہو جو کہ ہر کسی کو دینی و دنیوی ایذائیں پہونچاتا ہو اور شرعی قابل کشتن بھی ہو تو یہ تینوں آیتیں سات روز تک تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر موقوف کر دے پھر ایک ہفتہ تک سات روز برابر تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ دشمن ہلاک ہوگا لیکن اس عمل میں نہایت احتیاط کرے ایسا نہ ہو کہ نفسانیت میں کسی کو ناحق مار ڈالے یہ عمل مرشدنا امیر المؤمنین رئیس المجاہدین حضرت سید احمد صاحب بریلوی قدس سرہ کے اعمال میں سے ہے اور تین آیتوں سے مراد مذکورہ ذیل آیت ہیں (اول) اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (دوم) وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا (سوم) وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ۔

دشمن کا خوف دفع ہو

جو شخص دشمن سے ڈرتا ہو یہ لکھ کر پاس رکھے یا اس کا نقش بھرے، مقصود حاصل ہوگا آیتیں یہ ہیں لَا تَخَفْ اِنَّکَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ، لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ، لَا تَخَفْ دَرَکًا وَّلَا تَخْشٰی، لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی، لَا تَخَافَا اِنَّنِیْ مَعَکُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰی اور اس کا مجموعہ اعداد یہ ہے ۱۰۴۷۷

اگر دشمن کا ڈر ہو

جو شخص دشمن وغیرہ سے ڈرتا ہو اس آیۃ کا نقش بھر کر پاس رکھے اور لطف الٰہی کا معائنہ کرے آیۃ یہ ہے کُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ اور مجموعہ اس کا یہ ہے۔ ۸۹۴

دشمن پر غالب آئے

جو شخص خصومت کے وقت آیۃ وَتِلْکَ حُجَّتُنَآ سے مِنْ عِبَادِہٖ تک پارہ اذا سمعوا رکوع ۱۵ لکھ کر اپنے پاس رکھے، مقابل پر غالب آئے۔

جنگ میں فتح کیلئے

جو شخص کسی مہم یا جنگ میں تیرہ یا پندرہ مرتبہ آیۃ قطب پڑھے فتح پائے۔

زبان بندی کیلئے

آیۃ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَیْهِمُ الْبَابَ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّکُمْ غٰلِبُوْنَ وَعَلَی اللّٰهِ فَتَوَکَّلُوْٓا اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ کو زبان بندی میں بڑا دخل ہے۔

آپ کی بات لوگوں میں قبول ہو

چڑھتے چاند پیر کے دن شہتوت کے شیرہ سے ہرن کے گردوں کے پاس کی

جھلی پر وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا وَکُنْتُمْ عَلٰی شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَکُمْ مِّنْهَا کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّکُمْ تَهْتَدُوْنَ وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّةٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ لکھے اور اپنے پاس حفاظت سے رکھے جس سے مفارقت ہوئی ہوگی، وہ اسے تلاش کرے گا جو اس کا قول سنے گا، قبول کریگا اگر یہ واعظ ہوگا تو اس کا قول لوگوں کے دلوں میں اثر کریگا۔

صلاۃ قضائے حاجت

آدھی رات کو چار رکعتیں پڑھے، پہلی اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد لا الٰہ الا انت الخ سو مرتبہ اور تیسری رکعت میں اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو مرتبہ اور چوتھی رکعت میں نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سو مرتبہ پھر التحیات وغیرہ پڑھ کر سلام پھیرے اور دائیں پاؤں سے تین قدم آگے کو چلے اور سات سو مرتبہ کہے اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پھر الٹے پاؤں لوٹے اور سجدے میں جا کر اپنی حاجت کے لئے دعا کرے اسی طرح تین رات عمل کرے اور پیر یا بدھ کی رات سے شروع کرے، انشاء اللہ بہت جلد حاجت پوری ہوگی۔

خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاسَ (الحدیث)

تیسرا باب

متفرق تعویذات وعملیات کا بیان

مختلف تعویذات وعملیات کے ذریعہ: تمام جسمانی وروحانی امراض کا کافی وشافی علاج، اولیائے کرام وبزرگان دین کے مجرب ومعمول بہا نقوش وتعویذات کی مرتب ومکمل تفصیل اور انکی عجیب وغریب تاثرات وبرکات کا بیان، جسمانی وروحانی شفا کا خزانہ، خود بھی نفع اٹھائیں، اوروں کو بھی نفع پہونچائیں۔

تیسرا باب

استقرار حمل کیلئے

استقرار حمل کے واسطے گیارہ دن تک مسلسل گیارہ تعویذ لکھ کر پلائیں انشاء اللہ مراد پوری ہوگی تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ ،اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُالصَّمَدُالَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًااَحَدٌ

حفاظت حمل کے لئے

برائے حفاظت حمل یہ تعویذ ایک گوشہ میں باوضو ہوکر تحریر کریں اور حاملہ کے شکم پر باندھیں، انشاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔

تعویذ یہ ہے۔اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ،فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًاوَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ،اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمْلَ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ آمین آمین۔

فرزند صالح پیدا ہو

اگر کسی کے یہاں صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں، اور وہ نرینہ اولاد کا خواہشمند ہوتو اسے چاہئے کہ حمل کے ایک ماہ یا دو ماہ یا تین ماہ بعد، باوضو آیت کریمہ کا تعویذ لکھ کر عورت کے شکم پر باندھے، انشاء اللہ چاہت پوری ہوگی۔تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةً قَالُوْا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِیْ صَرَّةٍ فَصَکَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِیْمٌ ط

حمل قرار پانے کے لئے

جس عورت کو اولاد نہ ہوتی ہو، وہ اس دعا یا عبارت کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے، انشاءاللہ اسی مہینہ میں حاملہ ہوگی، اور اگر کسی درخت میں باندھ دیں تو وہ بھی خوب پھلے پھولے گا، دعا یا عبارت یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحیم ھو ھو ھو ھو ھو ھو الله الله الله الله الله الله حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم وصلی الله تعالی علی خیر خلقه محمد و آله و اصحابه اجمعین.

اگر حمل برقرار نہ رہتا ہو

اگر خون جاری ہو جاتا ہو اور حمل برقرار نہ رہتا ہو، تو یہ نقش لکھ کر عورت کی پشت پر باندھیں، انشاءاللہ خون بند ہو جائے گا، خواہ حمل ایک ماہ کا ہو یا دو ماہ کا یا تین ماہ کا، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۶	۲۸۱	۲۷۴
۲۷۵	۲۷۷	۲۷۹
۲۸۰	۲۷۳	۲۷۸

حمل گرنے سے محفوظ رہے

حفاظت حمل کے واسطے: کہ اگر خون جاری ہو جائے یا درد ہو جائے، تو عورت کے ماتھے سے لیکر پاؤں کے انگوٹھے تک دس تار کا دھاگہ ناپ لے اور یہ اسم شریف "یا رقیب یا وکیل" بیس مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگا دے، اسی طرح سات

گرہ لگائے اور دھاگہ کو عورت کی پشت میں باندھے، اور تازہ پانی پر بیس مرتبہ مذکورہ اسم پڑھ کر پلائیں انشاءاللہ حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا۔

اگر حمل محفوظ نہ رہتا ہو

جس عورت کا حمل ہمیشہ ضائع ہو جاتا ہو، اس کو چاہئے کہ مذکورہ نقش لکھ کر ایام حمل میں پشت پر باندھے انشاءاللہ خون بند رہے گا اور فرزند عطا ہوگا، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۲	۷۵	۷۸	۶۵
۷۷	۶۶	۷۱	۷۶
۶۷	۸۰	۷۳	۷۰
۷۴	۶۹	۶۸	۷۹

اگر ہمیشہ حمل گر جاتا ہو

جس عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو، چاہئے کہ ایک سرخ دھاگہ اس کے سر سے پاؤں کے انگوٹھے تک ناپ لے اور یہ اسم سات مرتبہ پڑھکر گرہ لگا دے اسی طرح کل سات گرہوں پر سات سات مرتبہ پڑھنے سے انچاس مرتبہ ہو جائے گا۔ پھر وہ پشت میں باندھے اسم شریف یہ ہے۔ اَلصَّبُوْرُ لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ انشاءاللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنے کیلئے

برائے حب مذکورہ نقش روٹی پر لکھ کر کتے کو کھلا دے، جس قدر کتا بولے گا اور شور مچائے گا اسی قدر مطلوب بے قرار ہوگا اور فرمانبردار ہوگا اگر عورت سے محبت ہے تو مادہ کو روٹی کھلائے اور اگر مرد سے محبت ہے، تو نر کتے کو کھلائے نقش یہ ہے۔

۷۸٦

١	١١	١٦	٦
۴	١٨	٩	٣
١٠	٠	۷	١۷
١٩	ع	۴	٩

لاع بدع لاع قسم جاھمہ

اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو

اگر کسی کو اپنے دام الفت میں مبتلا کرنا ہے، تو مذکورہ نقش کو بکری کے شانہ پر لکھ کر شانہ کو آگ میں ڈال دے جس قدر بکری کا شانہ گرم ہوگا، محبوب بے قرار ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸٦

٢	۷	٦
٩	٥	١
٤	٣	٨

محبت پیدا ہونے کا ایک مجرب عمل

برائے حب مجرب و آزمودہ ہے گیہوں یا جو کے ۳۳۳ دانے لیکر ہر دانے پر ایک مرتبہ یہ اسم پڑھے یَارَحْمٰنَ كُلِّ شَيْئٍ وَارْحَمْهُ يَارَحْمٰنُ پھر ایک کلو پانی لیکر آگ پر رکھیں، جب وہ گرم ہو جائے تو گندم یا جو کے دانے پانی میں ڈال دے جب دانے نیم گرم ہو جائیں؛ اور خفیف سا جوش ہو تو دانے نکال کر کسی چھوٹے حوض یا جاری نہر میں ڈال دے اور اس وقت محبوب کا نام مع والدہ لینا چاہئے، انشاءاللہ مقصد حاصل ہوگا۔

میاں بیوی میں محبت وسلوک پیدا کرنے کیلئے

اگر عورت مرد میں باہمی کھٹ پٹ ہو، پس اگر عورت ناراض ہے تو مرد تعویذ بنا کر اپنے داہنے بازو پر باندھے اور اگر مرد ناراض ہے، تو عورت تعویذ بنا کر اپنے داہنے بازو پر باندھے، انشاءاللہ دونوں میں سلوک ہو جائے گا اور محبت پیدا ہو جائے گی۔ تعویذ یہ ہے۔ ۷۸٦

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

جن وآسیب کو دور بھگائے

برائے جن وآسیب یہ تعویذ لکھ کر مکان کے باہر کے دروازہ پر چسپاں کریں انشاءاللہ تعالیٰ بالکل آرام ہو جائے گا، تعویذ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ

بحق جبرئیل یابدوح

لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ — بحق عزرائیل یابدوح

٨	٦	۴	٢
٢	۴	٦	٨
٦	٨	٢	۴
۴	٢	٨	٦

بحق میکائیل یابدوح — لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ

[illegible]

[illegible]

جنات وآسیب سے حفاظت کیلئے

جن وآسیب وغیرہ کو بھگانے کیلئے مذکورہ ذیل نقش کی بتی بنا کر سیاہ کپڑے میں لپیٹیں اور خالص سرسوں کے تیل میں جلا کر دھونی دیں، ناک کو دور رکھیں گھر سے تمام جن وغیرہ دور ہو جائیں گے، نقش یہ ہے۔

آسیب ومسان سے حفاظت کیلئے

برائے آسیب ومسان یہ تعویذ ہر روز چالیس دن تک ایک کاغذ پر لکھیں اور دھوکر عورت کو پلائیں اور ایک تعویذ گلے میں باندھیں۔

١١ ١١ ٣ کھ

بحق یا اللہ العلی العظیم

مسان کا ایک کامیاب علاج

مسان کیلئے یہ عمل کرے مجرب وآزمودہ ہے اگر کسی عورت کو مرض مسان ہو اور اس کی علامت یہ ہے کہ حمل کے دوران پستان سے دودھ ٹپکنے لگے یا خارش وآبلہ پڑ جائے یا بچہ پیدا ہو کر مر جائے اس کا علاج حمل کے تیسرے مہینہ میں شروع ہوتا ہے، جب تیسرا مہینہ شروع ہو جائے، تو ۱۶ تار کا سیاہ دھاگہ عورت کی چوٹی سے پیر کے انگوٹھے تک ناپ لیں اور دھاگہ پر ۴۰ مرتبہ سورہ مزمل پڑھیں اس طرح کہ ایک مرتبہ پڑھیں اور ایک گرہ لگا دیں گویا ۴۰ گرہ ہو جائیں گی پھر اس دھاگہ کو عورت کی ناف پر باندھیں اور کپڑے میں لپیٹ کر باندھنا چاہئے وضع حمل تک بندھا رہے، پھر بچہ پیدا ہونے کے بعد بچے کے گلے میں

ڈالدیں اور جب بچہ ۶ روز کا ہو جائے تو چھٹے دن یہ تین تعویذ بچے کے گلے میں ڈالدیں۔

(۱) ۷۸۶

٢ ا
٨ ٩
٧ ٤
٣ ٦

(۲) ۷۸۶

٨	٢	١٠
٩	١١	٤
٣	٧	٦

(۳) ۷۸۶

٢٤	٢٧	٣٠	١٧
٢٩	١٨	٢٣	٢٨
١٩	٣٢	٢٥	٢٢
٢٦	٢١	٢٠	٣١

دوران علاج پرہیز

عورت کے لئے ڈھائی سال تک مذکورہ چیزوں کا پرہیز شرط ہے، کچی مٹھائی، ترش اور روغنی چیزیں، کدو، دال ماش، دال مسری، گوشت، کنوار کی پھلی کوکڑی، سنبھل ڈوڈا۔

آسانی ولادت کیلئے

امام قرطبیؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے: کہ اگر عورت کو ولادت میں مشکل ہو رہی ہو، تو مذکورہ ذیل آیتیں اور کلمات لکھ کر پانی میں دھو کر پلا دیں انشاءاللہ بہت جلد ولادت ہو جائے گی، وہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ: كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا، كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ (حاشیہ جلالین ص ۴۱۹)

مسان کے خطرناک مرض سے حفاظت کیلئے

ایک چھٹانک سیاہ مرچ اور تین چھٹانک اجوائن پر نصف النہار کے وقت روزانہ سورۃ والشمس ۴۱ رمرتبہ پڑھیں، ہر مرتبہ شروع میں ایک بار درود شریف پڑھیں، گویا درود شریف بھی ۴۱ رمرتبہ ہوجائے گا مسان والی عورت اجوائن اور سیاہ مرچ چباتی رہے، اور ۲ رسال تک یہی معمول رکھے۔ البتہ شروع ایام میں ۴۱ رتعویذ ۴۱ ردن تک پئیں اس طرح کہ ۲۰ ردانے اجوائن کے اور ایک سیاہ مرچ اور ایک تعویذ پانی میں بھگودیں اور تقریباً ایک گھونٹ میں پی جائیں، تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ناجائز محبت ختم کرنے کیلئے

اگر دو شخصوں میں ناجائز طریقہ سے محبت ہواوران کے درمیان جدائی ڈالنی منظور ہو، تو یہ طریقہ اختیار کریں؛ کہ نمک کی سات ڈلیاں لیکر ہر ایک پر سات سات مرتبہ آیت مذکورہ ذیل پڑھیں اور طالب کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے اور مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لیکر ایک ڈلی نمک کی تیز آگ میں ڈالدیں، سات روز تک ایسا ہی کریں اور یہ عمل دن سنیچر یا اتوار سے شروع کریں، آیت شریفہ یہ ہے۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

اگر دو آدمیوں میں جدائی ڈالنی ہو

ایک عمل یہ ہے کہ اگر دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنا چاہو تو کچی اینٹ پر یہ نقش لکھیں۔

اور پھر اس نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں کہ یااللہ۔ فلاں بن فلاں (یعنی طالب کا نام مع والدہ اور مطلوب کا نام مع والدہ) دونوں کے درمیان جدائی کردے۔ پھر آخر میں یہ آیت لکھیں۔ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اور یہ سب تحریر کرکے یہ تعویذ دو پرانی قبروں کے درمیان ایک فٹ گڈھا کھود کر دفن کردیں۔

مہلک مرض مرگی کیلئے

مذکورہ ذیل تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ بالکل آرام ہوجائے گا۔ مجرب وآزمودہ ہے۔

۷۸۶

لا	ے	و	ل	اللہ
ھ	اح	سو	ہ	د
ص	ر	اہ	رسول	ھ
محمد	سعم	الا	اللہ	عع

مرگی سے شفایابی کے لئے

یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالدیں مگر تعویذ ڈالتے وقت مرض میں مبتلا نہ

ہو بلکہ اس وقت سکون ہو، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

سہولت ولادت کیلئے

جب دردِ زہ شروع ہو تو یہ تعویذ لکھ کر عورت کی پشت میں باندھ دیں، بچہ فوراً پیدا ہو جائے گا، اور پیدا ہوتے ہی فوراً تعویذ کھول دیں، تعویذ یہ ہے۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ، باندھنے سے پہلے تعویذ کو لوبان کی دھونی دے لیں۔

اگر ولادت میں مشکل ہو رہی ہو

برائے دردِ زہ: یہ نقش کچی اینٹ پر لکھیں اور پھر عورت اپنے پیر اینٹ پر رکھے مشکل آسان ہو کر بہت جلد ولادت ہو گی، نقش یہ ہے:

۷۸۶

د	ط	ب
ج	ہ	ز
ح	ا	و

ولادت میں آسانی کیلئے

برائے دردِ زہ جس وقت عورت کو دردِ زہ شروع ہو تو گڑ کی تین ڈلی لیں اور

تینوں ڈلیوں پر تین مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں اور درد ہونے کے بعد کھلائیں انشاء اللہ بہت جلد ولادت بسہولت ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اِهْيَا اَشْرَاهِيَا اَللّٰهُمَّ سَهِّلْ عَلَيْهَا الْوِلَادَةَ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ.

بہت جلد بچہ پیدا ہو

یہ تعویذ لکھ کر بوقت ولادت داہنے ہاتھ میں رکھیں، انشاء اللہ بہت جلد بچہ پیدا ہو گا، مجرب ہے، تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

ج ح خ ط ظ ع غ ی ک
ل م اشہتم ووہ اس ک
ال

حمل قرار پانے کیلئے

برائے استقرار حمل یہ مذکورہ تعویذ لکھ کر عورت دائیں بازو میں باندھے۔

مفرور و گمشدہ آدمی جلد واپس آئے

مذکورہ تعویذ لکھ کر اور چرخہ میں باندھ کر الٹا گھما دیں، انشاء اللہ اکیس روز

تک بھاگا ہوا یا گمشدہ آدمی واپس گھر آجائے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

بھاگا ہوا گھر واپس آئے

مفرور ومفقود کی واپسی کے لئے مذکورہ آیت لکھ کر چرخہ میں باندھ کر الٹا گھمائے تو ضرور بھاگا ہوا گھر واپس آئے، بشرطیکہ بھاگا ہوا نوکر ہو یا اولاد ہو یا بھائی ہو۔ تعویذ یہ ہے۔

مفرور بے قرار ہو کر واپس گھر آئے

برائے مفرور یہ تعویذ اوپر کی ترکیب کے مطابق استعمال کریں مفرور بے قرار ہو کر گھر واپس آئے گا۔

اگر مفرور کا کچھ پتہ معلوم نہ ہو

اگر مفرور کا کچھ پتہ نہ چل رہا ہو تو یہ عمل فوراً کریں، کہ ایک تعویذ لکھ کر سرخ

ریشم کے کپڑے میں باندھ کر درخت پر اسطرح لٹکا دیں؛ کہ ہوا لگتی رہے، لہٰذا تعویذ جسقدر ہلے گا، مفرور بے چین و بے قرار ہو کر اتنی ہی جلدی گھر آئے گا، جب گھر آجائے تو ایک غریب مسکین کو کھانا کھلا کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارکہ کو ثواب پہونچا دیں۔ تعویذ یہ ہے۔

بحق جبرئیل	۱۱۱ ۹ ۱۱۹ ۱۱۹ ۱۱۱ ۱۱ ۰۰ ۹ ۶ ی	بحق میکائیل
و توارت	کھٰیٰعٓصٓ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ	و انجیل
بحق اسرافیل و زبور		بحق عزرائیل و فرقان
	[illegible]	

ڈاڑھ دانت کی کیل

اگر ڈاڑھ دانت میں درد اور پیڑ ہو تو یہ شکل زمین پر بنائے اور مریض سے کہے، کہ جہاں ڈاڑھ دانت میں درد ہے اسے خوب مضبوط پکڑ لے، جب وہ پکڑ لے تو چھری یا چاقو کی نوک اول والے گوشہ میں رکھ کر خوب زور سے دبا دے اور کہے الٰہی بحرمت حضرت عثمان بن عفان اور نیت کرے کہ درد جاتا رہا، اگر درد ختم ہو گیا تو خیر ورنہ اسی طرح دوسرے کونہ میں کرے اور اگر اب بھی آرام نہ ہو، تو چاروں کونوں میں یہی عمل کرے، انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

چوہوں سے کھیت کی حفاظت کے لئے۔

اگر کھیت میں چوہے نقصان کرتے ہوں تو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ سورۃ تبت پوری لکھ کر یہ عبارت لکھے۔ يَا اَيُّهَا الْفَارُ اِرْحَلْ عَنَّا فَاِنْ لَمْ تَرْحَلْ فَاْذَنُ بِحَرْبٍ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ

قُلُوْبِهِمْ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۝

یہ دعا لکھ کر لکڑی میں باندھ کر کھیت کے بیچ میں گاڑ دیں۔

کھیت سے چوہے بھگانے کے لئے

کھیت خواہ گندم کا ہو یا چنے یا گنے کا ہو، اگر اس میں چوہے ہو جائیں تو ان کو بھگانے کی ترکیب یہ ہے، کہ مذکورہ ذیل نقش دو ہاتھ کی بانس کی لکڑی میں باندھ کر کھیت کے چاروں جانب چکر لگائیں، جہاں سے چکر لگانا شروع کیا تھا اسی جگہ آ کر لکڑی گاڑ دیں ایک بالشت زمین میں ٹھونک دیں پھر یہ کلام پڑھیں، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٰہی بحرمت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٰہی بحرمت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٰہی بحرمت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بایزید عثمان از شر موش ہانگہدارد۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٰہی بحرمت بایزید عثمان از شر موش ہانگہدارد [illegible]	بسم اللہ الرحمن الرحیم

اگر کوئی داڑھ دانت کے درد سے پریشان ہو

جس کو دانت یا داڑھ میں درد ہو تو وہ اس کو خوب مضبوط پکڑے اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اور بعدہ یہ حروف مقطعات پڑھے

الٓمٓصٓ، طٰسٓمٓ، كٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا، اُسْكُنْ بِالَّذِیْ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ۝ اُسْكُنْ بِالَّذِیْ سَكَنَ لَهٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۝

داڑھ دانت کو کیلنے کیلئے

ایک لوہے کی میخ لے اور ایک کاغذ پر "السامع" لکھ کر میخ میم پر رکھے اور دیوار میں ٹھوکنی شروع کرے اور درد والے کو کہے کہ جس داڑھ میں درد ہو اسکو خوب مضبوط پکڑے، اور آہستہ آہستہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتا رہے، چوٹ مار کر دریافت کرے کہ درد کم ہوا یا نہیں؟ یہاں تک کہ تین چوٹ میں پورا کاغذ دیوار میں اتار دے اور تعداد معلوم کرے کہ کتنے سال کے لئے کیل دوں، مثلاً دس سال، بیس سال یا تمام عمر کیلئے؟ اور پرہیز ایک ایسی چیز کا کرا دے جو نہ کھا سکے۔

داڑھ دانت کے درد کی جھاڑ

اگر کوئی آدمی دردِ داڑھ دانت میں پریشان ہو، تو ایک تختی یا پاک پٹڑی لیکر اس پر پاک ریت ڈالیں اور ایک کیل سے ابجد، ہوز، حطی، لکھ کر کیل کو حرف الف پر زور سے رکھے اور ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھے اور درد والا اپنی انگلی درد کی جگہ زور سے رکھے رہے، پھر اس سے پوچھے کہ آرام ہو گیا؟ اگر آرام ہو جائے تو ٹھیک ورنہ کیل دوسرے حرف یعنی ب پر زور سے داب کر رکھے اور دو بار سورۂ فاتحہ پڑھے اور پوچھے کہ آرام ہوا کہ نہیں؟ اگر نہ ہو تو کیل جیم کی طرف منتقل کر دے اور تین بار الحمد شریف پڑھے، اسی طرح ہر حرف کو کیل سے دباتا جائے اور سورۂ فاتحہ ہر بار ایک مرتبہ زیادہ کرتا جائے، یہاں تک کہ آخری حرف تک نہ پہونچے گا کہ انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

دردِ نیم سر (آدھا سیسی)

اگر کسی کے آدھے سر میں درد رہتا ہو تو درج ذیل نقش باوضو تحریر کر کے سر میں باندھیں اور کسی قدر مٹھائی تقسیم کر کے اسکا ثواب اولیائے کرام کی ارواح کو بخش دیں، انشاء اللہ بالکل آرام ہو جائے گا، نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔لَایَضُرُّ بِکُمْ اَحَدًا ۔اَللّٰھُمَّ اسْکُنْ بِھٰذَا الْوَجْعِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

درد سر کے لئے

جس جگہ سر میں درد ہو یہ نقش اسی جگہ لکھ کر باندھیں انشاء اللہ بالکل آرام ہو جائے گا، مجرب ہے۔

۷۸۶

یابدوح یابدوح یابدوح
وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ
وَلٰکِنَّ
اَکْثَرَ النَّاسِ لَایَعْلَمُوْنَ
یاکبیکج یاکبیکج

اگر آدھے سر میں درد ہو

نیز درد آدھا سیسی کے لئے یہ نقش معظم بروز جمعہ زعفران سے لکھے اور جس جگہ درد ہو اسی جگہ باندھیں، انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا، نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح

اگر ناف ٹل جائے

اگر کسی کی ناف اپنی جگہ سے ٹل جائے تو یہ تعویذ لکھ کر درد کی جگہ باندھیں انشاء اللہ ناف اپنی جگہ آ جائے گی۔

۷۸۶

۶۲۲	۶۳۳	۶۲۸	۶۲۳
۶۲۷	۶۲۴	۶۲۱	۶۳۴
۶۲۵	۶۳۰	۶۳۱	۶۲۰
۶۳۲	۶۱۹	۶۲۶	۶۲۹

اگر ناف ٹلنے کی وجہ سے درد ہو

ناف ٹلنے کی وجہ سے ہونے والے درد کے لئے یہ تعویذ بروز بدھ سورج نکلنے سے پہلے لکھ کر ناف پر باندھے، ناف اصلی حالت پر آ جائے گی، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۵۷۳	۵۷۶	۱
۵۷۵	۲	۷	۵۷۴
۳	۵۷۸	۵۷۱	۶
۵۷۲	۵	۴	۵۷۷

ناف ٹلنے کیلئے

ناف ٹل جانے کے لئے یہ نقش تعویذ بنا کر کمر میں باندھیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

د	ج	ب	ا
ی	ا	د	ر
عص	عص	دد	و

ناف اپنی جگہ آجائے

اگر ناف ٹلجائے تو مذکورہ آیت شریفہ مع بسم اللہ لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں، ناف اپنی جگہ آجائے گی اور اگر یہ تعویذ اسی جگہ بندھا رہے تو پھر نہ ٹلے گی، آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔

پیشاب کا بند پڑجانا

اگر کسی کو پیشاب کا بند پڑ جائے یا درد ہو جائے تو مذکورہ تعویذ لکھ کر پلا دیں، انشاء اللہ فوراً شفاء ہوگی، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاخبیر	یاحی	یاقیوم	یااحد
یاصمد	یاعزیز	یابصیر	یالطیف
یاکریم	یاباری	یاجلیل	یاقریب

بچہ کا رونا

اگر کسی کا بچہ بہت زیادہ روتا ہو، سب گھر والے پریشان ہوں اور بچہ کسی طرح چپ نہ ہوتا ہو تو مذکورۂ ذیل تعویذ چار عدد لکھ کر اس کے گلے میں ڈالدیں اور تین پلادیں انشاء اللہ رونا بند ہو جائیگا، یہی تعویذ اگر مریض ام الصبیان کے گلے میں ڈالدیں تو بالکل آرام ہو جائے گا، انشاء اللہ العزیز، تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

ط ط ط ط

[illegible]

ع ع ع ع

گائے بھینس کو نظر لگ جانا

اگر گائے بھینس کو نظر ہو جائے تو تین ڈلی نمک خوردنی لیکر اس پر تین مرتبہ آیت شریفہ دم کریں اور اس نمک کو آٹے میں ملا کر گائے بھینس کو کھلا دیں، انشاء اللہ نظر جاتی رہے گی، آیت یہ ہے۔

وَمَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُہٗ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ تین روز تک یہ عمل کریں۔

حیض جاری کرنا

مذکورۂ ذیل نقش تعویذ بنا کر بائیں ران میں باندھیں، انشاء اللہ حیض جاری ہو جائیگا۔

۷۸۶

۱۹	۱۹	۱۹	۱۹
۱۹	۱۹	۱۹	۱۹
۷	۷	۷	۷

چور کا حال معلوم کرنا

اگر چور کا حال معلوم کرنا ہو تو یہ ترکیب کرے کہ صبح کو ایک طشت میں مرغ کو بند کردے اور سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھکر طشت پر دم کرے، اور جن لوگوں پر چوری کا شک ہو وہ ایک ایک آئیں اور طشت پر ہاتھ رکھیں جو چور ہوگا اسکے ہاتھ رکھنے پر مرغ آواز دے گا، یہ عمل مجرب ہے۔

چور خود اقرار کرے

اگر مذکورہ ذیل حروف مشک یا زعفران سے کاغذ پر تحریر کریں اور سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں انشاءاللہ صبح کو چور حاضر ہوگا اور چوری کا اقرار کرے گا۔ حروف یہ ہیں۔
لا ح عماح لا اصلح صلح لوماح صبح موح ۔ انشاءاللہ مطلب پورا ہوگا۔

دوکان کی بکری کا بڑھنا

مذکورہ نقش لکھ کر دوکان کے دروازہ پر لگا دے تو دوکان کا سامان کثرت سے بکے گا اور گاہک غیب سے آئیں گے، نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۲	ع	۲	مم	۰	۱
ع	۳	۲	ع	مم	۶	مم
۲	۶	۲	۶	۴	ع	ع
۲	ع	۶	ع	مم	۲	مم
۱	۳	۷	مم	۲	۲	۷
۷	۳	۲	۶	عم	مم	۳
مم	ع	۲	مم	ع	۲	مم

بچہ کا سوتے یا جاگتے میں ڈرنا

اگر بچہ سوتے یا جاگتے ڈرتا ہو تو یہ نقش زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھے انشاءاللہ ڈرنا بند ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۱	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۷	۲۲
۱۳	۲۶	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۴	۲۵

اگر بچہ کو نظر لگتی ہو

اگر بچہ کو نظر لگتی ہو تو یہ نقش ہرنی کی کھال پر لکھ کر بچہ کے گلے میں لٹکائیں انشاءاللہ نذر سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

مرض و آسیب معلوم کرنے کا طریقہ

ایک کورہ مٹی کا کوزہ لیکر اس پر مذکورہ نقش لکھے اور سات مرتبہ مریض کے اوپر سے چھوا کر یہ نقش آگ میں ڈال دے اور آگ خوب روشن کرے، چنانچہ اگر حروف سفید ہوں تو جادو ہے، اگر حروف سرخ نظر آئیں تو آسیب ہے یا چڑیل کا اثر ہے، اگر حروف غائب ہوں تو پری کا اثر ہے اور اگر حروف سیاہ ہوں تو مرض ہے، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱ ۳ ۸ ۱ ۰ ع ۹ ح م ع ۲ ۱مص ۳

دردِزہ کا علاج

ولادت میں آسانی کے لئے یہ نقش مکرم لکھ کر حاملہ کی پشت میں باندھے اور پیدائش کے بعد فوراً کھولکر بچہ کے گلے میں ڈالدے، انشاءاللہ مطلب پورا ہوگا آزمودہ ہے، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۰۱۹	۱
۱۰۱۸	۲	۷	۱۲
۳	۱۰۲۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۰۲۰

بواسیر کا ایک کامیاب علاج

بواسیر کے لئے شروع ماہ میں بروز ہفتہ لاکھ (ایک قسم کا سرخ گوند) کا ایک سرخ دانہ لیکر اس پر ۳-۳ مرتبہ اول وآخر درود شریف مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر اکیس مرتبہ یہ آیت اس لاکھ کے دانہ پر دم کرے، صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ اور پشت پر باندھے، انشاء اللہ آرام ہوگا۔

بواسیر خونی ہو یا بادی

بواسیر خونی ہو یا بادی ہر روز یہ دعا ئے مکرم ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر دھو کر پیا کریں انشاء اللہ بالکل آرام ہو جائے گا۔ الفاظ یہ ہیں۔ مرفوس قوس

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝

بواسیر کا ایک اور آسان علاج

بواسیر خونی ہو یا بادی گندم کے آٹے کی ٹکیا پر یہ نقش معظم تحریر کر کے مریض کو کھلائیں فوراً آرام ہوگا، نقش یہ ہے۔

الا اللہ	لا الہ
رسول اللہ	محمد

ناف ٹل جانا

اگر کسی آدمی کی ناف ٹل جائے تو یہ تعویذ بروز اتوار لکھ کر ناف پر باندھے انشاء اللہ بالکل آرام ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۳۸	غ	۲۱۱	۲۱۳	۲۰۱
۲	۱۱	۳	۲	۱۴
۲۹	۲۱۱	۳	۲۰	۷۱

چوری معلوم کرنے کیلئے

وہ شخص جس کے یہاں چوری ہو جائے، اگر چوری معلوم کرنا چاہے، تو صبح کو دو رکعت نماز پڑھ کر یہ اسم مبارک یا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ سو بار پڑھے، اور یہ نقش لکھ کر سر کے نیچے رکھے اور سو جائے، انشاء اللہ خواب میں چور کو دیکھے گا، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	واحد	حسیب	ط
طیب	ی	ہو	ودود
ہو	۲۳	۱۷	وہاب
حی	احد	واجب	مجیب

کثرت احتلام

اگر کسی کو احتلام کا مرض ہو چاند کے مہینہ کے پہلے منگل یا بدھ کو یہ نقش مکرم لکھ کر بازو میں باندھے انشاء اللہ بہت جلد آرام ہوگا، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲۵۱	۴۲۵۴	۴۲۵۷	۴۲۴۴
۴۲۵۶	۴۲۴۵	۴۲۵۰	۴۲۵۵
۴۲۴۶	۴۲۵۹	۴۲۵۲	۴۲۴۹
۴۲۵۳	۴۲۴۸	۴۲۴۷	۴۲۵۸

اگر کسی کو خارش ہو

اگر کسی کو خارش ہو جائے، خشک یا تر تو مذکورہ نقش زعفران سے لکھ کر پانی سے نگل جائے انشاءاللہ بالکل آرام ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵	۸۲	۲	اللہ	الہ
۸	۴ب	۳	عص	۱۱
اللہ	۳	حب	ل و	۱۶
۵۳۷	۲۷۳	۳	۳۸	۳
۵۶	۳۲	۱۳	۲۱	۵

کثرت احتلام کا ایک کامیاب علاج

مذکورہ نقش لکھ کر سوتے وقت سینے پر رکھ کر سوئے انشاءاللہ احتلام سے محفوظ رہے گا، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۳۱	۴۳	۵۵	۷۲	۸۸	۸۹	۸۱
قٓ	صٓ	ک	۱۶	م	نٓ	حٰمٓ	الٓمٓ
۱۱۲	۱۱۶	۱۱۷	۱۱۸	۱۱۹	۱۲۰	۱۶۱	۱۲۴
۱۱۲	۱۲۹	۱۸۱	۱۴۷	۱۲۶	۳۱۵	۲۴۱	۱۲۴
۱۱۵	۱۳۰	۱۳۱	۱۳۳	۱۳۳	۱۳۲	۱۳۸	۱۳۶
۱۱۶	۱۵	عٓسٓقٓ	الٓرٰ	الٓمٓ	الٓمٓصٓ	س	ع

ترقی رزق کیلئے عمل

اگر کسی آدمی کو تنگ دستی لاحق ہو، تو یہ عمل کرے تیر بہدف ہے، یہ عمل نبی کریم ﷺ سے مروی ہے، چنانچہ عمل یہ ہے کہ وہ آدمی مذکورہ دعا ہر روز تین مرتبہ پڑھے اور مکان کے

چاروں کونوں میں دم کرے انشاءاللہ تنگ دستی دور ہو کر وسعت حاصل ہوگی، دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِيْمِ يَا اَللّٰهُ۔

ترقی رزق کیلئے دوسرا عمل

برائے ترقی رزق و کشادگی یہ تعویذ مجرب ہے، پورے قرآن شریف میں ایک سو تیرہ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ آیا ہے، اور ان کے تمام حروف دو ہزار ایک سو پینتالیس ہیں اور کل اعداد ان کے اٹھاسی ہزار آٹھ سو اٹھارہ ہیں اگر اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو رزق میں ترقی و برکت ہوگی، بیمار کے بازو میں باندھے تو شفا نصیب ہوگی اور صدق دل سے ہر روز صبح سویرے اس نقش کو دیکھے تو عزیز خلق ہوگا، نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۱۹۷	۲۲۲۱۰	۲۲۲۰۷	۲۲۲۰۴
۲۲۲۰۸	۲۲۲۰۳	۲۲۱۹۸	۲۲۲۰۹
۲۲۲۰۲	۲۲۲۰۵	۲۲۲۱۲	۲۲۱۹۹
۲۲۲۱۱	۲۲۲۰۰	۲۲۲۰۱	۲۲۲۰۶

بچہ کا ماں کے دودھ کو نہ پکڑنا

اگر بچہ ماں کا دودھ نہ پکڑتا ہو تو مذکورہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دے انشاءاللہ دودھ پینے لگے گا۔

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى،

اهوااماهويايا وثراهوا يا اهيا اثراهيا۔

غلہ کی حفاظت کیلئے

اگر مذکورہ ذیل نقش لکھ کر اناج وغیرہ میں رکھ دیں یا دیواروں سے [illegible] کو اور کرم (کیڑے) میں پیدا ہونے سے محفوظ رہے۔

۷۸۶

۳	۳	۳	۳
۳۱۶	۳۱۹	۳۲۲	۳۰۹
۳۲۱	۳۱۰	۳۱۵	۳۲۰
۳۱۱	۳۲۴	۳۱۷	۳۱۴
۳۱۸	۳۱۳	۳۱۲	۳۲۳

تشخیص مرض کا طریقہ

اگر یہ معلوم کرنا چاہے کہ مریض پر جنات کا اثر ہے یا شیاطین کا یا پھر بیماری ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ سات تار کا کچا دھاگہ مریض کے پیر کے انگوٹھے سے لیکر ماتھے تک ناپ لے، پھر اس دھاگہ پر سات مرتبہ سورہ تکاثر پڑھ کر دم کرے پھر دوبارہ مریض کو ناپے اگر دھاگہ دو انگشت مریض سے کم ہو تو شیاطین کا اثر ہے، اور دو انگل بڑھ گیا تو جنات کا اثر ہے اور اگر نہ کم ہو نہ زیادہ تو بیماری ہے، ڈاکٹر سے علاج کرانا چاہئے۔

حیض جاری کرنا

اگر عورت کا حیض بند ہو جائے اور خون جاری کرنا منظور ہو تو پاک برتن پر سورہ لم یکن زعفران سے لکھ کر تین روز تک متواتر دھو کر پلائیں، انشاء اللہ خون جاری ہو جائے گا۔

[illegible]

اگر کوئی شخص [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

ہر طرح کی فتوحات و برکات کیلئے

ہر طرح کی فتوحات و برکات کے لئے نماز جمعہ کے بعد سنتوں سے پہلے اپنی جگہ بیٹھ کر یہ عمل پڑھے اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور پھر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یا غنی یا حمید، یا مبدئ یا معید، یا رحیم یا ودود اغننی بحلالک عن حرامک وبطاعتک عن معصیتک وبفضلک عمن سواک۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

اگر شیطانی وسوسے آتے ہوں

اگر کسی کو شیطانی وسوسے آتے ہوں تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر سارے جسم خصوصاً چہرہ اور سینے پر دم کیا کرے شیاطین کا وسوسہ جاتا رہے گا، مجرب ہے۔

تپ لرزہ (جاڑے کا بخار)

اگر کسی کو جاڑے (سردی) کے ساتھ بخار آتا ہو تو مذکورہ تعویذ گلے میں ڈال دے، مگر خیال رہے کہ تعویذ ڈالتے وقت بخار نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۹

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

اگر کسی طرح بخار نہ اترتا ہو

اگر کسی کو بخار آتا ہو اور جانے کا نام نہ لیتا ہو تو مذکورہ الفاظ کا تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالدیں، البتہ تعویذ ڈالتے وقت بخار نہ ہو۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶
لشکر فرعون در دریائے نیل غرق شد

حاکم وجج کو اپنے موافق کرنا

اگر حاکم وجج کے یہاں کوئی مقدمہ ہو اور آپ سچے ہوں، مگر حاکم کا فریق مخالف کی طرف رجحان ہو تو حاکم کو اپنے موافق کرنے کے لئے یہ عمل کرے کہ نماز عشاء کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ آیت مبارکہ، رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے اور اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، اکیس دن تک یہ عمل کرے اور باوضورو بقبلہ ہو کر پڑھے اور درمیان میں کسی سے بات نہ کرے، انشاءاللہ مطلب پورا ہوگا، مجرب وصحیح ہے۔

غیب سے آمدنی ہونا

اگر آمدنی میں برکت ووسعت کا طالب ہو تو مذکورۂ ذیل عمل کرے، انشاءاللہ من جانب اللہ آمدنی ہوگی اور بے حساب رزق میسر ہوگا، عمل یہ ہے کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان باوضورو بقبلہ چالیس دن تک سورہ ہمزہ اکتالیس مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ چالیس دن کے بعد غیب سے کثیر آمد حاصل ہوگی اور اگر بالدوام عمل جاری رہا تو آمد بھی بالدوام جاری رہے گی، اولیائے کرام کا خاص عمل ہے۔

بچھو کا ڈسنا

اگر بچھو ڈس لے تو فوراً یہ عمل کرے کہ گڑ یا شربت پر مذکورہ ذیل دعا وآیت تین مرتبہ پڑھکر دم کرے اور شربت یا گڑ مریض کو کھلا دے، عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الصُّبْحَةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَقْرَبٍ وَحَيَّةٍ ، اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا. انشاءاللہ فوراً آرام ہوگا۔

میاں بیوی میں اتفاق کرنا

اگر میاں بیوی میں آپسی نااتفاقی ہو جائے، چنانچہ اگر مرد ناراض ہو تو عورت اپنے داہنے بازو میں اور اگر عورت ناراض ہو تو مرد اپنے داہنے بازو میں مذکورہ نقش باندھے آپس میں محبت واتفاق پیدا ہوگا، مجرب وصحیح ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵	۲	۷	ع
د	ی	ح	ط
ی لا	ن	۲	ا
ی	دلا	بن فلاں	فلاں

عورت کے پستانوں میں درد ہونا

اگر کسی عورت کے پستانوں میں درد رہتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے اور ایک تعویذ لکھ کر پلادے، واضح ہو کہ ہر دو تعویذ زعفران سے لکھے ہوں انشاء اللہ درد بالکل جاتا رہے گا، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

بچھو کا ڈسنا

اگر بچھو ڈنک مارے تو فوراً نمک خوردنی لیکر پانی میں گھولے اور ایک کپڑا اس پانی میں تر کرکے جہاں ڈنک مارا ہے رکھے اور سورۃ کافرون پڑھ کر دم کرتا جائے جب تک درد رہے یہی عمل کرتا رہے، انشاءاللہ فوراً آرام ہوگا۔

جان و مال کی حفاظت کے لئے

جو شخص آیت الکرسی کے نقش کو لکھ کر بازو میں باندھے ہر طرح کی آفت و مصیبت و حادثات سے محفوظ رہے گا اور اگر مال میں رکھے تو وہ مال چوری وغیرہ سے محفوظ رہے گا اور اگر سفر میں ساتھ رکھے تو انسانوں اور جانوروں کے شر سے محفوظ رہے گا، نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٣ ٥١٦	٣ ٥١٩	٣ ٥٢٢	٣ ٥٠٩
٣ ٥٢١	٣ ٥١٠	٣ ٥١٥	٣ ٥٢٠
٣ ٥١١	٣ ٥٢٤	٣ ٥١٧	٣ ٥١٤
٣ ٥١٨	٣ ٥١٣	٣ ٥١٢	٣ ٥٢٣

استخارہ کے کامیاب و مجرب طریقے

الرحیم لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر باوضو سو رہے اور اسطرح دعا کرے کہ الٰہی اس اسم کی برکت سے مجھے معلوم کرادے کہ فلاں کام کا کیا انجام ہوگا تو اللہ تعالیٰ

اپنی قدرت سے اس کام کا ہونا یا نہ ہونا معلوم کرادیگا اور کچھ نظر نہ آئے تو بھی مراد حاصل ہوگی مگر ذرا دیر میں سہی، بہت دفعہ کا تجربہ کیا ہوا ہے۔

دوسرا طریقہ

یہ تعویذ لکھ کر سر کے یا تکیہ کے نیچے رکھ کر سو رہے، خدا کے فضل سے خواب میں جواب حاصل ہوگا۔

٧٨٦

٨	١١	٨٨٣	١
٨٨٢	٢	٧	١٢
٣	٨٨٥	٩	٦
١٠	٥	٤	٨٨٤

تیسرا طریقہ

پنجشنبہ کے دن روزہ رکھے غسل کرے کپڑے بدلے خوشبو لگائے پھر رات کو پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اسکا ثواب حضرت غوث اعظم سید محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کی روح کو پہونچائے اور سو مرتبہ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ بِحَالِیْ پڑھکر سو رہے، انشاءاللہ خواب میں انجام معلوم ہوجائے گا۔

چوتھا طریقہ

جمعرات کو روزہ رکھے پھر شب کو غسل کرکے کپڑے بدلے خوشبو لگا کے عشا کے بعد اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کے گیارہ سو مرتبہ "یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا کَاشِفَ الْغَرَائِبِ" پڑھ کر بوریے پر سو رہے اور کسی سے کلام نہ کرے، مجرب ہے۔

پانچواں طریقہ

عشا کے بعد دو رکعت نفل پڑھ کر انکا ثواب حضرت غوث اعظمؒ اور خواجہ بزرگؒ یعنی خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہٗ اور دیگر بزرگوں کی ارواح کو پہونچا کر پندرہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھکر تین سو ساٹھ مرتبہ یَارَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ وَیَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مِنَ الْحَالِ الْفُلَانِیْ پڑھ کر بائیں ہاتھ پر دم کرکے اسے سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔

چور پہچاننے کا طریقہ

اول اکتالیس روز تک یہ عزیمت ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ حَبِیْبَکَ حَبِیْبَکَ شَفِیْعاً شَفِیْعاً شَفِیْعاً عَطِیْشاً عَطِیْشاً عَطِیْشاً سُرُوْراً سُرُوْراً سُرُوْراً قُدُوْراً قُدُوْراً قُدُوْراً سَهْلاً سَهْلاً سَهْلاً نَهْلاً نَهْلاً نَهْلاً اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بِنْ دَاوٗدَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ اس کے بعد گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے اور جب عمل کرنا منظور ہو نابالغ لڑکے یا لڑکی کی دونوں ہتھیلیوں پر سیاہی اور گھی لگائے اور یہ عزیمت اُڑد کے ایک دانہ پر پڑھ کر اس بچے کے مارتا جائے ساتویں یا نویں مرتبہ میں بچے کی ہتھیلی پر ایک صورت نمودار ہوگی عامل بچے سے کہے کہ اسے ہمارا اسلام کہو اور درخواست کرو کہ فلاں چیز کا چور کہاں ہے حاضر کرو، جب اس سیاہی میں وہ چور حاضر ہو جائے تو اس کا نام اور پتہ اور مال کا نشان بھی پوچھ لے، مگر اس قسم کی عزیمتیں پڑھنی نہ چاہئے، تنبیہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے القول الجمیل میں تحریر فرمایا ہے کہ چور معلوم کرنے کے عمل یقین کے قابل نہیں

ہیں کہ کسی کو خواہ مخواہ متہم نہ کرنا چاہئے حق العباد میں زیادہ احتیاط کرنی چاہئے۔

سحر مدفون کو نکالنے کا طریقہ

اگر مکان میں جادو گڑا ہوا ہو اور اسکی جگہ معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے تو بعد عشا کے گیارہ مرتبہ سورہ کُوِّرَتْ پڑھکر سو رہے، اللہ تعالی اس جگہ کا الہام کر دے گا اور کچھ نقصان نہ پہونچے گا۔

جن و شیاطین کو دفع کرنے کیلئے

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے اعمال میں سے منقول ہے کہ جن بغیر حاضر ہوئے دفع ہو جاتا ہے اور جل جاتا ہے چاہئے کہ تعویذ لکھ کر فتیلہ بنائے اور نئی روئی میں لپیٹ کر کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر فتیلہ روشن کرے اور فتیلہ کا منہ مریض کی جانب کرے فتیلہ کے جلانے کی جانب مقرر ہے وہ یہ کہ دائیں جانب نیچے کی طرف سے موڑنا شروع کرے اور اسی جانب سے اوپر کی طرف سے جلائے نقش یہ ہے۔

اللھم احرق الشیاطین

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	٦	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

ھذہِ التکسیر

آسیب کو دفع کرنے کیلئے

کسی بھی قسم کا آسیب کیوں نہ ہو ایک کپڑا ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلے

بنائے اور ایک فتیلہ ذرا بڑا بنائے، اول بڑے فتیلہ کو ایک رات دن برابر روشن رکھے، اسکے بعد چالیس روز تک ایک فتیلہ روز روشن کرے آسیب دفع ہوگا، سرسوں کا تیل استعمال کرے۔

آسیب بھاگ جائے

آسیب زدہ کے بائیں کان میں آیۃ قطب یعنی ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ سے وَاللّٰہُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک پڑھکر دم کرے، آسیب بھاگ جائیگا۔

آسیب زدہ کا ایک آسان وکامل علاج

پوری سورۃ قل اعوذ برب الناس سرسوں کے تیل پر سات مرتبہ دم کرکے آسیب زدہ کے بھوؤں اور ناک اور کانوں اور ہاتھ پاؤں کے ناخنوں میں ملے اس طرح کہ اول شہادت کی دونوں انگلیاں تیل میں بھر کر کانوں میں دئے رکھے بدبو پھیلیگی، جب وہ بدبو جاتی رہے دونوں انگوٹھے بھر کر بھوؤں پر لگائے پھر اسی طرح ناک میں پھر ناخنوں میں انشاء اللہ شفا ہوگی اور اگر بدن میں اس وقت کچھ درد معلوم ہو تو اسی کی مالش کرائے۔ فائدہ: بعضے پوری سورۃ بغیر سین کے بھی پڑھتے ہیں۔

آسیب و مسان کیلئے

یہ تعویذ ہر روز ایک کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائے اور گلے میں باندھے۔

۷۸۶
بحق باللہ العلی العظیم ھ
اا اا ھ
آسیب و مسان دفع شود

مسان اور بچوں کے دیگر امراض کیلئے

یہ تعویذ لکھ کر دھو کر اس کا پانی گرم توے پر چھڑکے اور مریض کو توے کے پاس اسطرح بٹھادے کہ توے پر سے جو بھانپ یا دھواں اٹھے اس کے بدن کو پہونچے انشاء اللہ شفا ہوگی اور گلے میں بھی باندھے نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶
وآیدسم IIH II ھ
ہر قسم مسان دفع شود

مسان کیلئے

اکتالیس تار کا دھاگہ لے کر اکتالیس گرہ کا گنڈا بنائے ہر گرہ پر اکتالیس دفعہ والسماء والطارق پوری سورۃ پڑھے اور حاملہ کے پیٹ پر باندھے وضع حمل کے بعد بچے کے گلے میں ڈالے بچہ مسان سے محفوظ رہے گا۔

مسان کا ایک اور علاج

کوری ہانڈی میں تین مٹھی اُڑد اور تین کیلیں اور یہ تعویذ لکھ کر ڈھکن ڈھک کر آٹے سے بند کردے اور پھر سات مرتبہ مریض پر سے اتار کر چولھے پر رکھے اور نیچے آگ جلاوے اور یہی ایک تعویذ اور لکھ کر موم جامہ کرکے پاس رکھے جب ہانڈی میں جوش آنے لگے وہ تعویذ مریض کے گلے میں یا بازو میں باندھے اور چند منٹ کے بعد ہانڈی کو چوراہے میں دفن کرادے، تعویذ یہ ہے، الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب اللّٰھم بالواحد

الصادق مِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ بِحَقِّ اياك نعبد وياك نستعين ولاحول ولاقوة الابالله العلى العظيم وصلى الله تعالىٰ علىٰ خير خلقه، محمد وآله واصحابه اجمعين برحمتك ياارحم الراحمين ۔ الٰہی! بحرمة حضرت غوث الاعظمؒ بحرمة حاجی محمد شاکر قدس سرہ مسان فلاں دفع شود۔

یہ عمل حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ کے خاندان کا معمول ومجرب ہے، احقر نے حضرت مفتی الٰہی بخش صاحب کاندھلویؒ کی بیاض سے نقل کیا ہے۔

ام الصبیان کے دفع کرنے کیلئے

یہ اصحاب کہف کے ناموں کا نقش ہے، چار ٹھیکروں پر چار نقش انگلی سے لکھ کر آگ میں ڈالے، جب وہ خوب تپ جائیں چاروں ٹھیکرے نکال کر جس چارپائی پر بچہ رہتا ہے اسکے ہر پایہ کے نیچے ایک ٹھیکرا رکھ دے، نقش یہ ہے۔

۱۰۳۰	۱۰۲۴	۱۰۱۰	۱۰۳۶
۱۰۱۲	۱۰۳۴	۱۰۳۲	۱۰۲۲
۱۰۴۰	۱۰۱۴	۱۰۲۰	۱۰۲۶
۱۰۱۸	۱۰۲۸	۱۰۳۸	۱۰۱۶

ام الصبیان کا ایک اور علاج

کاغذ کا ایک بہت بڑا تختہ لیکر اس کے گرد سورہ یٰسین لکھے اور بیچ میں سے کاغذ کاٹ ڈالے وہ حلقہ ہی رہے اور نئے چاقو پر جس نے کوئی چیز نہ کاٹی ہو، سات مرتبہ سورہ یٰسین دم کرے جب بچہ پیدا ہو تو اس بچہ کو مع آون نال کے سات مرتبہ اس کاغذ کے حلقہ میں سے نکالے پھر اس چاقو سے اس کی آون نال کاٹے اور اس کے والدین سے کچھ نہ کچھ نذرانہ لے، انشاء اللہ بہت مفید ہے۔

چیچک کی بیماری کے لئے

اکیس تار کا نیلا دھاگہ لیکر نو گرہ کا گنڈہ بنائے ہر گرہ پر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ دم کرے اور مریض کے گلے میں باندھے انشاء اللہ صحت ہوگی اور حضرت حاجی مولوی محمد قلندر صاحب مرحوم جلال آبادی سے یہ عمل اس طرح پہونچا ہے کہ گیارہ گرہ لگائے اور ہر گرہ پر سورہ فاتحہ دم کرے اور بازو پر باندھے اور کچھ کھانا صدقہ کرے۔

برائے دفع طحال

یہ تعویذ لکھ کر تلی والے کے ہاتھ پر رکھے اور دوسرا شخص اس کی تلی کو پکڑے اور کھریا مٹی (ایک قسم کی سفید مٹی) کی ڈلی پر بعدد طاق سورہ اخلاص پڑھ کر اس نقش پر رکھے اور اس پر لوبان سلگائے، انشاء اللہ تلی دفع ہوگی تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بواسیر سے شفایابی کے لئے

طہارت کے بعد سات دفعہ سر پر یہ دم کردیا کرے (خواجہ عبداللہ برنجی سوار دیوان بیابانی رحمۃ اللہ علیہ)

بواسیر دفع ہو

اتوار کے دن سورج نکلنے سے پہلے یہ تعویذ لکھے اور زوال کے بعد کمر میں باندھے بواسیر دفع ہوگی، تعویذ یہ ہے۔

ہر وبا دور ہو جائے

کاغذ پر لکھ کر حویلی کے دروازے پر لٹکائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا، فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا آمنہ پوت عبداللہ جایا جاری وبا محمد آیا۔

برائے دفع عرق النساء

نابالغ لڑکی کے کاتے ہوئے سوت کا گنڈا بنائے بطریق مشہور سات گرہ لگائے اور ہر گرہ پر وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا سے لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ تک پڑھ کر دم کرے اور بائیں بازو پر باندھے انشاءاللہ صحت ہوگی۔ نیز یہ الفاظ لکھ کر ران میں باندھے اَيَّتُهَا الْعَرَقُ النَّابِتُ فِى الْجِسْمِ الَّذِىْ يَمُوْتُ وَمُتْ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ اور یہی پڑھ کر دم کردے۔

برائے دفع مرگی

اتوار کے دن صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے تانبے کی تختی پر يَاقَاهِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِىْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَاقَاهِرُ لکھ کر گلے میں ڈالے، انشاءاللہ صحت ہوگی۔

بانجھ عورت کے لئے

انار کی چار پھانکیں اس طرح کرے کہ الگ نہ ہوں اور سورہ یٰسین پڑھنی شروع کرے جب اول مبین پر پہونچے دم کرے پھر آگے پڑھے جب دوسرے مبین پر پہونچے پھر دم کرے اس طرح ساتویں مبین تک دم کرے، جب ساتویں مبین پر دم کرچکے تو سورت ختم کرکے دم کرے اور پاؤ سیر کشمش اور پاؤ سیر چنے کی دال بھی

ہوئی مفت سلطان کو ثواب پہونچانے کی غرض سے ننھے ننھے بچوں کو تقسیم کردے اور بانجھ عورت حیض کے غسل کے بعد بطریق معروف اس انار کو کھائے، اللہ تعالیٰ فرزند عطا کرے گا۔

بانجھ پن دور ہو جائے

حضرت الاستاذ مولانا حاجی مولوی محمد قلندر صاحب جلال آبادی سے یہ عمل پہونچا ہے کہ سیاہ مرچوں اور اجوائن پر ستر مرتبہ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ٥ پڑھے، اول آخر درود شریف بھی پڑھے اور سات مرتبہ سورہ کافرون اور سورہ مزمل اور گیارہ مرتبہ سورالم نشرح پڑھے بانجھ عورت سات مرچیں اور تھوڑی سی اجوائن روزانہ کھاتی رہے انشاءاللہ مقصد میں کامیاب ہوگی اور جس کا حمل خام ضائع ہوجاتا ہو اس کے لئے بھی یہی ترکیب ہے۔

اگر حیض بند ہو جائے

جس عورت کا حیض بند ہوجائے پاک برتن پر سورہ لم یکن روشن حرفوں میں تین روز متواتر لکھ کر پلائے انشاءاللہ بہت جلد کھل جائے گا۔

اسقاط حمل کو روکنے کے لئے

یہ تعویذ لکھ کر پیٹ پر باندھے حمل محفوظ رہے گا۔ مجرب وصحیح ہے۔

اللہ		اللہ
	محمد محمد	
اللہ		اللہ

حمل محفوظ رہے

یہ تعویذ ایک گوشے میں باوضو بیٹھ کر لکھے اور عورت کے پیٹ پر باندھے انشاءاللہ حمل محفوظ رہے گا تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ، فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اِحْفَظْ حَمْلَ ھٰذِہِ الْمَرْأَۃِ مِنْ جَمِیْعِ الْآفَاتِ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ آمین آمین آمین۔

تسہیل ولادت کیلئے

کورے ٹھیکرے پر یہ تعویذ لکھ کر عورت کو ننگی کر کے اس کے پاؤں کے نیچے رکھے کہ وہ پاؤں سے توڑے انشاءاللہ بہت جلد خلاصی ہوگی یہ تعویذ حضرت شاہ رفیع الدین صاحب قدس سرہ برادر خورد مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی قدس سرہ سے منقول ہے۔

	ھی	
ھی	ھی	ھی
	ھی	

اوپر کا نقش بیاض مطبوع میں اسی طرح ہے مگر فقیر نے خاص طور پر اس کا یہ نقش تیار کیا ہے جو نہایت سریع التاثیر ہے لکھ کر عورت کی داہنی ران میں باندھے انشاء اللہ فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا اور اگر جانور کو تکلیف ہو تو اسکے سینگ میں باندھے تعویذ یہ ہے۔

٧٨٦

٣١	٢٦	٣٣
٣٢	٣٠	٢٨
٢٧	٣٤	٢٩

وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ بِحَقِّ اَھْیَا اَشْرَاھِیَا تسہیل ولادت شود۔

محبوس کی رہائی کے لئے

یہ تعویذ یَا بَاسِطُ لکھ کر اسکی پشت پر یعنی دائیں مونڈھے کی جانب چسپاں کرے جلد رہائی پائے گا، تعویذ یہ ہے۔

١٨	٤٨	٦
١٢	٢٤	٣٦
٤٢	یاباسط	٣٠

برائے شفائے مریض

ایک وقت معین کر کے ایک سو گیارہ مرتبہ یَا سَلَامُ پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور مریض کے لئے تندرستی کی دعا کرے، اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمائے گا۔

لاعلاج مریض کی شفایابی کے لئے

حضرت شیخ الشیوخ مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کے اعمال میں سے ہے کہ جس کا مرض سخت ہو گیا ہو یا مرض معلوم نہ ہوتا ہو تازہ وضو کر کے شفائے مریض کی نیت سے دو رکعت پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَابَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ پڑھے، اول آخر سو مرتبہ درود شریف پڑھے حکم الٰہی سے شفاء ہوگی، بہت دفعہ تجربہ میں آیا ہے۔

وسعت رزق کا ایک مجرب عمل

جو شخص مغرب اور عشاء کے درمیان بغیر کسی سے کلام کئے سورہ واقعہ پڑھے

پھر یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رزق کا دروازہ کھول دیگا دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَسِّرْ عَلَیْنَا الْحِسَابَ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَاءِ فَاَنْزِلْهُ فَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْداً فَقَرِّبْهُ اِلَیَّ وَاِنْ کَانَ قَرِیْباً فَیَسِّرْهُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلاً فَکَثِّرْهُ اِنْ کَانَ کَثِیْراً فَخَلِّدْهُ وَطَیِّبْهُ وَاِنْ کَانَ طَیِّباً فَبَارِکْ فِیْهِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔

رزق میں وسعت ہو

فجر کی سنت وفرض کے درمیان بتیس مرتبہ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَاتُحْصُوْهَا اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۰ پڑھے اول وآخر پانچ مرتبہ درود شریف ملالے اللہ تعالیٰ رزق میں وسعت دے گا۔

رزق کی تنگی دور ہو

سو مرتبہ یا زیادہ وظیفہ کرے۔ اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَیْنَا شِدَّةَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ یَاخَالِقَ الْحَیَاةِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِیْنَ۔

تنگیٔ معاش دور ہو

پانچسو مرتبہ روز کلمہ تمجید مع اول وآخر درود شریف کے پڑھنا بھی نفع دیتا ہے۔

ہر طرح کی فراغت حاصل ہو

فراغت ظاہر وباطن کے لئے مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ لِسَاناً ذَاکِراً وَقَلْباً حَاضِراً شَاهِداً شَائِقاً بِجَمَالِکَ

وَرِزْقاً حَلَالاً طَیِّباً وَاسِعاً بِغَیْرِ کَدٍّ وَاسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِغَیْرِ رَدٍّ وَادْفَعْ عَنِّی الْفَقْرَ وَالدَّیْنَ بِحُرْمَةِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَاُمِّهِمَا وَجَدِّهِمَا عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

کشایش رزق کے لئے

یہ تعویذ گیارہ عدد روزانہ لکھ کر دریا میں ڈالے اور اگر جاری پانی نہ ملے تو کنویں میں ڈالے اور لکھنے کے لئے نماز کے بعد ایک وقت مقرر کرے، تعویذ معظم یہ ہے۔

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یاباسط	۳۰

روزی فراخ ہو

ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے، شیطان کے وسوسے سے نجات دیتا ہے اور روزی فراخ ہوتی ہے۔

کشادگیٔ رزق اور قضائے حاجات کے لئے

چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد اسطرح پڑھے کہ آیۃ الکرسی میں هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تک دس جملے ہیں، لہٰذا پڑھتے وقت ہر جملہ پر ایک انگلی عقد کرے دائیں ہاتھ کی کن انگلی سے شروع کرے انگوٹھے تک پہونچائے، پھر اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیاں عقد کرے یَشْفَعُ عِنْدَهٗ پر پہونچ کر دوعین کے درمیان ترقی درجات اور کشائش رزق چاہے اور یَعْلَمُ مَابَیْنَ اَیْدِیْهِمْ کے

دومیموں کے درمیان اعدائے دین کی مقہوری کا خیال کرے، اگر کسی کے مسخر اور مطیع کرنے کا خیال ہے تو انگوٹھے کا عقد کرنے کے وقت اس شخص کا تصور کرے پھر تین مرتبہ الم نشرح پڑھے اور درود پڑھے اور ہر مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور انگلیاں کھولتے وقت جو مطلوب ہو اس کا نام لے۔

آیت الکرسی کا ایک دوسرا مجرب عمل

ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی کی اسطرح مداومت کرے کہ آیۃ الکرسی میں دس وقف ہیں، ہر وقف پر ایک انگلی عقد کرے، مگر شروع دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے کرے اور ختم بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کرے اور ''یشفع عندہٗ'' کے دو عینوں کے درمیان لطف و مہربانی کی حاجت دل میں لائے اور '' یعلم مابین ایدیھم'' کے دومیموں کے درمیان مقہوری اعداء کا خیال کرے اور عقد تمام ہونے کے بعد سورہ الم نشرح اور سورہ اخلاص اور درود تین تین مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرے، پھر الحمد شریف پڑھ کر تمام عقد کھولے دس مرتبہ الحمد ہو جائے گی، اس طرح کہ ایک مرتبہ الحمد پڑھ کر ایک انگلی کھولے، پھر اسی طرح دوسری پھر تیسری اسی طرح دس تک اور بسم اللہ کے میم کو الحمد کی لام میں ملا کر پڑھے اور عقد کھولتے ہوئے الحمد آمین تک پڑھے اور پڑھکر ہاتھوں پر دم کر کے تمام اعضاء پر پھیرے مجرب ہے۔

اگر امراء و حکام سے رنجش ہو جائے

عشا کے بعد بلا کلام کیے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر تین سو ساٹھ مرتبہ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے انشاء اللہ حکام وغیرہ کی رنجش

دور ہوگی اور راضی ہو جائیں گے۔

تسخیر حکام کے لئے

جسے بادشاہ یا امراء سے کوئی ایسا کام ہو جسکا ہونا ضروری ہو تو دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد تین مرتبہ آیۃ قطب پڑھ کر مصلے پر دم کرے اور دونوں ہاتھ منہ پر رکھے مراد برآوے گی۔

حاکم نرم ہو جائے

تین روز متواتر غسل کرے ہر روز پانچسو مرتبہ یَارَحْمٰنَ کُلِّ شَیْئٍ وَّاَرْحَمَهٗ پڑھے چوتھے روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ہتھیلی پر لکھ کر امیر و حاکم کے سامنے جائے اور اس کے سامنے تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ چاپلوسی اور محبت سے پیش آئے گا۔

دشمن مسخر ہو جائے

جو شخص دشمن غالب کے سامنے یَارَحْمٰنَ کُلِّ شَیْئٍ وَّاَرْحَمَهٗ بارہ مرتبہ پڑھے گا دشمن مطیع ہوگا۔

دشمن مہربان ہو جائے

یہ عمل حاکموں ظالموں اور دشمنوں کا غصہ حلم و طاعت سے بدلنے میں بے نظیر ہے، اس عمل کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ تین دن روزہ رکھے تو بہتر ہے، ورنہ بلا روزہ بھی تینوں دن قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ مع کلمہ طیبہ پڑھے اور رمضان شریف میں زکوٰۃ دے تو بہتر ہے جب زکوٰۃ سے فارغ ہو جائے تو اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر صرف آیۃ شریفہ قُلْنَا

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ گیارہ مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے دشمن کے مکان میں یا اسکے قریب چھڑک دے انشاء اللہ دشمن مہربان ہو جائے گا اور کام حسب مراد انجام دیگا اور اگر حاکم دور دراز شہر میں ہو تو اس پانی میں رومال تر کر کے اپنے پاس رکھے اور اپنے ساتھ اس شہر میں لیجائے وہاں ایک برتن میں پانی لے کر وہ رومال اس میں بھگو کر اس پانی سے عمل مذکور کرے، انشاء اللہ وہی تاثیر پیدا ہوگی۔

اگر کسی کو محبت میں گرفتار کرنا ہو

اگر تو اپنے اور دوسرے شخص میں محبت پیدا کرنا چاہے تو ایک برتن میں پانی لے کر سات مرتبہ بدوح کہکر منہ میں پانی لے کر برتن میں کلی کر دے، جو شخص وہ پانی پئے گا تجھ سے محبت کریگا۔

محبت پیدا ہو جائے

مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر مذکورہ تعویذ لکھ کر فتیلہ بنا کر چمبیلی کے تیل میں روشن کرے اور گلاب کے پھول پاس رکھ دے۔

۹ ۹ ۶ ۸ ۱۱۱۶اہ ی۱۱ ۱۱۱وخط السا ہ ہ ہ جاہ

لالقاء الحب فی قلب المطلوب

یاخذ الطالب العظم العریض من الکتف الیمنیٰ من الشاۃ فی عروج القمر ویکتب علیٰ طرفیه بعد الجمعة عریاناً محضاً سورة یٰسین الیٰ ماتسع ویکتب اسم المطلوب والطالب ویضعهٗ فی القدر ویدفنه تحت النار اللینة کی یحم العظم ولا یحترق فیضطر

قلب المطلوب انشاء الله تعالیٰ وان احترق العظم یعود الاضطرار الی الطالب ویقع الحروقة فی قلبه فالاحتیاط الاحتیاط العمل مجرب یہ دو نقش بھی تاثیر اور استعمال میں مذکورہ بالا عمل کے مانند ہیں۔

شوہر کے دل میں محبت پیدا ہو

جو عورت یہ نقش اپنے پاس رکھے شوہر کی آنکھوں میں عزیز ہو نقش یہ ہے۔

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

جانبین میں بغض و محبت پیدا کرنے کے لئے

پنجشنبہ کے دن طرفین کے بال جمع کر کے سورہ مزمل پڑھ کر گھر میں رکھے اور حب کے لئے وقت عمل مصری منہ میں رکھے اور بغض کے لئے تلخی منہ میں رکھے۔

مطلوب مسخر ہو جائے

گڑ یا پان یا اور کسی کھانے کی چیز پر تین مرتبہ دم کر کے کھلائے، مطلوب مسخر

ہوگا مگر بدکار کونہ دے ایک شخص نے پڑھوا کر ناجائز موقع میں استعمال کیا تو پھر بہت لوگوں کو عامل نے پڑھ کر دیا مگر کبھی اثر نہ ہوا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا، وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا. فلانة بنت فلانة علىٰ حب فلان بن فلانة

تسخیر خلائق کے لئے

قطب رو کھڑے ہو کر دایاں پاؤں بائیں پاؤں پر رکھ کر سفید رنگ کی موٹھ کے گیارہ دانوں پر فی دانہ گیارہ مرتبہ آیۃ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ پڑھ کر مٹی کے کچے برتن میں رکھ کر منہ بند کر کے اپنے مکان میں دفن کرے اور سوا لاکھ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر جناب رسالت مآب ﷺ کی روح اقدس کو ثواب پہونچائے اور یہ آیت جس قدر ہو سکے ہر روز پڑھتا رہے تسخیر اور حب خلائق کے لئے عجیب ہے، لیکن نصیحت ہے کہ نیک اخلاق اور وسعتِ حوصلہ اختیار کرے اور خلقت کو کھانے کپڑے اور ہر طرح کا فائدہ پہونچائے، انشاءاللہ کروڑوں آدمیوں کو فائدہ پہونچے گا اور مال جمع نہ کرے، لوگوں کا ہر طرف سے ہجوم ہوگا۔

تسخیر کا ایک اور مجرب عمل

ایک شخص نہایت فاضل سلیمان نام کا گمنامی کی حالت میں پڑا تھا لوگ اس سے معاملہ تک نہ کرتے تھے، اس نے ابن عربیؒ سے اس امر کی شکایت کی انہوں نے یہ مثلث نقش لکھ دیا، تو اللہ تعالیٰ نے اس کا نام لوگوں میں ظاہر کر دیا اس کی

قدر افزائی یہاں تک کی کہ جب وہ کسی طرف نکلتا تھا تو ہزاروں آدمی پیچھے ہوتے تھے اور اس کی بات یہاں تک چلتی تھی کہ سلطان تک تواضع کرتا تھا کہ ایسا نہ ہو کہ مجھ سے سلطنت چھین لے، وہ نقش یہ ہے اور اسکا عدد ۳۰۱۸ ہے۔

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳
۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸
۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷

اللہ اللہ اللہ

زوجین میں مصالحت کے لئے

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے کے لئے یہ لکھ کر دے یا دم کے کھلائے یا پلائے یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ اَلِّفْ بَیْنَ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةٍ وَفُلَانَةِ بِنْتِ فُلَانَةٍ كَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ مُوْسٰی وَهَارُوْنَ. كَلِمَةً طَیِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَیِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ تُؤْتِیْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِیْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ۔

لتخریب العدو

یاخذ اواخر الشهر یوم الجمعة خمسین قذاة من قذی المسجد وتربة من موضع خراب من مسجد خراب من مكان

خراب یقرأ علی کل قذاۃ سورۃ الفیل خمسین مرۃ ویحرق جمیعھا ویمزج ھذالرماد بالتراب ویلقیہ فی بیت العدو یخرب انشاءاللہ تعالیٰ۔

لاھلاک العدوّ

من شیخ شیوخنا ولی اللہ المحدث دھلوی قدس سرہ انہ من قرأ سورۃ الفیل الف مرۃ فی کل یوم عشرۃ ایام متوالیۃ بنیۃِ ھلاک العدوّ وخذلانہ ھلک عدوہ عنقریبٍ قدجرب مراراً۔

لخذلان العدو الظالم

عنہ انہ من کان لہ عدوٌّ ظالم یجوز قتلہ عند الشرع فلیقرأ سورۃ یٰسین احدی واربعین مرۃ فی محل طاھر قریب من ماء جار اوراکد ویضع لبنۃ من امامہٖ، وکُلًّا یقرأ السّورۃ یخط خطاً علیٰ اللّبنَۃِ حتی العدد المذکور، فیاخذ اللبنۃ وھو متوجہ نحو القبلۃ فیرمی اللبنۃ فی ذلک الماء بنیتہٖ وضع الظالم ھلاکہ فیھلک العدو ویخذل ویعزل، قد جرّب مراراً۔

اگر دشمن سے تکلیف پہونچنے کا اندیشہ ہو

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ ہی فرماتے ہیں کہ فقیر کے مخلصین میں ایک شخص کو ظالم ہمسایہ سے جو بادشاہی امراء میں سے تھا ایک صدمہ پہونچا قریب تھا کہ وہ عجز کے سبب سے اپنی جان ہلاک کردے اس نے مجھ سے ظاہر کیا میں نے کہا ہر روز ایک ہزار مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ

اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھا کرو اور اپنے بچوں اور لواحقین کو بھی پڑھنے کا حکم دے اس نے ایسا ہی کیا، چند روز نہیں گذرے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اس حادثہ سے نجات دی، بار ہا کا مجرب ہے۔

ظالم مہربان ہو جائے

جسے ظالم دشمن سے کوئی سختی پہونچے چاہئے کہ اذان دے اور پھر کہے رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّاوَبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا وَّرسولاً وبالقرآن اماماً اور تین دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے ظالم کے سامنے جائے انشاءاللہ مہربان ہوگا۔

جب ظالم کے سامنے جائے

اور ظالم حاکم کے سامنے جانے کے وقت اسی مقصد کے لئے پیشانی پر ” یَا مُتَکَبِّر “ لکھتے ہیں اگر سیاہی کا موقعہ نہ ہو، تو صرف انگلی ہی سے لکھے انشاءاللہ ظالم دشمن مہربان ہوگا۔

لنزول الداء علی الاعداء

عن الامام الغزالی رحمہ اللہ تعالیٰ ویکتب الحروف التسعۃ من الالف الی الطاء علی ترتیب ابجد لنزول الداءِ علیٰ الاعداء علی رغیف ویقرأ علیہ سورۃ الرعد ویطعم خمسۃ اکلب ویقول عنداطعامھم کلوالحم فلان بن فلانۃ ومزقوا اعضاء بدنہٖ یخرج بہ دمل عظیم باذن اللہ.

بربادئ دشمن کے لئے

چار مرتبہ آیۃ قطب پڑھ کر دشمن کے گھر پر پھونکے خراب و برباد ہو جائے گا۔

حصول حاجت کے لئے

سومرتبہ ہر روز پڑھے اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ الْاَرْبَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُسَھِّلَ الْاَصْعَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَارَبِّ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَارَبِّ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ۔

ہر حاجت برآئے

ظہر کے وقت تین سومرتبہ پڑھے انشاءاللہ حاجت برآئے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ اِنِّی مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِکَ وَرَسُوْلِکَ بِاللّٰہِ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ۔

جو چاہے پورا ہو جائے

ہر روز گیارہ تعویذ لکھ کر دریا میں ڈالے تعویذ یہ ہے۔

ہ اااامم   ااااھو

جو مانگے مل جائے

جو شخص فجر کی نماز کے بعد ہر روز چالیس مرتبہ آیۃ قطب پڑھا کرے جو مانگے اللہ تعالیٰ عطا فرمائے۔

دین و دنیا کی حاجتیں پوری ہوں

دینی و دنیوی حاجتیں برآنے کے لئے سات روز میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کی ترکیب اس طرح ہے کہ دینی مطالب کے لئے قبلہ رو بیٹھ کر اور دنیوی مطالب

کے لئے جنوب رو بیٹھ کر پڑھے ترکیب یہ ہے کہ، اتوار کے دن اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پانسو مرتبہ پڑھے اور آمین سومرتبہ کہے پیر کے دن اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پانسو چھپن مرتبہ اور آمین سومرتبہ منگل کے دن مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ دوسو گیارہ مرتبہ اور آمین سومرتبہ بدھ کے دن اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ آٹھ سو چھتیس مرتبہ آمین سومرتبہ جمعرات کے دن اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ایک ہزار مرتبہ آمین سومرتبہ جمعہ کو صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ایک ہزار ایک سو تیرہ مرتبہ اور آمین سومرتبہ اور بار کے دن غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ چار ہزار ستر مرتبہ اور آمین سومرتبہ، انشاءاللہ تمام مرادیں برآئیں گی۔

نماز قضائے حاجت

اگر کسی ظالم کے پنجے میں گرفتار ہو جائے تو یہ نماز پڑھے مصلیٰ سے فارغ نہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمائے گا اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رکھے گا ترکیب نماز یہ ہے کہ چار رکعتیں پڑھے، پہلی رکعت میں الحمد کے بعد پندرہ دفعہ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ سے بغیر حساب تک (آل عمران) اور دوسری رکعت میں پندرہ دفعہ سورہ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ اور تیسری رکعت میں پندرہ دفعہ سورۂ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور چوتھی رکعت میں پندرہ دفعہ سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر دس مرتبہ یہ دعاء پڑھے، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَاُفَوِّضُ

اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ یَامَنْ ذِکْرُهٗ شَرَفٌ لِلذَّاکِرِیْنَ وَیَامَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِلْمُطِیْعِیْنَ وَیَامَنْ رَاْفَتُهٗ مَلْجَاً لِلْعَالَمِیْنَ یَامَنْ لَایُحْصٰی عَلَیْهِ ثَنَاءُ الْمُحْتَاجِیْنَ اِغْفِرْلِیْ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

قضائے حاجت کے لئے اسم اعظم کا نقش

نقش اسم ذات کی ترکیب ہر قسم کی حاجت روائی میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے چاہئے کہ چھیاسٹھ روز تک بلا ناغہ وقت مقرر کر کے چھ ہزار چھ سو چھ مرتبہ اسم ذات پڑھے اور چھیاسٹھ نقش لکھے اور اگر حصول مطلب کے لئے پڑھے تو نقش مذکور لکھ کر دریا میں ڈالے اور دشمن کے دفع کرنے کے لئے پڑھے تو نقش مذکور اسی قدر لکھ کر روزانہ چراغ کی لو پر جلاتا رہے، یہ ترکیب حکیم محمد عمر چرتھاولویؒ سے پہونچی ہے جو شیخ محمد تھانویؒ کے مخلص مرید تھے۔

حل مشکل کے لئے

مشکل حل ہونے تک سورہ قریش یعنی لا یلاف ستر دفعہ ہمیشہ پڑھا کرے۔

ہر مشکل پوری ہو

رات کو چار ہزار پانچ سو مرتبہ اسم ذات پڑھنا بھی عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے انشاء اللہ حاجت برآئے گی۔

ہر مشکل آسان ہو جائے

فجر کی سنتیں پڑھ کر چالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھنا بھی ہر مشکل اور مہم کے لئے عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے اس طرح پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لفظ الرحمن الرحیم کو مکرر کہے اور جو مقصود ہو اس کا تصور کرے جب آمین پر پہونچے تو تین مرتبہ کہے الٰہذا حق سبحانہ اس مہم کو آسان کریگا۔

جمعیت قلب کے لئے

اول آخر درود شریف پڑھ کر پانچ سو مرتبہ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَهُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ پڑھے۔

جب نئے شہر میں داخل ہو

داخل ہوتے وقت وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ پڑھے بہرہ مند اور کامیاب ہوگا۔

حصول غنا واطمینان کے لئے

سفر کرنے اور سفر سے آنے کے وقت تین تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنا مجرب ہے۔

جمعیت خاطر اور اطمینان قلب کے لئے

ایک درویش نے اکبرآباد میں خضر خان کو بتایا تھا کہ بہت روز تک پیپل کے سات پتوں پر سات تعویذ لکھ کر کنویں میں ڈالے یہ عمل حاجی عزیز اللہ جے پوریؒ کے مجربات میں سے ہے اور حضرت شیخ محمد تھانویؒ نے مولانا سعادت علی صاحب سہارنپوریؒ کی بیاض سے حسب اجازت مولانا محمد حسن رامپوریؒ نقل کیا ہے تعویذ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَامُوْنِسَ کُلِّ وَحِیْدٍ وَیَاصَاحِبَ کُلِّ غَرِیْبٍ وَیَاظَاهِرَ کُلِّ مَلَاءٍ وَیَاشَاهِدَ کُلِّ نَجْوٰی

یَامُنجِیَ الْھَلْکٰی وَیَامُنْقِذَ الْغَرْقٰی وَیَاصَاحِبِیْ فِیْ شِدَّتِیْ وَیَاوَلِیَّ فِیْ نِعْمَتِیْ وَیَاطَبِیْبِیْ فِیْ کُرْبَتِیْ وَیَامُوْنِسِیْ فِیْ وَحْشَتِیْ اِبْعَثْ اِلَیَّ مُوْنِسًا یُوْنِسُنِیْ وَاسْتُرْ عَوْرَتِیْ وَآمِنْ رَوْعَتِیْ یَاکَرِیْمُ نیز ہر حاجت اور شدت میں اس کا پڑھنا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

قوت باہ بڑھ جائے

نو درم شہد اور دو درم لونگ پر آیۂ قطب دم کر کے کھائے تو قوت باہ بڑھ جائے اگر گھوڑا بزدلی کرے آیۂ قطب تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

زمین پیمائش میں کم ہونے اور دریا برد ہونے سے محفوظ رہے

اسمائے اصحاب کہف لکھ کر زمین اور دریا کے کنارے دفن کرنا نافع اور مجرب ہے زمین کم ہونے اور دریا برد ہونے سے محفوظ رہے گی۔

چوروں سے مال کی حفاظت کے لئے

اسمائے اصحاب کہف لکھ کر مال میں رکھ دے۔

اگر کہیں آگ لگ جائے

اگر کہیں آگ لگ گئی ہو، کورے ٹھیکرے پر اصحاب کہف کے نام لکھ کر آگ میں ڈالے، اس طرح لکھے الٰہی! بحرمۃ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا، کَشْفُوْطَطْ، تَبْیُوْنَسْ، آذَرْ فِطْیُوْنَسْ، کَشَافَطْیُوْنَسْ، یُوَانَسْ بُوْسْ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْر وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَائِرٌ۔

عہدہ بحال ہو جائے

جو شخص کسی عہدہ سے معطل ہو گیا ہو آیۃ وَتِلْکَ حُجَّتُنَآ سے مِنْ عِبَادِہٖ تک کثرت سے پڑھے، انشاءاللہ مقصود حاصل ہوگا۔

دریا کی طغیانی کو ساکن کرنے کے لئے

اگر دریا میں تلاطم ہو سورہ علق یعنی اقرأ پڑھے اللہ کے حکم سے دریا میں اسی وقت سکون ہو جائے گا، نیز یہی صورت ایک طشت میں لکھ کر کنویں کے پانی میں دھو کر گھر میں چھڑک دے، تمام موذی جانور بھاگ جائیں گے۔

نقش علیؓ ایک بے مثال نقش

یہ نقش حضرت علیؓ کے نام سے جانا جاتا ہے یہ نقش ہر طرح کے جادو اور آسیب اور جنات اور نظر بد اور بیماری کے لئے مجرب ہے، نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰہُ اللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِکَ شَیْئًا اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ اللّٰہُ شَافِیْ اَللّٰہُ کَافِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

بہت ضروری ہدایت

اس نقش علیؓ میں مذکورہ بالا عبارت لکھ کر پھر آخیر میں اس طرح ااا تین لکیریں جیسے آپ اوپر نقش میں دیکھ رہے ہیں جہاں پر ہم نے یہ تین نشان +++ بنائے ہیں اور اس نقش میں یہ ااا تین لکیریں مکمل تعویذ لکھنے کے بعد لکھیں گے اگر شروع میں یہ ااا تین لکیریں بنا دیں، تو تعویذ بیکار ہو جائے گا، کام نہیں کریگا۔

ہر عامل کے لئے ضروری کام کی باتیں

اگر مریض سحر زدہ یعنی جادو کیا ہوا ہے تو اس نقش علیؑ کے ساتھ پانی اور تیل بھی مریض کو استعمال کرنا چاہئے چالیس دن تک منزل پڑھ کر پانی اور سرسوں کے تیل پر دم کریں اور تیل کو روزانہ ایک متعین وقت میں ٹانگیں چھوڑ کر کمر اور کمر سے اوپر لگائیں اور یہ پڑھا ہوا منزل کا پانی صبح وشام پیا کریں۔

منزل کی تاثیر

یہ قرآن کریم کی مختلف آیات وسورتیں ہیں جو خواب میں بشارت ہوئی ہیں جس کی تفصیل آنے والی ہے انشاءاللہ تعالیٰ اگر مریض زیادہ پرانا ہے تو یہ علاج تین چلہ کرنا چاہئے اور اسی کے ساتھ ساتھ مریض اس تعویذ کے پانی سے ہر چھٹے دن غسل کرے، غسل کا تعویذ یہ ہے۔

۷۸٦ ۷۸٦ ۷۸٦

۷۸٦ ۷۸٦ ۷۸٦

۷۸٦ ۷۸٦ ۷۸٦

لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا

ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح

ب ب ب ب ب ب ب

غ غ غ غ غ غ غ

ث ث ث ث ث ث ث

ح ح ح ح ح ح ح

یاناصر یاناصر یاناصر

یہ نقش ہر سحر زدہ وآسیب زدہ جن ونظر بد وغیرہ کے علاج میں مجرب ہے اور دیگر بیماریوں میں بھی آزمودہ ہے اس غسل کے نقش کو لکھ کر نہانے والے کے پانی میں ملا دیں اور منزل کا پڑھا ہوا تیل لگا کر اس نقش کے پانی سے غسل کر لیں اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمانے والے ہیں۔

علامات سحر یعنی جادو کی شناخت

سحر یعنی جادو کی پہچان یہ ہے کہ مریض دن بدن سوکھتا جاتا ہے کہتے ہیں کہ کھاتا ہے بکری کی طرح اور سوکھتا ہے لکڑی کی طرح اور جادو والے کا چہرہ روز بروز پیلا پڑتا رہتا ہے اور جو تیل ہم نے اوپر ذکر کیا ہے، یعنی منزل کا دم کیا ہوا اس تیل کی مالش کرنے سے بدن میں سے اکثر کانچ، بال، چونا، ریتا، اور کوڑا کچرا نکلتا ہے اور یہ بھی علامت ہے کہ بہت دنوں سے بیمار ہے اور کسی دوا سے فائدہ نہیں ہوتا ہے اور یہ بھی علامت ہے کہ جادو والے مریض کے بدن میں سوئیاں اور کانٹے سے چبھتے ہیں اور یہ بھی علامت ہے کہ اس کے بدن کے کسی حصہ میں یا پورے بدن میں درد ہوتا ہے، اور جادو کی یہ بھی علامت ہے کہ مریض کے دائیں ہاتھ میں مذکورۂ ذیل نقش (۱) کو دے کر پانچ منٹ تک پکڑوائے رکھیں اس طریقہ پر کہ ہاتھ کسی چیز پر نہ ٹکے بالکل سامنے کی جانب پورا ہاتھ اٹھائے رکھے، اسی نمبر (۱) نقش والے ہاتھ میں وزن ہو جائے گا اور بھاری پن معلوم ہوگا جیسے کہ اٹھارہ کلو کا پتھر اٹھایا ہوا ہے تو سمجھ لینا چاہئے کہ سحر یعنی جادو ہے اور اگر

وزن معلوم نہ ہوتو مریض کو بیماری ہے، ہاتھ میں دینے والا نقش (۱) یہ ہے۔

۳۱۷	۳۳۰	۳۲۷	۳۲۴
۳۲۸	۳۲۳	۳۱۸	۳۲۹
۳۲۲	۳۲۵	۳۳۲	۳۱۹
۳۳۱	۳۲۰	۳۲۱	۳۲۶

اگر مریض ہوتو اس کا علاج

اگر نقش (۱) کے ہاتھ میں رکھنے سے ہاتھ میں وزن معلوم نہ ہوتو مرض وبیماری ہے اس کے لئے یہی اوپر والا نقش زعفران سے لکھ کر چالیس دن تک مریض کو صبح خالی پیٹ پلائیں۔

علامات جنات

جناب کی علامات یہ ہیں کہ اگر مریض زیادہ انگڑائیاں لیتا ہے اور جمائیاں لیتا ہے، تو یہ علامت جنات کی ہے اور ایک علامت جنات والے مریض کی یہ ہے کہ اس کی آنکھ سرخ گلابی ہوگی، جیسے کہ لال آنکھیں شرابی کی ہوتی ہیں اور اس کا منہ ہونٹ خشک ہوں گے جس کی وجہ سے پانی بھی زیادہ استعمال کریگا، جنات والے کے سیدھے ہاتھ میں نقش (۱) پکڑوادیں پانچ منٹ تک ہاتھ میں رکھیں، انشاءاللہ پانچ منٹ کے اندر اندر جن حاضر ہوجائے گا اور اگر پانچ منٹ کے بعد بھی جن حاضر نہ ہوتو نقش (۲) ہاتھ میں دیں کہ اس کی تاثیر زیادہ ہے بعض مرتبہ نمبر۲ کے نقش سے بھی جن حاضر نہیں ہوتا صرف ہاتھ میں لرزہ اور کپکپی طاری ہوتی ہے، تو بھی سمجھ لینا چاہئے کہ جن کا اثر ہے نقش ۲ یہ ہے۔

۳۱۹	۳۳۳	۳۳۰	۳۲۶
۳۳۱	۳۲۵	۳۲۰	۳۳۲
۳۲۴	۳۲۸	۳۳۵	۳۲۱
۳۳۴	۳۲۴	۳۲۳	۳۲۹

جنات والے مریض کا علاج

اگر مریض پر جن کا اثر ہے تو اس مریض کو پانی اور تیل جو کہ منزل کا دم کیا ہوا ہو، پلائیں اور مذکورہ سحرزدہ کے علاج کے طریقہ پر استعمال کرائیں اور غسل کے نقش کے علاوہ چالیس دن کیلئے فلیتہ دیں اور نقش علیؑ جو پہلے گزر چکا ہے موم جامہ کر کے یا تانبے کے تعویذ میں ڈال کر کالے رنگ کے دھاگہ سے گلے میں ڈال دیں۔

حقیقت آسیب

آسیب جسے ہمزاد بھی کہتے ہیں انسان کے مرجانے کے بعد جب اسے قبر میں دفن کرتے ہیں اور دفن کرتے وقت آیت قرآنی مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى نہ پڑھیں، تو ہمزاد دفن ہونے سے رہ جاتا ہے اور پھر وہ ایسے لوگوں کے بدن میں گھس جاتا ہے جن کا خون اس کے موافق ہوتا ہے اور گھس کر پریشان کرتا ہے اور انسان کے اوپر اپنا تسلط جمالیتا ہے پھر انسان وہی بولتا ہے جو وہ چاہتا ہے، بعض مرتبہ غیبی خبریں بھی بیان کرتا ہے اور جھوٹ بولنا اس کا مخصوص وظیفہ ہوتا ہے اور غلط سلط خبریں بیان کرتا ہے اور بعض مرتبہ لوگ آسیب زدہ سے اپنے اور اپنے متعلقین کے حالات معلوم کرتے ہیں کہ کس کو کیا بیماری ہے؟ وہ آسیب زدہ انسان جھوٹ موٹ بہت کچھ بتاتا ہے۔

آسیب کی علامات

آسیب زدہ کی آنکھیں نیچی رہیں گی کہ وہ نظر ملا کر نہیں دیکھے گا، بلکہ آنکھیں نیچی رکھے گا جیسے کہ کوئی مجرم عدالت میں جا کر حاکم کے سامنے شرمندہ ہوتا ہے آسیب کی علامت یہ ہے کہ کوئی دوا اثر نہیں کرتی۔

بہت ضروری ہدایت

ضروری ہے کہ آسیب زدہ اور سحر زدہ اور جنات والے مریضوں کیلئے کم سے کم ایک ہفتہ نمک بالکل بند کرا دیں نمکین چیز کوئی استعمال نہ کریں جب تک علاج چلتا رہے تو بہتر ہے کہ نمک بند ہی رکھیں ورنہ تو کم از کم ایک ہفتہ ضرور بند رکھیں خاص طور پر خیال رکھنے کی بات ہے اور مریض کو علاج کے دنوں میں روزانہ صبح نہار منہ ایک مرتبہ درود ابراہیمی ایک مرتبہ سورۂ فلق ایک مرتبہ سورہ ناس پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا کریں، یہی پانی صبح کو سب سے پہلی غذا ہو گی۔

بغیر حاضر کئے جنات کو جلانا

مذکورہ ذیل فلیتہ سے بغیر حاضر کئے جنات جل جاتے ہیں اور آسیب بھی جل جاتے ہیں، اس نئے فلیتہ کو نئے مٹی کے چراغ میں تل کے تیل کے ساتھ بھگو کر جلائیں، یعنی سلگائیں ۲۱ دن تک ایسا ہی کریں۔ نقش مکرم یہ ہے۔

اللھم احرق الشیاطین

کلھم بحق — اچھز

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

ھذہ التکسیر

اگر نہ جاوے تو جل جاوے

ضروری نوٹ: نقش کے نیچے یہ عبارت ضرور لکھنی چاہئے (اگر نہ جاوے تو جل جاوے)

فلیتہ کے استعمال کا طریقہ

فلیتہ کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ فلیتہ کو روئی سے لپیٹ کر اوپر سے کالا دھاگہ لپیٹ دیں، پھر مٹی کے برتن میں تیل لے کر اور اسی فلیتے کو تیل میں بھگو کر سلگائیں اور مریض کو دکھائیں۔

ضروری ہدایت

ہمیشہ یہ بات یاد رکھیں کہ فلیتہ سورج چھپنے کے بعد روشن کیا جاتا ہے فلیتے کئی قسم کے ہیں، ایک نمبر کا فلیتہ عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور دو نمبر کا فلیتہ زیادہ اثر رکھتا ہے اور تین نمبر کا فلیتہ سب سے زیادہ تیز اثر رکھتا ہے ترتیب وار لکھتے ہیں غور سے دیکھیں۔

(۱) کا فلیتہ: یامھلائیل، یاثمنائیل، یامیکائیل، یاجبرئیل

(۲) کا فلیتہ: یا مھلائیل، یاثمنائیل، یامیکائیل، یاجبرئیل،
شیطان فرعون ہامان شداد

(۳) کا فلیتہ: یامھلائیل، یاثمنائیل، یامیکائیل، یاجبرئیل
یاثمنائیل یا میکائیل یا جبرئیل

ایک بہت تیز اثر فلیتہ

یہ فلیتہ ان سب فلیتوں سے بھی زیادہ اثر رکھتا ہے کبھی اس کو بھی ضرورت کے وقت استعمال میں لائیں، اس فلیتہ کو اوپر ذکر کئے ہوئے طریقہ کے مطابق ۲۱ دن متواتر استعمال کرائیں۔

فلیتہ کا نقش یہ ہے۔

۸	۱	۶	دجال
۳	۵	۷	نمرود
۴	۹	۲	ابلیس
فرعون	ہامان	قارون	شداد

اگر نہ جاوے تو جل جاوے

(۱)(۲)(۳) نمبروں کے فلیتے سحر، جادو، آسیب اور جنات والے مریض کیلئے عام ہیں اور ان فلیتوں کو سرسوں کے تیل میں چالیس دن تک روزانہ رات کے وقت مریض کو سامنے بٹھا کر روشن کریں اور مریض چراغ کو دیکھتا رہے، جب تک وہ چراغ دھواں دیتا رہے، انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو ہمیشہ کیلئے جنات وآسیب سے چھٹکارا ونجات مل جائے گی، اللہ تعالیٰ ہی نفع نقصان کے مالک ہیں اور سب کچھ ان ہی کے قبضہ میں ہے۔

مریض کے لئے علاج کے درمیان کی ہدایت

مریض علاج کے درمیان اپنے شہر یا گاؤں یا بستی سے باہر نہ جائے بلکہ بہتر ہے کہ علاج کے درمیان اپنے گھر سے ہی نہ نکلے اور مریض اس گھر میں تو بالکل نہ جائے جس میں بچہ کی پیدائش ہوئی ہو ایک ہفتہ تک کم سے کم پرہیز کرے۔

دوسری ہدایت: یہ ہے کہ مریض اپنے گلے کے تعویذ کو اس قدر چھوٹا اور تنگ کرکے باندھے کہ اگر مریض اس کو توڑنا چاہے تو توڑ نہ سکے یعنی دھاگہ بھی مضبوط ہو۔

تیسرے یہ کہ جنات وجادو اور آسیب والے مریض کسی وقت بھی اپنے گلے سے تعویذ

باہر نہ نکالیں ان باتوں پر عمل کرنا بہت ضروری ہے، عامل کیلئے بتانا ضروری ہے۔

تمام قسموں کی نظرِ بد اور آسیب اور جادو وغیرہ سے حفاظت کیلئے

یہ تعویذ ایک زبردست پائے کے عالم وعامل کہ جن کے نام سے جنات خوف کھاتے تھے کی جانب سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کیلئے ہدیہ ہے، اس تعویذ میں اصحاب کہف کے نام ہیں تعویذ کے ساتھ ساتھ مذکورۂ ذیل نقش کو بھی لکھا جائے اور موم جامہ کرکے کالے دھاگے سے گلے میں ڈالدیں انشاء اللہ تعالیٰ بے انتہا مفید پائیں گے۔ وہ تعویذ اور نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا ، كَشْفُوْطَطْ، تَبْيُوْنَسْ ، آذَرْ فِطْيُوْنَسْ، كَشَافَطْيُوْنَسْ، يُوَانَسْ بُوْسْ وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْر ، وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ وَلَوْشَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ، فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ. وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ ۔ اور نقش یہ ہے:

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

بہت ضروری نوٹ ویادداشت

یہ بات ہمیشہ یاد رہنی چاہئے کہ نقش بھرنے کیلئے سب سے اول چھوٹے عدد کو پہلے لکھا جاوے، پھر اس کے بعد جو اس سے بڑا ہو پھر اس کے بعد جو اس عدد سے بڑا ہو اسی طرح پورا مکمل نقش بھرنا چاہئے، یہ قاعدہ ہر قسم کے نقش کو پورا کرنے

گا۔ یہ عمل دو تین [illegible] بھی تجربہ کر کے دیکھ لیں۔

جنات شیاطین کے حملوں سے محفوظ رہنے کا بے مثال قلعہ

حضرت عبدالرحمن ابن خنبشؓ سے معلوم کیا گیا (جبکہ یہ بہت بوڑھے عمر رسیدہ ہو چکے تھے) کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا؟ ان صحابیؓ نے جواب دیا کہ ہاں دیکھا تھا پھر ان سے معلوم کیا گیا کہ اس رات میں جس میں شیاطین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فریب کرنا چاہتے تھے تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟ عبدالرحمن ابن خنبشؓ نے جواب دیا کہ شیطان پہاڑوں کے دروں اور وادیوں سے نکل نکل کر آپ ﷺ کے پاس آئے ان شیطانوں میں ایک شیطان تھا جس کے پاس آگ کا ایک شعلہ تھا جس سے وہ بدبخت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک بال جلانا چاہتا تھا اسی درمیان میں جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور کہا اے محمد ﷺ پڑھئے آپ ﷺ نے فرمایا کیا پڑھوں؟ جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ دعا پڑھئے أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنَ الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ ۔ آپ نے یہ دعا پڑھی، پڑھتے ہی شیطانوں کی آگ بجھ گئی اور اللہ تعالیٰ نے ان سب جناتوں اور شیاطین کو شکست دی اور ان کو ناکام بنادیا۔ (اسد الغابہ ج ۳ ص ۹۰)

شیطانوں اور جناتوں کے گھیراؤ میں آکر بچنے کا قلعہ

اگر کسی کو راستوں اور جنگلوں یا کسی بھی جگہ شیاطین اور جنات اور آسیب

وغیرہ گھیر لیں اور چاروں طرف سے حملہ کرنے کیلئے آمادہ ہو جائیں تو اس کو چاہئے کہ بلند آواز سے اذان دیوے اور بلند آواز سے ہی آیۃ الکرسی پڑھے اس عمل سے ایک بھی جن اور شیطان پاس نہیں آئیگا، سب کے سب بغیر تکلیف دئے بھاگ جائیں گے یہ عمل عجیب اور مجرب ہے۔

جب جنات وشیاطین کی سرکشی سے پریشان ہو جائے

خصائص کبریٰ میں امام بیہقی سے بروایت حضرت ابودجانہؓ منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں شکایت کی اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ جس وقت میں بستر پر لیٹتا ہوں، تو اپنے گھر میں اچانک چکی کی سی آواز اور شہد کی مکھی کی سی بھنبھناہٹ سنتا ہوں اور بجلی کی سی چمک دیکھتا ہوں میں نے رات کو جب گھبرا کر اپنا سر ڈرتے ہوئے اٹھایا تو اچانک مجھ کو ایک کالا سایہ اونچا لٹکتا ہوا نظر آیا، وہ میرے گھر کے صحن میں لمبا ہوتا جاتا تھا میں نے اس کو پکڑنے کا ارادہ کیا اور اس کی کھال کو ہاتھ لگایا اس نے میرے منہ پر آگ کا شعلہ پھینکا، جس سے مجھے گمان ہوا کہ اس نے مجھے پھونک دیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ابودجانہ! تیرے گھر کا رہنے والا جن برا ہے، پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ کو حکم دیا، قلم دوات کاغذ میرے پاس لاؤ اور فرمایا کہ لکھو یہ دعا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هٰذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ إِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ مِنَ الْعَالَمِيْنَ وَالسَّائِحِيْنَ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَإِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلِعًا أَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا أَوْ دَاعِيًا

حقًّا باطلاً هٰذا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا اِنْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ اِلٰى مَنْ يَزْعُمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْئٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

حضرت ابودجانہؓ فرماتے ہیں کہ میں اس مبارک خط کو اپنے گھر لے گیا اور میں اس کو اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو گیا اور جب میں نیند سے بیدار ہوا تو ایک چلانے والے کی آواز سنی اور وہ یوں کہ رہا تھا اے ابودجانہ! قسم ہے لات وعزیٰ کی (بتوں کے نام ہیں) ہم کو ان کلمات نے پھونک دیا اگر اس تعویذ والے کے طفیل سے تو ہم پر سے یہ تعویذ ہٹا لے تو ہم ترے گھر میں کبھی نہ آئیں گے اور نہ ترے پڑوس میں اور نہ اس جگہ میں جہاں یہ نقش ہوگا، ابودجانہؓ فرماتے ہیں کہ صبح ہوئی میں نے فجر کی نماز رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پڑھی اور جو کچھ میں نے جنات سے سنا تھا اس کی آپ کو اطلاع دی آپ ﷺ نے فرمایا اے ابودجانہ ہٹا لے عذاب کو ان لوگوں پر سے قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق پر بھیجا ہے کہ وہ اس کا رنج وعذاب قیامت تک پائیں گے (اگر نہ ہٹاوے گا تو)

(نوٹ) اس نقش کو تعویذ بنا کر اس انسان کے گلے میں ڈالنا چاہیئے، جو جنات کے ستانے سے تنگ آگیا ہو اور اس نقش کو گھر میں بھی لگانا چاہیئے، جس گھر میں جنات نے ڈیرہ ڈال لیا ہو اور پریشان کرتے ہوں نکلتے نہ ہوں۔

جنات وآسیب وجادو اور موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے

جملہ قسم کی آفات وبلیات جادو، جن، آسیب وتکلیف دہ جانوروں سے حفاظت کے لئے مستند ومجرب عمل یہ ہے کہ صبح وشام ایک مرتبہ منزل پڑھے بہت زیادہ مفید ہے یہ منزل قرآن کریم کی تینتیس آیتیں ہیں، جو ایک کتاب کی شکل میں کتب خانوں میں ملتی ہے فائدہ اٹھائیں اور ہر عامل کو اسکا پاس رکھنا بہت ضروری ہے۔

جس مکان میں آسیب وجنات کا خطرہ ہو اس کی حفاظت کیلئے

جس مکان یا دکان وغیرہ میں جنات وآسیب کا خطرہ ہو یا پتھر، اینٹیں، بال، خون، گوشت کی بوٹیاں وغیرہ گرتی ہوں تو اس کی روک تھام کے لئے اس نقش کو لکھ کر لٹکا دیں۔ اس نقش کو کئی مرتبہ آزمایا ہے، مفید ہی ثابت ہوا اور انشاءاللہ مفید ہی پائیں گے۔ نقش معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۹۹۱۶	۹۹۱۹	۹۹۲۲	۹۹۰۹
۹۹۲۱	۹۹۱۰	۹۹۱۵	۹۹۲۰
۹۹۱۱	۹۹۲۴	۹۹۱۷	۹۹۱۴
۹۹۱۸	۹۹۱۳	۹۹۱۲	۹۹۲۳

جس انسان کو جنات وآسیب نے پریشان کردیا ہو

جس انسان کو جنات وشیاطین وآسیب نے ستاتے ستاتے پریشان کردیا ہو اس کے بائیں کان میں آیت مذکورہ ذیل سات مرتبہ پڑھیں اور سات مرتبہ ہی اذان دیں، اور سات مرتبہ فاتحہ، چاروں قل، آیۃ الکرسی، سورہ حشر کی آخری تین

آیتیں سورۃ طارق اور سورۃ العادیات پوری پڑھیں اوپر والی آیت یہ ہے۔
وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے فوراً شیطان پیچھا چھوڑ دیتا ہے ورنہ جل کر راکھ ہو جاتا ہے مجربات میں سے ہے۔

اپنی اور گھر کی حفاظت کیلئے حصار

رات کو سوتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے مکان کے چاروں طرف انگلی کے اشارے سے حصار کر لیا جاتا ہے، اس عمل سے ہر طرح کے جادو ٹونے ٹوٹکے سے جان و مال وغیرہ کی حفاظت رہتی ہے۔ (باذن اللہ تعالیٰ وعونہ)

اگر کسی مکان یا دوکان و فیکٹری میں آسیب و جنات کا اثر ہو

اگر کسی مکان، دکان یا کسی بھی مقام پر جناتوں وغیرہ نے اپنا قبضہ کر لیا ہو اور صاحب مکان وغیرہ کو تنگ و پریشان کرتے ہوں یا اس میں رہنے والے کو جان سے مار ڈالتے ہوں یا اس مکان میں جادو کر دیا گیا ہو کہ خون کے قطرے ٹپکتے ہوں یا اس مکان میں بالوں کی چوٹیاں گرتی ہوں یا اینٹ، پتھر وغیرہ گرتے ہوں یا گوشت وغیرہ آتا ہو تو چاہئے کہ ایسے مکان و دکان و قلعہ وغیرہ کو کیل دیں اور حصار کر دیں، اس عمل کے ذریعہ سے بہت سے عامل مالداروں سے ہزارہا روپے لیتے ہیں لیکن فقیر اس عمل کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے ملنے والی نعمت میں پوری سخاوت کرتے ہوئے تحریر کر رہا ہے لوگوں کو چاہئے کہ اس عمل سے فائدہ اٹھائیں اور مزید اجازت دیتا اور دعا کرتا ہوں۔

ایک خوشخبری

یہ عمل غیر مسلموں کیلئے بھی کر سکتے ہیں سبھی کو اس سے فائدہ ہوگا، انشاء اللہ

تعالیٰ بس یقین کے ساتھ کریں، اللہ تعالیٰ فائدہ ضرور عطا فرمائیں گے لیکن اس عمل کی قدر و اہمیت بٹھانے کیلئے عامل کو چاہئے کہ جس کیلئے یہ عمل کرے اس سے کچھ نہ کچھ اپنے عمل اور محنت کا صلہ ضرور لیوے اب اس عمل کا طریقہ دیکھیں۔

نقش حفاظت

نقش حفاظت جو آگے دیکھیں گے چار عدد لکھ کر مٹی کی چار کلیوں میں رکھ دیں اور مٹی کے ہی چار ڈھکنوں سے ان کلیوں کو بند کر دیں، ان مٹی کے ڈھکنوں کو اڑد (ماش) کی دال پیس کر یعنی اس کے آٹے سے لیپ کر دیں۔ اور مکان وغیرہ کے چاروں کونوں میں ایک ہاتھ گہرا گڈھا کھود کر دفن کر دیں جیسے مکان کا نقشہ یہ ہے

غسلخانہ
پاخانہ
صحن گھر کا نقشہ

اس نقشہ میں چھ کونے ہیں صرف چار کونوں میں ان کلیوں کو دفن کرنا ہے بیت الخلا کے برابر والے کونے میں دفن کریں اور غسل خانہ کے برابر میں دفن کرین جیسا کہ اس نقشہ میں چار چڑیاں بنی ہوئی ہیں، انہیں چڑیوں کی جگہ پر کلیہ دفن کریں، اگر مکان دوکان وغیرہ مین فرش سنگ مرمر کا ہو تو وہ بھی توڑنا پڑیگا کلیوں میں رکھنے والا نقش حفاظت یہ ہے اس نقش میں چاروں خلفاء کے نام ہیں غور سے دیکھ لیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ پچھی قل ھو اللہ دکھنی ابراہیم خلیل اللہ پوربی، امیر حمزہ اتری، حضرت علی کرم

اللہ وجہہ

اور چار عدد لوہے کی کیلیں لے کر اور ہر ایک کیل پر ۲۵-۲۵ مرتبہ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا پڑھ کر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں اور منزل پڑھ کر پانی پر دم کر کے بوتل میں رکھ لیں اور اس پانی کو روزانہ مغرب کی نماز کے بعد (سورج چھپنے کے بعد) کسی برتن میں لیکر ناخنوں کے ذریعہ مکان کی دیواروں پر چھڑک دیں، عمل پورا ہوگیا، اگر آسان ہو تو مکان کی چھت پر سات دن تک برابر رات کو مغرب کے بعد اذان دیں اتنی آواز سے کہ صرف گھر گھر میں ہی آواز رہے، نیز رات کو آیۃ الکرسی ایک مرتبہ زور سے پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے پورے بدن پر پھیر لیں، اس عمل سے شیاطین و جنات دفع ہو جاتے ہیں۔

جنات وشیطانوں سے حفاظت کیلئے

میرے پیر و مرشد طبیب روحانی وجسمانی حضرت شیخ قدس سرہٗ نے فرمایا کہ جب بیت الخلاء میں جاؤ تو سر کو ڈھانک کر جاؤ کیوں کہ جناتوں نے خود بتایا ہے کہ ہم اس آدمی پر سوار ہوتے ہیں اور تکلیف پہنچاتے ہیں، جو ننگے سر بیت الخلاء میں جاتا ہے اور فرمایا کہ اس دعا کو ضرور پڑھے کبھی بھی ترک نہ کرے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں خبیث جنات مردوں اور خبیث جنات عورتوں سے۔

آیۃ الکرسی کی تاثیروں میں سے ایک تاثیر

حضرت ابو ہریرہؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۃ الفطر کے غلہ کی نگرانی کے لئے مقرر فرمایا ایک دن رات کو ایک شخص آیا اور اس غلہ میں سے چرا کر لے جانے لگا، حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو پکڑ لیا اور کہا تجھ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لے کر جاؤں گا، اس شخص نے کہا کہ میں بہت زیادہ غریب آدمی ہوں اور بے انتہا تنگ دست ہوں، حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کی معذرت پر رحم کھاتے ہوئے چھوڑ دیا، پھر صبح کو میں نے یہ واقعہ حضور پاک ﷺ کو جا کر سنایا، حضور ﷺ نے فرمایا اس چور نے کیا کہا میں نے جواب سنایا کہ اس نے اپنے بال بچوں کے پالنے کی اور اپنی شدید حاجت کی شکایت کی یہ جواب سننے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ چور جھوٹا ہے اور فرمایا کہ وہ چور پھر آوے گا تو پھر میں رات کو اس کے انتظار میں بیٹھ گیا، کیوں کہ مجھے یقین ہوگیا کہ آپ ﷺ کی معصوم ذات فرما رہی ہے تو وہ ضرور آویگا، پھر وہی چور رات کو آیا اور اس نے غلّہ چرایا، میں نے پھر اس کو پکڑ لیا اور کہا میں تجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے کر جاؤنگا، پھر اس چور نے سخت عذر پیش کیا اور کہا کہ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں، بہت غریب و ناتواں ہوں حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ پھر میں نے اس کے حال پر رحم کھاتے ہوئے چھوڑ دیا اور اس چور نے یہ بھی کہا کہ اب پھر نہیں آؤنگا جب صبح ہوئی تو میں نے دربار رسالت ﷺ میں جا کر رات

کا واقعہ بیان کیا بلکہ حضور ﷺ نے خود معلوم کیا کہ رات میں آنے والے چور کا کیا حال ہے میں نے تمام قصہ بیان کیا پھر حضور ﷺ نے فرمایا کہ اے ابو ہریرہؓ اس چور نے جھوٹ کہا اور وہ پھر آوے گا ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ پھر تیسری رات کو میں اس چور کی تاک میں بیٹھ گیا، وہ پھر آیا اور اس نے غلہ چرایا، ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے پھر اس کو پکڑ لیا اور میں نے کہا کہ میں تجھے ابھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے کر جاؤں گا تو جھوٹ بولتا ہے اور وہ وعدہ کرتا رہا کہ پھر نہیں آؤں گا اس نے کہا کہ بس اب کی بار اور چھوڑ دو، میں آپ کو ایک قیمتی بات بتلاتا ہوں کہ جس سے اللہ تعالیٰ آپ کو بہت فائدہ دیں گے میں نے پوچھا کہ وہ کیا ہے؟ اس نے بتلایا کہ جب آپ سونے کیلئے بستر پر جاویں، تو آیۃ الکرسی پڑھئے اللہ تعالیٰ آپ کے لئے اپنے فرشتوں کو جو حفاظت کرنے کے لئے مقرر ہیں ڈیوٹی پر لگا دیں گے اور تمام رات شیطان آپ کے پاس نہیں آئیگا ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس چور کو چھوڑ دیا پھر صبح کو رسول اللہ ﷺ نے خود پوچھا کہ رات کے چور کا کیا حال ہے؟ میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ اس نے کہا کہ میں تجھے کچھ کلمات بتاتا ہوں، جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ تجھے بہت فائدہ پہونچائیں گے، میں نے معلوم کیا کہ وہ کلمات کیا ہیں؟ تو اس نے بتایا کہ جس وقت تو اپنے آرام کے بستر پر سونے کے لئے آوے، تو آیۃ الکرسی پڑھ لے اور پوری گفتگو سنائی، ابو ہریرہؓ کی گفتگو سننے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص ہے تو جھوٹا مگر بات اس نے سچ کہی ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ اے ابو ہریرہؓ جانتے ہو یہ تین روز سے آنے والا کون شخص تھا؟ میں نے عرض کیا کہ میں نہیں جانتا، حضور پاک ﷺ نے

جواب دیا کہ وہ شیطان تھا یہ حدیث بخاری شریف میں ہے۔

آیۃ الکرسی سے شیطان و جنات جل جاتے ہیں

ایک صاحب کھجور فروخت کرنے کے لئے بصرہ گئے، بصرہ میں کوئی مکان ٹھہرنے کے قابل نہ پایا، ہاں ایک مکان تھا جس میں مکڑیوں نے جالا تن رکھا تھا لوگوں سے اس مکان کے متعلق معلوم کیا کہ یہ کیوں اجاڑ پڑا ہے لوگوں نے بتایا کہ یہ مکان اسلئے خالی پڑا رہتا ہے کہ اس میں جنات و شیاطین کا اثر ہے اس شخص نے مالک مکان سے کہا کہ آپ ہمیں یہ مکان کرایہ پر دے دیں مالک مکان بولا کہ آپ کیوں اپنی جان کو موت کا لقمہ بناتے ہو کیونکہ اس مکان میں تو ایک بہت بڑا جن رہتا ہے کہ اس خبیث جن نے اس میرے مکان کو اپنا گھر بنالیا ہے اور اپنا قبضہ جمالیا ہے اور جو کوئی انسان اس میں رہتا ہے اس کو ہلاک کر دیتا ہے یہ کھجور والے صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے مالک مکان سے اصرار کرتے ہوئے مکان کرایہ پر لے لیا اور کہا دیکھا جائے گا اللہ تعالیٰ میری مدد فرمائیگا مالک مکان نے کہا آپ کی مرضی کھجور والے فرماتے ہیں کہ میں اس مکان میں ٹھہرا رات کو ایک بہت بڑا ڈیل ڈول کا شخص میرے قریب آیا جس کی دونوں آنکھیں آگ برسا رہی تھیں اور سر سے پاؤں تک اس کا پورا بدن کالا سیاہ فام تھا میں نے آیۃ الکرسی پڑھنی شروع کی تو اس جن نے بھی آیۃ الکرسی پڑھنی شروع کی جو میں پڑھتا تھا وہی وہ جن پڑھتا تھا، جب میں وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کے کلمات پر پہونچا تو اس جن سے یہ کلمات نہیں پڑھے جا سکے۔ میں نے انہیں کلمات کو کئی مرتبہ پڑھا، چنانچہ جس جگہ پر وہ خبیث جن کھڑا تھا، آگ سی لگی اور وہ

جل گیا، پھر میں اسی مکان میں ایک طرف کنارے میں سو گیا، صبح کو جب میں اٹھا تو جہاں پر اس جن کو کھڑے ہوئے دیکھا تھا، اس جگہ پر کچھ راکھ پڑی ہوئی دیکھی اور یہ آواز سنی کہ اے فلاں تم نے ہمارے آدمی کو جلا دیا آواز لگانے والے کا پتہ نہیں چلا کہ کون کہہ رہا ہے، میں نے زور سے آواز لگا کر معلوم کیا کہ کس چیز سے جلا دیا؟ پھر آواز آئی وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ کے کلمات کے ذریعہ سے جلا دیا۔

ایک عظیم فائدہ

اگر آیۃ الکرسی ایسے خطرناک حالات میں پڑھی جائے تو آیۃ الکرسی کم سے کم تین مرتبہ پڑھیں اور ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنے کے بعد تین مرتبہ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ کے کلمات پڑھیں اسی طرح یہ عمل تجربہ میں آیا ہوا ہے خلاصہ یہ ہے کہ آیۃ الکرسی تین مرتبہ اور وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ کے کلمات نو مرتبہ پڑھے جائیں سوتے وقت اگر گندے خواب نظر آتے ہوں تب بھی اسی طرح پڑھیں اور یہ عمل ہمارے بزرگوں کے مجربات میں سے ہے اللہ تعالیٰ فائدہ بخشیں ہم سب کو۔

ایک مزید فائدہ

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھ لے تو رات بھر شیطان اس کے پاس نہیں آئے گا۔

جنات کو اللہ کے کلمات سے جلانا

اگر کسی پر جنات و شیاطین کا اثر ہو اور اسے جلانا ہو تو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے کلمات کو ذریعہ بناتے ہوئے کام کرے، اس طرح پر کہ اس کے سیدھے کان

میں سات مرتبہ اذان دیوے اور پھر اسی کان میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ فلق، سورۂ والناس اور آیۃ الکرسی اور سورۂ مؤمنین کی آخیر کی تین آیتیں اور سورۂ حشر کی تین آخر کی آیتیں اور سورۃ والصافات کی اول کی آٹھ آیتیں پڑھ کر کان میں زور سے پھونک مارے اس عمل سے وہ جن حقیقت میں جل جائے گا یہ عمل آزمودہ ہے اور صحیح ہے۔

ایک بیش بہا قیمتی نقش مبارک کہ جس کے مقابلہ میں کوئی دوسرا نقش نہیں آسکتا

محدث حافظ تلمیسانی اپنی کتاب فتح المتعال فی مدح خیر النعال میں فرماتے ہیں کہ اس نقش مبارک کے منافع ایسے کھلم کھلا ہیں کہ بیان کی ضرورت نہیں، ان فائدوں میں سے ایک یہ ہے، ابو جعفرؒ کہتے ہیں کہ میں نے ایک طالب علم کے لئے یہ نقش بنوا دیا تھا وہ میرے پاس آکر کہنے لگا کہ میں نے گذشتہ رات اس کی عجیب برکت دیکھی کہ میری بیوی کے اتفاقاً ایسا سخت درد ہوا کہ قریب ہلاکت پہنچ گئی۔ میں نے یہ نقش شریف درد کی جگہ پر رکھ کر عرض کیا یا الٰہی! مجھ کو صاحب نعل کی برکت دکھلائیے، اللہ تعالیٰ نے اسی وقت شفا عنایت فرمائی۔ قاسم بن محمدؒ کا قول ہے کہ اس کی آزمائی ہوئی برکت یہ ہے کہ جو شخص تبرکاً اس کو اپنے پاس رکھے گا ظالموں کے ظلم سے، دشمنوں کے غلبہ سے، شیطان سرکش سے حاسد کی نظر بد سے، امن و امان میں رہے گا اور اگر حاملہ عورت بچہ کی پیدائش کے درد کی شدت میں اس کو اپنے داہنے ہاتھ میں رکھے، بفضلہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہو، شیخ ابن حبیب النبیؒ روایت کرتے ہیں کہ ان کے ایک پھوڑا نکلا کہ کسی کی سمجھ میں نہیں آتا تھا، نہایت سخت درد ہوا، کسی طبیب کی سمجھ میں اسکی دوا نہ آئی، انہوں نے

یہ نقش شریف درد کی جگہ رکھ لیا، فوراً ایسا سکون ہو گیا کہ گویا کبھی درد ہی نہ تھا ایک اثر خود میرا یعنی صاحب فتح المتعال کا مشاہدہ ہے کہ ایک بار دریائے شور کے سفر کا اتفاق ہوا دوران سفر ایک دفعہ ایسی حالت ہوئی کہ سب ہلاکت کے قریب ہو گئے کسی کو بچنے کی امید نہ تھی میں نے یہ نقش کشتی چلانے والے کے پاس بھیجا، یا کہ اس سے توسل کرے اسی وقت اللہ تعالیٰ نے عافیت عطا فرمائی محمد ابن الجزریؒ سے منقول ہے کہ جو شخص اس نقش شریف کو اپنے پاس رکھے مخلوق میں مقبول رہے اور پیغمبر ﷺ کی زیارت سے خواب میں مشرف ہو اور یہ نقش شریف جس لشکر میں ہو اس کو شکست نہ ہو اور جس قافلہ میں ہو لوٹ مار سے محفوظ رہے جس اسباب میں ہو چوروں کا اس پر قابو نہ چلے جس کشتی میں ہو غرق ہونے سے بچے، جس ضرورت میں اس سے وسیلہ پکڑے وہ پوری ہو، اس نقش شریف کو ادب و احتیاط سے رکھیں مگر ایسا غلو نہ کریں کہ خلاف شرع کوئی بات ہو جائے اور اس کو وسیلہ برکت و محبت سمجھیں یہ نہ ہو کہ تمام احکام دین و اعمال خیر کو رخصت کر کے اسی پر اکتفا کر لیں، یاد رہے کہ یہ نقش شریف جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نعل مبارک کا ہے۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

ہر طرح کی خیر و برکت کے حصول کے لئے

گھر میں، دکان میں، کاروبار میں، اور اہل و عیال میں غرض ہر چیز میں خیر و برکت کے لئے روزانہ رات کو سوتے وقت سو مرتبہ اس دعاء کو پڑھیں، چنانچہ حیرت انگیز نتیجہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے، دعا یہ ہے:

يَا لَطِيْفًا بِخَلْقِهٖ يَا عَلِيْمًا بِخَلْقِهٖ يَا خَبِيْرًا بِخَلْقِهٖ اُلْطُفْ بِیْ يَا لَطِيْفُ يَاعَلِيْمُ يَاخَبِيْرُ.

اللہ کی رحمت و مغفرت کو کھینچنے کے لئے

اللہ کی رحمت و مغفرت کو طلب کرنے کے لئے چلتے پھرتے دل سے کثرت کے ساتھ ان کلمات کا ورد رکھیں: یا کریم یا رحیم یا علیم یا حلیم

مستجاب الدعوات بننے کا عمل

اگر کوئی آدمی چاہے کہ میں مستجاب الدعوات بن جاؤں، تو اس کو چاہیے کہ چالیس دن تک روزانہ اکیس مرتبہ سورہ یٰسین، ستائیس مرتبہ آیت الکرسی، آگے پیچھے گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمی، ایک وقت مقرر کر کے باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پڑھے، مستجاب الدعوات بن جائے گا، عمل کرے اور نتیجہ اپنی آنکھوں سے دیکھے۔

گردے مثانے کی پتھری کا بے نظیر نقش

نقشِ ذیل کو موم جامہ کر کے کالے پاک کپڑے میں سل کر دونوں گردوں پر یا پٹ کی تھیلی پر جہاں بھی پتھری ہو باندھے، پتھری کا درد فوراً بند ہو جائے گا، اور سات دن بندھا رکھیں پتھری باہر آ جائے گی، اور آئندہ پیدا نہیں ہوگی، یہ

ایک بزرگ کا عطا کیا ہوا نقش ہے، اس نقش سے ہزاروں لوگوں نے نفع اٹھایا اور شفا پائی ہے، لہٰذا قدر کریں اور فائدہ اٹھائیں، نقش مکرم یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ک م ن ق

الملک القدوس الرحمٰن الرحیم

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

اگر میاں بیوی اولاد سے محروم ہوں

چالیس دن تک روزانہ ایک تسبیح: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً کی پڑھیں، اور چالیس دن تک روزانہ دس تسبیح اَلْاَوَّلُ کی پڑھیں، اس کے بعد دعاء مانگیں، نیز میاں بیوی کو ایک پاؤ سونف اور ایک پاؤ چینی پر مکمل سورہ یوسف پڑھ کر دم کر کے دیں، اول آخر گیارہ مرتبہ درود پڑھیں، پھر میاں بیوی روزانہ ایک ایک چمچ چبائیں انشاء اللہ اولاد حاصل ہوگی، مجرب ہے۔

کیسے ہی پرانے جنات ہوں دفع ہوں گے

ایک تسبیح: اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا کی پڑھیں اور اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف ملا لیں، پھر مریض پر اور پانی پر تھتکاریں، مریض اس پانی کو سات دن تک پئے، نیز سینے اور چہرے پر ملے

اور گھر کے تمام کونوں میں چھینٹا مارے، اور مریض کو تاکید کر دیں کہ بیت الخلاء میں سر ڈھانپ کر دعا پڑھ کر بائیں پیر کے ساتھ داخل ہو، انشاء اللہ مکمل آرام ہوگا۔

سرکش جنات کو بھگانے کے لئے

اگر گھر میں سرکش جنات ہوں بہت پریشان کرتے ہوں، تو گھر کے تمام کونوں کے لئے ایک ایک میخ لیں، ہر میخ پر اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں، اور لعاب لگا دیں، اور گھر کے ہر کونے میں گاڑ دیں، اس طرح کیلنے سے پورا گھر محفوظ ہو جائے گا۔

ہر طرح کے موذی جانور اور جن بھوت کو دور کرنے کیلئے

گھر میں کلونجی کی دھونی دیں اور بلند آواز سے اذان دیں، اس طرح ہر قسم کے موذی جانور سانپ بچھو وغیرہ تمام حشرات الارض اور جن بھوت پریت گھر سے بھاگ جائیں گے۔

خیر والا رشتہ مانگنے کے لئے

ایک تسبیح روزانہ یَا وَدُوْدُ یَا جَامِعُ کی پڑھیں اور اول آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ بچوں کے بہتر سے بہتر رشتے آئیں گے، اور اولاد کا مستقبل روشن ہوگا۔

لڑکا پیدا ہونے کیلئے

حمل ٹھہرنے کے بعد دوسرے مہینہ سے تیسرے مہینہ کے درمیان تین

مرتبہ یہ عمل کریں، ۷۱/اکہتر مرتبہ یَا مَتِیْنُ پڑھ کر بیوی کی ناف پر انگلی سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھ دیں، اس طرح کہ ناف لفظ محمد کے دوسرے میم کے دائرے میں آئے، اور اسی وقت محمد احمد نام رکھ دیں، اگر چاہیں تو بچہ کی ولادت کے بعد نام بدل سکتے ہیں۔

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کے لئے

آیت کریمہ "وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ" چودہ مرتبہ مغرب کی نماز کے فوراً بعد اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود پڑھ کر چینی پر دم کر دیں، اور شوہر کو چائے میں پلائیں، سب گھر والے اس چائے کو پی سکتے ہیں، انشاء اللہ شوہر بیوی پر فریفتہ ہو جائے گا، مجرب عمل ہے۔

اگر کوئی مرد غیر عورت کے ساتھ ناجائز تعلق رکھتا ہو

اگر کسی عورت کا شوہر دوسری عورت کے ساتھ ناجائز تعلق رکھتا ہو تو اس کا رخ توڑنے کے لئے مذکورۂ ذیل نقش لکھیں، اور قبرستان میں دفن کر دیں۔ نقش یہ ہے۔

اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ، وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ.

اے اللہ ان دونوں میں توڑ کر دے قیامت کے دن تک۔ آمین

سحر یعنی جادو اتارنے کا ایک مجرب عمل

آیت قطب اکتالیس مرتبہ پڑھیں، سورہ رحمٰن ایک مرتبہ ہر فَبِاَیِّ الآءِ سے لوٹا کر، سورہ یٰسین ایک مرتبہ ہر مبین سے لوٹا کر، آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دو سو پچاس گرام کُٹی ہوئی سرسوں اور دو سو پچاس گرام سرسوں کے تیل پر دم کر دیں، پھر اس کو سحر زدہ کے سارے بدن پر لیپ کریں، تین گھنٹے بٹھا کر رکھیں، پھر اس لیپ کو اتار کر آگ پر جلائیں، اور اس کی راکھ کی تین پڑیا بنا کر ایک قبرستان میں دفن کریں، ایک شمشان گھاٹ میں دبا دیں، اور ایک چلتے پانی میں بہا دیں، لیپ لگاتے وقت اور اتارتے وقت اور اس کو جلاتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اِحْتَجَبْنَا وَبِحَوْلِ اللّٰهِ اِعْتَصَمْنَا وَبِقُوَّةِ اللّٰهِ اِسْتَمْسَكْنَا فَمَنْ اَرَادَنَا بِسُوْءٍ اَوْ كَادَنَا بِكَیْدٍ كَانَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مَمْنُوْعًا مَدْفُوْعًا یَا اَللّٰهُ بِحَقِ كٓهٰیٰعٓصٓ كِفَایَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ.

بچھو کی جھاڑ اور بخار کا تعویذ

اگر کسی کو بچھو کاٹ لے تو ان مبارک اسماء کو پڑھ کر جھاڑ دیں، اور اگر کسی کو بخار آتا ہو تو بخار والے کے گلے میں ان اسماء کا تعویذ لکھ کر ڈال دیں، انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔ اسماء یہ ہیں۔

مسدد بن مسرھد بن مسربل بن معربل بن مرعبل بن

اوندل بن مرندل بن غوندل ابوالحسن البصری.

داڑھ دانت کے درد کی جھاڑ

اول درود شریف تین مرتبہ پڑھیں، پھر آیت کریمہ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ سات مرتبہ پڑھیں، پھر آخر میں الحمد شریف تین مرتبہ پڑھیں، مریض اپنے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے درد والی داڑھ کو پکڑ لے اور مذکورہ بالا عمل کے ذریعہ تین مرتبہ جھاڑیں، انشاءاللہ مکمل آرام ہوگا۔

بواسیر کے چھلے اور بلڈ پریشر کا عمل

اول درود شریف گیارہ مرتبہ، الحمد شریف اکتالیس مرتبہ، سورہ یٰسین پانچ مرتبہ، سورہ رحمٰن سات مرتبہ، سورہ مزمل پانچ مرتبہ، آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ، یہ سب ۱۴ر شعبان کو طلوع آفتاب سے پہلے پہلے پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس میں حسب ضرورت چاندی کے چھلے ڈالدیں بوقت ضرورت ایک چھلہ نکالیں اور مریض اگر غیر مسلم ہوتو پچھّم کی طرف منھ کرا کر درود شریف پڑھکر دائیں ہاتھ کی انگلی میں ڈالدیں، اور اگر مسلمان ہوتو قبلہ رو ہوکر خود درود شریف پڑھ کر دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہن لے، یہ چھلے بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنے اور بواسیر نیز اوجڑیں پھٹنے میں انتہائی مفید اور مجرب ہیں، یاد رہے عمل کا وقت ۱۴ر شعبان طلوع آفتاب سے قبل متعین ہے۔

بچھو کی جھاڑ کا مجرب عمل

جس وقت آم کے باغوں میں کہر یعنی بور آجائے تو آم کے کہر کو پکڑ کر آیت کریمہ: سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ گیارہ مرتبہ یا اکیاون مرتبہ یا ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ پر دم کرلیں، عمل مکمل ہوگیا، اب آپ کے ہاتھ میں ایک سال تک کے لئے تاثیر آگئی، چنانچہ بوقت ضرورت بچھو کاٹنے کی جگہ ہاتھ رکھ کر آیت کریمہ پڑھ کر دم کردیں، فوراً آرام ہوگا۔

بیٹی کا نصیبہ روشن ہونے کی دعاء

ہر نماز کے بعد اول وآخر درود شریف کے ساتھ بیٹی کو چاہئے یہ دعا سات مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ بیٹی کا مستقبل روشن ہوگا، اور بہتر سے بہتر نیک رشتہ حاصل ہوگا، مجرب ہے، عمل کریں اور نتیجہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں، دعاء یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ خَدِيْجَةَ وَحَبِّبْنِىْ اِلٰى زَوْجِىْ بِحُرْمَةِ رَبَّنَاهَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا.

لڑکیوں کی شادی کا مجرب ترین عمل

نئے چاند کی پہلی جمعرات کو مندرجہ ذیل نقش ان لڑکیوں کے لئے تیار کریں جن کی شادی نہ ہورہی ہو، رشتے نہ آرہے ہوں، یا شادی میں رکاوٹیں کھڑی ہو رہی ہوں، ایسی لڑکیوں کے لئے یہ نقش انشاءاللہ تیر کی طرح کام کرتا ہے، نقش باوضو بنائیں اور اسکو عرق گلاب وزعفران سے لکھیں، نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وینصرك الله نصرا عزيزا
نصر من الله و فتح قريب
انا فتحنا لك فتحا مبينا
شادی
فلانہ بنت فلانہ
[illegible]
[illegible]

نقش تیار کرنے کے بعد چاروں آیات قرآنیہ سوسو مرتبہ پڑھ کراس نقش پر دم کریں، اور لڑکی کے گلے میں ڈالدیں، انشاء اللہ چند ماہ کے اندر پیغام موصول ہوگا، اور شادی کی تمام رکاوٹیں دور ہوجائیں گی، یہ عمل ایک بزرگ کا بخشا ہوا ہے، لہٰذا قدر کریں اور نفع اٹھائیں، اللہ تعالیٰ سب کی بیٹیوں کو عزت و آبرو کے ساتھ رخصت فرمائیں (آمین)۔

حج کی تمنا پوری ہوگی

اگر کسی آدمی کو حج کرنے کی تڑپ ہو اور بظاہر اسباب موجود نہ ہوں، تو وہ ہر نماز کے بعد ۳۳ رمرتبہ اس دعاء کا معمول بنالے انشاء اللہ بہت جلد حج کی تمنا پوری ہوگی، بہت سے لوگوں کا آزمودہ عمل ہے، آپ بھی تجربہ کرکے دیکھیں، دعا یہ ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْفَتَّاحُ الْحَلِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمَنَّانُ ۔

عورت کا بانجھ پن دور ہوجائے

بانجھ عورت کے لئے تین کام کریں۔

پہلا کام: ایک کاغذ پر سومرتبہ بسم اللہ بسم اللہ لکھیں، پھر ایک سو پچاس مرتبہ

پوری بسم اللہ پڑھ کر اس کاغذ پر پھونک مار کر تعویذ بنالیں، اور عورت کو پہنادیں۔

دوسرا کام: ہر مہینہ نہانے کے بعد بارہ دن تک ایک تولہ شہد پر پانچ مرتبہ درود شریف، اکیس مرتبہ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم، پھر پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونک مار کر بسم اللہ پڑھ کر عورت کو چٹادیں۔

تیسرا کام: عورت کو چاہئے کہ اَلْاَوَّلُ کی دس تسبیح روزانہ رات کو سوتے وقت پڑھ کر دعاء کا معمول بنالے، انشاء اللہ بانجھ عورت کی کوکھ کھل جائے گی اور صاحبِ اولاد ہوگی۔

ذاتی مکان حاصل کرنے کے لئے ایک مجرب عمل

کیسی بھی ضرورت ہو انشاء اللہ پوری ہوگی، خصوصاً ذاتی مکان حاصل کرنے کے لئے روزانہ یَا مَالِكُ کی ایک تسبیح، یَا کَرِیْمُ کی ایک تسبیح، یَا مُغْنِی کی ایک تسبیح، یَا صَمَدُ کی ایک تسبیح، ضرورت پوری ہونے تک مسلسل پڑھیں، انشاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہوگی، قضائے حاجت کے لئے انتہائی مجرب ہے۔

جو بھی دعاء مانگے رد نہ ہوگی

سورہ زمر کی آیت نمبر پینتالیس سات مرتبہ پڑھ کر جو بھی دعا مانگو گے رد نہ ہوگی یہ آیتِ کریمہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو کھینچنے کا ذریعہ ہے۔

کینسر کا تیر بہدف علاج

سورہ ملک کی آیت نمبر تیرہ دو ہزار بائیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے

چالیس دن تک کینسر والے کو پلائیں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے شفائے کلی حاصل ہوگی، خلق کثیر نے اس عمل سے فائدہ اٹھایا ہے۔

نوٹ: ایک سے زائد آدمی بھی پڑھ کر دم کر سکتے ہیں۔

بہت جلد قرض ادا ہو

اول آخر ایک ایک مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں سات مرتبہ سورہ قریش ہر نماز کے بعد پڑھیں، اللہ تعالیٰ غیب سے ایسا انتظام فرمائیں گے کہ حیرت زدہ رہ جائیں گے۔

اگر کسی مردے سے خواب میں ملاقات کرنی ہو

عشا کے بعد چار رکعت نفل نماز پڑھے، ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ تکاثر پڑھے، اور پھر درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے، خواب میں جس کی ملاقات کا خواہش مند ہے اس کی زیارت ہوگی، حضرت حسن بصریؒ نے یہ عمل بتایا ہے اور لاکھوں مشائخ نے آزمایا ہے۔

بہت آسان استخارہ

دو رکعت نماز نفل استخارہ کی نیت سے پڑھے، پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھتے ہوئے جب اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ پر پہنچے، تو اسی آیت کو اپنا مقصد دھیان میں رکھتے ہوئے بار بار دہراتا رہے، تھوڑی ہی دیر میں یا تو دائیں طرف رخ مڑ جائے گا یا بائیں طرف، گویا کہ کسی نے پکڑ کر گھما دیا ہے، استحضار جتنا قوی

ہوگا اتنی ہی جلد نتیجہ برآمد ہوگا، جب پورا رخ کسی طرف مڑ جائے تو پھر سیدھا کھڑا ہو کر سورہ فاتحہ پوری کرے، پھر سورت ملائے اور معمول کے مطابق نماز کو پوری کر لے، اگر دائیں طرف رخ پھرا ہے تو کام میں خیر ہے اور اگر بائیں جانب رخ پھرا ہے تو شر ہے، اس کام کو نہ کرنا چاہئے۔

دوسرا آسان استخارہ

چھ پرچیوں میں سے تین پر خیر اور تین پر شر لکھے، اور پھر پیر، بدھ، جمعرات، یا جمعہ کو چھ رکعت نماز نفل استخارہ کی نیت سے پڑھے، اور ان چھ پرچیوں کی گولیاں بنا کر ان کو آپس میں ملا کر سامنے مصلے پر رکھ لے، ہر دو رکعت پڑھ کر ایک پرچی جیب میں رکھ لے، اس طرح چھ رکعت میں تین پرچیاں جیب میں آ جائیں گی، نماز کے بعد اللہ سے خوب دعا مانگے اس کے بعد جیب کی پرچیاں کھول کر دیکھے، اگر تینوں میں خیر ہے تو کام میں سو فیصد خیر ہے، اور اگر دو میں خیر ایک میں شر ہے تو اس کام میں دو تہائی خیر ہے لہٰذا کر سکتے ہیں، اور اگر تینوں میں شر ہے تو اس کام کو بالکل نہ کرنا چاہیے اس میں شر ہے۔

سانپ کاٹے کی جھاڑ کا عمل

عمل کے شروع میں دو رکعت نفل نماز پڑھے، پھر التحیات کی شکل میں بیٹھ کر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے، پھر آیت کریمہ ،، وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھے، پھر اسی جگہ کھڑے

ہو کر ننگے سر ایک سو اکتالیس مرتبہ یہ رباعی پڑھے، رباعی یہ ہے۔ خدا کہے سنے محمد سانپن کا، وچ کسے دور سے کہے نبی محمد جار ہے، پیٹھا آدم جام لپیٹا من ماتھے ٹھہراؤں، ہانک پکارے وچ جھڑے، نزل کرے خدا پکارے، پھر آخر میں دو رکعت نفل پڑھے، عمل مکمل ہو گیا۔

نوٹ: یہ عمل سال میں رمضان شریف کی ستائیسویں شب میں ہوگا اور ہر سال تازہ کرنا پڑے گا، نیز اس دن افطار سے لے کر عمل ختم ہونے تک میٹھے اور پانی کے علاوہ ہر چیز کا پرہیز ہے، مثلاً نمک مرچ وغیرہ کا۔

عمل کے بعد جھاڑ کا طریقہ

جب آپ نے مذکورہ بالا عمل پورا کر لیا تو اب آپ ایک سال تک کے لئے عامل بن گئے لہٰذا بوقت ضرورت آدھی بالٹی پاک پانی لے کر اکتالیس مرتبہ آیت کریمہ ,, وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى اور اکتالیس مرتبہ مذکورہ بالا رباعی پڑھ کر اس پانی پر دم کر دیں پھر سانپ کے ڈسے ہوئے مریض کی آنکھوں پر اس پانی کا چھپکا مارتے جائیں، اور مذکورہ بالا آیت و رباعی پڑھتے جائیں، مارتے جائیں پڑھتے جائیں، اور مریض سے کھنکارنے کا مطالبہ کرتے رہیں، انشاء اللہ مریض بالکل تندرست ہو کر اٹھ کھڑا ہوگا، اور اپنے پیروں سے چل کر واپس جائے گا۔

نوٹ: اس عمل کی شرط یہ ہے کہ مریض سے کچھ بھی معاوضہ قبول نہ کرے،

حتی کہ اس کے گھر کا پانی بھی نہ پیئے، محض خدمت خلق کی نیت ہو تو عمل کامیاب ہوگا۔

کتا کاٹے ہوئے کو جھاڑنے کا عمل

روزانہ گیارہ دن تک ایک وقت مقررہ پر اول آخر درود شریف تین تین مرتبہ پھر اکتالیس مرتبہ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا پڑھیں، گیارہ دن میں عمل پورا ہو جائے گا، پھر بوقت ضرورت جس کو کتے نے کاٹا ہو، اس سے سات گولی مٹی کی بنوالیں، ہر گولی پر سات مرتبہ انہم یکیدون آخر تک پڑھ کر زخم پر چھوا کر رکھتے جائیں، اسی طرح تین دن تک جھاڑیں، مکمل شفاء ہوگی، نیز بھڑ تتیا کی جھاڑ بھی یہی ہے۔

پیلیا (یرقان) کی جھاڑ کا عمل

ایک وقت مقرر کر کے باوضو روبقبلہ ہو کر اکیس دن تک روزانہ ایک سو اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ملالیں، اکیس دن میں عمل مکمل ہو جائے گا۔

جھاڑنے کی ترکیب

مریض سے سو گرام سرسوں کا تیل، کانسی کا برتن اور نیم کی تین ٹہنیاں منگائیں، اور تین دن تک مسلسل صبح کے وقت جھاڑیں، اس طرح کہ مریض کو سامنے بٹھا کر نیم کی ایک ٹہنی لیں اور سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر مریض پر دم کریں، مریض تیل میں اپنا چہرہ دیکھتا رہے اس طرح تین ٹہنیوں سے تین مرتبہ

جھاڑیں، اور ہر مرتبہ ٹہنی کے ذریعہ مریض کے چہرہ سے تیل کے برتن میں اتار کرتے رہیں۔

پتلے دبلے بچے کی تندرستی اور فربہی کے لئے

ڈھائی سو گرام بھنے ہوئے چنے لے کر چھلکا اتار لیں، سو گرام بادام کی گری اور پچاس گرام کھانا سب کو کوٹ کر جلیبی کے استعمال شدہ باکھر یعنی قوام میں ملا کر رکھ لیں، اور ایک چمچ صبح ایک چمچ شام بچہ کو استعمال کرائیں، انشاء اللہ بچہ کی رکی ہوئی صحت وتندرستی اور جسمانی ترقی بحال ہوجائے گی۔

شوگر کا بے نظیر علاج

بیس گرام بیری کے پتے لیں ان کو دھو کر سکھالیں، پندرہ گرام کلونجی لیں، دونوں کو ایک ساتھ آدھا کلو پانی میں پکالیں اور کپڑے میں چھان کر نوش کر لیں، یہ ایک دن کی خوراک ہے، اور سات دن تک اسی طرح کریں، انشاء اللہ شوگر کنٹرول ہوگی۔

سانپ بچھو کا زہر اتارنے کیلئے

آنکھڑا گھاس جڑ کے ساتھ نکال کر سکھا کر کوٹ لیں، اور کپڑے میں چھان کر شیشی میں رکھ لیں، سانپ یا بچھو نے جہاں کاٹا ہو بلیڈ سے چیرا لگا کر، یہ سفوف پانی میں بھگو کر اللہ شافی اللہ کافی پڑھتے ہوئے اس جگہ لگادیں، اور اگر زہر چڑھ چکا ہو تو یہ سفوف اس کے ناک میں نلکی کے ذریعہ پھونک مار کر پہنچادیں، انشاء اللہ

فوراً آرام ہوگا، مجرب وآزمودہ ہے۔

موٹاپا گھٹائیں صحت بنائیں

(۱) سیب ایک کلو (۲) لہسن ایک کلو (۳) لیموں ایک کلو (۴) ادرک ایک کلو چاروں چیزوں کا عرق نکال کر آگ پر پکائیں، جب ایک تہائی جل جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے ایک صاف شیشی میں رکھ لیں، اور صبح وشام استعمال کریں، موٹاپا گھٹانے، کولیسٹرول کو کم کرنے اور دل کی بیماریوں سے حفاظت کے لئے انتہائی مفید ومجرب ہے، یہ ایک فقیر کا بتایا ہوا نسخہ ہے لہٰذا قدر کریں۔

ہاضمہ درست رکھنے اور گیس ختم کرنے کے لئے

(۱) چھوٹی ہرڑ پچاس گرام (۲) سونف پچاس گرام (۳) گلقند ایک پاؤ ہرڑ اور سونف اصلی گھی میں بھون کر کھوٹ لیں، اور گلقند میں ملالیں، رات کو سوتے وقت ایک تولہ دودھ سے اور صبح نہار منھ ایک تولہ تازے پانی سے استعمال کریں، انشاء اللہ کھانا ہضم ہوکر روزانہ اجابت ہوگی، خون صاف ہوگا، چہرے پر نکھار آئے گا، یاد رہے کھانا آپ پر سوار نہ ہو، آپ کھانے پر سوار رہیں۔

شوگر کا کامیاب علاج

(۱) تخم ہرمل (۲) کیکر کی پھلی (۳) جامن کی گٹھلی (۴) تج، ان سب کو ہموزن لے کر باریک کوٹ لیں، اور کیپسول میں بھر کر روزانہ ایک کیپسول پانی سے کھالیں، انشاء اللہ شوگر کنٹرول ہوگی۔

خارش کا مجرب اور بہترین علاج

(۱) تخت سفید (۲) باپچی (۳) نیلا تھوتا (۴) گندھک ان چاروں چیزوں کو ہموزن لے کر کوٹ پیس کر مناسب سرسوں کے تیل میں ملا کر ضماد بنالیں، اور نہانے کے بعد سارے بدن پر ملیں، ہر طرح کی خارش کھجلی کے لئے مجرب ہے، بعض لوگ صرف اسی نسخہ کو لیکر وید حکیم بنے ہوئے ہیں، اور دوکان چلا رہے ہیں، یہ ایک وید سے حاصل ہوا ہے، جو اسی نسخہ کی بدولت کھجلی کے علاج میں شہرت حاصل کئے ہوئے ہیں، قدر کریں اور نفع اٹھائیں۔

دماغی وقلبی ضعف کے لئے

(۱) خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا ۱۲۵ر گرام (۲) خمیرہ نزلی ۵۰ر گرام (۳) خمیرہ زکام ۵۰ر گرام (۴) خمیرہ گاؤں زبان عنبری جواہر والا ۱۲۵ر گرام (۵) کشتہ مرجان تین گرام سب کو ملا کر یکجان کرلیں، اور نہار منھ روزانہ دودھ سے لیں، دماغی کمزوری کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

اگر پاؤں میں موچ آجائے

ایک چمچ ہلدی، پچاس گرام دودھ، پچاس گرام سرسوں کا تیل، پچاس گرام میدہ، ایک چٹکی نمک، سب کو آگ پر پکا کر یکجان کرلیں اور سوتے وقت موچ کی جگہ پر اس کا لیپ کر کے اوپر سے کپڑا باندھ لیں، صبح اٹھ کر کھول دیں اور گرم پانی سے دھولیں، اور پھر ماہر جانکار آدمی سے کھنچوالیں، انشاء اللہ بڑی سہولت سے موچ نکل جائے گی۔

Maktaba Ramazania
Muslim Colony, Chhutmalpur
Distt. Saharanpur (U.P.) 247662
Contact: 9758597530